بے شک جن لوگوں نے ایمان کے بدلے کفر خرید لیا، وہ اللہ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (177)

177. Verily, those who purchase disbelief at the price of Faith, not the least harm will they do to Allāh. For them, there is a painful torment.

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ ۚ إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿178﴾

اور جن لوگوں نے کفر کیا، وہ ہرگز یہ خیال نہ کریں کہ ہم انھیں جو ڈھیل دیتے ہیں وہ ان کے لیے بہتر ہے۔ ہم تو انھیں صرف اس لیے ڈھیل دیتے ہیں کہ وہ گناہ میں بڑھ جائیں، اور ان کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔ (178)

178. And let not the disbelievers think that Our postponing of their punishment is good for them. We postpone the punishment only so that they may increase in sinfulness. And for them is a disgraceful torment.

مَّا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۗ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَجْتَبِي مِن رُّسُلِهِ مَن يَشَاءُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۚ وَإِن تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا فَلَكُمْ أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿179﴾

اللہ مومنوں کو اس حالت میں ہرگز نہ رہنے دے گا جس میں تم اس وقت ہو، یہاں تک کہ وہ پاک کو ناپاک سے علیحدہ کر دے اور اللہ کا یہ طریقہ نہیں کہ وہ تم پر غیب ظاہر کرے، لیکن اللہ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہتا ہے (غیب کی باتیں بتانے کے لیے) چن لیتا ہے، پس تم ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولوں پر، اور اگر تم ایمان لاؤ گے اور پرہیزگاری اختیار کرو گے تو تمھارے لیے بہت بڑا اجر ہے۔ (179)

179. Allāh will not leave the believers in the state in which you are now, until He distinguishes the wicked from the good. Nor will Allāh disclose to you the secrets of the *Ghaib* (Unseen), but Allāh chooses of His Messengers whom He wills. So believe in Allāh and His Messengers. And if you believe and fear Allāh, then for you there is a great reward.

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ هُوَ خَيْرًا لَّهُم ۖ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۖ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿180﴾

اور جن لوگوں کو اللہ نے اپنے فضل سے بہت کچھ دے رکھا ہے اور وہ اس میں کنجوسی کرتے ہیں تو وہ اس (بخل) کو اپنے لیے ہرگز بہتر نہ سمجھیں، بلکہ وہ ان کے لیے بہت برا ہے۔ جس مال میں انھوں نے کنجوسی کی، قیامت کے دن اسی کے انھیں طوق پہنائے جائیں گے۔① اور آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ ہی کی ہے اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔ (180)

180. And let not those who covetously withhold of that which Allāh has bestowed on them of His bounty (wealth) think that it is good for them (and so they do not pay the obligatory *Zakāt*). Nay, it will be worse for them; the things which they covetously withheld, shall be tied to their necks like a collar on the Day of Resurrection.[1] And to Allāh belongs the heritage of the heavens and the earth; and Allāh

[1] (V.3:180) "And let not those who covetously withhold of that which Allāh has bestowed on them of His bounty ... shall be tied to their necks like a collar."

Narrated Abu Hurairah [illegible]: Allāh's Messenger ﷺ said, "Anyone whom Allāh has given wealth but he does not pay its *Zakat* (obligatory charity); then, on the Day of Resurrection, his wealth will be presented to him in the shape of a bald-headed poisonous male snake with two poisonous glands* in its mouth and it will encircle itself round his neck and bite him over his cheeks and say, 'I am your wealth; I am your treasure.'" Then the Prophet ﷺ recited this Divine Verse: "And let not those who covetously withhold of that which Allāh has bestowed on them of His bounty." (V.3:180). [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4565 (O.P.88)]

**Fath Al-Bāri*, Vol.4, pages 11-13

① اس میں زکاۃ نہ دینے والوں کے لیے وعید ہے۔ حدیث میں ہے: ''جس شخص کو اللہ تعالیٰ مال عطا فرمائے اور وہ اس کی زکاۃ ادا نہ کرے تو قیامت کے دن اس کا مال ایک گنجے سانپ کی شکل میں آئے گا جس کی آنکھوں پر دو سیاہ نقطے ہوں گے، وہ اس کے گلے کا طوق بنا دیا جائے گا، اور اس کی دونوں باچھیں پکڑ کر کہے گا: (میں تیرا مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں)۔'' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ﴿وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ﴾ (صحیح البخاری، التفسیر، حدیث: 4565)

is Well-Acquainted with all that you do.

181. Indeed, Allah has heard the statement of those (Jews) who say: "Truly, Allah is poor and we are rich!" We shall record what they have said and their killing of the Prophets unjustly, and We shall say: "Taste you the torment of the burning (Fire)."

اللہ نے ان لوگوں کی بات سن لی جنھوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مالدار ہیں۔ یقیناً ان کی یہ بات ہم لکھ لیں گے اور جو وہ نبیوں کو ناحق قتل کرتے رہے (وہ بھی ان کے اعمال نامے میں درج ہے) اور (قیامت کے دن) ہم ان سے کہیں گے: اب جلانے والے عذاب کا مزہ چکھو۞

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّ نَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۞

182. This is because of that (evil) which your hands have sent before you. And certainly, Allah is never unjust to (His) slaves.

یہ تمھارے ہاتھوں کی کمائی کا بدلہ ہے اور بے شک اللہ اپنے بندوں پر ہرگز ظلم کرنے والا نہیں۞

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۞

183. Those (Jews) who said: "Verily, Allah has taken our promise not to believe in any Messenger unless he brings us an offering which the fire (from heaven) shall devour." Say: "Verily, there came to you Messengers before me, with clear signs and even with what you speak of; why then did you kill them, if you are truthful?"

یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے کہا: بے شک اللہ نے ہم سے عہد لیا ہے کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ وہ ہمارے پاس ایسی قربانی لائے جسے آگ کھا جائے۔ کہہ دیجیے کہ مجھ سے پہلے تمھارے پاس کئی رسول کھلی نشانیاں اور وہ (معجزہ) بھی لے کر آئے جس کا تم کہہ رہے ہو، پھر تم نے انھیں قتل کیوں کر ڈالا اگر تم سچے ہو؟۞

اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ۭ قُلْ قَدْ جَاۗءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۞

184. Then if they deny you (O Muhammad ﷺ), so were Messengers denied before you, who came with *Al-Baiyinat* (clear signs, proofs, evidences) and the Scripture and the Book of Enlightenment.

(اے نبی!) پھر اگر وہ آپ کو جھٹلاتے ہیں تو آپ سے پہلے کئی رسول جھٹلائے گئے تھے جو کھلی نشانیاں، صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے تھے۞

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَاۗءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۞

185. Everyone shall taste death. And only on the Day of Resurrection shall you be paid your wages in full. And whoever is removed away from the Fire and admitted to Paradise, he indeed is successful. The life of this world is only the enjoyment of deception (a deceiving thing).

ہر کوئی موت کا ذائقہ چکھنے والا ہے۔ بے شک قیامت کے دن تمھیں پورے پورے اجر دیے جائیں گے۔ پھر جسے آگ سے دور رکھا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا تو وہ یقیناً کامیاب ہو گیا، اور دنیا کی زندگی دھوکے کی کا سامان تو ہے۞

كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۞

186. You shall certainly be tried and tested in your wealth and properties and in your personal selves, and you shall certainly hear much that will grieve you from those who received the

البتہ تمھیں تمھارے مالوں اور تمھاری جانوں کے بارے میں ضرور آزمایا جائے گا اور تم ان لوگوں سے جنھیں تم سے پہلے کتاب دی گئی اور ان لوگوں سے جنھوں نے شرک کیا ضرور تکلیف دینے والی باتیں

لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۣ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ

ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾

سنو گے اور اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تو بے شک یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔﴿۱۸۶﴾

Scripture before you (Jews and Christians) and from those who ascribe partners to Allâh; but if you persevere patiently, and become *Al-Muttaqûn* (the pious. See V.2:2) then verily, that will be a determining factor in all affairs (and that is from the great matters which you must hold on with all your efforts).

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ۡ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿۱۸۷﴾

اور جب اللہ نے ان لوگوں سے عہد لیا جنھیں کتاب دی گئی تھی کہ تم اسے لوگوں کے سامنے ضرور بیان کرو گے اور اسے ہرگز نہیں چھپاؤ گے، پھر انھوں نے اس عہد کو پس پشت ڈال دیا اور اسے تھوڑی قیمت پر بیچ ڈالا، پھر کس قدر بری ہے وہ قیمت جو وہ وصول کر رہے ہیں۔﴿۱۸۷﴾

187. (And remember) when Allâh took a covenant from those who were given the Scripture (Jews and Christians) to make it (the news of the coming of Prophet Muhammad ﷺ and the religious knowledge) known and clear to mankind, and not to hide it, but they threw it away behind their backs, and purchased with it some miserable gain! And indeed worst is that which they bought.

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾

یہ لوگ جو اپنے کرتوت پر خوش ہیں اور چاہتے ہیں کہ جو انھوں نے نہیں کیا اس پر بھی ان کی تعریف کی جائے، آپ یہ نہ سمجھیں کہ وہ عذاب سے چھوٹ جائیں گے ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔﴿۱۸۸﴾

188. Think not that those who rejoice in what they have done (or brought about), and love to be praised for what they have not done,— think not you that they are rescued from the torment, and for them is a painful torment.

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۸۹﴾

اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی حکومت، اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔﴿۱۸۹﴾

189. And to Allâh belongs the dominion of the heavens and the earth, and Allâh has power over all things.

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾

بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش، اور رات اور دن کے اختلاف میں عقلمندوں کے لیے نشانیاں ہیں۔﴿۱۹۰﴾

190. Verily, in the creation of the heavens and the earth, and in the alternation of night and day, there are indeed signs for men of understanding.

الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾

جو لوگ کھڑے، بیٹھے اور اپنے پہلوؤں پر اللہ کو یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں سوچ بچار کرتے ہیں۔ (وہ کہتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے یہ سب کچھ بے فائدہ پیدا نہیں کیا، تو پاک ہے، پس تو ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔﴿۱۹۱﴾

191. Those who remember Allâh (always, and in prayers) standing, sitting, and lying down on their sides, and think deeply about the creation of the heavens and the earth, (saying): "Our Lord! You have not created (all) this without purpose, glory to You! (Exalted are You above all that

they associate with You as partners). Give us salvation from the torment of the Fire.

رَبَّنَآ إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ ٱلنَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُۥ ۖ وَمَا لِلظَّـٰلِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ﴿١٩٢﴾

اے ہمارے رب! بے شک جسے تو آگ میں داخل کرے یقیناً اسے تو نے رسوا کر دیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

192. "Our Lord! Verily, whom You admit to the Fire, indeed, You have disgraced him; and never will the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) find any helpers.

رَّبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِى لِلْإِيمَـٰنِ أَنْ ءَامِنُوا۟ بِرَبِّكُمْ فَـَٔامَنَّا ۚ رَبَّنَا فَٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّـَٔاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ ٱلْأَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾

اے ہمارے رب! بے شک ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا، وہ ایمان کی طرف بلاتا ہے، یہ کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ، پھر ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے رب! پھر ہمارے گناہ بخش دے، اور ہم سے ہماری برائیاں دور کر دے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ فوت کر۔

193. "Our Lord! Verily, we have heard the call of one (Muhammad ﷺ) calling to Faith: 'Believe in your Lord,' and we have believed. Our Lord! Forgive us our sins and expiate from us our evil deeds, and make us die (in the state of righteousness) along with *Al-Abrār* (the pious believers of Islamic Monotheism).

رَبَّنَا وَءَاتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ ۗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ ٱلْمِيعَادَ ﴿١٩٤﴾

(اے) ہمارے رب! اور ہمیں وہ چیز دے جس کا تو نے اپنے رسولوں کے ذریعے ہم سے وعدہ کیا تھا اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا۔ بے شک تو وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔

194. "Our Lord! Grant us what You promised to us through Your Messengers and disgrace us not on the Day of Resurrection, for You never break (Your) Promise."

فَٱسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّى لَآ أُضِيعُ عَمَلَ عَـٰمِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ ۖ بَعْضُكُم مِّنۢ بَعْضٍ ۖ فَٱلَّذِينَ هَاجَرُوا۟ وَأُخْرِجُوا۟ مِن دِيَـٰرِهِمْ وَأُوذُوا۟ فِى سَبِيلِى وَقَـٰتَلُوا۟ وَقُتِلُوا۟ لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّـَٔاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّـٰتٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِندِ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ عِندَهُۥ حُسْنُ ٱلثَّوَابِ ﴿١٩٥﴾

پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول کی کہ تم میں سے میں کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کروں گا، خواہ کوئی مرد ہو یا عورت، تم آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو، پھر جن لوگوں نے ہجرت کی اور انھیں ان کے گھروں سے نکال دیا گیا اور انھیں میری راہ میں تکلیفیں دی گئیں اور انھوں نے جہاد کیا اور وہ قتل ہوئے تو میں ضرور ان کی برائیاں ان سے دور کر دوں گا اور یقیناً انھیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے ثواب ہوگا، اور اللہ ہی کے پاس بہترین ثواب ہے۔

195. So, their Lord accepted of them (their supplication and answered them), "Never will I allow to be lost the work of any of you, be he male or female. You are (members) one of another, so those who emigrated and were driven out from their homes, and suffered harm in My Cause, and who fought, and were killed (in My Cause), verily, I will expiate from them their evil deeds and admit them into Gardens under which rivers flow (in Paradise); a reward from Allāh, and with Allāh is the best of rewards."

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ فِى ٱلْبِلَـٰدِ ﴿١٩٦﴾

جن لوگوں نے کفر کیا، ان کا شہروں میں چلنا پھرنا آپ کو دھوکے میں نہ ڈال دے۔

196. Let not the free disposal (and affluence) of the disbelievers throughout the land deceive you.

مَتَـٰعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَىٰهُمْ جَهَنَّمُ ۚ

یہ تھوڑا سا فائدہ ہے، پھر ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ

197. A brief enjoyment; then their ultimate abode is Hell; and

worst indeed is that place for rest.

برا ٹھکانا ہے۔

وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٩٧﴾

198. But, for those who fear their Lord, are Gardens under which rivers flow (in Paradise); therein are they to dwell for ever, an entertainment from Allâh; and that which is with Allâh is the best for *Al-Abrar* (the pious believers of Islamic Monotheism).

لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے، ان کے لیے ایسے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ اللہ کی طرف سے مہمانی ہے، اور جو اللہ کے پاس ہے وہ نیک لوگوں کے لیے بہتر ہے۔

لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نُزُلًا مِّنْ عِندِ اللَّهِ ۗ وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ ﴿١٩٨﴾

199. And there are, certainly, among the people of the Scripture (Jews and Christians), those who believe in Allâh and in that which has been revealed to you, and in that which has been revealed to them, humbling themselves before Allâh. They do not sell the Verses of Allâh for a little price, for them is a reward with their Lord. Surely, Allâh is Swift in account.

اور بے شک اہل کتاب میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور جو کچھ تمھاری طرف نازل کیا گیا اور جو کچھ ان کی طرف نازل کیا گیا، اس پر ایمان لاتے ہیں، وہ اللہ کے سامنے جھکنے والے ہیں، وہ اللہ کی آیتیں تھوڑی قیمت کے بدلے نہیں بیچتے، وہی ہیں جن کا اجر ان کے رب کے پاس ہے، بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَن يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلَّهِ لَا يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۗ أُولَٰئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿١٩٩﴾

200. O you who believe! Endure and be more patient (than your enemy), and guard your territory by stationing army units permanently at the places from where the enemy can attack you, and fear Allâh, so that you may be successful.

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! صبر سے کام لو، ثابت قدم رہو اور حق کی خدمت میں سرگرم رہو، اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٢٠٠﴾

Sûrat An-Nisa' (The Women) 4

سورۃ النساء

سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ

In the Name of Allâh, the Most Gracious, the Most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

1. O mankind! Be dutiful to your Lord, Who created you from a single person (Adam), and from him (Adam) He created his wife [Hawwâ (Eve)], and from them both He created many men and women; and fear Allâh through Whom you demand (your mutual rights), and (do not cut the relations of) the wombs (kinship).[1] Surely, Allâh is Ever

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا، اور اسی سے اس کا جوڑا پیدا کر کے ان دونوں سے مرد اور عورتیں کثرت سے پھیلا دیے۔ اور اللہ سے ڈرو جس کے واسطے سے تم آپس میں سوال کرتے ہو اور رشتے توڑنے سے ڈرو، بے شک اللہ تم پر نگہبان ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ﴿١﴾

[1] (V.4:1) See the footnote of (V.2:27)

① یعنی "قطع رحمی" سے، کیونکہ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ چنانچہ نبی ﷺ کا فرمان ہے: "قطع رحمی کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔" (صحیح البخاری، الأدب، حدیث: 5984)

an All-Watcher over you.

وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۠ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ②

اور یتیموں کو ان کے مال دے دو، اور اچھے مال کو برے مال سے نہ بدلو۔ اور تم ان کے مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر نہ کھا جاؤ، بے شک یہ بہت بڑا گناہ ہے②

2. And give to the orphans their property and do not exchange (your) bad things for (their) good ones; and devour not their substance (by adding it) to your substance. Surely, this is a great sin.[1]

وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاۗءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ③

اور اگر تمھیں ڈر ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے تو ان کی بجائے ان عورتوں میں سے جو تمھیں اچھی لگیں، دو دو، تین تین اور چار چار سے نکاح کر لو، پھر اگر تمھیں ڈر ہو کہ تم انصاف نہ کر سکو گے تو ایک ہی سے (نکاح کرو) یا اپنی ملکیت کی لونڈیوں سے (ازدواجی تعلق رکھو) یہ زیادہ بہتر ہے کہ اس طرح تم ناانصافی کرنے سے بچے رہو گے③

3. And if you fear that you shall not be able to deal justly with the orphan girls then marry (other) women of your choice, two or three, or four; but if you fear that you shall not be able to deal justly (with them), then only one or (slaves) that your right hands possess. That is nearer to prevent you from doing injustice.

وَاٰتُوا النِّسَاۗءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۭ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْۗــــــًٔـا مَّرِيْۗــــــًٔـا ④

اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دے دو[①] پھر اگر وہ اپنی مرضی سے تمھیں کچھ مہر چھوڑ دیں تو تم اسے شوق سے کھا سکتے ہو④

4. And give to the women (whom you marry) their *Mahr* (obligatory bridal-money given by the husband to his wife at the time of marriage) with a good heart; but if they, of their own good pleasure, remit any part of it to you, take it, and enjoy it without fear of any harm (as Allāh has made it lawful).

وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاۗءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِىْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْھُمْ فِيْھَا وَاكْسُوْھُمْ وَقُوْلُوْا لَھُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ⑤

اور تم اپنے وہ مال نادان لوگوں کے سپرد نہ کرو جو اللہ نے تمھارے لیے گزر بسر کا ذریعہ بنائے ہیں، البتہ ان میں سے انھیں کھانے اور پہننے کے لیے دو۔ اور ان سے اچھی بات کہو⑤

5. And give not to the foolish your property which Allāh has made a means of support for you,[2] but feed and clothe them therewith, and speak to them words of kindness and justice.

وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْھُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْھِمْ اَمْوَالَھُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْھَآ اِسْرَافًا

اور تم یتیموں کی جانچ پرکھ کرو یہاں تک کہ وہ نکاح (کی عمر) کو پہنچ جائیں، پھر اگر تم انھیں سمجھ دار پاؤ تو ان کے مال ان کے سپرد کر دو، اور تم ان کے مال حد

6. And try the orphans (as regards their intelligence) until they reach the age of marriage; if then you find sound judgement in them, release their property to

[1] (V.4:2). See the footnote of (V.3:130).

[2] (V.4:5) Narrated Al-Mughirah bin Shu'bah رضی اللہ عنہ : The Prophet ﷺ said, "Allāh has forbidden for you: (1) To be undutiful to your mothers, (2) to bury your daughters alive, (3) not to pay the rights of the others (e.g. *Zakat*, charity) and (4) to beg of men (i.e. begging). And Allāh has hated for you: (1) Sinful and useless talk like backbiting, or that you talk too much about others, (2) to ask too many questions (in disputed religious matters), and (3) to waste the wealth (by extravagance with lack of wisdom and thinking)." [*Sahih Al-Bukhari*, 3/2408 (O.P.591)].

① یعنی یہ عورت کا ایسا حق ہے جسے ادا نہ کرنا سخت گناہ ہے، چنانچہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے تم پر حرام کر دیا ہے ماؤں کی نافرمانی کو، بیٹیوں کے زندہ گاڑ دینے کو، اپنے اوپر کسی کا حق ہو اس کے ادا نہ کرنے کو اور دوسروں سے ناحق طلب کرنے کو اور آپ نے ناپسند کیا فضول باتیں کرنے، بہت سوال کرنے اور مال کے برباد کرنے کو۔'' (صحیح البخاری، کتاب فی الاستقراض، باب 19، حدیث 2408)

وَبِدَارًا أَنْ يَكْبَرُوا ۚ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۖ وَمَنْ كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِذَا دَفَعْتُمْ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوا عَلَيْهِمْ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا ⑥

سے بڑھ کر اور جلدی کرتے ہوئے اس خیال سے نہ کھا جاؤ کہ وہ بڑے ہو جائیں گے (اور ناحق مانگنے لگیں گے)۔ اور جو (سرپرست) مال دار ہو وہ (یتیم کا مال کھانے سے) بچے، اور جو غریب ہو وہ جائز طریقے سے (اس کا مال) کھا سکتا ہے، پھر جب تم ان کے مال ان کے سپرد کرو تو ان پر کسی کو گواہ ٹھہرا لو، اور اللہ حساب لینے والا کافی ہے⑥

them, but consume it not wastefully and hastily, fearing that they should grow up, and whoever (amongst guardians) is rich, he should take no wages, but if he is poor, let him have for himself what is just and reasonable (according to his labour). And when you release their property to them, take witness in their presence; and Allāh is All-Sufficient in taking account.

لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ ۚ نَصِيبًا مَفْرُوضًا ⑦

مردوں کے لیے اس مال میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ جائیں، اور عورتوں کے لیے بھی حصہ ہے اس مال میں جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ جائیں، (یہ چھوڑا ہوا مال) تھوڑا ہو یا زیادہ، اس میں ہر ایک کا مقرر کیا ہوا حصہ ہے⑦

7. There is a share for men and a share for women from what is left by parents and those nearest related, whether, the property be small or large — a legal share.

وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُو الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُمْ مِنْهُ وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَعْرُوفًا ⑧

اور جب تقسیم کے وقت حاضر ہوں (دور کے) رشتہ دار، یتیم اور مسکین تو انھیں بھی اس میں سے کچھ دے دو اور ان سے اچھی بات کہو⑧

8. And when the relatives and the orphans and *Al-Masakin* (the needy) are present at the time of division, give them out of the property, and speak to them words of kindness and justice.

وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا خَافُوا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللَّهَ وَلْيَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ⑨

اور لوگوں کو اس بات سے ڈرنا چاہیے کہ اگر وہ مرتے وقت اپنے پیچھے بے بس وارث چھوڑ جاتے تو انھیں ان کے بارے میں کتنی فکر ہوتی، چنانچہ انھیں اللہ سے ڈرنا چاہیے اور سیدھی بات کہنی چاہیے⑨

9. And let those (executors and guardians) have the same fear in their minds as they would have for their own, if they had left weak offspring behind. So, let them fear Allah and speak right words.

إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا ۖ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا ⑩ ع

بے شک جو لوگ یتیموں کا مال ظلم کے ساتھ کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ بھرتے ہیں اور وہ جلد دہکتی آگ میں داخل ہوں گے⑩

10. Verily, those who unjustly eat up the property of orphans, they eat up only fire into their bellies, and they will be burnt in the blazing Fire!

يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ ۖ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ۚ فَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۖ وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۚ وَلِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلَدٌ

اللہ تمھیں تمھاری اولاد کے بارے میں وصیت کرتا ہے مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصے کے برابر ہے، پھر اگر (دو یا) دو سے زیادہ عورتیں ہی ہوں تو ان کے لیے ترکے میں دو تہائی حصہ ہے، اور اگر ایک ہی (لڑکی) ہو تو اس کے لیے آدھا (حصہ) ہے، اور اس (مرنے والے) کے ماں باپ میں سے ہر ایک کے لیے ترکے میں چھٹا حصہ ہے، اگر اس کی اولاد ہو۔

11. Allah commands you as regards your children's (inheritance); to the male, a portion equal to that of two females; if (there are) women (only daughters), two or more, their share is two-thirds of the inheritance; if only one (daughter), her share is a half. For parents, a sixth share of

وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّھُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ⑪

پھر اگر اس کی اولاد نہ ہو اور اس کے ماں باپ ہی اس کے وارث ہوں تو اس کی ماں کے لیے تیسرا حصہ ہے۔ پھر اگر اس (مرنے والے) کے (ایک سے زیادہ) بھائی بہن ہوں تو اس کی ماں کے لیے چھٹا حصہ ہے۔ (یہ تقسیم) اس کی وصیت پر عمل یا قرض ادا کرنے کے بعد ہوگی۔ تمھارے باپ اور تمھارے بیٹے، تم نہیں جانتے کہ ان میں سے کون نفع کے لحاظ سے تم سے زیادہ قریب ہے۔ (یہ تقسیم) اللہ کی طرف سے مقرر ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے⑪

inheritance to each if the deceased left children; if no children, and the parents are the (only) heirs, the mother has a third; if the deceased left brothers or (sisters), the mother has a sixth. (The distribution in all cases is) after the payment of legacies he may have bequeathed or debt. You know not which of them, whether your parents or your children, are nearest to you in benefit; (these fixed shares) are ordained by Allāh. And Allāh is Ever All-Knower, All-Wise.

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّھُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَھُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِھَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ وَلَھُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَھُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِھَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَھُمْ شُرَكَاۗءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِھَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَاۗرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ⑫

اور تمھاری بیویوں کے ترکے میں تمھارا آدھا حصہ ہے، اگر ان کی اولاد نہ ہو، پھر اگر ان کی اولاد ہو تو ان کے ترکے میں تمھارا چوتھا حصہ ہے۔ (یہ تقسیم) ان کی وصیت پر عمل یا قرض ادا کرنے کے بعد ہوگی اور اگر تمھاری اولاد نہ ہو تو تمھارے ترکے میں تمھاری بیویوں کا چوتھا حصہ ہے، پھر اگر تمھاری اولاد ہو تو تمھارے ترکے میں ان کا آٹھواں حصہ ہے۔ (یہ تقسیم) تمھاری وصیت پر عمل یا قرض ادا کرنے کے بعد ہوگی اور اگر وہ آدمی جس کا ورثہ تقسیم کیا جا رہا ہو اس کا بیٹا ہو نہ باپ، یا ایسی ہی عورت ہو اور اس کا ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو ان دونوں میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے۔ پھر اگر ان کی تعداد اس سے زیادہ ہو تو وہ سب ایک تہائی حصے میں شریک ہوں گے۔ (یہ تقسیم) اس کی وصیت پر عمل یا قرض ادا کرنے کے بعد (ہوگی) جبکہ وہ کسی کو نقصان پہنچانے والا نہ ہو۔ یہ اللہ کی طرف سے تاکید ہے، اور اللہ خوب جاننے والا، بڑے حوصلے والا ہے⑫

12. In that which your wives leave, your share is a half if they have no child; but if they leave a child, you get a fourth of that which they leave after payment of legacies that they may have bequeathed or debt. In that which you leave, their (your wives) share is a fourth if you leave no child; but if you leave a child, they get an eighth of that which you leave after payment of legacies that you may have bequeathed or debt. If the man or woman whose inheritance is in question has left neither ascendants nor descendants, but has left a brother or a sister, each one of the two gets a sixth; but if more than two, they share in a third, after payment of legacies he (or she) may have bequeathed or debt, so that no loss is caused (to anyone). This is a Commandment from Allāh; and Allāh is Ever All-Knowing, Most Forbearing.

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْھَا ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑬

یہ اللہ کی حدیں ہیں، اور جو اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گا، اسے اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے⑬

13. These are the limits (set by) Allāh (or ordainments as regards laws of inheritance), and whosoever obeys Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ), will be admitted to Gardens under

which rivers flow (in Paradise), to abide therein, and that will be the great success.

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑭

اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا اور اس کی حدوں سے آگے نکلے گا تو اللہ اسے آگ میں داخل کرے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے⑭

14. And whosoever disobeys Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ), and transgresses His (set) limits, He will cast him into the Fire, to abide therein; and he shall have a disgraceful torment.

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ⑮

اور تمھاری عورتوں میں سے جو بے حیائی کا کام کریں تو تم ان پر اپنے میں سے چار مرد گواہ بنالو، پھر اگر وہ گواہی دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو یہاں تک کہ انھیں موت آجائے یا اللہ ان کے لیے کوئی راستہ نکال دے①⑮

15. And those of your women who commit illegal sexual intercourse, take the evidence of four witnesses from amongst you against them; and if they testify, confine them (i.e. women) to houses until death comes to them or Allāh ordains for them some (other) way.[1]

وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ⑯

اور تم میں سے جو دو مرد بے حیائی کا کام کریں تو ان کو ایذا دو②، پھر اگر وہ توبہ کر کے اپنی اصلاح کر لیں تو ان سے درگزر کرو۔ بے شک اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا، بڑا مہربان ہے⑯

16. And the two persons (man and woman) among you who commit illegal sexual intercourse, hurt them both.[2] And if they repent (promise Allāh that they will never repeat, i.e. commit illegal sexual intercourse and other similar sins) and do righteous good deeds, leave them alone. Surely, Allāh is Ever All-Forgiving (the One Who forgives and accepts repentance), (and He is) Most Merciful.

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ⑰

اللہ تو صرف ان لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے جو نادانی سے برا کام کرتے ہیں، پھر جلد ہی توبہ کر لیتے ہیں، چنانچہ اللہ ان کی توبہ قبول کر لیتا ہے، اور اللہ بہت جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے⑰

17. Allāh accepts only the repentance of those who do evil in ignorance and foolishness and repent soon (i.e., afterwards); it is they whom Allāh will forgive and Allāh is Ever All-Knower, All-Wise.

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰىٓ اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ

اور ان لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو برے کام کرتے رہتے ہیں، یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آجائے تو وہ کہتا ہے: بے شک اب

18. And of no effect is the repentance of those who continue to do evil deeds until death faces one of them and he says, "Now I

[1] (V.4:15) The provision of this Verse has been abrogated by the Verse of *Surat An-Nur* (V.24:2), ordaining lashing for the unmarried and stoning to death for the married, when four witnesses testify to the crime.
[2] (V.4:16) See (V.24:2).

① اس آیت کا حکم سورۂ نور کی آیت 2 سے منسوخ ہو گیا ہے۔
② ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ نور،2)

قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ وَلَا الَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٨﴾

میں نے توبہ کی، اور نہ ان لوگوں کی توبہ قبول ہوتی ہے جو اس حال میں مرتے ہیں کہ وہ کافر ہوتے ہیں، ان لوگوں کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔⑱

repent;" nor of those who die while they are disbelievers. For them We have prepared a painful torment.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا ۖ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُوا بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا ﴿١٩﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمھارے لیے حلال نہیں کہ تم عورتوں کے زبردستی وارث بن جاؤ، اور تم انھیں (اس مقصد سے) نہ روک رکھو کہ تم نے انھیں جو مہر دیا ہو① اس کا کچھ حصہ واپس لے لو، مگر اس صورت میں (انھیں روکنا جائز ہے) اگر وہ کھلی بے حیائی کا کام کریں۔ اور تم ان کے ساتھ اچھے طریقے سے گزر بسر کرو، پھر اگر تم ان کو ناپسند کرو تو ہو سکتا ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور اللہ اس میں بہت بھلائی ڈال دے۔⑲

19. O you who believe! You are forbidden to inherit women against their will; and you should not treat them with harshness, that you may take away part of the *Mahr*[1] you have given them, unless they commit open *Fahishah* (illegal sexual intercourse or disobey their husbands); and live with them honourably. If you dislike them, it may be that you dislike a thing through which Allāh brings a great deal of good.

وَإِنْ أَرَدْتُمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا ۚ أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا ﴿٢٠﴾

اور اگر تم ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی کرنا چاہو، اور تم نے ان میں سے کسی کو بہت سا مال دیا ہو تو اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لو، کیا تم اسے بہتان لگا کر اور کھلا گناہ کرتے ہوئے واپس لوگے؟⑳

20. But if you intend to replace a wife by another and you have given one of them a *Qintar* (of gold, i.e. a great amount as *Mahr*), take not the least bit of it back; would you take it wrongfully without a right and (with) a manifest sin?

وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَىٰ بَعْضُكُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنْكُمْ مِيثَاقًا غَلِيظًا ﴿٢١﴾

اور تم مہر اس سے کیسے واپس لوگے، حالانکہ تم ایک دوسرے سے ملاپ کر چکے ہو اور ان عورتوں نے تم سے پختہ عہد لیا ہے؟㉑

21. And how could you take it (back) while you have gone in to each other, and they have taken from you a firm and strong covenant?

وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۚ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَمَقْتًا وَسَاءَ سَبِيلًا ﴿٢٢﴾

اور جن عورتوں سے تمھارے باپوں نے نکاح کیا ہو، ان سے تم نکاح نہ کرو، مگر جو پہلے گزر گیا سو گزر گیا بے شک یہ بے حیائی کا کام، ناراضی کی بات اور برا طریقہ ہے۔㉒

22. And marry not women whom your fathers married, except what has already passed; indeed it was shameful and most hateful, and an evil way.

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي

تم پر حرام کی گئی ہیں تمھاری مائیں، اور تمھاری بیٹیاں، اور تمھاری بہنیں، اور تمھاری پھوپھیاں، اور تمھاری خالائیں، اور تمھاری بھتیجیاں، اور تمھاری بھانجیاں، اور تمھاری وہ مائیں جنھوں نے تمھیں

23. Forbidden to you (for marriage) are: your mothers, your daughters, your sisters, your father's sisters, your mother's sisters, your brother's daughters,

---

[1] (V.4:19) *Mahr*: Bridal money given by the husband to his wife at the time of marriage.

① اس سے مراد مہر ہے یعنی ایسی چیز جو کہ خاوند کی طرف سے بیوی کو شادی کے بدلے میں دی جائے (روپیہ، سونا، چاندی وغیرہ) لوگوں میں مشہور ہے کہ "32/- روپے شرعی مہر ہے" یہ بالکل غلط ہے۔ مہر لڑکے کی حالت کے مطابق ہونا چاہیے۔ تاہم عدم ادائیگی کی نیت سے زیادہ سے زیادہ مہر مقرر کرنا بھی صحیح نہیں۔ اس کی ادائیگی بھی نہایت ضروری ہے، اس لیے یہ حسب طاقت ہی ہونا چاہیے۔

أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوٰتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَٰٓئِبُكُمُ الَّٰتِى فِى حُجُورِكُم مِّن نِّسَآئِكُمُ الَّٰتِى دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ تَكُونُوا۟ دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَٰٓئِلُ أَبْنَآئِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلَٰبِكُمْ وَأَن تَجْمَعُوا۟ بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٣﴾

دودھ پلایا ہو اور تمھاری دودھ شریک بہنیں، اور تمھاری بیویوں کی مائیں، اور تمھاری وہ سوتیلی بیٹیاں جو تمھارے ہاں پرورش پائیں اور ان عورتوں کے پیٹ سے ہوں جن سے تم نے صحبت کی ہو، پھر اگر تم نے ان سے صحبت نہ کی ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں، اور تمھارے صلبی بیٹوں کی بیویاں، اور تمھارا دو بہنوں کو جمع کرنا (بھی حرام ہے) مگر جو پہلے گزر گیا سو گزر گیا۔ بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بڑا مہربان ہے﴿٢٣﴾

your sister's daughters, your foster mothers who suckled you, your foster milk suckling sisters, your wives' mothers, your stepdaughters under your guardianship, born of your wives to whom you have gone in — but there is no sin on you if you have not gone into them (to marry their daughters), — the wives of your sons who (spring) from your own loins, and two sisters **in** wedlock at the same time, except for what has already passed; verily, Allah is Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ۗ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۗ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿٢٤﴾

اور تمھارے لیے شادی شدہ عورتیں بھی حرام ہیں سوائے ان لونڈیوں کے جن کے تم مالک ہو۔ (یہ) اللہ نے تمھارے لیے لکھ دیا ہے، اور ان کے علاوہ جو عورتیں ہیں، وہ تمھارے لیے حلال کر دی گئی ہیں، (شرط یہ ہے) کہ تم اپنے مال (مہر) کے بدلے انھیں حاصل کر کے ان سے نکاح کرو اور تمھاری نیت بدکاری کی نہ ہو، پھر جن سے مہر کے عوض تم فائدہ اٹھاؤ، انھیں ان کے مقرر کیے ہوئے مہر دے دو، اگر تم مہر مقرر کر لینے کے بعد اس (میں کمی بیشی) پر راضی ہو جاؤ تو تم پر کوئی گناہ نہیں۔ بے شک اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے ﴿٢٤﴾

24. Also (forbidden are) women already married, except those (slaves) whom your right hands possess. Thus has Allāh ordained for you. All others are lawful, provided you seek (them in marriage) with *Mahr* (bridal-money given by the husband to his wife at the time of marriage) from your property, desiring chastity, not committing illegal sexual intercourse, so with those of whom you have enjoyed sexual relations, give them their *Mahr* as prescribed; but if after a *Mahr* is prescribed, you agree mutually (to give more), there is no sin on you. Surely, Allāh is Ever All-Knowing, All-Wise.

وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۗ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۗ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۗ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٥﴾

اور تم میں سے جو شخص آزاد مومن عورتوں سے نکاح کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو، وہ تمھاری ملکیت مومن لونڈیوں میں سے کسی لونڈی سے نکاح کر لے، اور اللہ تمھارے ایمانوں کا حال خوب جانتا ہے، تم سب ایک ہی گروہ کے لوگ ہو (تم میں برتری کا معیار صرف ایمان ہے) لہٰذا تم ان کے مالکوں کی اجازت سے ان سے نکاح کر لو اور انھیں دستور کے مطابق ان کے مہر دو، جبکہ وہ نکاح میں لائی گئی ہوں، بدکاری کرنے والی نہ ہوں اور نہ چوری چھپے آشنا بنانے والی ہوں، پھر جب وہ نکاح میں آجائیں اور اس کے بعد وہ بدکاری کریں تو ان کی سزا آزاد عورتوں کی سزا کا نصف ہے۔[1] یہ (اجازت) تم میں سے اس کے لیے ہے جسے گناہ کی راہ پر چلنے کا اندیشہ ہو۔ اور یہ کہ تم صبر کرو، تمھارے لیے بہتر ہے۔ اور اللہ بہت بخشنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے ﴿٢٥﴾

25. And whoever of you has not the means wherewith to wed free believing women, they may wed believing girls from among those (slaves) whom your right hands possess, and Allāh has full knowledge about your Faith; you are one from another. Wed them with the permission of their own folk (guardians, *Auliyā'* or masters) and give them their *Mahr* according to what is reasonable; they (the above said captive and slave-girls) should be chaste, not committing illegal sex, nor taking boyfriends. And after they have been taken in wedlock, if they commit adultery, their punishment is half of that for free (unmarried) women.[1] This is for him among you who is afraid of being harmed in his religion or in his body; but it is better for you that you practise self-restraint, and Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

---

[1] (V.4:25) Female or male slaves (married or unmarried): if they commit illegal sexual intercourse, their punishment is fifty (50) lashes (half of that which is for free unmarried women): neither stoning to death nor exile.

① غلام مرد یا عورت (لونڈی) شادی شدہ ہوں یا غیر شادی شدہ، اگر زنا کریں تو ان کو پچاس کوڑوں کی سزا دی جائے گی اور ان پر رجم کی حد قائم نہیں ہوگی۔

26. Allāh wishes to make clear (what is lawful and what is unlawful) to you, and to show you the ways of those before you, and accept your repentance, and Allāh is All-Knower, All-Wise.

اللہ چاہتا ہے کہ تمھارے لیے (یہ احکام) کھول کر بیان کرے اور تمھیں تم سے پہلے کے نیک لوگوں کی راہ پر چلائے اور تم پر توجہ دے، اور اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے۔﴿٢٦﴾

يُرِيدُ اللَّهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ وَيَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٢٦﴾

27. Allāh wishes to accept your repentance, but those who follow their lusts, wish that you (believers) should deviate tremendously away (from the Right Path).

اور اللہ تم پر توجہ دینا چاہتا ہے، اور وہ لوگ جو اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم (حق سے) بہت دور ہٹ جاؤ۔﴿٢٧﴾

وَاللَّهُ يُرِيدُ أَن يَتُوبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيدُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوَاتِ أَن تَمِيلُوا مَيْلًا عَظِيمًا ﴿٢٧﴾

28. Allāh wishes to lighten (the burden) for you; and man was created weak (cannot be patient to leave sexual intercourse with women).

اللہ چاہتا ہے کہ تمھارا بوجھ ہلکا کر دے، اور انسان بہت کمزور پیدا کیا گیا ہے۔﴿٢٨﴾

يُرِيدُ اللَّهُ أَن يُخَفِّفَ عَنكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْإِنسَانُ ضَعِيفًا ﴿٢٨﴾

29. O you who believe! Eat not up your property among yourselves unjustly except it be a trade amongst you, by mutual consent. And do not kill yourselves (nor kill one another). Surely, Allāh is Most Merciful to you.[1]

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق نہ کھاؤ، مگر یہ کہ آپس کی رضا مندی سے تجارت ہو، اور تم اپنے آپ کو قتل نہ کرو،(1) بے شک اللہ تم پر بہت رحم کرنے والا ہے۔﴿٢٩﴾

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَن تَكُونَ تِجَارَةً عَن تَرَاضٍ مِّنكُمْ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٢٩﴾

30. And whoever commits that through aggression and injustice, We shall cast him into the Fire, and that is easy for Allāh.

اور جو شخص سرکشی اور ظلم سے ایسے (ناروا) کام کرے گا تو اسے ہم جلد آگ میں ڈالیں گے اور یہ اللہ کے لیے بہت آسان ہے۔﴿٣٠﴾

وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ عُدْوَانًا وَظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيهِ نَارًا ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾

31. If you avoid the great sins[2]

اگر تم بڑے گناہوں سے بچو گے جن سے تمھیں روکا

إِن تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ

---

[1] (V.4:29) What is said about committing suicide.

Narrated Thābit bin Ad-Dahhāk رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Whoever intentionally swears falsely by a religion other than Islām, then he is what he had said (e.g. if he says, 'If such thing is not true then I am a Jew,' he is really a Jew if he is a liar). And whoever commits suicide with a piece of iron, will be punished with the same piece of iron in the Hell-fire." [*Sahih Al-Bukhari*, 2/1363 (O.P.445)]

Narrated Jundab: The Prophet ﷺ said, "A man was inflicted with wounds and he committed suicide, and so Allāh said, 'My slave has caused death on himself hurriedly, so I forbid Paradise for him.'"

[*Sahih Al-Bukhari*, 2/1364 (O.P.445)]

Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "He who commits suicide by throttling, shall keep on throttling himself in the Hell-fire, and he who commits suicide by stabbing himself, shall keep on stabbing himself in the Hell-fire (forever)." [*Sahih Al-Bukhari*, 2/1365 (O.P.446)].

[2] (V.4:31) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said: "Avoid the seven great destructive sins." They (the people) asked, "O Allah's Messenger! What are they?" He said, "(1) To join partners in worship with Allah, (2) to practise sorcery, (3) to kill a person which Allah has forbidden except for a just cause (according to Islamic law); (4) to eat up *Ribā**; (5) to eat up the property of an orphan, (6) to show one's back to the enemy and fleeing from the battlefield at the time of fighting, and (7) to accuse chaste women who never even think of anything touching their chastity and are good believers." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6857 (O.P.840)].

* *Ribā*: See (V.2:275) and its footnote.

(1) یعنی خودکشی مت کرو، اس کی سزا بڑی سخت ہے۔ حدیث میں ہے: "جس شخص نے اسلام کے سوا کسی اور دین کی جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھائی تو وہ ویسے ہی ہے (جیسے اس کا زعم تھا) یعنی اگر

عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿٣١﴾

جاتا ہے، تو ہم تمھاری (چھوٹی چھوٹی) برائیاں تم سے دور کر دیں گے (1) اور تمھیں عزت کی جگہ میں داخل کریں گے ﴿31﴾

which you are forbidden to do, We shall expiate from you your (small) sins, and admit you to a Noble Entrance (i.e. Paradise).

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۭ وَسْـَٔـلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٣٢﴾

اور تم اس مقام و مرتبے کی خواہش نہ کرو جس کے باعث اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ مردوں نے جو کمایا اس میں ان کا حصہ ہے اور عورتوں نے جو کمایا اس میں ان کا حصہ ہے اور تم اللہ سے اس کا فضل مانگتے رہو، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ﴿32﴾

32. And wish not for the things in which Allāh has made some of you to excel others. For men there is reward for what they have earned, (and likewise) for women there is reward for what they have earned, and ask Allāh of His bounty. Surely, Allāh is Ever All-Knower of everything.

وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۭ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْھُمْ نَصِيْبَھُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿٣٣﴾ ع

ماں باپ اور قریبی رشتہ دار جو مال چھوڑ جائیں اس میں ہم نے ہر ایک کے لیے وارث بنائے ہیں اور جن سے تمھارا عہد بندھ چکا ہو انھیں ان کا حصہ دو، بے شک اللہ ہر چیز پر گواہ ہے ﴿33﴾

33. And to everyone, We have appointed heirs of that (property) left by parents and relatives. To those also with whom you have made a pledge (brotherhood), give them their due portion (by *Wasiya* – will).[1] Truly, Allāh is Ever a Witness over all things.

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَي النِّسَاۗءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَھُمْ عَلٰي بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۭ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۭ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَھُنَّ فَعِظُوْھُنَّ وَاهْجُرُوْھُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْھُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿٣٤﴾

مرد عورتوں پر اس وجہ سے حاکم ہیں کہ اللہ نے ان میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے اور اس وجہ سے بھی کہ وہ اپنے مالوں میں سے خرچ کرتے ہیں، چنانچہ نیک عورتیں فرمانبردار اور خاوند کی غیر موجودگی میں اللہ کی حفاظت سے (مال و آبرو کی) نگہبانی کرتی ہیں اور تمھیں جن عورتوں کی سرکشی کا خوف ہو انھیں تم نصیحت کرو اور ان کو خواب گاہوں میں الگ کر دو، اور انھیں ہلکی سزا دو، پھر اگر وہ تمھاری فرمانبرداری کریں تو انھیں ستانے کی راہ نہ ڈھونڈو، بے شک اللہ بہت بلند اور بہت بڑا ہے ﴿34﴾

34. Men are the protectors and maintainers of women, because Allāh has made one of them to excel the other, and because they spend (to support them) from their means. Therefore the righteous women are devoutly obedient (to Allāh and to their husbands), and guard in the husband's absence what Allāh orders them to guard (e.g. their chastity and their husband's property). As to those women on whose part you see ill conduct, admonish them (first), (next) refuse to share their beds, (and

[1] (V.4:33) See for details [*Sahih Al-Bukhari*, 3/2292 (O.P.489)].

★ بقیہ حاشیہ: النساء، آیت 29.

23. Two men of those who feared (Allāh and) on whom Allāh had bestowed His Grace (they were یوشع وکالب Yūsha' and Kālab) said: "Assault them through the gate; for when you are in, victory will be yours; and put your trust in Allāh if you are believers indeed."

قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا أَبَدًا مَا دَامُوا فِيهَا ۖ فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ ﴿٢٤﴾

وہ کہنے لگے: اے موسیٰ! ہم ہرگز اس زمین میں داخل نہیں ہوں گے جب تک وہ لوگ وہاں موجود ہیں، چنانچہ تو اور تیرا رب جاؤ، پھر تم دونوں ان سے لڑو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔﴿٢٤﴾

24. They said: "O Mūsā (Moses)! We shall never enter it as long as they are there. So, go you and your Lord and fight you two, we are sitting right here."

قَالَ رَبِّ إِنِّي لَا أَمْلِكُ إِلَّا نَفْسِي وَأَخِي ۖ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٥﴾

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! بے شک مجھے اپنے آپ اور اپنے بھائی کے سوا کسی پر اختیار نہیں، چنانچہ تو ہمیں اس نافرمان قوم سے الگ کر دے۔﴿٢٥﴾

25. He [Mūsā (Moses)] said: "O my Lord! I have power only over myself and my brother, so separate us from the people who are the *Fāsiqūn* (rebellious and disobedient to Allāh)!"

قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ ۛ أَرْبَعِينَ

اللہ نے فرمایا: بے شک وہ (مقدس زمین) ان لوگوں

26. (Allāh) said: "Therefore it

★ بقیہ حاشیہ، المائدہ آیت: 19۔

(3633) مرسل ... (سورۂ آل عمران 85/3)

سَنَةً ۚ يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٦﴾

یہ چالیس برس تک حرام کر دی گئی ہے، وہ زمین میں چالیس برس تک ادھر ادھر بھٹکتے پھریں گے، چنانچہ آپ اس نافرمان قوم کا غم نہ کھائیں۔﴿26﴾

(this holy land) is forbidden to them for forty years; in distraction they will wander through the land. So be not sorrowful over the people who are the *Fāsiqūn* (rebellious and disobedient to Allāh)."

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْآخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ ۖ قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ ﴿٢٧﴾

اور (اے نبی!) آپ انھیں آدم کے دو بیٹوں کا واقعہ ٹھیک ٹھیک سنائیں، جب ان دونوں نے قربانی کی تھی، پھر ان میں سے ایک کی قربانی تو قبول کر لی گئی اور دوسرے کی قبول نہ کی گئی۔ دوسرا بولا: میں تجھے قتل کر دوں گا۔① پہلے نے جواب دیا: اللہ صرف پرہیزگاروں سے (قربانی) قبول کرتا ہے۔﴿27﴾

27. And (O Muhammad ﷺ) recite to them (the Jews) the story of the two sons of Adam (Habil and Qabil — Abel and Cain) in truth; when each offered a sacrifice (to Allāh), it was accepted from the one but not from the other. The latter said to the former: "I will surely, kill you.[1]" The former said: "Verily, Allāh accepts only from those who are *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2)."

لَئِنْ بَسَطْتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِي مَا أَنَا بِبَاسِطٍ يَدِيَ إِلَيْكَ لِأَقْتُلَكَ ۖ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿٢٨﴾

اگر تو نے اپنا ہاتھ میری طرف (اس ارادے سے) بڑھایا کہ مجھے قتل کر دے تو بھی میں اپنا ہاتھ تیری طرف نہیں بڑھاؤں گا کہ تجھے قتل کر دوں۔ بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو سب جہانوں کا رب ہے۔﴿28﴾

28. "If you do stretch your hand against me to kill me, I shall never stretch my hand against you to kill you: for I fear Allāh, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists)."

إِنِّي أُرِيدُ أَنْ تَبُوءَ بِإِثْمِي وَإِثْمِكَ فَتَكُونَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ﴿٢٩﴾

میں تو چاہتا ہوں کہ تو میرا اور اپنا گناہ اپنے سر لے لے اور دوزخیوں میں شامل ہو جائے۔ اور ظالموں کا یہی بدلہ ہے۔﴿29﴾

29. "Verily, I intend to let you draw my sin on yourself as well as yours, then you will be one of the dwellers of the Fire; and that is the recompense of the *Zālimūn* (wrong-doers)."

فَطَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ قَتْلَ أَخِيهِ فَقَتَلَهُ فَأَصْبَحَ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٣٠﴾

پھر اس کے نفس نے اسے اپنے بھائی کو قتل کرنے پر آمادہ کیا، چنانچہ اس نے اسے قتل کر دیا اور وہ خسارہ پانے والوں میں سے ہو گیا۔﴿30﴾

30. So, the *Nafs* (self) of the other (latter one) encouraged him and made fair-seeming to him the murder of his brother; he murdered him and became one of the losers.

[1] (V.5:27) a) Narrated 'Abdullāh رضی اللہ عنہ: The Prophet ﷺ said, "None (no human being) is killed or murdered (unjustly), but a part of responsibility for the crime is laid on the first son of Adam who invented the tradition of killing (murdering) on the earth. (It is said that he was Qābil — Cain)." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6867 (O.P.6)]
b) Narrated 'Abdullāh bin 'Umar رضی اللہ عنہما: The Prophet ﷺ said, "After me (i.e., after my death) do not become disbelievers by striking (cutting) the necks of one another." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6868 (O.P.7)]

① چنانچہ اس نے اسے قتل کر دیا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جب بھی دنیا میں کوئی ناحق قتل ہوتا ہے تو اس کے خون کے گناہ کا ایک حصہ آدم کے پہلے بیٹے (قابیل) پر پڑتا ہے کیونکہ اس نے سب سے پہلے قتل ناحق کی رسم ڈالی تھی۔" (صحیح البخاری، احادیث الانبیاء، حدیث: 3335) ایک دوسری حدیث میں ہے کہ ناحق قتل کو کفر قرار دیا گیا ہے، فرمایا: "میرے بعد تم ایک دوسرے کو قتل کر کے کافر نہ بن جانا۔" (صحیح البخاری، الدیات، [illegible] حدیث: 6868)

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ۭ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ۝

پھر اللہ نے (وہاں) ایک کوا بھیجا، وہ (اپنے پنجوں سے) زمین کریدنے لگا تا کہ اسے دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کیسے دفن کرے، وہ کہنے لگا: افسوس! میں اس کوے جیسا ہونے سے بھی عاجز رہا کہ اپنے بھائی کی لاش دفنا دیتا، چنانچہ وہ پچھتانے والوں میں سے ہو گیا۔

31. Then Allâh sent a crow who scratched the ground to show him how to hide the dead body of his brother. He (the murderer) said: "Woe to me! Am I not even able to be as this crow and to hide the dead body of my brother?" Then he became one of those who regretted.

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبْنَا عَلٰي بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَقَدْ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۡ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ۝

اس وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل کے لیے یہ لکھ دیا کہ جو شخص کسی کو قتل کرے، سوائے اس کے کہ وہ کسی کا قاتل ہو یا زمین میں فساد کرنے والا ہو، تو گویا اس نے تمام لوگوں کو قتل کر دیا[1] اور جو شخص کسی ایک جان کو (ناحق قتل ہونے سے) بچائے تو گویا اس نے تمام لوگوں کی جان بچائی۔ اور ہمارے رسول واضح نشانیاں لے کر ان کے پاس آئے، پھر بے شک اس کے بعد ان میں سے بہت سے لوگ زمین میں حد سے نکل جانے والے ہیں۔

32. Because of that, We ordained for the Children of Israel that if anyone killed a person not in retaliation of murder, or to spread mischief in the land - it would be as if he killed all mankind, and if anyone saved a life, it would be as if he saved the life of all mankind. And indeed, there came to them Our Messengers with clear proofs, evidences, and signs, even then after that many of them continued to exceed the limits (e.g. by doing oppression unjustly and exceeding beyond the limits set by Allâh by committing the major sins) in the land![1]

اِنَّمَا جَزٰۗؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُـقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین میں فساد کے لیے بھاگ دوڑ کرتے ہیں، ان کی سزا تو صرف یہ ہے کہ انھیں قتل کیا جائے یا سولی دی جائے یا ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے کاٹ دیے جائیں یا انھیں جلاوطن کر دیا جائے۔ یہ دنیا میں ان کے لیے ذلت ہے اور آخرت میں ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔

33. The recompense of those who wage war against Allâh and His Messenger (ﷺ) and do mischief in the land is only that they shall be killed or crucified or their hands and their feet be cut off from opposite sides, or be exiled from the land. That is their disgrace in this world, and a great torment is theirs in the Hereafter.

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

سوائے ان لوگوں کے جو اس سے پہلے کہ تم ان پر قابو پاؤ، توبہ کر لیں، پس تم جان لو کہ بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

34. Except for those who (having fled away and then) came back (as Muslims) with repentance before they fall into your power; in that case, know that Allâh is

---

[1] (V.5:32) Narrated Anas bin Malik رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "The biggest of *Al-Kabâ'ir* (the great sins) are: (1) To join others as partners in worship with Allâh, (2) to murder a human being, (3) to be undutiful to one's parents, and (4) to make a false statement," or said, "to give a false witness." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6871 (O.P.10)].

(1) سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کبیرہ گناہ یہ ہیں: ① اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا ② کسی جان کو ناحق قتل کرنا ③ والدین کی نافرمانی کرنا ④ جھوٹ بولنا یا فرمایا: جھوٹی گواہی دینا۔" (صحیح البخاری، الدیات، حدیث: 6871.)

Oft-Forgiving, Most Merciful.

35. O you who believe! Do your duty to Allāh and fear Him. And seek the means of approach to Him, and strive hard in His Cause (as much as you can), so that you may be successful.[1]

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے ڈرو اور اس کا قرب تلاش کرو اور اس کے رستے میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۝

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَٱبْتَغُوٓا۟ إِلَيْهِ ٱلْوَسِيلَةَ وَجَٰهِدُوا۟ فِى سَبِيلِهِۦ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

36. Verily, those who disbelieve, if they had all that is in the earth, and as much again therewith to ransom themselves thereby from the torment on the Day of Resurrection, it would never be accepted of them, and theirs would be a painful torment.[2]

بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو ساری زمین میں ہے اور اس کے برابر اور بھی ہو تاکہ وہ قیامت کے دن عذاب سے بچنے کے لیے فدیے میں دے دیں تو بھی وہ ان سے قبول نہیں کیا جائے گا① اور ان کے لیے بہت دردناک عذاب ہے۝

إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِى ٱلْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُۥ مَعَهُۥ لِيَفْتَدُوا۟ بِهِۦ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ ٱلْقِيَٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

37. They will long to get out of the Fire, but never will they get out therefrom; and theirs will be a lasting torment.

وہ آگ سے نکلنا چاہیں گے مگر وہ اس میں سے کبھی نکل نہیں سکیں گے اور ان کے لیے ہمیشہ رہنے والا عذاب ہے۝

يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُوا۟ مِنَ ٱلنَّارِ وَمَا هُم بِخَٰرِجِينَ مِنْهَا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ۝

38. And (as for) the male thief and the female thief, cut off (from the wrist joint) their (right) hands as a recompense for that which they committed, a punishment by way of example from Allāh. And Allāh is All-Powerful, All-Wise.

اور تم چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کے ہاتھ کاٹ دیا کرو، یہ اللہ کی طرف سے ان کے دونوں کے عبرت ناک سزا ہے جو انھوں نے کمایا اور اللہ غالب، خوب حکمت والا ہے۝

وَٱلسَّارِقُ وَٱلسَّارِقَةُ فَٱقْطَعُوٓا۟ أَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَٰلًا مِّنَ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

39. But whosoever repents after his crime and does righteous good deeds (by obeying Allāh), then verily, Allāh will pardon him (accept his repentance). Verily, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

پھر جو شخص اپنے گناہ کے بعد توبہ کر لے اور اپنی اصلاح کر لے تو بے شک اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے۝

فَمَن تَابَ مِنۢ بَعْدِ ظُلْمِهِۦ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ ٱللَّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

40. Know you not that to Allāh (Alone) belongs the dominion of the heavens and the earth! He punishes whom He wills and He forgives whom He wills. And Allāh is Able to do all things.

کیا تمھیں علم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جسے چاہے بخش دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۝

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ ٱللَّهَ لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ يُعَذِّبُ مَن يَشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَن يَشَآءُ ۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ۝

41. O Messenger (Muhammad ﷺ)! Let not those who hurry to fall into disbelief grieve you, of

اے رسول! آپ ان لوگوں کا غم نہ کھائیں جو کفر میں جلدی کرتے ہیں، ان لوگوں میں سے جو کہتے

يَٰٓأَيُّهَا ٱلرَّسُولُ لَا يَحْزُنكَ ٱلَّذِينَ يُسَٰرِعُونَ فِى ٱلْكُفْرِ مِنَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓا۟

[1] (V.5:35) See the footnote of (V.2:186).
[2] (V.5:36) See the footnote of (V.3:91).

① ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ آل عمران 3:91)

اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ۭ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ۭ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ښ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿41﴾

ہیں جو اپنے منہ سے یہ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے، حالانکہ ان کے دل ایمان نہیں لاتے، اور کچھ ان لوگوں میں سے جو یہودی ہوئے، وہ جھوٹی باتیں سننے کے عادی ہیں اور دوسری قوم کی جاسوسی کرنے والے ہیں جو (ابھی اطاعت کے لیے) آپ کے پاس نہیں آئی۔ وہ کلمات کا موقع ومحل ثابت ہونے کے بعد اسے بدل دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں: اگر تمھیں یہ حکم دیا جائے تو قبول کرلو اور اگر یہ حکم نہ دیا جائے تو ان سے الگ تھلگ ہو جاؤ۔ اور جسے اللہ فتنے میں ڈالنا چاہے تو آپ اللہ کی طرف سے اس کے بارے میں قطعاً کچھ اختیار نہیں رکھتے۔ وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں اللہ نے نہیں چاہا کہ ان کے دلوں کو پاک کرے، ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے، اور آخرت میں ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے ﴿41﴾

such who say: "We believe" with their mouths but their hearts have no Faith. And of the Jews are men who listen much and eagerly to lies -- listen to others who have not come to you. They change the words from their places; they say, "If you are given this, take it, but if you are not given this, then beware!" And whomsoever Allāh wants to put in *Al-Fitnah* (error, because of his rejecting of Faith), you can do nothing for him against Allāh. Those are the ones whose hearts Allāh does not want to purify (from disbelief and hypocrisy); for them there is a disgrace in this world, and in the Hereafter a great torment.

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ۭ فَاِنْ جَاۗءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ۭ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿42﴾

وہ جھوٹی باتیں سننے کے عادی ہیں اور جی بھر کر حرام کھانے والے ہیں۔ پھر اگر وہ آپ کے پاس آئیں تو آپ (کو اختیار ہے کہ) ان کے درمیان فیصلہ کر دیں یا ان سے اعراض کریں اور اگر آپ ان سے منہ موڑ لیں گے تو بھی وہ آپ کو قطعاً کوئی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ اور اگر آپ ان کے درمیان کوئی فیصلہ کریں تو انصاف کے ساتھ کریں۔ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ﴿42﴾

42. (They like to) listen to falsehood, to devour anything forbidden. So if they come to you (O Muhammad ﷺ), either judge between them, or turn away from them. If you turn away from them, they cannot hurt you in the least. And if you judge, judge with justice between them. Verily, Allāh loves those who act justly.

وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿43﴾ ع 10

اور وہ کیسے آپ سے فیصلے کرواتے ہیں جبکہ ان کے پاس تورات (موجود) ہے جس میں اللہ کا حکم ہے، پھر وہ اس (حکم) سے منہ موڑتے ہیں۔ اور وہ ایمان لانے والے نہیں ﴿43﴾

43. But how do they come to you for decision while they have the Taurāt (Torah), in which is the (plain) Decision of Allāh; yet even after that, they turn away. For they are not (really) believers.

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَاۗءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ

بے شک ہم نے تورات نازل کی، اس میں ہدایت اور روشنی ہے۔ انبیاء جو اللہ کی اطاعت کرنے والے تھے، اس کے مطابق یہودیوں کے فیصلے کرتے تھے اور اللہ والے اور علماء فیصلے کرتے تھے، اس لیے کہ وہ اللہ کی کتاب کے نگران بنائے گئے تھے اور وہ اس پر

44. Verily, We did send down the Taurāt (Torah) [to Mūsā (Moses)], therein was guidance and light, by which the Prophets, who submitted themselves to Allāh's Will, judged for the Jews. And the rabbis and the priests

وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ ﴿٤٤﴾

گواہ تھے، چنانچہ تم لوگوں سے نہ ڈرو مجھ سے ڈرو، اور میری آیتیں تھوڑی قیمت پر نہ بیچو۔ اور جو لوگ اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق فیصلے نہ کریں وہی کافر ہیں①﴿44﴾

[also judged for the Jews by the Taurāt (Torah) after those Prophets], for to them was entrusted the protection of Allāh's Book, and they were witnesses thereto. Therefore fear not men but fear Me (O Jews) and sell not My Verses for a miserable price. And whosoever does not judge by what Allāh has revealed, such are the *Kāfirūn* (i.e. disbelievers — of a lesser degree as they do not act on Allāh's Laws).[1]

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْأَنفَ بِالْأَنفِ وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ ۚ فَمَن تَصَدَّقَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُ ۚ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٤٥﴾

اور ہم نے تورات میں ان کے لیے لکھ دیا تھا کہ بے شک جان کے بدلے جان ہے② اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک، اور کان کے بدلے کان، اور دانت کے بدلے دانت، اور تمام زخموں کا قصاص ہے، پھر جو شخص اسے معاف کر دے تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے۔ اور جو لوگ اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق فیصلے نہ کریں وہی ظالم ہیں﴿45﴾

45. And We ordained therein for them: Life for life,[2] eye for eye, nose for nose, ear for ear, tooth for tooth, and wounds equal for equal. But if anyone remits the retaliation by way of charity, it shall be for him an expiation. And whosoever does not judge by that which Allāh has revealed, such are the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers — of a lesser degree).

وَقَفَّيْنَا عَلَىٰ آثَارِهِم بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ ۖ

اور ہم نے ان (نبیوں) کے بعد عیسیٰ ابن مریم کو بھیجا③ جو اپنے سے پہلے نازل شدہ کتاب تورات کی

46. And in their footsteps, We sent 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary),[3] confirming the Taurāt

---

[1] (V.5:44) For different degrees of *Kufr* (Disbelief) see Appendix 2, "Polytheism and Disbelief".

[2] (V.5:45) Narrated 'Abdullāh رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The blood of a Muslim who confesses that *Lā ilaha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh) and that I am the Messenger of Allāh, cannot be shed except in three cases:

1) Life for life in case of intentional murder without right [i.e. in *Qisas* (Law of Equality in punishment)].

2) A married person who commits illegal sexual intercourse.

3) The one who reverts from Islām (apostates) and leaves the group of Muslims (by innovating heresy, new ideas, new things, in the Islāmic Religion)." (See *Fath Al-Bari* for details). [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6878 (O.P.17)]

[3] (V.5:46) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "I am the nearest of all the people to the son of Maryam (Mary), and all the Prophets are paternal brothers, and there has been no Prophet between me and him [i.e., 'Īsā (Jesus)]." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3442 (O.P.651)]

① کفر کے دو درجے ہیں: (1) کفر اکبر، (2) کفر اصغر۔ کفر اکبر چار قسم کا ہے: کفر تکذیب، کفر الإباء والتکبر، کفر الشک، کفر الإعراض اور کفر النفاق۔ کفر اصغر ”کفر دون کفر“ کہلاتا ہے یعنی ناشکری بھی ایک قسم کا کفر ہے۔

② شریعت محمدی میں قصاص کے بغیر کسی کو قتل نہیں کیا جا سکتا، چنانچہ حدیث میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”ایک مسلمان شخص جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں (محمد ﷺ) اس کا رسول ہوں تو اس کا خون (اس کو قتل یا ہلاک کرنا) ان تین صورتوں کے سوا حلال نہیں: ① جان کے بدلے جان (قتل عمد کی صورت میں بطور قصاص قتل کیا جائے گا) ② شادی شدہ شخص زنا کا مرتکب ہو تو اسے رجم کی سزا دی جائے گی ③ کوئی شخص اپنے دین (اسلام) سے پھر جائے اور (مسلمانوں کی) جماعت کو چھوڑ دے (یعنی مرتد ہو جائے تو ارتداد کی سزا قتل ہے۔)“ تفصیل کے لیے ملاحظہ کیجیے: (صحیح بخاری، الدیات، باب 6، حدیث: 6878 و فتح الباری حوالہ مذکورہ)

③ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد نبی ﷺ کی بعثت ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”میں ابن مریم (عیسیٰ) سے سب لوگوں سے زیادہ قریب و تعلق رکھنے والا ہوں اور تمام انبیاء علاتی بھائی ہیں اور میرے اور ابن مریم کے درمیان کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا۔“ (صحیح البخاری، احادیث الانبیاء، باب 48، حدیث: 3442) علاتی بھائی وہ ہوتے ہیں جن کا باپ ایک ہو اور مائیں

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٦﴾

تصدیق کرنے والے تھے۔ اور ہم نے انھیں انجیل دی جس میں ہدایت اور روشنی تھی، اور وہ اپنے سے پہلے کی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والی تھی اور پرہیزگاروں کے لیے (سراسر) ہدایت اور نصیحت تھی★ ﴿٤٦﴾

(Torah) that had come before him, and We gave him the Injīl (Gospel), in which was guidance and light and confirmation of the Taurāt (Torah) that had come before it, a guidance and an admonition for *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤٧﴾

اور اہل انجیل کو چاہیے کہ اللہ نے اس میں جو کچھ نازل کیا اس کے مطابق فیصلے کریں، اور جو لوگ اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق فیصلے نہ کریں تو وہی نافرمان ہیں ﴿٤٧﴾

47. Let the people of the Injīl (Gospel) judge by what Allāh has revealed therein. And whosoever does not judge by what Allāh has revealed (then) such (people) are the *Fāsiqūn* [the rebellious i.e. disobedient (of a lesser degree) to Allāh].

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٨﴾

اور (اے نبی!) ہم نے آپ پر یہ کتاب حق کے ساتھ نازل کی، یہ تصدیق کرنے والی ہے اس کتاب کی جو اس سے پہلے تھی اور اس پر نگہبان ہے[1]، چنانچہ آپ ان کے درمیان اللہ کی نازل کی ہوئی ہدایت کے مطابق فیصلے کریں اور آپ کے پاس جو حق آیا ہے اسے نظر انداز کر کے ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک دستور اور طریقہ بنایا اور اگر اللہ چاہتا تو تمھیں ضرور ایک امت بنا دیتا لیکن وہ چاہتا ہے کہ تمھیں اس (کتاب) کے بارے میں آزمائے جو اس نے تمھیں دی ہے، چنانچہ تم نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو، تم سب نے اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، پھر وہ تمھیں (اصل حقیقت) بتا دے گا جس میں تم اختلاف کرتے رہتے تھے ﴿٤٨﴾

48. And We have sent down to you (O Muhammad ﷺ) the Book (this Qur'ān) in truth, confirming the Scripture (Books) that came before it and *Muhaiminan* (trustworthy in highness and a witness) over it (old Scriptures).[1] So judge among them by what Allāh has revealed, and follow not their vain desires, diverging away from the truth that has come to you. To each among you, We have prescribed a law and a clear way. If Allāh had willed, He would have made you one nation, but that (He) may test you in what He has given you; so compete in good deeds. The return of you (all) is to Allāh; then He will inform you about that in which you used to differ.

وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا

اور (اے نبی!) آپ ان لوگوں کے درمیان اس کے

49. And so judge (you O

★ بقیہ حاشیہ، گزشتہ آیت 46.

مختلف۔ مطلب یہ ہے کہ تمام انبیاء علیہم کا دین ایک ہی تھا اور شریعتیں (دستور اور طریقے) مختلف تھیں۔ لیکن شریعت محمدیہ کے بعد اب ساری شریعتیں بھی منسوخ ہو گئی ہیں اور اب دین بھی ایک ہے اور شریعت بھی ایک۔ (احسن البیان)

[1] (V.5:48) *Muhaiminan*: that which testifies the truth that is therein and falsifies the falsehood that is added therein.

① مُهَيْمِنًا کا قرآن کریم کی ترجمہ ... (نگہبان) ہے۔ ... قرآن کریم ان کی تصدیق کرتا ہے اور ان میں جو تحریف ہوئی ہے اس کی تکذیب کرتا ہے۔

تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَنْ يَفْتِنُوكَ عَنْ بَعْضِ مَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ إِلَيْكَ ۚ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ أَنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ أَنْ يُصِيبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ ﴿٤٩﴾

مطابق فیصلہ کریں جو اللہ نے (آپ پر) نازل کیا ہے اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور ان سے ہوشیار رہیں کہیں وہ آپ کو کسی ایسے حکم سے ادھر ادھر نہ کر دیں جو اللہ نے آپ پر اتارا ہے، پھر اگر وہ اس سے منہ موڑیں تو جان لیں کہ اللہ کا قصد یہی ارادہ ہے کہ ان کے بعض گناہوں کی وجہ سے انھیں سزا دے، اور بے شک ان لوگوں میں سے اکثر نافرمان ہیں ﴿۴۹﴾

Muhammad ﷺ) among them by what Allāh has revealed and follow not their vain desires, but beware of them lest they turn you (O Muhammad ﷺ) far away from some of that which Allāh has sent down to you. And if they turn away, then know that Allāh's Will is to punish them for some sins of theirs. And truly, most of men are *Fāsiqūn* (rebellious and disobedient to Allāh).

أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ﴿٥٠﴾

کیا پھر وہ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں؟[1] اور جو قوم اللہ پر یقین رکھتی ہے، اس کے نزدیک اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا کون ہے؟ ﴿۵۰﴾

50. Do they then seek the judgement of (the days of) Ignorance?[1] And who is better in judgement than Allāh for a people who have firm Faith.

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰٓ أَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥١﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! یہودیوں اور عیسائیوں کو دوست نہ بناؤ، وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں، اور تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو بے شک وہ انھی میں سے ہوگا، یقیناً اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿۵۱﴾

51. O you who believe! Take not the Jews and the Christians as *Auliyā'* (friends, protectors, helpers), they are but *Auliyā'* of each other. And if any amongst you takes them as *Auliyā'*, then surely, he is one of them. Verily, Allāh guides not those people who are the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers and unjust).

فَتَرَى الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ يُسَارِعُونَ فِيهِمْ يَقُولُونَ نَخْشَىٰٓ أَنْ تُصِيبَنَا دَآئِرَةٌ ۚ فَعَسَى اللّٰهُ أَنْ يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهِ فَيُصْبِحُوا عَلَىٰ مَآ أَسَرُّوا فِيٓ أَنْفُسِهِمْ نَادِمِينَ ﴿٥٢﴾

(اے نبی!) پس آپ ان لوگوں کو دیکھتے ہیں جن کے دلوں میں (منافقت کا) روگ ہے کہ وہ دوڑ کر ان (یہودیوں) میں جاتے ہیں اور (ان سے) کہتے ہیں ہم ڈرتے ہیں کہ ہمیں کوئی مصیبت (نہ) پہنچے، پھر قریب ہے کہ اللہ (تمھیں) فتح عطا کرے یا اپنی طرف سے کوئی اور بات ظاہر کرے، تو یہ لوگ (اپنی منافقت پر) پچھتائیں گے جسے وہ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں ﴿۵۲﴾

52. And you see those in whose hearts there is a disease (of hypocrisy), they hurry to their friendship, saying: "We fear lest some misfortune of a disaster may befall us." Perhaps Allāh may bring a victory or a decision according to His Will. Then they will become regretful for what they have been keeping as a secret in themselves.

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوٓا أَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِينَ أَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ إِنَّهُمْ

اور (اس وقت) وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں، کہیں گے: کیا یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے بڑی شد و مد

53. And those who believe will say: "Are these the men (hypocrites) who swore their

[1] (V.5:50) Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ said, "The most hated persons to Allāh are three: (1) A person who deviates from the right conduct, i.e., an evil doer, in the *Haram* (sanctuaries of Makkah and Al-Madinah); (2) a person who wants that the traditions of the pre-Islāmic period of Ignorance should remain in Islām; and (3) a person who seeks to shed somebody's blood without any right." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6882 (O.P.21)]

[1] حدیث میں ہے: "تین آدمی اللہ تعالیٰ کے نزدیک انتہائی ناپسندیدہ ہیں: ① حرم شریف میں الحاد (کسی ظلم، قتل وغیرہ) کا ارتکاب کرنے والا۔ ② وہ شخص جو اسلام میں دور جاہلیت کے طور طریقے رائج کرنا چاہتا ہے۔ ③ ایسا شخص جو کسی کا ناحق قتل کرنے کے پیچھے پڑا ہے تاکہ اس کا خون بہائے۔" (صحیح البخاری، الدیات، باب: 9، حدیث: 6882)

لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ۝٥٣

سے اللہ کی قسمیں کھائی تھیں کہ بے شک وہ تمھارے ساتھ ہیں؟ ان کے عمل برباد ہوگئے چنانچہ وہ خسارہ اٹھانے والوں میں ہو گئے۞

strongest oaths by Allâh that they were with you (Muslims)?" All that they did has been in vain (because of their hypocrisy), and they have become the losers.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗۤ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ؗ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝٥٤

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر جائے تو پھر اللہ جلد ایسے لوگ لائے گا کہ وہ ان سے محبت کرتا ہوگا، اور وہ اس سے محبت کرتے ہوں گے، وہ مومنوں پر نرمی کرنے والے ہوں گے اور کافروں پر سختی کرنے والے، وہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے، اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے، یہ اللہ کا فضل ہے، وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے، اور اللہ (بڑی) وسعت والا، خوب جاننے والا ہے۞

54. O you who believe! Whoever from among you turns back from his religion (Islâm), Allâh will bring a people whom He will love and they will love Him; humble towards the believers, stern towards the disbelievers, fighting in the way of Allâh, and never fear the blame of the blamers. That is the Grace of Allâh which He bestows on whom He wills. And Allâh is All-Sufficient for His creatures' needs, All-Knower.

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ۝٥٥

تمھارے دوست تو صرف اللہ اور اس کا رسول اور وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے، جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکاۃ دیتے ہیں اور وہ رکوع کرنے والے ہیں۞

55. Verily, your *Walî* (Protector or Helper) is none other than Allâh, His Messenger (ﷺ), and the believers, — those who perform *As-Salât* (the prayers), and give *Zakât* (obligatory charity), and they are *Râki'ûn*[1] (those who bow down or submit themselves with obedience to Allâh in prayer).

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝٥٦

اور جو کوئی اللہ سے اور اس کے رسول سے دوستی رکھتا ہے[1] اور ان لوگوں سے دوستی رکھتا ہے جو ایمان لائے ہیں، تو (وہ اللہ کا گروہ ہیں اور) یقیناً اللہ کا گروہ ہی غالب آنے والا ہے۞

56. And whosoever takes Allâh, His Messenger (ﷺ), and those who have believed, as Protectors, then the party of Allâh will be the victorious.[2]

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝٥٧

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم ان لوگوں کو اپنا دوست نہ بناؤ جنھوں نے تمھارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا لیا ہے، ان لوگوں میں سے جنھیں تم سے پہلے کتاب دی گئی اور جو کافر ہیں۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو اگر تم مومن ہو۞

57. O you who believe! Take not as *Auliyâ'* (protectors and helpers) those who take your religion as a mockery and fun from among those who received the Scripture (Jews and Christians) before you, and nor from among the disbelievers; and fear Allâh if you indeed are true believers.

[1] (V.5:55) See the footnote of (V.2:43).

[2] (V.5:56) See the footnotes (A) and (B) of (V.27:59).

① حدیث میں آتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی محبت ایمان کی لذت کا باعث ہے۔ جیسے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس کسی میں یہ تین خصلتیں (صفات) ہوں گی وہ ایمان کی حلاوت محسوس کرے گا: ① یہ کہ اللہ اور اس کے رسول اسے سب سے زیادہ محبوب ہوں ② یہ کہ شخص اللہ ہی کے لیے کسی سے دوستی رکھے ③ یہ کہ اسے دوبارہ کفر کی طرف لوٹنا ایسے ناپسند ہو جیسے آگ میں پھینکا جانا۔“ (صحیح بخاری، کتاب الایمان، حدیث: 16)

وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَوٰةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ﴿٥٨﴾

اور جب تم انھیں نماز کی طرف بلاتے ہو① تو وہ اسے ہنسی اور کھیل بنا لیتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بلاشبہ وہ لوگ عقل نہیں رکھتے﴿۵۸﴾

58. And when you proclaim the call for *As-Salāt* [call for the prayer (*Adhān*)], they take it (but) as a mockery and fun; that is because they are a people who understand not.[1]

قُلْ يَٰٓأَهْلَ الْكِتَٰبِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّآ إِلَّآ أَنْ ءَامَنَّا بِاللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَٰسِقُونَ ﴿٥٩﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! کیا تم ہم سے صرف اس وجہ سے ناراض ہوتے ہو کہ ہم اللہ پر اور جو (کچھ) ہماری طرف نازل کی گئی اور (جو) ہم سے پہلے نازل کی گئی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور بے شک تم میں سے اکثر نافرمان ہیں﴿۵۹﴾

59. Say: "O people of the Scripture (Jews and Christians)! Do you criticize us for no other reason than that we believe in Allāh, and in (the Revelation) which has been sent down to us and in that which has been sent down before (us), and that most of you are *Fāsiqūn* [rebellious and disobedient (to Allāh)]?"

قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَٰلِكَ مَثُوبَةً عِندَ اللَّهِ ۚ مَن لَّعَنَهُ اللَّهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ الطَّٰغُوتَ ۚ أُولَٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ عَن سَوَآءِ السَّبِيلِ ﴿٦٠﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: کیا میں تمھیں (اس شخص کے بارے میں) نہ بتاؤں جو جزا کے اعتبار سے اللہ کے نزدیک اس سے بھی بدتر ہے؟ یہ وہ شخص ہے کہ اللہ نے اس پر لعنت کی اور اس پر اپنا غضب نازل کیا، اور ان میں سے بعض کو بندر اور سؤر بنا دیا، اور اس شخص نے شیطان کی بندگی کی، وہی لوگ بدتر درجے میں ہیں اور سیدھی راہ سے وہ سب سے زیادہ گمراہ ہیں﴿۶۰﴾

60. Say (O Muhammad ﷺ to the people of the Scripture): "Shall I inform you of something worse than that, regarding the recompense from Allāh: those (Jews) who incurred the Curse of Allāh and His Wrath, and those of whom (some) He transformed into monkeys and swines, and those who worshipped *Tāghūt*[2] (false deities); such are worse in rank (on the Day of Resurrection in the Hell-fire), and far more astray from the Right Path (in the life of this world)."

---

[1] (V.5:58) How the *Adhān* (the call to prayer)* for the prayer was started. And the Statement of Allāh عزّ وجلّ: "And when you proclaim the call to prayer (*Adhan*) they take it (but) as a mockery and fun, that is because they are a people who understand not." (V.5:58)

And also the Statement of Allāh عزّ وجلّ: "When the call (*Adhan*) for the prayer is proclaimed on the day of Friday" (V.62:9)

Narrated Anas رضي الله عنه: The people mentioned the fire and the bell (they suggested those as signals to indicate the starting of prayers), and by that they mentioned the Jews and the Christians, then Bilāl was ordered to pronounce *Adhān* for the prayer by saying its wordings twice (in doubles), and for the *Iqamah* (the call for the actual standing for the prayers in rows) by saying its wordings once (in singles) (*Iqāmah* is pronounced when the people are ready for the prayer). [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/603 (O.P.577)]

*The wording of *Adhān: Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar; Ash-hadu an la ilāha illallāh, Ash-hadu an la ilāha illallāh; Ash-hadu anna Muhammad-ar-Rasūl-Ullāh, Ash-hadu anna Muhammad-ar-Rasūl-Ullāh, Haiya 'alas-Salāh, Haiya 'alas-Salāh; Haiya 'alal-Falah, Haiya 'alal-Falah; Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar; Lā ilāha illallah.*

[2] (V.5:60) *Tāghūt*: See the footnote of (V.2:256).

① یعنی اذان دے کر نماز کے لیے بلانے کا یہ طریقہ نبی ﷺ کو اس طرح بتلایا گیا کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کو خواب میں اس کے الفاظ بتائے گئے اور آپ ﷺ نے انھیں اختیار فرما لیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نماز کی اطلاع کے لیے لوگوں نے آگ جلانے اور ناقوس بجانے کا ذکر کیا تو یہود و نصاریٰ کا طریقہ تھا، تب بلال رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: "اذان کے کلمات دو دو مرتبہ اور اقامت کے ایک ایک مرتبہ کہے۔" (اقامت اس وقت کہی جاتی ہے جب لوگ نماز کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔) (صحیح بخاری، الاذان، باب: 1، حدیث: 603) اس مقام کے علاوہ (سورۂ جمعہ 62/9) میں بھی ندا دینے یعنی (اذان) کا ذکر ہے۔ یہ کلمات اذان یا "نداے صلوٰۃ" قرآن میں کہیں نہیں ہیں جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ حدیث کے بغیر قرآن کو نہیں سمجھا جا سکتا، اس پر عمل کیا جا سکتا ہے۔

وَإِذَا جَآءُوكُمْ قَالُوٓا آمَنَّا وَقَد دَّخَلُوا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا بِهِ ۚ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا يَكْتُمُونَ ﴿٦١﴾

اور جب وہ تمھارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اور ان کا حال یہ ہے کہ وہ کفر کے ساتھ ہی داخل ہوئے تھے اور اسی کے ساتھ نکل گئے اور اللہ اس چیز کو خوب جانتا ہے جسے وہ چھپاتے ہیں۔﴿٦١﴾

61. When they come to you, they say: "We believe." But in fact they enter with (an intention of) disbelief and they go out with the same. And Allāh knows all what they were hiding.

وَتَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُونَ فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٦٢﴾

اور آپ ان میں سے بہتوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ گناہ، زیادتی اور حرام کھانے میں جلدی کرتے ہیں، بہت برا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔﴿٦٢﴾

62. And you see many of them (Jews) hurrying towards sin and transgression, and eating illegal things [as bribes and *Ribā* (usury)]. Evil indeed is that which they have been doing.

لَوْلَا يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَن قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ﴿٦٣﴾

رب والے اور ان کے علماء انھیں گناہ کی بات کہنے اور حرام کھانے سے کیوں نہیں روکتے؟ بہت برا ہے جو کچھ وہ (چپکے) تیار کر رہے ہیں۔﴿٦٣﴾

63. Why do not the rabbis and the religious learned men forbid them from uttering sinful words and from eating illegal things. Evil indeed is that which they have been performing.

وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللَّهِ مَغْلُولَةٌ ۚ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا ۘ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ۚ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّآ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا ۚ وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ كُلَّمَآ أَوْقَدُوا نَارًا لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللَّهُ ۚ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا ۚ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ ﴿٦٤﴾

اور یہودیوں نے کہا: "اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے۔"[1] بندھ گئے انھی کے ہاتھ، اور لعنت پڑی ان پر ان کے اس قول (ان کی اس گستاخی) کی وجہ سے، بلکہ اللہ کے تو دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں، وہ جیسے چاہے خرچ کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ (قرآن) جو آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے، ان میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں ضرور اضافے کا باعث بنے گا۔ اور ہم نے قیامت کے دن تک ان کے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دیا ہے۔ جب کبھی وہ لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں تو اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور وہ زمین میں فساد کرنے کو دوڑتے ہیں اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔﴿٦٤﴾

64. The Jews say: "Allāh's Hand is tied up (i.e. He does not give and spend of His bounty)." Be their hands tied up and be they accursed for what they uttered. Nay, both His Hands[1] are widely outstretched. He spends (of His bounty) as He wills. Verily, the Revelation that has come to you from your Lord (Allāh) increases in most of them (their) obstinate rebellion and disbelief. We have put enmity and hatred amongst them till the Day of Resurrection. Every time they kindled the fire of war, Allāh extinguished it; and they (ever) strive to make mischief on the earth. And Allāh does not

---

[1] (V.5:64) *Sifat-ullah* صفات اللہ (Qualities of Allāh): [See the footnote to (V.3:73)].
Narrated Ibn 'Umar رضی اللہ عنہما: Allāh's Messenger ﷺ said, "On the Day of Resurrection, Allāh will grasp the whole (planet of) earth by His Hand, and all the heavens in His Right, and then He will say, 'I am the King.'"
Abu Hurairah said, "Allāh's Messenger ﷺ said, 'Allāh will grasp the (planet of) earth...'" [*Sahih Al-Bukhari*, 9/7412,7413 (O.P.509)]

(1) صفات اللہ کی تفسیر کے لیے ملاحظہ کیجیے حاشیہ (سورۂ آل عمران: 3/73) قرآن کریم میں جو بھی اللہ تعالیٰ کی صفات مثلاً: "ہاتھ"، "چہرہ"، "نفس"، "آنکھ"، "ہاتھوں"، "پنڈلی" اور "ہنسنا"، "استوا" (عرش پر مستوی ہونا) "قدم"، "آنا" وغیرہ بیان ہوئی ہیں یا جو صفات احادیث رسول ﷺ سے ثابت ہیں جیسے "نزول"، "انگلیاں"، "الضحک" "ہنسی" وغیرہ تو علمائے کتاب وسنت ان صفات پر ایمان رکھتے ہیں اور بغیر کسی تاویل، تشبیہ اور تعطیل (صفات الٰہی کے انکار) کے ان صفات کو اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت کرتے ہیں۔ اللہ کی ان صفات کے لائق ہے اور کسی بھی مخلوق میں ایسی صفات نہیں پائی جاتیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اس (اللہ) جیسی کوئی بھی شے (موجود) نہیں۔" (الشوریٰ 42/11) اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد: "اور اس کا کوئی ہمسر (ہمسر) نہیں ہے۔" (الاخلاص 112/4)

like the *Mufsidūn* (mischief-makers).

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٦٥﴾

اور اگر اہل کتاب ایمان لے آئیں اور پرہیزگاری اختیار کرلیں تو یقیناً ہم ان سے ان کی برائیاں دور کردیں گے اور انھیں نعمت والے باغوں میں ضرور داخل کریں گے ﴿٦٥﴾

65. And if only the people of the Scripture (Jews and Christians) had believed (in Muhammad ﷺ) and warded off evil (sin, ascribing partners to Allāh) and had become *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2), We would indeed have expiated from them their sins and admitted them to Gardens of pleasure (in Paradise).

وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ ع ١٥

اور اگر یقیناً وہ تورات اور انجیل اور اپنے رب کی طرف سے نازل کی گئی (دوسری) کتابوں کے احکام پر ٹھیک ٹھیک عمل کرتے تو وہ اپنے اوپر سے اور اپنے پاؤں کے نیچے سے (وافر رزق) کھاتے۔ ان میں سے ایک گروہ درمیانی راہ چلنے والا ہے① اور ان میں سے زیادہ تر لوگ جو کچھ کر رہے ہیں وہ برا ہے ﴿٦٦﴾ ★

66. And if only they had acted according to the Taurāt (Torah), the Injīl (Gospel), and what has (now) been sent down to them from their Lord (the Qur'an), they would surely, have gotten provision from above them and from underneath their feet. There are from among them people who are on the right course (i.e. they act on the Revelation and believe in Prophet Muhammad ﷺ as 'Abdullāh bin Salām[1] رضی اللہ عنہ), but many of them do evil deeds.

---

[1] (V.5:66) Narrated Anas رضی اللہ عنہ: When the news of the arrival of the Prophet ﷺ at Al-Madīnah reached 'Abdullāh bin Salām, he went to him (i.e. the Prophet ﷺ) to ask him about certain things. He said, "I am going to ask you about three things which only a Prophet can answer: What is the first sign of the Hour? What is the first food which the people of Paradise will eat? Why does a child attract the similarity to his father or to his mother?" The Prophet ﷺ replied, "Jibrail (Gabriel) has just now informed me of that." Ibn Salām said, "He [i.e. Jibrail (Gabriel)] is the enemy of the Jews from amongst the angels." The Prophet ﷺ said, "As for the first sign of the Hour, it will be a fire that will collect (or gather) the people from the east to the west. As for the first meal which the people of Paradise will eat, it will be the caudate (extra) lobe of the fish-liver. As for the child, if the man's discharge precedes the woman's discharge, the child attracts the similarity to the man, and if the woman's discharge precedes the man's, then the child attracts the similarity to the woman." On this, 'Abdullāh bin Salām said, "I testify that *La ilaha illallah* (none has the right to be worshipped but Allāh) and that you are the Messenger of Allāh", and added, "O Allāh's Messenger! Jews make such lies as make one astonished, so please ask them about me before they know about my conversion to Islām." The Jews came and the Prophet ﷺ said, "What kind of man is 'Abdullāh bin Salām among you?" They replied, "The best of us and the son of the best of us and the most superior among us, and the son of the most superior among us." The Prophet ﷺ said, "What would you think if 'Abdullāh bin Salām should embrace Islām?" They said, "May Allāh protect him from that." The Prophet ﷺ repeated his question and they gave the same answer, then 'Abdullāh came out to them and said, "I testify that *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh), and that Muhammad ﷺ is the Messenger of Allāh!" On this, the Jews said, "He is the most wicked among us and the son of the most wicked among us." So they degraded him. On this, he (i.e. 'Abdullāh bin Salām) said, "It is this that I was afraid of, O Allāh's Messenger." [*Sahih Al-Bukhāri*, 5/3938 (O.P.275)]

① جیسے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ وغیرہ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب عبداللہ بن سلام (یہودی عالم) کو نبی ﷺ کی مدینہ تشریف آوری کی خبر پہنچی تو وہ نبی ﷺ سے چند باتیں

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾

اے رسول! آپ کے رب کی طرف سے آپ پر جو نازل کیا گیا ہے وہ لوگوں تک پہنچا دیجیے۔ اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو گویا آپ نے اس کی پیغمبری کا حق ادا نہ کیا، اور اللہ آپ کو لوگوں (کے شر) سے بچائے گا، اور بلاشبہ اللہ کافروں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا﴿٦٧﴾

67. O Messenger (Muhammad ﷺ)! Proclaim (the Message) which has been sent down to you from your Lord. And if you do not, then you have not conveyed His Message. Allāh will protect you from mankind. Verily, Allāh guides not the people who disbelieve.

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰي شَيْءٍ حَتّٰي تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! تم ہرگز اصل دین پر کاربند نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ تم تورات و انجیل اور اپنی طرف اپنے رب کی طرف سے نازل کی گئی (دوسری) کتابوں کے احکام پر ٹھیک ٹھیک عمل کرنے لگو۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ (قرآن) جو آپ کے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے، ان میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں اضافے کا باعث بنے گا، اور آپ کافروں کی قوم پر غم نہ کھائیں﴿٦٨﴾

68. Say: (O Muhammad ﷺ) "O people of the Scripture (Jews and Christians)! You have nothing (as regards guidance) till you act according to the Taurāt (Torah), the Injīl (Gospel), and what has (now) been sent down to you from your Lord (the Qur'ān)." Verily, that which has been sent down to you (Muhammad ﷺ) from your Lord increases in most of them (their) obstinate rebellion and disbelief. So be not sorrowful over the people who disbelieve.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔـوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ یہودی ہوئے اور صابی (بے دین) اور نصاریٰ، ان میں سے جو بھی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے تو ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے﴿٦٩﴾

69. Surely, those who believe (in the Oneness of Allāh, in His Messenger Muhammad ﷺ and all that was revealed to him from Allāh), and those who are the Jews and the Sabians and the Christians, — whosoever believed in Allāh and the Last Day, and worked righteousness, on them

---

★ بقیہ حاشیہ: مائدہ، آیت: 66

پوچھنے کے لیے حاضر ہوئے اور نبی ﷺ سے عرض کیا: میں آپ سے تین ایسی باتیں پوچھنا چاہتا ہوں جنہیں نبی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ ① قیامت کے برپا ہونے کی پہلی علامت کون سی ہے؟ ② اہل جنت سب سے پہلے کون سا کھانا کھائیں گے؟ ③ اس بات کا کیا سبب ہے کہ بچہ کبھی باپ کے مشابہ ہوتا ہے اور کبھی ماں کے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: "جبرائیل علیہ السلام نے ابھی یہ باتیں مجھے بتائی ہیں۔" عبداللہ بن سلام نے کہا: یہ جبرئیل فرشتوں میں سے یہود کا دشمن ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "① قیامت کی پہلی نشانی ایک آگ ہے جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی جانب لے جائے گی ② اور اہل جنت کا پہلا کھانا مچھلی کی کلیجی کا زائد حصہ ہوگا ③ اور بچے (کی باپ اور ماں کے ساتھ مشابہت) کا معاملہ یہ ہے کہ جب مرد کا مادۂ تولید (منی) عورت کے مادۂ تولید پر غالب آ جائے تو بچہ باپ کے مشابہ اور جب عورت کا مادۂ تولید مرد کے مادۂ تولید پر غالب آ جائے تو بچہ ماں کے مشابہ ہوتا ہے۔" اس پر عبداللہ بن سلام نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ کے رسول ہیں۔ (یعنی کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے) اور عرض کیا: یا رسول اللہ! قوم یہود بڑی بہتان تراش ہے۔ چنانچہ آپ انہیں میرے اسلام کی خبر ہونے سے پہلے میرے متعلق پوچھیے۔ قوم یہود میں سے کچھ لوگ نبی ﷺ کے پاس حاضر ہوئے تو آپ نے ان سے پوچھا: "تم لوگوں میں عبداللہ بن سلام کیسے آدمی ہیں؟" انہوں نے جواب میں کہا: وہ ہم میں سے اچھے آدمی ہیں اور اچھے آدمی کا بیٹا ہے اور ہم میں سے افضل ہے اور افضل آدمی کا بیٹا ہے۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا: "اگر عبداللہ بن سلام اسلام قبول کر لے تو تمہاری کیا رائے ہے؟" یہود بولے: اللہ اسے اسلام سے بچائے رکھے۔ آپ نے ان سے پھر یہی سوال کیا تو انہوں نے ویسا ہی جواب دیا۔ چنانچہ عبداللہ بن سلام (جو چھپ گئے تھے) ان کے پاس آ گئے اور کہنے لگے: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ۔ یہود یہ سن کر کہنے لگے: عبداللہ بن سلام ہم میں سے برا آدمی ہے اور برے آدمی کا بیٹا ہے، اور اسے برا بھلا کہنے لگے۔ اس وقت عبداللہ بن سلام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے اسی بات کا ڈر تھا۔ (صحیح البخاری، مناقب الأنصار، باب: 51، حدیث: 3938)

shall be no fear, nor shall they grieve.[1]

لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾

یقیناً ہم نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا تھا اور ہم نے ان کی طرف کئی رسول بھیجے، جب ان کے پاس کوئی رسول ایسی چیز لے کر آیا جسے ان کے نفس پسند نہیں کرتے تھے تو بعض نبیوں کو انھوں نے جھٹلایا اور بعض کو وہ قتل ہی کر دیتے تھے ﴿۷۰﴾

70. Verily, We took the covenant of the Children of Israel and sent Messengers to them. Whenever there came to them a Messenger with what they themselves desired not, — a group of them they called liars, and others among them they killed.

وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾

أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ قَرْنٍ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَكُمْ وَأَرْسَلْنَا السَّمَاءَ عَلَيْهِمْ مِدْرَارًا وَجَعَلْنَا الْأَنْهَارَ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ وَأَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ⑥

کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں جنھیں ہم نے زمین میں ایسی طاقت دی تھی جو تمھیں نہیں دی اور ہم نے ان پر موسلا دھار بارش نازل کی اور نہریں بنائیں جو ان کے نیچے بہتی تھیں، پھر ہم نے ان کے گناہوں کے باعث انھیں ہلاک کر دیا اور ان کے بعد دوسری قومیں پیدا کیں⑥

6. Have they not seen how many a generation before them We have destroyed whom We had established on the earth such as We have not established you? And We poured out on them rain from the sky in abundance, and made the rivers flow under them. Yet. We destroyed them for their sins, and We created after them other generations.

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ⑦

اور (اے نبی!) اگر ہم کاغذ پر لکھی ہوئی کوئی کتاب آپ پر نازل کرتے، پھر وہ اسے اپنے ہاتھوں سے چھوتے تو جن لوگوں نے کفر کیا وہ ضرور کہتے کہ یہ تو کھلا جادو ہے⑦

7. And even if We had sent down to you (O Muhammad ﷺ) a Message written on paper so that they could touch it with their hands, the disbelievers would have said: "This is nothing but obvious magic!"

وَقَالُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۖ وَلَوْ أَنْزَلْنَا مَلَكًا لَقُضِيَ الْأَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُونَ ⑧

اور ان (کافر) لوگوں نے کہا کہ اس نبی پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا؟ اور اگر ہم کوئی فرشتہ اتار دیتے تو معاملے کا فیصلہ کر دیا جاتا، پھر ان کو ذرا مہلت نہ دی جاتی⑧

8. And they say: "Why has not an angel been sent down to him?" Had We sent down an angel, the matter would have been judged at once, and no respite would be granted to them.

وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَجَعَلْنَاهُ رَجُلًا وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَا يَلْبِسُونَ ⑨

اور اگر ہم اس (نبی) کو فرشتہ بنا کر بھیجتے تو بھی ہم اسے انسان ہی کی شکل میں بھیجتے اور (تب بھی) ہم انھیں اسی شبہے میں ڈالتے جس میں وہ اب پڑے ہوئے ہیں⑨

9. And had We appointed him an angel. We indeed would have made him a man, and We would have certainly confused them in which they are already confused (i.e. the Message of Prophet Muhammad ﷺ).

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ⑩

اور (اے نبی!) یقیناً آپ سے پہلے رسولوں سے بھی مذاق کیا گیا تھا، پھر ان میں سے جن لوگوں نے مذاق کیا تھا انھیں اس عذاب نے آ گھیرا جس کا وہ

10. And indeed (many) Messengers before you were mocked at, but their scoffers were surrounded by the very

---

[1] (V.6:5) See the footnote of (V.3:85) and also see (V.3:116).

① یعنی عذاب الٰہی سے دوچار ہوں گے کیونکہ محمد رسول اللہ ﷺ کی نبوت و رسالت پر ایمان لانا تمام انسانوں پر واجب ہے۔ مزید دیکھیے حاشیہ (سورۂ آل عمران 85/3)

thing that they used to mock at.

مذاق اڑاتے تھے۔⑩

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿١١﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: تم زمین میں گھومو پھرو، پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا انجام کیا ہوا؟⑪

11. Say (O Muhammad ﷺ): "Travel in the land and see what was the end of those who rejected truth."

قُلْ لِمَنْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قُلْ لِلَّهِ ۚ كَتَبَ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٢﴾

ان سے پوچھیے: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ کس کے لیے ہے؟ کہہ دیجیے: اللہ ہی کے لیے ہے۔ اس نے (مخلوق پر) مہربانی کرنا[1] اپنے اوپر لازم کر لیا ہے۔ وہ قیامت کے دن تمہیں ضرور جمع کرے گا جس میں کوئی شک نہیں، جن لوگوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈالا ہے، تو وہ ایمان نہیں لاتے۔⑫

12. Say (O Muhammad ﷺ): "To whom belongs all that is in the heavens and the earth?" Say: "To Allāh. He has prescribed Mercy for Himself.[1] Indeed He will gather you together on the Day of Resurrection, about which there is no doubt. Those who have lost themselves will not believe [in Allāh as being the only *Ilah* (God), and Muhammad ﷺ as being one of His Messengers, and in Resurrection].

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٣﴾

رات (کے اندھیرے) اور دن (کے اجالے) میں جو کچھ ٹھہرا ہوا ہے، وہ اللہ ہی کا ہے اور وہ سب کچھ سنتا اور خوب جانتا ہے۔⑬

13. And to Him belongs whatsoever exists in the night and the day, and He is the All-Hearing, the All-Knowing."

قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ ۖ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٤﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: کیا میں اس اللہ کے سوا اور معبود بنا لوں؟ جو آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا ہے، اور وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور اسے کوئی نہیں کھلایا جاتا، کہہ دیجیے: بے شک مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں وہ پہلا شخص ہو جاؤں جو اسلام لایا اور آپ ہرگز مشرکوں میں شامل نہ ہو جائیں۔⑭

14. Say (O Muhammad ﷺ): "Shall I take as a *Wali* (Helper, Protector, Lord or God) any other than Allāh, the Creator of the heavens and the earth? And it is He Who feeds but is not fed." Say: "Verily, I am commanded to be the first of those who submit themselves to Allāh (as Muslims)." And be not you (O Muhammad ﷺ) of the *Mushrikūn* (polytheists, pagans, idolaters and disbelievers in the Oneness of Allāh). (*Tafsir Al-Qurtubi*)

---

[1] (V.6:12) A) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "Allāh has divided Mercy into one hundred parts, and He kept ninety-nine parts with Him and sent down one part to the earth, and because of that one single part, His creatures are merciful to each other, so that even the mare lifts up its hoof away from its baby animal, lest it should trample on it." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6000 (O.P.29)].

B) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "When Allāh completed the creation, He wrote in His Book which is with Him on His Throne, 'Verily, My Mercy has overcome My Anger.'"

[*Sahih Al-Bukhari*, 4/3194 (O.P.416)]

① کیونکہ وہ رحیم ہے اس کی رحمت ہر چیز کو محیط ہے جیسا کہ حدیث میں ہے: "اللہ تعالیٰ نے رحمت کے سو حصے کیے ہیں اور ان میں سے ننانوے حصے اپنے پاس رکھے ہیں اور زمین پر صرف ایک حصہ اتارا ہے اور اسی ایک حصے کی بدولت مخلوق ایک دوسرے پر رحم کرتی ہے یہاں تک کہ گھوڑی اپنے بچے سے اپنا پاؤں اٹھا لیتی ہے کہ کہیں اسے تکلیف نہ پہنچے۔" (صحیح بخاری، کتاب الادب، باب 19 حدیث: 6000) ایک دوسری روایت میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب اللہ تعالیٰ نے کائنات کو مکمل کر لیا تو اللہ نے اپنی کتاب میں جو اس کے پاس اس کے عرش پر موجود ہے لکھا: "بے شک میری رحمت میرے غضب پر غالب آ گئی ہے۔" (صحیح البخاری، بدء الخلق، حدیث: 3194)

قُلْ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ⑮

کہہ دیجیے: بے شک اگر میں نے اپنے رب کی نافرمانی کی تو میں ایک بہت بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں⑮

15. Say: "I fear, if I disobey my Lord, the torment of a Mighty Day."

مَنْ یُّصْرَفْ عَنْهُ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِیْنُ ⑯

اس دن جس شخص سے عذاب ہٹا لیا گیا تو یقیناً اس پر اللہ نے رحم کر دیا اور یہی ہے واضح کامیابی⑯

16. Who is averted from (such a torment) on that Day, (Allāh) has surely, been Merciful to him. And that would be the obvious success.

وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ⑰

اور اگر اللہ آپ کو کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا کوئی اسے دور کرنے والا نہیں۔ اور اگر وہ آپ کو کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے⑰

17. And if Allāh touches you with harm, none can remove it but He, and if He touches you with good, then He is Able to do all things.

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ⑱

اور وہ اپنے بندوں پر زور آور و غالب ہے، اور وہ خوب حکمت والا، نہایت باخبر ہے⑱

18. And He is the Irresistible (Supreme), above His slaves, and He is the All-Wise, the Well-Acquainted (with all things)

قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ۚ وَاُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰی ؕ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ⑲

(اے نبی! ان سے) کہیے: گواہی کے طور پر کون سی چیز سب سے بڑھ کر ہے؟ کہہ دیجیے: اللہ میرے اور تمھارے درمیان گواہ ہے، اور میری طرف یہ قرآن وحی کیا گیا ہے تاکہ اس کے ذریعے سے میں تمھیں اور جس جس کو یہ پہنچے (سب) کو ڈراؤں۔ کیا تم اس کی گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ دوسرے معبود بھی ہیں؟ کہہ دیجیے: میں یہ گواہی نہیں دیتا۔ (اور یہ بھی) کہہ دیجیے: کہ صرف وہی ایک معبود ہے، اور بے شک میں اس سے بری ہوں جو تم شریک ٹھہراتے ہو⑲

19. Say (O Muhammad ﷺ): "What thing is the most great as witness?" Say: "Allāh (the Most Great!) is Witness between me and you; this Qur'ān has been revealed to me that I may therewith warn you and whomsoever it may reach. Can you verily, bear witness that besides Allāh there are other *ālihā* (gods)?" Say: "I bear no (such) witness!" Say: "But in truth He (Allāh) is the only one *Ilāh* (God). And truly, I am innocent of what you join in worship with Him."

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ⑳

جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی وہ اسے اس طرح پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ جن لوگوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈالا تو وہ ایمان نہیں لاتے①⑳

20. Those to whom We have given the Scripture (Jews and Christians) recognize him (i.e. Muhammad ﷺ as a Messenger of Allāh, and they also know that there is no *Ilāh* (God) but Allāh and Islām is Allāh's religion), as they recognize their own sons. Those who have lost (destroyed) themselves will not believe.[1] (*Tafsir At-Tabari*)

[1] (V.6:20) See the footnote of (V.3:85)

① ملاحظہ کیجیے حاشیہ، سورۂ آل عمران 86/3

21. And who does more aggression and wrong than he who invents a lie against Allāh or rejects His *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, revelations, etc.)? Verily, the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) shall never be successful.

اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیات کو جھٹلائے؟ بے شک ظالم فلاح نہیں پائیں گے ﴿۲۱﴾

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ﴿٢١﴾

22. And on the Day when We shall gather them all together, then We shall say to those who joined partners (in worship with Us): "Where are your partners (false deities) whom you used to assert (as partners in worship with Allah)?"

اور جس دن ہم سب کو اکٹھا کریں گے، پھر جو لوگ (اللہ کے ساتھ) شریک ٹھہراتے تھے ان سے ہم کہیں گے تمھارے وہ شریک کہاں ہیں جنھیں تم (اللہ کے ساتھ شریک) خیال کرتے تھے؟ ﴿۲۲﴾

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٢٢﴾

23. There will then be (left) no *Fitnah* (excuses or statements or arguments) for them but to say: "By Allāh, our Lord, we were not those who joined others in worship with Allāh."

پھر اس (جواب میں) پر ان کی معذرت یہی ہوگی کہ وہ کہیں گے: اللہ، ہمارے رب کی قسم! ہم مشرک نہیں تھے ﴿۲۳﴾

ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ﴿٢٣﴾

24. Look! How they lie against themselves! But the (lie) which they invented will disappear from them.

دیکھیں وہ اپنے آپ پر کیسا جھوٹ گھڑیں گے اور جنھیں وہ جھوٹے معبود بنالیتے تھے، سب (وہاں) گم ہو جائیں گے ﴿۲۴﴾

انْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ ۚ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٤﴾

25. And of them there are some who listen to you; but We have set veils on their hearts, so they understand it not, and deafness in their ears; and even if they see every one of the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) they will not believe therein; to the point that when they come to you to argue with you, the disbelievers say: "These are nothing but tales of the men of old."

اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں جبکہ ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیے ہیں کہ وہ اس کو سمجھ ہی نہ سکیں اور ان کے کانوں میں بوجھ (بہرہ پن) ہے، اور اگر وہ ساری نشانیاں دیکھ لیں تو بھی ان پر ایمان نہیں لائیں گے حتی کہ جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں (اور) آپ سے جھگڑتے ہیں تو ان میں سے جن لوگوں نے کفر کیا وہ کہتے ہیں کہ یہ تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ﴿۲۵﴾

وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ ۖ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۚ وَإِنْ يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَا يُؤْمِنُوا بِهَا ۚ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوكَ يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٢٥﴾

26. And they prevent others from him (from following Prophet Muhammad ﷺ) and they themselves keep away from him, and (by doing so) they destroy not but their ownselves, yet they perceive (it) not.

اور وہ دوسروں کو اس (ہدایت) سے روکتے ہیں اور خود بھی اس سے دور رہتے ہیں، اور وہ بس اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں اور وہ شعور نہیں رکھتے ﴿۲۶﴾

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ ۖ وَإِنْ يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٦﴾

27. If you could but see when

اور اگر آپ انھیں اس وقت دیکھیں جب وہ آگ پر

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا

يَٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِـَٔايَٰتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٢٧﴾

کھڑے کیے جائیں گے تو وہ کہیں گے: کاش! ایک دفعہ ہمیں دنیا میں واپس بھیج دیا جائے اور ہم اپنے رب کی آیات کو ہرگز نہ جھٹلائیں گے اور ہم مومنوں میں سے ہوں گے ﴿٢٧﴾

they will be held over the (Hell) Fire! They will say: "Would that we were but sent back (to the world)! Then we would not deny the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, revelations, etc.) of our Lord, and we would be of the believers!"

بَلْ بَدَا لَهُم مَّا كَانُوا۟ يُخْفُونَ مِن قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوا۟ لَعَادُوا۟ لِمَا نُهُوا۟ عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَٰذِبُونَ ﴿٢٨﴾

(نہیں!) بلکہ ان کے وہ کرتوت ظاہر ہو چکے ہیں جنھیں وہ پہلے چھپاتے تھے۔ اور اگر انھیں واپس (دنیا میں) بھیج دیا جائے تو بھی وہ وہی کام کریں گے جن سے انھیں روکا گیا تھا، اور بے شک وہ جھوٹے ہیں ﴿٢٨﴾

28. Nay, it has become manifest to them what they had been concealing before. But if they were returned (to the world), they would certainly revert to that which they were forbidden. And indeed they are liars.

وَقَالُوٓا۟ إِنْ هِىَ إِلَّا حَيَاتُنَا ٱلدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ﴿٢٩﴾

اور وہ کہتے ہیں کہ زندگی تو بس ہماری دنیا ہی کی زندگی ہے اور ہمیں (دوبارہ) نہیں اٹھایا جائے گا ﴿٢٩﴾

29. And they said: "There is no (other life) but our (present) life of this world, and never shall we be resurrected (on the Day of Resurrection)."

وَلَوْ تَرَىٰٓ إِذْ وُقِفُوا۟ عَلَىٰ رَبِّهِمْ ۚ قَالَ أَلَيْسَ هَٰذَا بِٱلْحَقِّ ۚ قَالُوا۟ بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا۟ ٱلْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٠﴾ ع

اور اگر آپ انھیں اس وقت دیکھیں جب وہ اپنے رب کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے تو وہ فرمائے گا: کیا یہ حق نہیں ہے؟ تو وہ کہیں گے: کیوں نہیں! (یہ حق ہے) ہمارے رب کی قسم! تو اللہ فرمائے گا: پھر تم عذاب (کا مزہ) چکھو اس وجہ سے کہ تم کفر کرتے تھے ﴿٣٠﴾

30. If you could but see when they will be held (brought and made to stand) in front of their Lord! He will say: "Is not this (Resurrection and the taking of the accounts) the truth?" They will say: "Yes, by our Lord!" He will then say: "So taste you the torment because you used not to believe."

قَدْ خَسِرَ ٱلَّذِينَ كَذَّبُوا۟ بِلِقَآءِ ٱللَّهِ ۖ حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَتْهُمُ ٱلسَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوا۟ يَٰحَسْرَتَنَا عَلَىٰ مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَىٰ ظُهُورِهِمْ ۚ أَلَا سَآءَ مَا يَزِرُونَ ﴿٣١﴾

بے شک وہ لوگ خسارے میں رہے جنھوں نے اللہ سے ملاقات کو جھٹلایا[1] حتی کہ جب ان کے پاس قیامت اچانک آجائے گی تو وہ کہیں گے: ہائے افسوس! ہم سے اس معاملے میں کیسی کوتاہی ہوئی! اور وہ اپنے بوجھ اپنی پیٹھ پر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔ خبردار! بہت برا ہے وہ بوجھ جو وہ اٹھائیں گے ﴿٣١﴾

31. They indeed are losers who denied their Meeting with Allāh,[1] until all of a sudden, the Hour (signs of death) is on them, and they say: "Alas for us that we gave no thought to it," while they will bear their burdens on their backs; and evil indeed are the burdens that they will bear!

وَمَا ٱلْحَيَوٰةُ ٱلدُّنْيَآ إِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۖ وَلَلدَّارُ ٱلْءَاخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۚ أَفَلَا

اور دنیا کی زندگی بس کھیل تماشے کے سوا کچھ نہیں، اور آخرت کا گھر ان لوگوں کے لیے یقیناً بہتر ہے جو

32. And the life of this world is nothing but play and amusement. But far better is the house in the

[1] (V.6:31) Narrated Abu Musa رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Whoever loves the Meeting with Allāh, Allāh too loves the Meeting with him and whoever hates the Meeting with Allāh, Allāh too hates the Meeting with him." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6508 (O.P.515)]

① یعنی قیامت کو نہیں مانتے، ایسے لوگوں سے اللہ کی ملاقات کو جھٹلانے والے ہیں۔ حدیث میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص اللہ سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ بھی اس سے ملنا پسند کرتا ہے اور جو اللہ سے ملنا ناپسند کرتا ہے تو اللہ بھی اس سے ملنا ناپسند کرتا ہے۔" (صحیح بخاری، الرقاق، باب من احب لقاء اللہ ..... حدیث: 6508)

تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾

پرہیزگاری[1] اختیار کرتے ہیں، کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿۳۲﴾

Hereafter for those who are *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2). Will you not then understand?

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾

(اے نبی!) تحقیق ہم جانتے ہیں کہ بے شک آپ کو وہ بات غمگین کرتی ہے جو وہ کہتے ہیں، پس بے شک وہ آپ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ دراصل یہ ظالم تو اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں ﴿۳۳﴾

33. We know indeed the grief which their words cause you (O Muhammad ﷺ): it is not you that they deny, but it is the Verses (the Qur'ān) of Allāh that the *Zalimun* (polytheists and wrong-doers) deny.

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾

اور (اے نبی!) بے شک آپ سے پہلے بہت سے رسول جھٹلائے گئے، تو انھوں نے جھٹلائے جانے اور تکلیف دیے جانے پر صبر کیا حتیٰ کہ ان کے پاس ہماری مدد آ پہنچی اور اللہ کے کلمات کو کوئی بدلنے والا نہیں، اور یقیناً آپ کے پاس رسولوں کی کچھ خبریں آچکی ہیں ﴿۳۴﴾

34. Verily, (many) Messengers were denied before you (O Muhammad ﷺ), but with patience they bore the denial, and they were hurt; till Our Help reached them, and none can alter the Words (Decisions) of Allāh. Surely, there has reached you the information (news) about the Messengers (before you).

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

اور اگر ان لوگوں (کافروں) کا حق سے منہ موڑنا آپ کو ناگوار ہے تو اگر آپ میں یہ طاقت ہے کہ آپ زمین میں کوئی سرنگ یا آسمان میں کوئی سیڑھی ڈھونڈ لیں، پھر آپ ان کے پاس کوئی نشانی لے آئیں (تو ایسا کر گزریں) اور اگر اللہ چاہتا تو انھیں ہدایت پر جمع کر دیتا، چنانچہ آپ نادانوں میں سے نہ ہو جائیں ﴿۳۵﴾

35. If their aversion (from you, O Muhammad ﷺ, and from that with which you have been sent) is hard for you, (and you cannot be patient of their harm to you), then if you were able to seek a tunnel in the earth or a ladder to the sky, so that you may bring them a sign (and you cannot do it, so be patient). And had Allāh willed, He could have gathered them together (all) on true guidance, so be not you one of those who are *Al-Jahilun* (the ignorant).

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۚ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

حق کو قبول تو صرف وہ کرتے ہیں جو سنتے ہیں اور جو مردے ہیں، اللہ انھیں اٹھائے گا، پھر وہ اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے ﴿۳۶﴾

36. It is only those who listen (to the Message of Prophet Muhammad ﷺ) will respond (benefit from it), but as for the dead (disbelievers), Allāh will raise them up, then to Him they will be returned (for their recompense).

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ قُلْ

اور انھوں نے کہا: اس (نبی) پر اس کے رب کی

37. And they said: "Why is not a sign sent down to him from his

---

[1] [illegible]

إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٧﴾

طرف سے کوئی (بڑی) نشانی کیوں نہیں نازل کی گئی؟ کہہ دیجیے: بے شک اللہ اس پر قدرت رکھتا ہے کہ کوئی (بڑی) نشانی نازل فرمائے لیکن لوگوں میں سے اکثر علم نہیں رکھتے ﴿٣٧﴾

Lord?" Say: "Allāh is certainly Able to send down a sign, but most of them know not."

وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُم ۚ مَّا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِن شَيْءٍ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ﴿٣٨﴾

اور زمین پر چلنے والا کوئی جانور اور اپنے دونوں پروں سے اڑنے والا کوئی پرندہ ایسا نہیں جو تمھاری طرح (الگ) امت نہ ہو، ہم نے کتاب میں کوئی چیز نہیں چھوڑی (جس کا ذکر نہ کیا ہو)، پھر وہ سب اپنے رب کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے ﴿٣٨﴾

38. There is not a moving (living) creature on earth, nor a bird that flies with its two wings, but are communities like you. We have neglected nothing in the Book, then to their Lord they (all) shall be gathered.

وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ ۗ مَن يَشَإِ اللَّهُ يُضْلِلْهُ وَمَن يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٣٩﴾

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ اندھیروں میں بہرے اور گونگے ہیں، اللہ جسے چاہے گمراہ کر دیتا ہے اور جسے چاہے سیدھی راہ پر لے آتا ہے ﴿٣٩﴾

39. Those who reject Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) are deaf and dumb in the darkness. Allāh sends astray whom He wills and He guides on a Straight Path whom He wills.

قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللَّهِ تَدْعُونَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٠﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: اگر تم پر اللہ کا عذاب آجائے یا تم پر قیامت آجائے تو بتاؤ کیا تم اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے اگر تم سچے ہو؟ ﴿٤٠﴾

40. Say (O Muhammad ﷺ): "Tell me if Allāh's torment comes upon you, or the Hour comes upon you, would you then call upon any one other than Allāh? (Reply) if you are truthful!"

بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِن شَاءَ وَتَنسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ ﴿٤١﴾

بلکہ تم صرف اسی کو پکارو گے، پھر اگر وہ چاہے گا تو وہ تکلیف دور کر دے گا جس کے لیے تم اسے پکارو گے، اور تم انھیں بھول جاؤ گے جنھیں تم شریک ٹھہراتے تھے ﴿٤١﴾

41. Nay! To Him Alone you would call, and, if He wills, He would remove that (distress) for which you call upon Him, and you would forget at that time whatever partners you joined (with Him in worship)!

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُم بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ ﴿٤٢﴾

اور تحقیق ہم نے آپ سے پہلی امتوں کی طرف رسول بھیجے، پھر ہم نے ان (امتوں) کو تنگی اور تکلیف کے ساتھ پکڑا تاکہ وہ عاجزی اختیار کریں ﴿٤٢﴾

42. Verily, We sent (Messengers) to many nations before you (O Muhammad ﷺ). And We seized them with extreme poverty (or loss in wealth) and loss in health (with calamities) so that they might humble themselves (believe with humility).

فَلَوْلَا إِذْ جَاءَهُم بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا وَلَٰكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾

پھر جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو انھوں نے عاجزی کیوں نہ اختیار کی؟ لیکن ان کے دل سخت ہو گئے اور جو عمل وہ کرتے تھے (ان کو) شیطان نے ان کے لیے مزین (خوبصورت) بنا دیا ﴿٤٣﴾

43. When Our torment reached them, why then did they not humble themselves (believe with humility)? But their hearts became hardened, and *Shaitān* (Satan) made fair-seeming to them that which they used to do.

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ۭ حَتّٰٓي اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾

پھر جب انھوں نے وہ نصیحت بھلا دی جو انھیں کی گئی تھی تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیے حتیٰ کہ جب وہ ان چیزوں پر اترانے لگے جو انھیں دی گئی تھیں، تو ہم نے انھیں اچانک پکڑ لیا، پھر وہ ناامید ہو کر رہ گئے ﴿۴۴﴾

44. So, when they forgot (the warning) with which they had been reminded, We opened for them the gates of every (pleasant) thing, until in the midst of their enjoyment in that which they were given, all of a sudden, We took them (in punishment), and lo! They were plunged into destruction with deep regrets and sorrows.

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾

پھر اس قوم کی جڑ کاٹ دی گئی جنھوں نے ظلم کیا تھا، اور تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے ﴿۴۵﴾

45. So the root of the people who did wrong was cut off. And all praise and thanks are Allâh's, the Lord of the *'Âlamîn* (mankind, jinn, and all that exists).

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

(اے نبی! ان سے) کہہ دیجیے: اگر اللہ تمھارے کان اور تمھاری آنکھیں چھین لے اور تمھارے دلوں پر مہر لگا دے تو بتاؤ اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمھیں یہ (چیزیں) لا دے؟ دیکھیے کس طرح ہم آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں، پھر بھی وہ منہ موڑتے ہیں ﴿۴۶﴾

46. Say (to the disbelievers): "Tell me, if Allâh took away your hearing and your sight, and sealed up your hearts, who is there — an *ilâh* (a god) other than Allâh who could restore them to you?" See how variously We explain the *Ayât* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), yet they turn aside.

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾

کہیے: اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا کھلم کھلا آ جائے تو بتاؤ کیا ظالموں کے سوا کوئی اور لوگ بھی ہلاک کیے جائیں گے؟ ﴿۴۷﴾

47. Say: "Tell me, if the punishment of Allâh comes to you suddenly (during the night), or openly (during the day), will any be destroyed except the *Zâlimûn* (polytheists and wrongdoing) people?"

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾

اور ہم نے کوئی رسول ایسا نہیں بھیجا جسے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا نہ بنایا ہو، پھر جو شخص ایمان لے آئے اور اپنی اصلاح کر لے تو ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿۴۸﴾

48. And We send not the Messengers but as givers of glad tidings and as warners. So, whosoever believes and does righteous good deeds, upon such shall come no fear, nor shall they grieve.

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، انھیں اس (نافرمانی کی) وجہ سے عذاب پہنچے گا جو نافرمانی وہ کرتے تھے ﴿۴۹﴾

49. But those who reject Our *Ayât* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), the torment will touch them for their disbelief[1] (and for their belying the Message of

[1] (V.6:49) See the footnote of (V.2:85)

Muhammad ﷺ). (*Tafsir Al-Qurtubi*)

50. Say (O Muhammad ﷺ): "I don't tell you that with me are the treasures of Allāh, nor (that) I know the Unseen; nor do I tell you that I am an angel. I but follow what is revealed to me." Say: "Are the blind and the one who sees equal? Will you not then take thought?"

(اے نبی!) کہہ دیجیے: میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، اور نہ میں غیب جانتا ہوں، اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں، میں تو اسی چیز کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ کہہ دیجیے: کیا نابینا اور بینا برابر ہو سکتے ہیں؟ پھر کیا تم غور نہیں کرتے؟ ﴿٥٠﴾

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٥٠﴾

51. And warn therewith (the Qur'ān) those who fear that they will be gathered before their Lord, when there will be neither a protector nor an intercessor for them besides Him, so that they may fear Allāh and keep their duty to Him (by abstaining from committing sins and by doing all kinds of good deeds which He has ordained).

اور (اے نبی!) آپ اس (قرآن) کے ذریعے سے ان لوگوں کو ڈرائیں جنھیں ڈر رہتا ہے کہ وہ اپنے رب کے پاس اکٹھے کیے جائیں گے، وہاں اس کے سوا ان کا کوئی دوست اور سفارشی نہ ہوگا، شاید کہ وہ پرہیزگاری اختیار کریں ﴿٥١﴾

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٥١﴾

52. And turn not away those who invoke their Lord, morning and afternoon seeking His Face. You are not accountable for them in anything, and they are not accountable for you in anything, that you may turn them away, and thus become of the *Zalimūn* (unjust).

اور ان لوگوں کو اپنے سے مت دور کریں جو اپنے رب کو صبح اور شام پکارتے ہیں، وہ اپنے رب کا چہرہ (رضامندی) چاہتے ہیں، ان کے حساب میں سے کسی چیز کا بوجھ آپ پر نہیں اور آپ کے حساب میں سے کسی چیز کا بوجھ ان پر نہیں، پھر (اگر) آپ ان کو اپنے سے دور کریں گے تو آپ ظالموں میں سے ہو جائیں گے ﴿٥٢﴾

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۭ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٢﴾

53. Thus We have tried some of them with others, that they might say: "Is it these (poor believers) whom Allāh has favoured from amongst us?" Does not Allāh know best those who are grateful?

اور ہم نے اسی طرح لوگوں میں سے بعض کو بعض کے ذریعے سے آزمائش میں ڈالا ہے، تاکہ وہ (انھیں دیکھ کر) کہیں: کیا ہم میں سے یہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا ہے؟ (ہاں) کیا اللہ اپنے شکر گزار بندوں کو (ان سے) زیادہ نہیں جانتا؟ ﴿٥٣﴾

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿٥٣﴾

54. When those who believe in Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) come to you, say: "*Salāmun 'Alaikum*" (peace be on you); your Lord has written (prescribed) Mercy for Himself, so that if any of you does evil in ignorance, and thereafter repents

اور جب وہ لوگ آپ کے پاس آئیں جو ہماری آیات پر ایمان رکھتے ہیں تو کہہ دیجیے: تم پر سلام ہو، تمھارے رب نے مہربانی کو اپنے اوپر لازم کر لیا ہے، بے شک تم میں سے جو شخص جہالت سے برا عمل کرے، پھر اس کے بعد توبہ کرے اور اصلاح کر لے تو یقیناً وہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿٥٤﴾

وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٥٤﴾

and does righteous good deeds (by obeying Allāh), then surely, He is Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾

اور ہم اسی طرح آیات کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں تا کہ مجرموں کا راستہ بالکل واضح ہو جائے ﴿۵۵﴾

55. And thus do We explain the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) in detail, that the way of the *Mujrimūn* (criminals, polytheists, sinners) may become manifest.

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَاۗءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: بے شک مجھے منع کیا گیا ہے کہ میں ان کی عبادت کروں جنھیں تم اللہ کے علاوہ پکارتے ہو۔ کہہ دیجیے: میں تمھاری خواہشات کے پیچھے نہیں چلتا، اس صورت میں، میں گمراہ ہو جاؤں گا اور میں ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا ﴿۵۶﴾

56. Say (O Muhammad ﷺ): "I have been forbidden to worship those whom you invoke (worship) besides Allāh." Say: "I will not follow your vain desires. If I did, I would go astray, and I would not be one of the rightly guided."

قُلْ اِنِّيْ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿۵۷﴾

کہہ دیجیے: بے شک میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہوں، اور تم نے اس دلیل کو جھٹلایا ہے، میرے پاس وہ چیز نہیں ہے جسے تم جلدی طلب کر رہے ہو، فیصلے کا (سارا) اختیار اللہ ہی کو ہے، وہ حق بات بیان کرتا ہے، اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے ﴿۵۷﴾

57. Say (O Muhammad ﷺ): "I am on clear proof from my Lord (Islāmic Monotheism), but you deny it (the truth that has come to me from Allāh). I have not gotten what you are asking for impatiently (the torment). The decison is only for Allāh, He declares the truth, and He is the Best of judges."

قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾

کہہ دیجیے: بے شک اگر میرے پاس وہ چیز ہوتی جسے تم جلدی طلب کر رہے ہو تو میرے اور تمھارے درمیان معاملہ کبھی کا چکا دیا گیا ہوتا، اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے ﴿۵۸﴾

58. Say: "If I had that which you are asking for impatiently (the torment), the matter would have been settled at once between me and you, but Allāh knows best the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers)."

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾

اور اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں، انھیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور وہ جانتا ہے جو کچھ خشکی اور تری میں ہے، اور کوئی پتا ایسا نہیں گرتا جسے وہ جانتا نہ ہو، اور زمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ (ایسا) نہیں (جسے وہ جانتا نہ ہو) اور کوئی تر چیز اور کوئی خشک چیز ایسی نہیں جو واضح کتاب میں (لکھی ہوئی) نہ ہو ﴿۵۹﴾

59. And with Him are the keys of the *Ghaib* (all that is hidden), none knows them but He. And He knows whatever there is in the land and in the sea; not a leaf falls, but He knows it. There is not a grain in the darkness of the earth nor anything fresh or dry, but is written in a Clear Record.

وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ

اور وہی ہے (اللہ) جو رات کو تمھیں فوت کرتا ہے، اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم دن میں کرتے ہو، پھر

60. It is He Who takes your souls by night (when you are asleep), and has knowledge of all that you

لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٠﴾

(دوسرے دن) اس میں تمھیں اٹھاتا ہے تاکہ (زندگی کی) مقررہ مدت پوری کی جائے، پھر اسی کی طرف تمھاری واپسی ہے، پھر وہ تمھیں بتادے گا جو تم کرتے رہے ہو﴿٦٠﴾

have done by day, then He raises (wakes) you up again that a term appointed (your life period) be fulfilled, then (in the end) to Him will be your return. Then He will inform you of that which you used to do.

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾

اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے، اور تم پر محافظ (فرشتے) بھیجتا ہے[1] حتی کہ جب تم میں سے کسی کو موت آتی ہے تو ہمارے فرشتے اسے فوت کرتے ہیں، اور وہ اس میں کوتاہی نہیں کرتے﴿٦١﴾

61. He is the Irresistible (Supreme) over His slaves, and He sends guardians (angels guarding and writing all of one's good and bad deeds) over you,[1] until when death approaches one of you, Our messengers (angel of death and his assistants) take his soul, and they never neglect their duty.

ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۣ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾

پھر وہ اللہ کی طرف لوٹائے جاتے ہیں جو ان کا سچا مالک ہے، خبردار! فیصلے کا (سارا) اختیار اسی کو ہے، اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے﴿٦٢﴾

62. Then they are returned to Allâh, their True *Maulâ* [True Master (God), the Just Lord (to reward them)]. Surely, for Him is the judgement and He is the Swiftest in taking account.

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ

(اے نبی!) کہہ دیجیے: تمھیں خشکی اور تری کے

63. Say (O Muhammad ﷺ):

---

[1] (V.6:61)

a) Whoever intended to do a good deed or a bad deed.

Narrated Ibn 'Abbâs رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ narrating about his Lord عزوجل said, "Allâh ordered (the appointed angels over you) that the good and the bad deeds be written, and He then showed (the way) how (to write). If somebody intends to do a good deed and he does not do it, then Allâh will write for him a full good deed (in his account with Him); and if he intends to do a good deed and actually did it, then Allâh will write for him (in his account) with Him (its reward equal) from ten to seven hundred times, to many more times: and if somebody intended to do a bad deed and he does not do it, then Allâh will write a full good deed (in his account) with Him, and if he intended to do it (a bad deed) and actually did it, then Allâh will write one bad deed (in his account)." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6491 (O.P.498)]

b) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Angels come (to you) in succession by night and day, and all of them get together at the time of *Fajr* and *'Asr* prayers. Then those who have stayed with you overnight, ascend to Allâh Who asks them (and He knows the answer better than they): "How have you left My slaves?" They reply, "We left them while they were praying and we came to them while they were praying." The Prophet ﷺ added: "If anyone of you says *Amin* (during the prayer at the end of the recitation of *Sûrat Al-Fâtihah*), and the angels in heaven say the same, and the two sayings coincide, all his past sins will be forgiven." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3223 (O.P.446)]

(1) اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو انسان کے اچھے برے سارے عمل لکھتے ہیں جیسا کہ صحیح حدیث میں ہے، نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے بارے میں فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے اچھائیاں اور برائیاں لکھ دیں، پھر ان کی وضاحت فرمائی: جو شخص ایک اچھا کام کرنے کا ارادہ کرے لیکن اسے کرے نہیں تو اس کے حق میں اللہ ایک نیکی لکھے گا اور اگر کوئی شخص ایک اچھا کام کرنے کا ارادہ کرے اور اسے کرے بھی تو اللہ اس کے لیے دس سے لے کر سات سو گنا بلکہ اس سے بھی زیادہ ثواب لکھے گا اور اگر کوئی شخص ایک برا کام کرنے کا ارادہ کرے لیکن اسے کرے نہیں تو اللہ اس کے حق میں ایک نیکی کا ثواب لکھے گا لیکن اگر کوئی شخص ایک برے کام کرنے کا ارادہ کرے اور اسے کر بھی لے تو اللہ اس کے حق میں صرف ایک برائی لکھے گا۔" (صحیح البخاری، الرقاق، باب: 31، حدیث: 6491) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "رات اور دن کے فرشتے باری باری آتے ہیں اور وہ فجر اور عصر کی نماز میں اکٹھے ہوتے ہیں۔ رات والے فرشتے جب صبح کو اللہ کے دربار میں حاضر ہوتے ہیں تو وہ ان سے پوچھتا ہے، حالانکہ وہ خوب جانتا ہے: "تم میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑ کر آئے ہو؟" فرشتے جواب دیتے ہیں: "اے اللہ! ہم انھیں چھوڑ کر آئے ہیں تو وہ نماز پڑھ رہے تھے اور جب ہم ان کے پاس گئے تھے تو بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔" (صحیح البخاری، بدء الخلق، باب: 6، حدیث: 3223)

وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾

اندھیروں سے کون نجات دیتا ہے؟ تم اسے عاجزی کرتے ہوئے اور راز داری سے پکارتے ہو (اور کہتے ہو) کہ اگر وہ ہمیں اس (مصیبت) سے نجات دے دے تو ہم ضرور شکر کرنے والوں میں سے ہو جائیں گے ﴿۶۳﴾

"Who rescues you from the darkness of the land and the sea (dangers like storms), (when) you call upon Him in humility and in secret (saying): If He (Allāh) only saves us from this (danger), we shall truly, be grateful."

قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾

کہہ دیجیے: اللہ ہی تمھیں اس (مصیبت) سے اور ہر غم سے نجات دیتا ہے، پھر بھی تم اس کے ساتھ شرک کرتے ہو! ﴿۶۴﴾

64. Say (O Muhammad ﷺ): "Allāh rescues you from this and from all (other) distresses, and yet you worship others besides Allāh."

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۗ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾

کہہ دیجیے: وہی اس پر قدرت رکھتا ہے کہ تمھارے اوپر سے یا تمھارے پاؤں کے نیچے سے تم پر عذاب بھیجے، یا تمھیں گروہوں میں تقسیم کر کے ایک (گروہ) کو دوسرے کی طاقت (کا مزہ) چکھائے، دیکھیے! ہم کس طرح آیتوں کو پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں، تاکہ وہ سمجھیں؟ ﴿۶۵﴾

65. Say: "He has power to send torment on you from above you or from under your feet, or to cover you with confusion in party strife, and make you to taste the violence of one another." See how variously We explain the *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, revelations, etc.), so that they may understand.

وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۗ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾

اور اس (قرآن) کو آپ کی قوم نے جھٹلایا، حالانکہ وہ حق ہے، کہہ دیجیے: میں تم پر نگران نہیں ہوں ﴿۶۶﴾

66. But your people (O Muhammad ﷺ) have denied it (the Qur'ān) though it is the truth. Say: "I am not a *Wakīl* (guardian) over you."

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾

ہر ایک خبر کا وقت مقرر ہے، اور جلد ہی تم جان لو گے ﴿۶۷﴾

67. For every news there is a reality [1] and you will come to know.

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾

اور جب آپ ان لوگوں کو دیکھیں جو ہماری آیتوں پر نکتہ چینی کر رہے ہوتے ہیں، تو آپ ان کے پاس سے ہٹ جائیں، یہاں تک کہ وہ اس کے علاوہ کسی اور بات میں مشغول ہو جائیں، اور اگر شیطان آپ کو یہ بات بھلا دے تو یاد آنے پر (ان) ظالم لوگوں کے پاس مت بیٹھیں ﴿۶۸﴾

68. And when you (Muhammad ﷺ) see those who engage in a false conversation about Our Verses (of the Qur'ān) by mocking at them, stay away from them till they turn to another topic. And if *Shaitān* (Satan) causes you to forget, then after the remembrance sit not you in the company of those people who are the *Zālimūn* (polytheists and wrong-doers).

وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾

ان کے حساب میں سے کسی چیز کی ذمے داری ان لوگوں پر نہیں جو پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں، اور لیکن نصیحت کرنا (ان کا فرض) ہے، تاکہ وہ بھی پرہیز

69. Those who fear Allāh, keep their duty to Him and avoid evil are not responsible for them (the disbelievers) in any case, but

[1] (V.6:67) For every news there is a reality: i.e., for everything there is an appointed term and for every deed there is a recompense.

گاری اختیار کریں ﴿٦٩﴾

(their duty) is to remind them, that they may fear Allāh (and refrain from mocking at the Qur'ān). [The provision of this Verse was abrogated by the Verse 4:140]

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾

اور (اے نبی!) ان لوگوں کو چھوڑ دیجیے جنھوں نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنالیا ہے اور دنیا کی زندگی نے انھیں دھوکے میں ڈال رکھا ہے، اور آپ اس (قرآن) کے ذریعے سے نصیحت کرتے رہیے، تاکہ کوئی شخص اپنے کرتوتوں کے وبال سے ہلاک نہ کیا جائے۔ اللہ کے سوا کوئی اس کا دوست اور سفارشی نہ ہوگا۔ اور اگر وہ بدلے میں ہر طرح کا فدیہ دے تو وہ بھی اس سے نہیں لیا جائے گا، یہی وہ لوگ ہیں جو کچھ انھوں نے کمایا اس کی وجہ سے انھیں ہلاک کر دیا گیا۔ اور جو وہ کفر کرتے رہے ہیں اس کی وجہ سے انھیں دوزخ میں تیز گرم پانی پینے کو ملے گا، اور دردناک عذاب ہوگا ﴿٧٠﴾

70. And leave alone those who take their religion as play and amusement, and whom the life of this world has deceived. But remind (them) with it (the Qur'ān) lest a person be given up to destruction for that which he has earned, when he will find for himself no protector or intercessor besides Allāh, and even if he offers every ransom, it will not be accepted from him. Such are they who are given up to destruction because of that which they have earned. For them will be a drink of boiling water and a painful torment because they used to disbelieve.

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۗ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۗ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: کیا ہم اللہ کے سوا ان کو پکاریں جو ہمیں نہ نفع دے سکتے ہیں اور نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ اور جب اللہ ہمیں سیدھا راستہ دکھا چکا ہے تو کیا اس کے بعد ہم الٹے پاؤں پھر جائیں، اس شخص کی طرح جسے شیطانوں نے زمین میں بہکا دیا ہو وہ زمین میں حیران پھرتا ہو، اس کے کچھ ساتھی ہوں جو اسے سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہوں کہ ہمارے پاس آجا؟ کہہ دیجیے: بے شک ہدایت تو اللہ ہی کی ہدایت ہے، اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم سب جہانوں کے رب کے فرمانبردار ہو جائیں ﴿٧١﴾

71. Say (O Muhammad ﷺ): "Shall we invoke others besides Allāh (false deities), that can do us neither good nor can harm us, and shall we turn back on our heels after Allāh has guided us (to true Monotheism)? — like one whom the *Shayātīn* (devils) have made to go astray in the land in confusion, his companions calling him to guidance (saying): 'Come to us.' " Say: "Verily, Allāh's Guidance is the only guidance, and we have been commanded to submit (ourselves) to the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists);

وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۗ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٢﴾

اور یہ کہ نماز قائم کرو، اور اس (اللہ) سے ڈرو، اور وہی ہے جس کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے ﴿٧٢﴾

72. And to perform *As-Salāt* (the prayers), and to be obedient to Allāh and fear Him, and it is He to Whom you shall be gathered.

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۖ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۚ

اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا۔ اور جس دن وہ کہے گا ہو جا تو (حشر

73. It is He Who has created the heavens and the earth in truth.

قَوْلُهُ الْحَقُّ ۚ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ ۚ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ﴿٧٣﴾

برپا) ہو جائے گا، قول اسی کا حق ہے، اور جس دن صور پھونکا جائے گا اس دن اسی کی حکومت ہوگی، وہ چھپی اور ظاہر (سب) باتوں کو جاننے والا ہے اور وہی حکمت والا خبر رکھنے والا ہے﴿73﴾

and on the Day (i.e. the Day of Resurrection) He will say: "Be!" — and it is! His Word is the Truth. His will be the dominion on the Day when the Trumpet will be blown. All-Knower of the unseen and the seen. He is the All-Wise, Well-Aware (of all things).

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا آلِهَةً ۖ إِنِّي أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٧٤﴾

اور جب ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے کہا: کیا تم بتوں کو معبود ٹھہراتے ہو؟ بے شک میں تمہیں اور تمہاری قوم کو کھلی گمراہی میں پڑے دیکھتا ہوں[1]﴿74﴾

74. And (remember) when Ibrāhim (Abraham) said to his father Āzar: "Do you take idols as *āliha* (gods)? Verily, I see you and your people in manifest error.[1]"

وَكَذَٰلِكَ نُرِي إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ ﴿٧٥﴾

اور اسی طرح ہم ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کی بادشاہی دکھاتے تھے، تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائے﴿75﴾

75. Thus did we show Ibrāhim (Abraham) the kingdom of the heavens and the earth that he be one of those who have Faith with certainty.

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأَىٰ كَوْكَبًا ۖ قَالَ هَٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَا أُحِبُّ الْآفِلِينَ ﴿٧٦﴾

چنانچہ جب اس پر رات چھا گئی تو اس نے ایک ستارہ دیکھا، ابراہیم نے کہا: یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ غروب ہو گیا تو کہا: میں غروب ہونے والوں سے محبت نہیں کرتا﴿76﴾

76. When the night covered him over with darkness he saw a star. He said: "This is my lord." But when it set, he said: "I like not those that set."

فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هَٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَئِن لَّمْ يَهْدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّالِّينَ ﴿٧٧﴾

پھر جب اس نے چاند چمکتا ہوا دیکھا تو کہا: یہ میرا رب ہے۔ پھر جب وہ غروب ہو گیا تو اس نے کہا: اگر میرے رب نے مجھے ہدایت نہ دی تو یقیناً میں گمراہ قوم میں سے ہو جاؤں گا﴿77﴾

77. When he saw the moon rising up, he said: "This is my lord." But when it set, he said: "Unless my Lord guides me, I shall surely be among the people who went astray."

فَلَمَّا رَأَى الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هَٰذَا رَبِّي

چنانچہ جب اس نے سورج کو جگمگاتا ہوا دیکھا تو کہا:

78. When he saw the sun rising

[1] (V.6:74) Narrated Abu Huraira رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "On the Day of Resurrection, Ibrāhim (Abraham) will meet his father Āzar whose face will be dark and covered with dust. (The Prophet) Ibrāhim will say (to him): 'Didn't I tell you not to disobey me?' His father will reply: 'Today I will not disobey you.' Ibrāhim will say: 'O Lord! You promised me not to disgrace me on the Day of Resurrection; and what will be more disgraceful to me than cursing and dishonouring my father?' Then Allāh ﷻ will say (to him): 'I have forbidden Paradise for the disbelievers.' Then he will be addressed, 'O Ibrāhim! Look! What is underneath your feet?' He will look and there he will see a *Dhīkh* (an animal, — male hyena), blood-stained, which will be caught by the legs and thrown in the (Hell) Fire." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3350 (O.P.569)]

[1] حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ آزر [illegible] شرک اور گمراہی پر رہے، چنانچہ [illegible] حدیث میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "حشر کے دن ابراہیم علیہ السلام اپنے باپ آزر سے ملیں گے، اس کا چہرہ سیاہ اور غبار آلود ہوگا۔ ابراہیم علیہ السلام ان سے کہیں گے: کیا میں نے آپ سے کہا نہیں تھا کہ میری نافرمانی نہ کریں؟ [illegible] آج میں تیری نافرمانی نہیں کروں گا۔ ابراہیم علیہ السلام اپنے رب سے عرض کریں گے: اے رب! تو نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا کہ تو مجھے حشر کے دن رسوا نہیں کرے گا [illegible] اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے کافروں پر جنت حرام کر دی ہے۔ پھر کہا جائے گا: اے ابراہیم! اپنے پاؤں تلے تو دیکھو [illegible] گندگی میں لتھڑا ہوا ایک بجو ہے [illegible] ٹانگوں سے پکڑا جائے گا اور جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔" (صحیح البخاری، [illegible] حدیث 3350) [illegible]

هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿٧٨﴾

یہ میرا رب ہے، یہ سب سے بڑا ہے۔ پھر جب وہ بھی غروب ہوگیا تو اس نے کہا: اے میری قوم! بے شک جنھیں تم شریک ٹھہراتے ہو، میں ان سے بیزار ہوں﴿۷۸﴾

up, he said: "This is my lord. This is greater." But when it set, he said: "O my people! I am indeed free from all that you join as partners (in worship with Allāh).

اور اپنے (جھوٹے) خیال کے مطابق انھوں نے کہا: یہ چوپائے اور کھیتی ممنوع ہیں، انھیں بس وہی کھا سکتا ہے جسے ہم چاہیں، اور بعض چوپائے ہیں جن کی پشت (پر سواری) حرام کر دی گئی، اور بعض چوپائے ہیں جن پر وہ اللہ کا نام نہیں پڑھتے، یہ سب وہ اللہ پر جھوٹ گھڑتے ہوئے کرتے ہیں، وہ جلد ہی انھیں اس جھوٹ کی سزا دے گا جو وہ گھڑتے رہے ہیں۔﴿۱۳۸﴾

وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَّا يَطْعَمُهَا إِلَّا مَن نَّشَاءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاءً عَلَيْهِ ۚ سَيَجْزِيهِم بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿١٣٨﴾

139. And they say: "What is in the bellies of such and such cattle (milk or foetus) is for our males alone, and forbidden to our females (girls and women), but if it is born dead, then all have shares therein." He will punish them for their attribution (of such false orders to Allāh). Verily, He is All-Wise, All-Knower. (*Tafsir At-Tabari*)

اور انھوں نے کہا: ان (حرام کیے ہوئے) چوپایوں کے پیٹ میں جو بچہ ہے وہ خالص ہمارے مردوں کے لیے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے، اور اگر وہ مردہ ہو تو (مرد اور عورتیں) سب اس میں شریک ہیں، جلد ہی اللہ انھیں اس طرح (خود ہی حلال اور حرام) طے کرنے کی سزا دے گا، بے شک وہ بڑا حکمت والا، خوب جاننے والا ہے۔﴿۱۳۹﴾

وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا ۖ وَإِن يَكُن مَّيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ ۚ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ﴿١٣٩﴾

140. Indeed lost are they who have killed their children, foolishly, without knowledge, and have forbidden that which Allāh

بے شک وہ لوگ خسارے میں رہے جنھوں نے اپنی اولاد کو علم کے بغیر بیوقوفی سے قتل کیا، اور اللہ نے انھیں جو رزق دیا اللہ پر جھوٹ باندھ کر اسے

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ ۚ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا

مُهْتَدِينَ ﴿١٤٠﴾

حرام ٹھیرا لیا، تحقیق وہ گمراہ ہو گئے، اور وہ ہدایت یافتہ نہ ہوئے (140)

has provided for them, inventing a lie against Allāh. They have indeed gone astray and were not guided.

وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَ جَنَّاتٍ مَعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا أُكُلُهُ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۚ كُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ ۖ وَلَا تُسْرِفُوا ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ ﴿١٤١﴾

اور وہی ہے جس نے باغات پیدا کیے، چھتریوں پر چڑھائے ہوئے اور بغیر چڑھائے ہوئے، اور کھجور اور فصلیں (پیدا کیں) ان کے پھل (مزے میں) مختلف ہیں، اور زیتون اور انار (پیدا کیے)، ملتے جلتے بھی اور نہ ملتے جلتے بھی، ان کا پھل کھاؤ جب وہ پھل لائیں اور ان کی کٹائی اور چنائی کے دن اس (فصل) کا حق دے دیا کرو، اور فضول خرچی نہ کرو،[1] بے شک اللہ فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا (141)

141. And it is He Who produces gardens trellised and untrellised, and date palms, and crops of different shape and taste (their fruits and their seeds) and olives, and pomegranates, similar (in kind) and different (in taste). Eat of their fruit when they ripen, but pay the due thereof (its *Zakāt*, according to Allāh's Orders, 1/10th or 1/20th) on the day of its harvest, and waste not by extravagance.[1] Verily, He likes not *Al-Musrifūn* (those who waste by extravagance),

وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا ۚ كُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ ﴿١٤٢﴾

اور (پیدا کیے) اس نے چوپایوں میں سے بوجھ اٹھانے والے اور زمین سے لگے (پست قد)، اللہ نے تمھیں جو رزق دیا ہے اس میں سے کھاؤ اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو۔ بے شک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے (142)

142. And of the cattle (are some) for burden (like camel) and (some are) small (unable to carry burden like sheep and goats for food, meat, milk and wool). Eat of what Allāh has provided for you, and follow not the footsteps of *Shaitān* (Satan). Surely, he is to you an open enemy.

ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ ۖ مِنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ ۖ نَبِّئُونِي بِعِلْمٍ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٤٣﴾

یہ آٹھ قسمیں (پیدا کیں) ہیں: دو بھیڑ میں سے اور دو بکری میں سے، (اے نبی!) کہہ دیجیے: کیا اس (اللہ) نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ بچے جو دونوں مادہ کے پیٹ میں ہوں؟ (ٹھیک ٹھیک) علم کے ساتھ مجھے بتاؤ اگر تم سچے ہو (143)

143. Eight pairs: of the sheep two (male and female),[2] and of the goats two (male and female). Say: "Has He forbidden the two males or the two females, or (the young) which the wombs of the two females enclose? Inform me with knowledge if you are truthful."

[1] (V.6:141): See the footnote of (V.4:5).

[2] (V.6:143) Narrated Abu Huraira رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "While a shepherd was amongst his sheep, a wolf attacked them and took away one sheep. When the shepherd chased the wolf, the wolf turned towards him and said, 'Who will be its guard on the day of wild animals when nobody except I will be its shepherd?'. And while a man was driving a cow with a load on it, it turned towards him and spoke to him saying, 'I have not been created for this purpose, but for ploughing.' "The people said, "Glorified is Allāh." The Prophet ﷺ said, "But I believe in it and so does Abu Bakr and 'Umar (رضي الله عنهما)."

* It has been written that a wolf also spoke to a shepherd during the Prophet's lifetime near Al-Madinah, as narrated in *Musnad Imam Ahmad* in the *Musnad of Abu Sa'id Al-Khudri* رضي الله عنه (Vol. 3). Narrated Abu Sa'id Al-Khudri رضي الله عنه (While a shepherd was in his herd of sheep), suddenly a wolf attacked a sheep and took it away. The shepherd chased the wolf and took back the sheep, the wolf sat on its tail and addressed the shepherd saying: "Be afraid of Allāh, you have taken the provision from me which Allāh gave me." The shepherd said: "What an ⏩

① [illegible]

وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنثَيَيْنِ ۖ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ وَصَّاكُمُ اللَّهُ بِهَٰذَا ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٤٤﴾

اور دو اونٹوں میں سے اور دو گایوں میں سے۔ کہہ دیجیے: کیا اللہ نے دونوں کے نر حرام کیے ہیں یا دونوں کی مادائیں یا وہ بچے جو دونوں ماداؤں کے پیٹ میں ہوں؟ کیا تم اس وقت حاضر تھے جب اللہ نے تمھیں یہ تاکیدی حکم دیا تھا؟ پھر اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جس نے اللہ پر جھوٹ گھڑا تاکہ وہ بغیر علم کے لوگوں کو گمراہ کرے۔ بے شک اللہ (ایسے) ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

144. And of the camels two (male and female), and of oxen two (male and female). Say: "Has He forbidden the two males or the two females or (the young) which the wombs of the two females enclose? Or were you present when Allāh ordered you such a thing? Then who does more wrong than one who invents a lie against Allāh, to lead mankind astray without knowledge. Certainly Allāh guides not the people who are *Zālimūn* (polytheists and wrong doers)."

قُل لَّا أَجِدُ فِي مَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَىٰ طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ إِلَّا أَن يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَّسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٤٥﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: میری طرف جو وحی کی گئی ہے، میں اس میں کوئی چیز ایسی نہیں پاتا جو کسی کھانے والے پر جو اسے کھائے حرام ہو مگر یہ کہ وہ مردار ہو یا بہایا ہوا خون ہو یا سور کا گوشت، کیونکہ وہ ناپاک ہے یا وہ فسق ہو کہ (ذبح کرتے وقت) اس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا ہو، پھر جو شخص مجبور ہو جائے، (بشرطیکہ) وہ سرکشی کرنے والا اور حد سے گزرنے والا نہ ہو تو بے شک آپ کا رب بڑا بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔

145. Say (O Muhammad ﷺ): "I find not in that which has been revealed to me anything forbidden to be eaten by one who wishes to eat it, unless it be *Maitah* (a dead animal) or blood poured forth (by slaughtering or the like), or the flesh of swine (pork); for that surely, is impure or impious (unlawful) meat (of an animal) which is slaughtered as a sacrifice for others than Allāh (or has been slaughtered for idols, or on which Allāh's Name has not been mentioned

---

➡ amazing thing! A wolf sitting on its tail speaks to me in the language of a human being." The wolf said, "Shall I tell you something more amazing than this? There is Muhammad ﷺ the Messenger of Allāh in Yathrib (Al-Madinah) informing the people about the news of the past." Then the shepherd (after hearing that) proceeded (towards Al-Madinah) driving his sheep till he entered Al-Madinah, cornered his sheep in a place, and came to Allāh's Messenger (Muhammad ﷺ) and informed the whole story. Allāh's Messenger ﷺ ordered for the proclamation of a congregational *Salāt* (الصلاة جامعة), then he ﷺ came out and asked the shepherd to inform the people (about the story), and he informed them. Then Allāh's Messenger ﷺ said: "He (the shepherd) has spoken the truth. By Him (Allāh) in Whose Hand my soul is, the Day of Resurrection will not be established till beasts of prey (السباع) speak to the human beings, and the tip of his lash and the shoelaces of a person speak to him and, his thigh informs him about his family as to what happened to them after him.

★ بقیہ حاشیہ: تفسیر آیت: 143۔

[illegible] ... (قیامت کے قریب) ... [illegible] ... (صحیح بخاری ... حدیث: 3663) ... [illegible] ... (مسند احمد 3/83، 84)

while slaughtering). But whosoever is forced by necessity without wilful disobedience, nor transgressing due limits; (for him) certainly, your Lord is Oft-Forgiving, Most Merciful."

وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۖ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۚ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُم بِبَغْيِهِمْ ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ﴿١٤٦﴾

اور جولوگ یہودی ہوئے ان پر ہم نے ہر ناخن والا (جانور) حرام کیا تھا، اور گائے اور بکری میں سے ان پر ان کی چربی حرام کی تھی، سوائے اس چربی کے جو ان کی پیٹھوں یا آنتوں کے ساتھ لگی ہو یا ہڈی کے ساتھ ملی ہوئی ہو، یہ سزا ہم نے انھیں ان کی سرکشی کے باعث دی تھی اور بے شک ہم سچے ہیں﴿١٤٦﴾

146. And to those who are Jews, We forbade every (animal) with undivided hoof, and We forbade them the fat of the ox and the sheep except what adheres to their backs or their entrails, or is mixed up with a bone. Thus We recompensed them for their rebellion [committing crimes like murdering the Prophets and eating of *Ribā* (usury)]. And verily, We are Truthful.

فَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل رَّبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ﴿١٤٧﴾

پھر اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو کہہ دیجیے: تمھارا رب وسیع رحمت والا ہے، اور اس کا عذاب مجرم قوم سے ٹالا نہیں جاتا﴿١٤٧﴾

147. If they (Jews) deny you (Muhammad ﷺ) say: "Your Lord is the Owner of Vast Mercy, and never will His Wrath be turned back from the people who are *Mujrimūn* (criminals, polytheists or sinners)."

سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ حَتَّىٰ ذَاقُوا بَأْسَنَا ۗ قُلْ هَلْ عِندَكُم مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا ۖ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ ﴿١٤٨﴾

جن لوگوں نے شرک کیا وہ جلد ہی کہیں گے: اگر اللہ چاہتا تو ہم اور ہمارے باپ دادا شرک نہ کرتے اور نہ ہم کوئی چیز حرام کرتے۔ اسی طرح ان لوگوں نے (حق کو) جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے یہاں تک کہ انھوں نے ہمارا عذاب چکھ لیا۔ کہہ دیجیے: کیا تمھارے پاس کچھ علم ہے تو اسے ہمارے سامنے پیش کرو؟ تم تو گمان ہی کی پیروی کرتے ہو، اور تم انکل پچو ہی سے کام لیتے ہو﴿١٤٨﴾

148. Those who took partners (in worship) with Allāh will say: "If Allāh had willed, we would not have taken partners (in worship) with Him, nor would our fathers, and we would not have forbidden anything (against His Will)." Likewise denied those who were before them, (they argued falsely with Allāh's Messengers), till they tasted Our Wrath. Say: "Have you any knowledge (proof) that you can produce before us? Verily, you follow nothing but conjecture and you do nothing but lie."

قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۖ فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿١٤٩﴾

کہہ دیجیے: پھر مضبوط دلیل تو اللہ ہی کی ہے، لہٰذا اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دیتا﴿١٤٩﴾

149. Say: "With Allāh is the perfect proof and argument, (i.e. the Oneness of Allāh, the sending of His Messengers and His Holy Books, to mankind); had He so willed, He would indeed have guided you all."

150. Say: "Bring forward your witnesses, who can testify that Allâh has forbidden this." Then if they testify, testify not you (O Muhammad ﷺ) with them. And you should not follow the vain desires of such as treat Our *Ayât* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) as falsehoods, and such as believe not in the Hereafter, and they hold others as equal (in worship) with their Lord.

کہہ دیجیے! تم اپنے گواہ لاؤ جو اس بات کی گواہی دیں کہ بے شک اللہ نے ان (چیزوں) کو حرام کیا ہے، پھر اگر وہ گواہی دیں تو بھی آپ ان کے ساتھ گواہی نہ دیں، اور آپ ان لوگوں کی خواہشات کے پیچھے نہ چلیں جنھوں نے ہماری آیات جھٹلائیں اور (نہ) ان لوگوں کی (پیروی کریں) جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور وہ دوسروں کو اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں؀

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝

151. Say (O Muhammad ﷺ): "Come, I will recite what your Lord has prohibited you from: Join not anything in worship with Him; be good and dutiful to your parents; kill not your children because of poverty" — We provide sustenance for you and for them — "Come not near to *Al-Fawâhish* (great sins and illegal sexual intercourse)[1] whether committed openly or secretly; and kill not anyone whom Allâh has forbidden, except for a just cause (according to Islâmic law). This He has commanded you that you may understand."

کہہ دیجیے: آؤ میں پڑھ کر سناتا ہوں جو کچھ تمہارے رب نے تم پر حرام کیا ہے، یہ کہ تم اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ، اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو، اور اپنی اولاد کو تنگ دستی کے ڈر سے قتل نہ کرو، ہم تمھیں بھی اور انھیں بھی رزق دیتے ہیں، اور بے حیائی کے کاموں کے قریب نہ جاؤ خواہ وہ ظاہر ہوں یا چھپے ہوئے ہوں، اور کسی ایسی جان کو قتل مت کرو جسے اللہ نے حرام کیا ہو سوائے اس کے جس کا قتل برحق ہو، ان ساری باتوں کی اللہ نے تمھیں تاکید کی ہے تاکہ تم عقل سے کام لو؀

قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

152. "And come not near to the orphan's property, except to improve it, until he (or she) attains the age of full strength; and give full measure and full weight with justice" — We burden not any person, but that which he can bear — "And whenever you give your word (i.e. judge between men or give evidence), say the truth even if a near relative is concerned, and fulfil the Covenant of Allâh. This He commands you, that you may remember."[2]

اور تم یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ مگر اس طریقے سے جو سب سے اچھا ہو یہاں تک کہ وہ پختگی کی عمر کو پہنچ جائے، اور تم ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ پورا دو، ہم کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہیں دیتے، اور جب تم کوئی بات کہو تو انصاف سے کام لو اگرچہ (معاملہ تمھارے) قریبی رشتے دار (کا) ہو، اور تم اللہ کا عہد پورا کرو، ان ساری باتوں کی اللہ نے تمھیں تاکید کی ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو؀

وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝

[1] (V.6:151) See (V.29:45) and its footnote.

[2] (V.6:152) See the footnotes of (V.3:130) and (V.4:135).

وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن سَبِيلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٥٣﴾

اور یقیناً یہ میرا راستہ سیدھا ہے، لہٰذا تم اس کی پیروی کرو اور تم دوسرے راستوں کی پیروی مت کرو، وہ تمھیں اللہ کے راستے سے الگ کر دیں گے۔ اللہ نے تمھیں اس کی تاکید کی ہے تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو۔

153. "And verily, this (i.e. Allāh's Commandments mentioned in the above two Verses 151 and 152) is my straight path, so follow it, and follow not (other) paths, for they will separate you away from His path. This He has ordained for you that you may become *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2)."

ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٤﴾

پھر ہم نے موسیٰ کو اس لیے کتاب دی کہ جو شخص اچھے کام کرے اس پر ہماری نعمتیں پوری ہوں اور ہر چیز کی تفصیل بیان کرنے کے لیے، اور یہ ہدایت اور رحمت کا ذریعہ ہے تاکہ وہ اپنے رب سے ملاقات پر ایمان لے آئیں۔

154. Then, We gave Mūsā (Moses) the Book [the Taurāt (Torah)], to complete (Our Favour) upon those who would do right, and explaining all things in detail and a guidance and a mercy that they might believe in the Meeting with their Lord.

وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿١٥٥﴾

اور یہ (قرآن) ایک عظیم کتاب ہے، ہم نے اسے نازل کیا ہے، (یہ) برکت والی ہے، پس تم اس کی پیروی کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

155. And this is a blessed Book (the Qur'ān) which We have sent down, so follow it and fear Allāh (i.e. do not disobey His Orders), that you may receive mercy (i.e. saved from the torment of Hell).

أَن تَقُولُوا إِنَّمَا أُنزِلَ الْكِتَابُ عَلَىٰ طَائِفَتَيْنِ مِن قَبْلِنَا وَإِن كُنَّا عَن دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِينَ ﴿١٥٦﴾

تاکہ تم یہ نہ کہو کہ صرف ہم سے پہلے دو گروہوں (یہود و نصاریٰ) پر کتاب نازل کی گئی تھی اور بے شک ہم تو ان کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے۔

156. Lest you (pagan Arabs) should say: "The Book was sent down only to two sects before us (the Jews and the Christians), and for our part, we were in fact unaware of what they studied."

أَوْ تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنزِلَ عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاءَكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۗ سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يَصْدِفُونَ ﴿١٥٧﴾

یا تم (یہ) کہو کہ اگر بے شک ہم پر کتاب نازل کی جاتی تو ہم ضرور ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہوتے، چنانچہ یقیناً تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے ایک واضح کتاب اور ہدایت اور رحمت آ چکی ہے، پھر اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے منہ موڑا؟ جو لوگ ہماری آیات سے منہ موڑتے ہیں انھیں جلد ہم سخت عذاب کی شکل میں سزا دیں گے، اس لیے کہ وہ (حق) سے منہ موڑتے ہیں۔

157. Or lest you (pagan Arabs) should say: "If only the Book had been sent down to us, we would surely have been better guided than they (Jews and Christians)." So, now has come to you a clear proof (the Qur'ān) from your Lord, and a guidance and a mercy. Who then does more wrong than one who rejects the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh and turns away therefrom? We shall requite those who turn away from Our *Ayāt* with an evil torment, because of their turning away (from them). (*Tafsir At-Tabari*)

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّآ أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَٰٓئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ ءَايَٰتِ رَبِّكَ ۗ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ ءَايَٰتِ رَبِّكَ لَا يَنفَعُ نَفْسًا إِيمَٰنُهَا لَمْ تَكُنْ ءَامَنَتْ مِن قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِىٓ إِيمَٰنِهَا خَيْرًا ۗ قُلِ انتَظِرُوٓا۟ إِنَّا مُنتَظِرُونَ ﴿١٥٨﴾

کیا وہ صرف اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں، یا آپ کا رب آئے، یا آپ کے رب کی بعض نشانیاں آئیں؟ جس دن آپ کے رب کی بعض نشانیاں آجائیں گی تو کسی ایسے شخص کا ایمان لانا اسے فائدہ نہیں دے گا جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا تھا① یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیک عمل نہیں کیا تھا، کہہ دیجیے: تم انتظار کرو، بے شک ہم بھی انتظار کرنے والے ہیں۔﴿158﴾

158. Do they then wait for anything other than that the angels should come to them, or that your Lord (Allāh) should come, or that some of the Signs of your Lord should come (i.e. portents of the Hour, e.g., rising of the sun from the west)! The day that some of the Signs of your Lord do come, no good will it do to a person to believe then, if he believed not before, nor earned good (by performing deeds of righteousness) through his Faith. Say: "Wait you! we (too) are waiting."[1]

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا۟ دِينَهُمْ وَكَانُوا۟ شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِى شَىْءٍ ۚ إِنَّمَآ أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا۟ يَفْعَلُونَ ﴿١٥٩﴾

بے شک جن لوگوں نے اپنے دین میں تفرقہ بازی کی اور وہ گروہوں میں بٹ گئے، آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں، بے شک ان کا معاملہ اللہ کے ہاتھ میں ہے، پھر وہ انھیں ان کاموں سے آگاہ کرے گا

159. Verily, those who divide their religion and break up into sects (all kinds of religious sects),[2] you (O Muhammad ﷺ) have no concern with them in the least. Their affair is only with

[1] (V.6:158)

A) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The Hour will not be established until the sun rises from the west; and when the people see it, then whoever will be living on the surface of the earth, will have Faith, and that is (the time) when no good will it do to a person to believe then, if he believed not before." (6:158)
[*Sahih Al-Bukhari*, 6/4635 (O.P.159)]

B) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "When the following three signs appear, no good will it do to a person to believe then if he believed not before:
1) Rising of the sun from the west.
2) (The coming of *Al-Masih*) *Ad-Dajjal*
3) (The coming out of the) *Dābbat-ul-Ard* (i.e., a beast from the earth)."
(*Sahih Muslim*, The Book of *Fitan*, The Signs of the coming of the Hour)

C) Narrated Anas رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "No Prophet was sent but that he warned his followers against the one-eyed liar (*Al-Masih Ad-Dajjal*). Beware! He is blind in one eye, and your Lord is not so, and there will be written between his (*Al-Masih Ad-Dajjal*'s) eyes (the word) *Kafir* (i.e., disbeliever)." [This *Hadith* is also quoted by Abu Hurairah and Ibn 'Abbās. [*Sahih Al-Bukhari*, 9/7131 (O.P.245)]

[2] (V.6:159) It is said that the Prophet ﷺ recited this Verse and said: "These people are those who invent new things (*Bid'ah*) in religion and the followers of the vain desires of this Muslim nation, and their repentance will not be accepted by Allāh." (*Tafsir Al-Qurtubi*)

[It has been narrated in the *Hadith* Books (*At-Tirmidhi, Ibn Mājah and Abu Dawud*) that the Prophet ﷺ said: "The Jews and the Christians will be divided into seventy-one or seventy-two religious sects and this nation will be divided into seventy-three religious sects, all in Hell, except one, and that one is: on which I and my Companions are today, i.e. following the Qur'ān and the Prophet's *Sunnah* (legal ways, orders, acts of worship, statements)."]

① اس سے مراد قیامت کے قریب ظاہر ہونے والی نشانیاں ہیں جن میں سے کوئی بڑی نشانی ہے جس کے ظاہر ہونے کے بعد ایمان اور توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا اور کسی شخص کا ایمان یا توبہ قبول نہیں ہو گی۔ چنانچہ حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہو جائے اور جب لوگ اسے (مغرب سے طلوع ہوتا) دیکھ لیں گے تو جو بھی روئے زمین پر موجود ہو گا ایمان لے آئے گا لیکن اس وقت کسی شخص کا ایمان، جو اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہو گا، اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچائے گا۔" (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 10، حدیث: 4635) ایک دوسری روایت میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تین نشانیاں ظاہر ہوں گی تو اس وقت کسی شخص کا ایمان، اگر وہ پہلے سے ایمان نہیں لایا ہو گا، اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچائے گا: ① سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، ② دجال کا آنا، ③ دابۃ الارض (زمین سے ایک عجیب جانور) کا ظہور۔" (صحیح مسلم، الایمان، باب بیان الزمن الذی لا یقبل فیہ الایمان، حدیث: 158) علاوہ ازیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کوئی نبی ایسا مبعوث نہیں ہوا کہ جس نے اپنی امت کو جھوٹے کانے (دجال) سے نہ ڈرایا ہو، خبردار! وہ کانا ہو گا اور تمہارا رب کانا نہیں ہے اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہو گا۔" (صحیح البخاری، الفتن، باب: 26، حدیث: 7131)

جو وہ کرتے رہے تھے۞★

Allāh, Who then will tell them what they used to do.

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۞

جو شخص (وہاں) ایک نیکی لے کر آئے گا تو اس کے لیے دس گنا (ثواب) ہوگا، اور جو شخص ایک برائی لے کر آئے گا تو اسے بس اس کے برابر ہی سزا دی جائے گی۔ اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۞

160. Whoever brings a good deed (Islāmic Monotheism and deeds of obedience to Allāh and His Messenger ﷺ) shall have ten times the like thereof to his credit, and whoever brings an evil deed (polytheism, disbelief, hypocrisy, and deeds of disobedience to Allāh and His Messenger ﷺ) shall have only the recompense of the like thereof, and they will not be wronged.[1]

قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۞

(اے نبی!) کہہ دیجیے: بے شک مجھے میرے رب نے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دی ہے صحیح اعلیٰ اقدار کے حامل دین کی، ایک رب کے پرستار ابراہیم کے طریقے کی، اور وہ مشرکوں میں سے نہیں تھا۞

161. Say (O Muhammad ﷺ): "Truly, my Lord has guided me to a Straight Path, a right religion, the religion of Ibrāhīm (Abraham), *Hanifa* [i.e. the true Islāmic Monotheism — to believe in One God (Allāh, i.e. to worship none but Allāh, Alone)] and he was not of *Al-Mushrikūn* (See V.2:105)."

قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

کہہ دیجیے: بے شک میری نماز، میری قربانی، میری زندگی اور میری موت (سب کچھ) اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہے۞

162. Say (O Muhammad ﷺ): "Verily, my *Salāt* (prayer), my sacrifice, my living, and my dying are for Allāh, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ۞

اس کا کوئی شریک نہیں، اور مجھے اسی (بات یعنی توحید) کا حکم دیا گیا ہے، اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۞

163. "He has no partner. And of this I have been commanded, and I am the first of the Muslims."

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ

کہہ دیجیے: کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور رب تلاش کروں؟ جبکہ وہی ہر چیز کا رب ہے، اور کوئی شخص

164. Say: "Shall I seek a lord other than Allāh, while He is the Lord of all things? No person

★ بقیہ حاشیہ: الانعام، آیت: 159

② اس میں فرقہ سازی اور دین میں جماعت بندی کی مذمت ہے۔ روایت کیا گیا ہے کہ نبی ﷺ نے اس آیت (6/159) کی تلاوت کی اور فرمایا: "یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے دین میں نئی باتیں (بدعات) ایجاد کی تھیں اور جو خواہشات کا اتباع کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول نہیں فرمائے گا۔" (تفسیر قرطبی: 7/150) ایک حدیث (جامع ترمذی، حدیث: 2640، سنن ابن ماجہ، حدیث: 3993 اور سنن ابی داود، حدیث: 4597) میں روایت کیا گیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "یہود و نصاریٰ کہ 71 یا 72 فرقوں میں بٹ گئے تھے اور یہ امت 73 فرقوں میں بٹ جائے گی اور سب جہنم میں جائیں گے سوائے ایک (فرقے) کے اور یہ جنتی فرقہ وہ ہے جو میرے اور میرے صحابہ کے راستے پر چلنے والا ہوگا۔"

[1] (V.6:160) See the footnote of (V.6:61).

(1) اس میں بتایا گیا ہے کہ اس فضل و کرم کا بیان ہے جس کا اظہار نیکی اور برائی کا صلہ دیتے وقت اس کی طرف سے ہوگا۔ مزید دیکھیے اسی سورت کی آیت: 61 کا حاشیہ۔

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿١٦٤﴾

ایسا (گناہ) نہیں کرتا جس کا وبال اسی پر نہ ہو، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، پھر اپنے رب ہی کی طرف تمھیں لوٹنا ہے، چنانچہ وہ تمھیں ان باتوں سے آگاہ کرے گا جن میں تم اختلاف کرتے رہے تھے۔﴿۱۶۴﴾

earns any (sin) except against himself (only), and no bearer of burdens shall bear the burden of another. Then to your Lord is your return, so He will tell you that wherein you have been differing."

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٦٥﴾

اور وہی ہے جس نے تمھیں زمین میں ایک دوسرے کا جانشین بنایا، اور تم میں سے بعض کو بعض پر اونچے درجے عطا کیے تاکہ وہ تمھیں ان نعمتوں میں آزمائے جو اس نے تمھیں دیں۔ بے شک آپ کا رب جلد سزا دینے والا ہے، اور بے شک وہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے۔﴿۱۶۵﴾

165. And it is He Who has made you generations coming after generations, replacing each other on the earth. And He has raised you in ranks, some above others that He may try you in that which He has bestowed on you. Surely, your Lord is Swift in retribution, and certainly He is Oft-Forgiving, Most Merciful.

Sūrat Al-A'rāf [The Heights (or The Wall with Elevations)] 7

سورۂ اعراف

سُورَةُ الْأَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

الٓمٓصٓ ﴿١﴾

المّص ﴿۱﴾

1. *Alif-Lām-Mīm-Sād.* [These letters are one of the miracles of the Qur'ān and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

كِتَابٌ أُنزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُن فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنذِرَ بِهِ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٢﴾

(اے نبی!) یہ کتاب آپ کی طرف نازل کی گئی ہے، اس سے آپ کے سینے میں کسی قسم کی تنگی نہیں ہونی چاہیے، تاکہ آپ اس کے ذریعے سے (لوگوں کو) ڈرائیں اور (یہ) مومنوں کے لیے نصیحت ہے۔﴿۲﴾

2. (This is a) Book (the Qur'ān) sent down to you (O Muhammad ﷺ), so let not your breast be narrow therefrom, that you warn thereby; and a reminder to the believers.

اتَّبِعُوا مَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۗ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ﴿٣﴾

تم اس (ہدایت) کی پیروی کرو جو تمھارے رب کی طرف سے تمھاری طرف نازل کی گئی ہے، اور تم اس کے علاوہ (اور) دوستوں کی پیروی نہ کرو، تم بہت ہی کم نصیحت حاصل کرتے ہو۔﴿۳﴾

3. [Say (O Muhammad ﷺ) to these idolaters (pagan Arabs) of your folk:] Follow what has been sent down to you from your Lord (the Qur'ān and Prophet Muhammad's *Sunnah*), and follow not any *Auliyā'* (protectors and helpers who order you to associate partners in worship with Allāh), besides Him (Allāh). Little do you remember!

وَكَم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا فَجَاءَهَا بَأْسُنَا بَيَاتًا أَوْ هُمْ قَائِلُونَ ﴿٤﴾

اور بہت سی بستیاں ایسی ہیں کہ ہم نے انھیں ہلاک کر دیا تو ان کے پاس ہمارا عذاب اس وقت آیا جب وہ رات کو سوئے ہوئے تھے یا وہ دوپہر کو آرام

4. And a great number of towns (their population) We destroyed (for their crimes). Our torment came upon them (suddenly) by

کر رہے تھے④

night or while they were taking their midday nap.

فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ⑤

پھر جب ان کے پاس ہمارا عذاب آ گیا تو ان کی پکار بس یہی تھی کہ وہ کہنے لگے: بے شک ہم ہی ظالم تھے⑤

5. No cry did they utter when Our torment came upon them but this: "Verily, we were *Zālimun* (polytheists and wrong doers)."

فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ⑥

چنانچہ ہم ان لوگوں سے ضرور سوال کریں گے جن کی طرف رسول بھیجے گئے تھے اور ہم رسولوں سے بھی ضرور سوال کریں گے⑥

6. Then surely We shall question those (people) to whom it (the Book) was sent and verily, We shall question the Messengers.

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ⑦

پھر ہم (سب کچھ اپنے) علم سے ان کے سامنے ضرور بیان کریں گے، اور ہم (دنیا میں) غائب (غیر حاضر) تو نہ تھے⑦

7. Then surely We shall narrate to them (their whole story) with knowledge, and indeed We have not been absent.

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ِۨ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑧

اور اس دن (اعمال کا) وزن کیا جانا برحق ہے، پھر جس شخص کے (نیک اعمال کے) وزن بھاری ہوئے تو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں[1]⑧

8. And the weighing on that day (Day of Resurrection) will be the true (weighing).[1] So, as for those whose Scale (of good deeds) will be heavy, they will be the successful (by entering Paradise).

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ⑨

اور جس شخص کے (نیک اعمال کے) وزن ہلکے ہوئے، تو وہی لوگ ہیں جنھوں نے اپنی جانوں کو خسارے میں ڈالا، اس لیے کہ وہ ہماری آیات کے ساتھ بے انصافی کرتے تھے⑨

9. And as for those whose Scale will be light, they are those who will lose their ownselves (by entering Hell) because they denied and rejected Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.).

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ

اور بلاشبہ ہم نے تمھیں زمین میں قدرت دی اور

10. And surely We gave you authority on the earth and

---

[1] (V.7:8) The Statement of Allāh تعالى:

"And We shall set up Balances of justice on the Day of Resurrection." (V.21:47)

The deeds and the statement of Adam's offspring will be weighed.

Narrated Abu Hurairah رضى الله عنه: The Prophet ﷺ said, "(There are) two words (expressions or sayings) which are dear to the Most Gracious (Allah) and very easy for the tongue to say, but very heavy in the Balance. They are: سبحان الله وبحمده ، سبحان الله العظيم *Subhān Allāhi wa bihamdihi — Subhān Allāhil-'Azīm.*"* [*Sahih Al-Bukhari*, 9/7563 (O.P.652)].

* "Glorified is Allāh and His is all praise" — "Glorified is Allāh, the Most Great." [or I deem Allāh above all those unsuitable things ascribed to Him, and free Him from resembling anything whatsoever, and I glorify His Praises! I deem Allāh, the Most Great above all those unsuitable things ascribed to Him and free Him from resembling anything whatsoever].

① اس میں وزن اعمال کا بیان ہے یعنی قیامت کے دن انسانوں کے اعمال تولے جائیں گے۔ ترازو اور میزان حق و انصاف پر مبنی ہوگا۔ "اور قیامت کے دن ہم (لوگوں کے اعمال تولنے کے لیے) میزان عدل قائم کریں گے۔" (الانبیاء: 47/21) حدیث میں بھی وزن اعمال کو بیان کیا گیا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "دو کلمے اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہیں، زبان پر بہت ہلکے اور میزان (اعمال کی ترازو) میں بہت بھاری ہیں (وہ یہ ہیں) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ "اللہ پاک ہے اپنی تعریفوں کے ساتھ، پاک ہے بڑی عظمت والا۔" (صحیح البخاری، کتاب التوحید، حدیث: 7563) اس کا مطلب ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کو ان تمام باتوں سے پاک سمجھتا ہوں جو اس کے شایان شان نہیں ہیں جو اس کی طرف منسوب کی جاتی ہیں، میں اللہ تعالیٰ کو ان چیزوں سے بہت بلند و برتر و اعلیٰ سمجھتا ہوں جو اس کی طرف منسوب کی جاتی ہیں اور میں اس کی حمد و ثنا بیان کرتا ہوں۔

فِيهَا مَعَايِشَ ۗ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ⑩

اس میں تمھارے لیے گزران کے اسباب فراہم کر دیے، تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو⑩

appointed for you therein provisions (for your life). Little thanks do you give.

وَلَقَدْ خَلَقْنَاكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنَاكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ لَمْ يَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ ⑪

اور بلاشبہ ہم نے تمھیں پیدا کیا، پھر تمھاری صورتیں بنائیں، پھر ہم نے فرشتوں سے کہا: تم آدم کو سجدہ کرو، چنانچہ انھوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ سجدہ کرنے والوں میں (شامل) نہ ہوا⑪

11. And surely, We created you (your father Adam) and then gave you shape (the noble shape of a human being); then We told the angels, "Prostrate yourselves to Adam," and they prostrated themselves, except *Iblīs* (Satan), he refused to be of those who prostrated themselves.

قَالَ مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ ۖ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِي مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن طِينٍ ⑫

اللہ نے کہا: تجھے کس چیز نے روکا کہ تو نے سجدہ نہ کیا جبکہ میں نے تجھے حکم دیا تھا؟ وہ بولا: میں اس سے بہتر ہوں، مجھے تو نے آگ سے پیدا کیا اور اسے تو نے مٹی سے پیدا کیا ہے⑫

12. (Allāh) said: "What prevented you (O *Iblīs*) that you did not prostrate yourself, when I commanded you?" *Iblīs* said: "I am better than him (Adam). You created me from fire, and him You created from clay."

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَن تَتَكَبَّرَ فِيهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِينَ ⑬

اللہ نے کہا: پھر تو اس (جنت) سے اتر جا، کیونکہ تیرے لائق یہ نہیں تھا کہ تو اس میں تکبر کرتا، لہٰذا تو نکل جا، بے شک تو ذلیلوں میں سے ہے⑬

13. (Allāh) said: "(O *Iblīs*) get down from this (Paradise), it is not for you to be arrogant here. Get out, for you are of those humiliated and disgraced."

قَالَ أَنظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ⑭

اس نے کہا: تو مجھے (اس دن تک) مہلت دے دے، جب لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گے⑭

14. (*Iblīs*) said: "Allow me respite till the Day they are raised up (i.e. the Day of Resurrection)."

قَالَ إِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ ⑮

اللہ نے کہا: بے شک تو مہلت دیے گئے لوگوں میں سے ہے⑮

15. (Allāh) said: "You are of those respited."

قَالَ فَبِمَا أَغْوَيْتَنِي لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ⑯

وہ بولا: پس اس وجہ سے کہ تو نے مجھے گمراہ کیا تو میں ان (لوگوں کو گمراہ کرنے) کے لیے تیرے سیدھے راستے پر ضرور بیٹھوں گا⑯

16. (*Iblīs*) said: "Because You have sent me astray, surely, I will sit in wait against them (human beings) on Your straight path.

ثُمَّ لَآتِيَنَّهُم مِّن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَن شَمَائِلِهِمْ ۖ وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شَاكِرِينَ ⑰

پھر میں ان کے سامنے سے اور ان کے پیچھے سے ان کے پاس ضرور آؤں گا، اور ان کے دائیں سے اور ان کے بائیں سے بھی، اور تو ان کی اکثریت کو شکر گزار نہیں پائے گا⑰

17. "Then I will come to them from before them and behind them, from their right and from their left, and You will not find most of them as thankful ones (i.e. they will not be dutiful to You)."

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُومًا مَّدْحُورًا ۖ لَّمَن تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنكُمْ أَجْمَعِينَ ⑱

اللہ نے فرمایا: نکل جا اس سے ذلیل دھتکارا ہوا، پھر ان میں سے جو تیری پیروی کرے گا، تو میں جہنم کو تم سب سے ضرور بھروں گا⑱

18. (Allāh) said (to *Iblīs*): "Get out from this (Paradise), disgraced and expelled. Whoever of them (mankind) will follow you, then surely, I will fill Hell with you all."

19. "And O Adam! Dwell you and your wife in Paradise, and eat thereof as you both wish, but approach not this tree otherwise you both will be of the *Zālimūn* (unjust and wrong doers)."

اور اے آدم! تو اور تیری بیوی جنت میں رہو، اور تم دونوں جہاں سے چاہو کھاؤ، اور تم دونوں اس درخت کے قریب مت جانا ورنہ تم دونوں ظالموں میں سے ہو جاؤ گے ⑲

وَيَٰٓـَٔادَمُ اسْكُنْ أَنتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّٰلِمِينَ ⑲

20. Then *Shaitān* (Satan) whispered suggestions to them both in order to uncover that which was hidden from them of their private parts (before): he said: "Your Lord did not forbid you this tree except that you should become angels or become of the immortals."

پھر شیطان نے ان دونوں کو بہکانے کے لیے (ان کے دل میں) وسوسہ ڈالا تاکہ ان کے لیے ان کی شرم گاہیں ظاہر کر دے جو ان سے چھپی ہوئی تھیں، اور شیطان نے کہا: تمھارے رب نے تمھیں صرف اس لیے روکا ہے کہ (کہیں) تم دونوں فرشتے نہ بن جاؤ یا (کہیں) تم دونوں ہمیشہ رہنے والوں میں سے نہ ہو جاؤ ⑳

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطَٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُۥرِيَ عَنْهُمَا مِن سَوْءَٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهَىٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هَٰذِهِ الشَّجَرَةِ إِلَّآ أَن تَكُونَا مَلَكَيْنِ أَوْ تَكُونَا مِنَ الْخَٰلِدِينَ ⑳

21. And he [*Shaitān* (Satan)] swore by Allāh to them both (saying): "Verily, I am one of the sincere well-wishers for you both."

اور اس نے ان دونوں کے سامنے قسم کھائی کہ بے شک میں تم دونوں کے خیر خواہوں میں سے ہوں ㉑

وَقَاسَمَهُمَآ إِنِّي لَكُمَا لَمِنَ النَّٰصِحِينَ ㉑

22. So he misled them with deception. Then when they tasted of the tree, that which was hidden from them of their shame (private parts) became manifest to them and they began to cover themselves with the leaves of Paradise (in order to cover their shame). And their Lord called out to them (saying): "Did I not forbid you that tree and tell you: Verily, *Shaitān* (Satan) is an open enemy to you?"

چنانچہ شیطان نے ان دونوں کو دھوکا دے کر پھسلا دیا، پھر جب ان دونوں نے اس درخت کا پھل چکھا تو ان دونوں کی شرم گاہیں ان پر ظاہر ہو گئیں، اور وہ دونوں اپنے اوپر جنت کے پتے چپکانے لگے (تاکہ ستر ڈھانپ سکیں)، اور ان کے رب نے ان کو آواز دی: کیا میں نے تمھیں اس درخت سے روکا نہیں تھا؟ اور میں نے تمھیں یہ (نہیں) کہا تھا کہ شیطان تم دونوں کا کھلا دشمن ہے؟ ㉒

فَدَلَّىٰهُمَا بِغُرُورٍ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْءَٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِن وَرَقِ الْجَنَّةِ وَنَادَىٰهُمَا رَبُّهُمَآ أَلَمْ أَنْهَكُمَا عَن تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَأَقُل لَّكُمَآ إِنَّ الشَّيْطَٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِينٌ ㉒

23. They said: "Our Lord! We have wronged ourselves. If You forgive us not, and bestow not upon us Your Mercy, we shall certainly be of the losers."

انھوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہم نے اپنے آپ پر ظلم کیا، اور اگر تو نے ہمیں نہ بخشا اور تو نے ہم پر رحم نہ فرمایا تو یقیناً ہم خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے ㉓

قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَٰسِرِينَ ㉓

24. (Allāh) said: "Get down, one of you an enemy to the other [i.e. Adam, Hawwa' (Eve) and *Shaitān* (Satan)]. On earth will be a dwelling place for you and an enjoyment for a time."

اللہ نے کہا: تم اترو، تم ایک دوسرے کے دشمن ہو، اور تمھیں زمین میں ٹھہرنا اور ایک (مقررہ) وقت تک فائدہ (اٹھانا) ہے ㉔

قَالَ اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَٰعٌ إِلَىٰ حِينٍ ㉔

25. He said: "Therein you shall live, and therein you shall die,

اور فرمایا: تم اسی (زمین) میں زندہ رہو گے، اور اسی میں تم مرو گے اور (قیامت کے دن) اسی سے تم نکالے

قَالَ فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ ㉕

ع 2 / 9

جاؤ گے⑳

and from it you shall be brought out (i.e. resurrected)."

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ۭ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ㉖

اے بنی آدم! بے شک ہم نے تم پر ایسا لباس نازل کیا جو تمھاری شرمگاہیں چھپاتا ہے اور زینت کا باعث ہے، اور پرہیزگاری کا لباس بہت بہتر ہے۔① یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے، تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں㉖

26. O Children of Adam! We have bestowed raiment upon you to cover your private parts, and as an adornment; and the raiment of righteousness, that is better. Such are among the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh, that they may remember (i.e. leave falsehood and follow truth).[1]

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ۭ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ㉗

اے بنی آدم! کہیں شیطان تمھیں فتنے میں نہ ڈال دے جس طرح اس نے تمھارے ماں باپ کو جنت سے نکلوایا تھا جب اس نے ان دونوں کا لباس اتروایا تھا، تاکہ ان کو ان کی شرم گاہیں دکھا دے۔ بے شک وہ اور اس کا قبیلہ تمھیں دیکھتا ہے جہاں سے تم انھیں نہیں دیکھ سکتے۔ بے شک ہم نے شیطانوں کو ان لوگوں کے دوست بنا دیا جو ایمان نہیں لاتے㉗

27. O Children of Adam! Let not *Shaitān* (Satan) deceive you, as he got your parents [Adam and Hawwā' (Eve)] out of Paradise, stripping them of their raiments, to show them their private parts. Verily, he and *Qabīluhu* (his soldiers from the jinn or his tribe) see you from where you cannot see them. Verily, We made the *Shayātin* (devils) *Auliyā'* (protectors and helpers) for those who believe not.

وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَاۗءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ ۭ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ㉘

اور جب وہ کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم نے اپنے باپ دادا کو یہی کرتے پایا اور اللہ نے ہمیں اس کا حکم دیا ہے۔ (اے نبی!) آپ کہہ دیجیے: اللہ قطعاً بے حیائی کا حکم نہیں دیتا، کیا تم اللہ کے ذمے ایسی باتیں لگاتے ہو جو تم نہیں جانتے؟㉘

28. And when they commit a *Fāhisha* (evil deed, going round the Ka'bah in naked state, great sins and unlawful sexual intercourse), they say: "We found our fathers doing it, and Allāh has commanded it on us." Say: "Nay, Allāh never commands *Fāhisha*. Do you say of Allāh what you know not?"

قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۣ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڛ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ㉙

کہہ دیجیے: میرے رب نے انصاف (کرنے) کا حکم دیا ہے، اور (یہ کہ) ہر نماز کے وقت اپنے منہ سیدھے (قبلہ رخ) کر لو اور خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے اسی کو پکارو، جیسے اس نے تمھیں (پہلے) پیدا کیا (ویسے ہی) تم (اس کی طرف) لوٹو

29. Say (O Muhammad ﷺ): My Lord has commanded justice and (said) that you should face Him only (i.e. worship none but Allāh and face the *Qiblah*, i.e. the Ka'bah at Makkah during prayers) in every place of

---

[1] (V.7:26) It is said that the pagan Arabs in the Pre-Islamic Period of Ignorance used to do *Tawaf* (going round) of the Ka'bah in a naked state. So when Islām became victorious and Makkah was conquered, the pagans and the polytheists were forbidden to enter Makkah, and none was allowed to do *Tawaf* of the Ka'bah in a naked state.

① بیان کیا جاتا ہے کہ اسلام سے قبل دور جاہلیت میں عرب کے بت پرست برہنہ حالت میں کعبہ کا طواف کیا کرتے تھے، چنانچہ جب اسلام غالب آ گیا اور مکہ فتح ہو گیا تو ان بت پرستوں اور مشرکین کو مکہ میں داخل ہونے سے منع کر دیا گیا اور سب کو برہنہ حالت میں طواف کعبہ سے روک دیا گیا۔

گے ﴿۲۹﴾

worship, in prayers (and not to face other false deities and idols), and invoke Him only making your religion sincere to Him (by not joining in worship any partner with Him and with the intention that you are doing your deeds for Allāh's sake only). As He brought you (into being) in the beginning, so shall you be brought into being [on the Day of Resurrection in two groups, one as a blessed one (believers), and the other as a wretched one (disbelievers)].

فَرِيقًا هَدَىٰ وَفَرِيقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلَالَةُ ۗ إِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيَاطِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ اللَّهِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ ﴿٣٠﴾

ایک فریق کو اس نے ہدایت دی، اور دوسرے فریق پر گمراہی ثابت ہوگئی ہے۔ یقیناً انھوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو دوست بنالیا ہے، اور وہ خیال کرتے ہیں کہ بے شک وہ ہدایت یافتہ ہیں ﴿۳۰﴾

30. A group He has guided, and a group deserved to be in error; (because) surely, they took the *Shayātīn* (devils) as *Auliyā'* (protectors and helpers) instead of Allāh, and think that they are guided.

يَا بَنِي آدَمَ خُذُوا زِينَتَكُمْ عِندَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَا تُسْرِفُوا ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ ﴿٣١﴾

اے بنی آدم! تم ہر نماز کے وقت اپنی زینت اختیار کرو،(1) اور کھاؤ اور پیو، اور فضول خرچی نہ کرو، بے شک وہ فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿۳۱﴾

31. O Children of Adam! Take your adornment (by wearing your clean clothes) while praying[1] [and going round (the *Tawāf* of) the Ka'bah], and eat and drink but waste not by extravagance, certainly He (Allāh) likes not *Al*

[1] (V.7:31) It is obligatory to wear the clothes while praying. And the Statement of Allāh عز وجل: "Take your adornment [(by wearing your clean clothes) covering completely the *'Aurah* (covering of one's *'Aurah* means: while praying, a male must cover himself with clothes from umbilicus of his abdomen up to his knees, and it is better that his both shoulders should be covered. And a female must cover all her body and feet except face, and it is better that both her hands are also covered)] while praying [and going round (the *Tawāf* of) the Ka'bah]."

In how many (what sort of) clothes a woman should pray? 'Ikrimah said, "If she can cover all her body with one garment, it is sufficient."*

* It is agreed by the majority of the religious scholars that a woman while praying should cover herself completely except her face, and it is better that she should cover her hands with gloves or cloth, but her feet must be covered either with a long dress or she must wear socks to cover her feet. This verdict is based on the Prophet's statement (*Abu Dawūd*).

Narrated 'Āishah رضي الله عنها: Allāh's Messenger ﷺ used to offer the *Fajr* prayer and some believing women covered with their veiling sheets used to attend the *Fajr* prayer with him, and then they would return to their homes unrecognized. [*Sahih Al-Bukhari*, 1/372 (O.P.368)]

(1) اس کا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ نماز کے وقت کپڑے پہننا ضروری ہے۔ جس سے مراد یہ ہے کہ نماز ادا کرتے ہوئے ایک مرد کندھوں پر کپڑا ڈالے اور ناف سے گھٹنوں تک اپنا جسم کپڑوں سے چھپا کر رکھے اور ایک عورت اپنے چہرے کے سوا تمام جسم چھپا کر رکھے۔ علماء کی اکثریت اس امر پر متفق ہے کہ نماز کی حالت میں عورت اپنے چہرے کے سوا تمام جسم کپڑوں میں چھپا کر رکھے اور زیادہ بہتر یہ ہے کہ وہ اپنے ہاتھوں کو بھی کپڑے یا دستانوں سے چھپا کر رکھے، البتہ اس کے پاؤں یا تو لمبے لباس سے ڈھکے ہوئے ہونے چاہئیں یا ایسے جرابیں پہن لی جائیں۔ علماء کی یہ رائے احادیث رسول ﷺ پر مبنی ہے۔ (سنن ابی داود، الصلاۃ، باب 85، حدیث 639، 640) سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فجر کی نماز ادا کرتے تھے تو بعض مسلمان (عورتیں پردے کے لیے) چادریں اوڑھ کر نماز میں شرکت کرتی تھیں، پھر نماز پڑھ کر اپنے گھروں کو واپس چلی جاتی تھیں، انھیں کوئی پہچان نہ سکتا۔ (صحیح البخاری، الصلاۃ، باب 13، حدیث 372)

Musrifūn (those who waste by extravagance).

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِىَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٣٢﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: جو زینت اور کھانے پینے کی پاکیزہ چیزیں اللہ نے اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہیں، وہ کس نے حرام کی ہیں؟ کہہ دیجیے: یہ (پاکیزہ چیزیں) دنیا کی زندگی میں ان لوگوں کے لیے بھی ہیں جو ایمان لائے، جبکہ قیامت کے دن یہ خالص مومنوں ہی کے لیے ہوں گی، اسی طرح ہم آیات کو ان لوگوں کے لیے کھول کر بیان کرتے ہیں جو علم رکھتے ہیں ﴿٣٢﴾

وہاں ہر نفس (شخص) جانچ لے گا جو کچھ اس نے آگے بھیجا تھا اور وہ اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے جو ان کا حقیقی مالک ہے، اور (وہ سب کچھ) ان سے گم ہو جائے گا جو وہ جھوٹ گھڑا کرتے تھے۔﴿٣٠﴾

هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَا أَسْلَفَتْ ۚ وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ ۖ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٣٠﴾

31. Say (O Muhammad ﷺ): "Who provides for you from the sky and the earth? Or who owns hearing and sight? And who brings out the living from the dead and brings out the dead from the living? And who disposes the affairs?" They will say: "Allāh." Say: "Will you not then be afraid of Allāh's punishment (for setting up rivals in worship with Allāh)?"

(اے نبی!) کہہ دیجیے: تمھیں آسمان اور زمین سے کون رزق دیتا ہے؟ یا کانوں اور آنکھوں کا مالک کون ہے؟ اور کون زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے، اور کون ہے جو (دنیا کے) کاموں کی تدبیر کرتا ہے؟ تو وہ (کافر) ضرور کہیں گے: اللہ! تو کہہ دیجیے: کیا پھر تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟﴿٣١﴾

قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَمَّنْ يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَمَنْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ ۚ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣١﴾

32. Such is Allāh, your Lord in truth. So after the truth, what else can there be, save error? How then are you turned away?

یہی تو اللہ ہے جو تمھارا حقیقی رب ہے، پھر حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا ہے؟ پھر تم کدھر پھیرے جاتے ہو؟﴿٣٢﴾

فَذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۖ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ﴿٣٢﴾

33. Thus is the Word of your Lord justified against those who rebel (disobey Allāh) that they

اسی طرح آپ کے رب کا کلمہ ان لوگوں کے بارے میں ثابت ہو کر رہا جنھوں نے نافرمانی کی کہ بے شک

كَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ فَسَقُوا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾

وہ ایمان نہیں لائیں گے ﴿۳۳﴾

will not believe (in the Oneness of Allāh and in Muhammad ﷺ as the Messenger of Allāh).

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَبْدَؤُا۟ ٱلْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُۥ ۚ قُلِ ٱللَّهُ يَبْدَؤُا۟ ٱلْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُۥ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٣٤﴾

کہہ دیجیے: کیا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ہے جو پہلی بار مخلوق کو پیدا کرے، پھر اسے لوٹا (دوبارہ پیدا کر) دے؟ کہہ دیجیے: اللہ ہی پہلی بار مخلوق کو پیدا کرتا ہے، پھر وہی لوٹائے گا، لہٰذا تم کہاں بہکائے جاتے ہو؟ ﴿۳۴﴾

34. Say: "Is there of your (Allāh's so-called) partners one that originates the creation and then repeats it?" Say: "Allāh originates the creation and then He repeats it. Then how are you deluded away (from the truth)?"

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَهْدِىٓ إِلَى ٱلْحَقِّ ۚ قُلِ ٱللَّهُ يَهْدِى لِلْحَقِّ ۗ أَفَمَن يَهْدِىٓ إِلَى ٱلْحَقِّ أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ أَمَّن لَّا يَهِدِّىٓ إِلَّآ أَن يُهْدَىٰ ۖ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿٣٥﴾

کہہ دیجیے: کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ہے جو حق کی طرف ہدایت دیتا ہو؟ کہہ دیجیے: اللہ ہی حق کی ہدایت دیتا ہے، پھر کیا جو حق کی طرف ہدایت دیتا ہے وہ اس بات کا زیادہ حق دار ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ (حق دار) ہے جو خود ہدایت یافتہ نہیں مگر یہ کہ اسے (حق کی) ہدایت دی جائے؟ چنانچہ تمہیں کیا ہوا ہے تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟ ﴿۳۵﴾

35. Say: "Is there of your (Allāh's so-called) partners one that guides to the truth?" Say: "It is Allāh Who guides to the truth. Is then He Who guides to the truth more worthy to be followed, or he who finds not guidance (himself) unless he is guided? Then, what is the matter with you? How judge you?"

وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا ۚ إِنَّ ٱلظَّنَّ لَا يُغْنِى مِنَ ٱلْحَقِّ شَيْـًٔا ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٣٦﴾

اور ان (کافروں) میں سے اکثر گمان ہی کی پیروی کرتے ہیں۔ بے شک گمان حق کے مقابلے میں کچھ بھی فائدہ نہیں دیتا۔ بے شک اللہ خوب جاننے والا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں ﴿۳۶﴾

36. And most of them follow nothing but conjecture. Certainly, conjecture can be of no avail against the truth. Surely, Allāh is All-Knower of what they do.

وَمَا كَانَ هَٰذَا ٱلْقُرْءَانُ أَن يُفْتَرَىٰ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ ٱلَّذِى بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ ٱلْكِتَٰبِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٣٧﴾

اور یہ قرآن (ایسا) نہیں کہ غیر اللہ کی طرف سے گھڑ لیا گیا ہو، بلکہ یہ تو ان کتابوں کی تصدیق کرتا ہے جو اس سے پہلے کی ہیں اور ان تمام کتابوں کی تفصیل (بیان کرتا) ہے، اس میں کوئی شک نہیں، (یہ) رب العالمین کی طرف سے ہے ﴿۳۷﴾①

37. And this Qur'ān is not such as could ever be produced by other than Allāh (Lord of the heavens and the earth), but it is a confirmation of (the Revelation)[1] which was before it [i.e. the Taurāt (Torah), and the Injīl (Gospel)], and a full explanation of the Book (i.e. the laws decreed for mankind) wherein there is no doubt — from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists).

---

[1] (V.10:37) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "There was no Prophet among the Prophets but was given miracles because of which people had security or had belief, but what I have been given is the Divine Revelation which Allāh has revealed to me. So I hope that my followers will be more than those of any other Prophet on the Day of Resurrection." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/7274 (O.P.379)]

① یعنی یہ قرآن کریم۔ ایک حدیث میں نبی ﷺ نے اس قرآن کو اپنا سب سے اہم معجزہ قرار دیا جیسے فرمایا: "ہر نبی کو ایسے معجزات ملے جن کی وجہ سے لوگوں کو یقین نصیب ہوا یا خلقت ایمان لائی۔ اور مجھے جو (معجزہ) عطا کیا گیا ہے وہ وحی الٰہی ہے جو اللہ نے مجھ پر نازل کی ہے، چنانچہ مجھے امید ہے کہ قیامت کے روز میرے پیروکار سب سے زیادہ ہوں گے۔" (صحیح البخاری، الاعتصام بالکتاب والسنۃ، باب ۱، حدیث ۷۲۷۴)

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾

کیا وہ (لوگ) کہتے ہیں کہ اس (رسول) نے اسے گھڑ لیا ہے؟ (اے نبی!) کہہ دیجیے تو تم اس جیسی ایک ہی سورت لے آؤ اور (اس میں مدد کے لیے) اللہ کے سوا جن کو بلا سکتے ہو بلا لو، اگر تم سچے ہو۔ (38)

38. Or do they say: "He (Muhammad ﷺ) has forged it?" Say: "Bring then a *Sūrah* (chapter) like it, and call upon whomsoever you can besides Allāh, if you are truthful!"

بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾

بلکہ انھوں نے ایسی چیز کو جھٹلایا جس کا اپنے علم سے وہ احاطہ نہ کر سکے اور ابھی تک اس کی اصل حقیقت بھی ان پر نہیں کھلی تھی، اسی طرح ان لوگوں نے (بھی) جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے، پھر دیکھیے ظالموں کا انجام کیسا ہوا؟ (39)

39. Nay, they have denied the knowledge whereof they could not comprehend and what has not yet been fulfilled (i.e. their punishment). Thus those before them did deny. Then see what was the end of the *Zālimun* (polytheists and wrong doers)!

وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ ع

اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو اس پر ایمان نہیں لاتے۔ اور آپ کا رب ان فساد کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ (40)

40. And of them there are some who believe therein; and of them there are some who believe not therein, and your Lord is the Best Knower of the *Mufsidun* (evildoers and liars).

وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾

اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو کہہ دیجیے: میرے لیے میرا عمل ہے اور تمھارے لیے تمھارا عمل، تم اس سے بری ہو جو میں عمل کرتا ہوں اور میں اس سے بری ہوں جو تم عمل کرتے ہو۔ (41)

41. And if they deny you, say: "For me are my deeds and for you are your deeds! You are innocent of what I do, and I am innocent of what you do!"

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ ﴿٤٢﴾

اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں، پھر کیا آپ بہروں کو سنا سکتے ہیں اگرچہ وہ عقل نہ رکھتے ہوں؟ (42)

42. And among them are some who listen to you, but can you make the deaf to hear — even though they apprehend not?

وَمِنْهُم مَّن يَنظُرُ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ ﴿٤٣﴾

اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو آپ کی طرف دیکھتے ہیں، پھر کیا آپ اندھوں کو راہ دکھا سکتے ہیں اگرچہ وہ نہ دیکھتے ہوں؟ (43)

43. And among them are some who look at you, but can you guide the blind — even though they see not?

إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٤٤﴾

بے شک اللہ لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا، مگر لوگ اپنے آپ پر (خود ہی) ظلم کرتے ہیں۔ (44)

44. Truly, Allāh wrongs not mankind in aught; but mankind wrong themselves.

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ ۚ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿٤٥﴾

اور جس دن وہ انھیں اکٹھا کرے گا (تو انھیں یوں لگے گا) جیسے وہ (دنیا میں) دن کی ایک گھڑی سے زیادہ نہ رہے تھے، وہ باہم ایک دوسرے کو پہچان لیں گے۔ یقیناً وہ لوگ خسارے میں رہے جنھوں نے اللہ کی ملاقات کو جھٹلایا اور وہ ہدایت یافتہ نہ تھے۔ (45)

45. And on the Day when He shall gather (resurrect) them together, (it will be) as if they had not stayed (in the life of this world and graves) but an hour of a day. They will recognise each other. Ruined indeed will be those who denied the Meeting with Allāh and were not guided.

وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ ﴿٤٦﴾

اور (اے نبی!) اگر ہم ایسا کوئی عذاب آپ کو دکھا دیں جس کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں یا ہم آپ کو وفات دے دیں تو انھیں ہماری ہی طرف لوٹنا ہے، پھر اللہ ان کے اعمال پر گواہ ہے جو وہ کرتے ہیں۔

46. Whether We show you (in your lifetime, O Muhammad ﷺ) some of what We promise them (the torment), or We cause you to die — still to Us is their return, and moreover Allāh is Witness over what they used to do.

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٤٧﴾

اور ہر امت کا ایک رسول ہے، پھر جب ان کا رسول آ گیا تو ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا، اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔

47. And for every *Ummah* (a community or a nation) there is a Messenger; when their Messenger comes, the matter will be judged between them with justice, and they will not be wronged.

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾

اور وہ (کفار) کہتے ہیں: یہ (عذاب کا) وعدہ کب (پورا) ہوگا، اگر تم سچے ہو؟

48. And they say: "When will be this promise (the torment or the Day of Resurrection), if you speak the truth?"

قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: میں اپنی ذات کے لیے کسی نقصان کا اختیار نہیں رکھتا اور نہ نفع کا، مگر جو اللہ چاہے۔ ہر امت کے لیے ایک مقررہ وقت ہے۔ جب ان کا مقررہ وقت آ جاتا ہے تو وہ (اس سے) ایک گھڑی بھی آگے پیچھے نہیں ہو سکتے۔

49. Say (O Muhammad ﷺ): "I have no power over any harm or profit to myself except what Allāh may will. For every *Ummah* (a community or a nation), there is a term appointed; when their term comes, neither can they delay it nor can they advance it an hour (or a moment)." (*Tafsir Al-Qurtubi*).

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٠﴾

کہہ دیجیے: بھلا دیکھو تو، اگر اس کا عذاب تم پر رات کو یا دن کو آ جائے (تو تم کیا کر لو گے؟) آخر وہ کیا چیز ہے جس کے لیے مجرم جلدی مچا رہے ہیں؟

50. Say: "Tell me, if His torment should come to you by night or by day, which portion thereof would the *Mujrimūn* (disbelievers, polytheists, sinners, criminals) hasten on?"

أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ آمَنتُم بِهِ ۚ آلْآنَ وَقَدْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٥١﴾

کیا پھر جب (عذاب) واقع ہو جائے گا (تب) اس پر ایمان لاؤ گے؟ (اس وقت کہا جائے گا) کیا اب (ایمان لاتے ہو؟) حالانکہ تم تو یقیناً اسے جلدی طلب کرتے تھے۔

51. Is it then that when it has actually befallen, you will believe in it? What! Now (you believe)? And you used (aforetime) to hasten it on!"

ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ ﴿٥٢﴾

پھر جنھوں نے ظلم کیا ان سے کہا جائے گا: تم دائمی عذاب (کا مزہ) چکھو، تمھیں انھی کاموں کا بدلہ دیا جائے گا جو تم (دنیا میں) کماتے رہے۔

52. Then it will be said to them who wronged themselves: "Taste you the everlasting torment! Are you recompensed (aught) save what you used to earn?"

وَيَسْتَنبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۖ قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ ۖ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٥٣﴾

اور (اے نبی!) وہ آپ سے دریافت کرتے ہیں: کیا وہ (عذاب) واقعی حق ہے؟ (آپ) کہہ دیجیے: ہاں! میرے رب کی قسم! وہ حق ہے، اور تم (اللہ کو) عاجز

53. And they ask you (O Muhammad ﷺ) to inform them (saying): "Is it true (i.e. the torment and the establishment of

the Hour — the Day of Resurrection)?" Say: "Yes! By my Lord! It is the very truth! and you cannot escape it!"

نہیں کر سکتے ﴿۵۳﴾

وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۖ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۚ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿۵۴﴾

اور اگر بلاشبہ ہر ظالم شخص کے پاس جو کچھ زمین میں ہے تو وہ اسے (عذاب سے بچنے کے لیے) ضرور فدیہ دے دے گا اور مجرم جب عذاب دیکھیں گے تو ندامت کو چھپائیں گے اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے[1] ﴿۵۴﴾

54. And if every person who had wronged (by disbelieving in Allāh and by worshipping others besides Allāh) possessed all that is on the earth and sought to ransom himself therewith (it will not be accepted), and they would feel in their hearts regret when they see the torment, and they will be judged with justice, and no wrong will be done to them.[1]

أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ أَلَا إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۵۵﴾

آگاہ رہو! بے شک اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، آگاہ رہو! بلاشبہ اللہ کا وعدہ حق ہے لیکن ان کے اکثر (لوگ) نہیں جانتے ﴿۵۵﴾

55. No doubt, surely all that is in the heavens and the earth belongs to Allāh. No doubt, surely Allāh's Promise is true. But most of them know not.

هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۵۶﴾

وہی زندہ کرتا اور (وہی) مارتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿۵۶﴾

56. It is He Who gives life and causes death, and to Him you (all) shall return.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿۵۷﴾

اے لوگو! یقیناً تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے نصیحت اور شفا ان (بیماریوں) کے لیے جو سینوں میں ہیں، اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آگئی ہے ﴿۵۷﴾

57. O mankind! There has come to you a good advice from your Lord (i.e. the Qur'ān, enjoining all that is good and forbidding all that is evil), and a healing for that (disease of ignorance, doubt, hypocrisy and differences) which is in your breasts, — a guidance and a mercy (explaining lawful and unlawful things) for the believers.

قُلْ بِفَضْلِ اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ ﴿۵۸﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: (یہ) اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے (نازل ہوا) ہے، لہٰذا (لوگوں کو) چاہیے کہ وہ اس کے ساتھ خوش ہوں، یہ ان چیزوں سے بہت بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں ﴿۵۸﴾

58. Say: "In the bounty of Allāh, and in His Mercy (i.e. Islām and the Qur'ān); —therein let them rejoice." That is better than what (the wealth) they amass.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ لَكُمْ مِنْ رِزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِنْهُ حَرَامًا وَحَلَالًا قُلْ آللَّهُ أَذِنَ لَكُمْ ۖ أَمْ عَلَى اللَّهِ تَفْتَرُونَ ﴿۵۹﴾

کہہ دیجیے: بھلا دیکھو تو، اللہ نے تمھارے لیے جو رزق نازل کیا، پھر تم نے اس میں سے کچھ حرام اور کچھ حلال ٹھہرا لیا۔ کہہ دیجیے: کیا اللہ نے تمھیں (یہ)

59. Say (O Muhammad ﷺ to these polytheists): "Tell me, what provision Allāh has sent down to you! And you have made of it lawful and unlawful." Say (O

[1] (V.10:54) See the footnote of (V.3:91).

① دیکھیے حاشیہ: (سورۂ آل عمران، 3:91)

Muhammad ﷺ): "Has Allāh permitted you (to do so), or do you invent a lie against Allāh?"

ٹھہرا دیے ہیں؟ یا تم اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو؟ ﴿59﴾

وَمَا ظَنُّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿60﴾

اور کیا گمان ہے ان لوگوں کا جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں، روز قیامت کے بارے میں؟ بے شک اللہ لوگوں پر بڑے فضل والا ہے لیکن ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے ﴿60﴾

60. And what think those who invent a lie against Allāh, on the Day of Resurrection? [i.e. Do they think that they will be forgiven and excused! Nay, they will have an eternal punishment in the fire of Hell.] Truly, Allāh is full of bounty to mankind, but most of them are ungrateful.

وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُو مِنْهُ مِن قُرْآنٍ وَلَا تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ ۚ وَمَا يَعْزُبُ عَن رَّبِّكَ مِن مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿61﴾

اور (اے نبی!) آپ جس حال میں بھی ہوتے ہیں اور اللہ کی طرف سے (نازل شدہ) قرآن میں سے جو کچھ بھی پڑھتے ہیں، اور تم لوگ جو بھی عمل کرتے ہو، اس وقت ہم تمہیں دیکھ رہے ہوتے ہیں جب تم اس میں مصروف ہوتے ہو۔ اور آپ کے رب سے ذرہ برابر کوئی چیز بھی چھپی نہیں ہوتی، زمین میں اور نہ آسمان میں، اور نہ کوئی اس سے چھوٹی (چیز) اور نہ بڑی مگر (وہ) واضح کتاب میں (درج) ہے ﴿61﴾

61. Neither you (O Muhammad ﷺ) do any deed nor recite any portion of the Qur'ān, nor you (O mankind) do any deed (good or evil) but We are Witness thereof when you are doing it. And nothing is hidden from your Lord (so much as) the weight of an atom (or small ant) on the earth or in the heaven. Not what is less than that or what is greater than that but is (written) in a Clear Record. (*Tafsir At-Tabarî*)

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿62﴾

آگاہ رہو! بے شک اولیاء اللہ پر کوئی خوف نہ ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے[1] ﴿62﴾

62. No doubt! Verily, the *Auliyā'* of Allāh [i.e. those who believe in the Oneness of Allāh and fear Allāh much (abstain from all kinds of sins and evil deeds which He has forbidden), and love Allāh much (perform all kinds of good deeds which He has ordained)], no fear shall come upon them nor shall they grieve.[1]

الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿63﴾

(یعنی) وہ لوگ جو ایمان لائے اور (اللہ سے) ڈرتے رہے ﴿63﴾

63. Those who believed (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism), and used to fear

[1] (V.10:62) Narrated Abu Sa'id Al-Khudri رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "When the funeral is ready and the men carry it on their shoulders, if the deceased was righteous (believer of Islāmic Monotheism), it will say 'Present me (hurriedly),' and if he was not righteous (disbeliever of Islāmic Monotheism), it will say: 'Woe to it (me)! Where are they taking it (me)?' Its voice is heard by everything except man, and if he heard it, he would fall unconscious." [*Sahih Al-Bukhari*, 2:1314 (O.P.400)]

① یہ اللہ کے نیک بندوں کا حال بیان کیا گیا ہے۔ جب کہ اللہ کے نافرمانوں کا حال اس کے برعکس ہوگا۔ چنانچہ حدیث میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب جنازہ تیار ہو جاتا ہے اور آدمی اسے کندھوں پر اٹھا لیتے ہیں اگر وہ نیک ہوتا ہے تو کہتا ہے: "مجھے جلدی جلدی لے چلو" اور اگر وہ نیک نہیں ہوتا تو کہتا ہے: "ہائے خرابی! اسے (مجھے) کہاں لے جا رہے ہو؟" اس کی آواز انسانوں کے سوا ہر چیز سنتی ہے اور اگر انسان اس کو سن لے تو بے ہوش ہو جائے۔" (صحیح بخاری، الجنائز، باب:50، حدیث:1314)

Allāh much (by abstaining from evil deeds and sins and by doing righteous deeds).

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿64﴾

ان کے لیے دنیاوی زندگی میں خوشخبری① ہے اور آخرت میں (بھی)، اللہ کی باتوں میں تبدیلی نہیں ہوتی، یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔﴿64﴾

64. For them are glad tidings, in the life of the present world[1] (i.e. through a righteous dream seen by the person himself or shown to others), and in the Hereafter. No change can there be in the Words of Allāh. This is indeed the supreme success.

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿65﴾

اور (اے نبی!) ان کی باتیں آپ کو غمگین نہ کریں، بے شک عزت تو ساری اللہ ہی کے لیے ہے، وہی خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔﴿65﴾

65. And let not their speech grieve you (O Muhammad ﷺ), for all power and honour belong to Allāh. He is the All-Hearer, the All-Knower.

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَاۗءَ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿66﴾

آگاہ رہو! بے شک اللہ ہی کے لیے ہے جو آسمانوں میں جو (مخلوق) ہے اور جو زمین میں ہے۔ اور جو لوگ اللہ کے سوا شریکوں کو پکارتے ہیں، وہ (کسی دوسری) چیز کی پیروی نہیں کرتے مگر صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں، اور وہ محض قیاس کے گھوڑے دوڑاتے ہیں۔﴿66﴾

66. No doubt! Verily, to Allāh belongs whosoever is in the heavens and whosoever is in the earth. And those who worship and invoke others besides Allāh, in fact they follow not the (Allāh's so-called) partners, they follow only a conjecture and they only invent lies.

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿67﴾

وہی ہے (اللہ) جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ اس میں سکون (حاصل) کرو اور دن کو روشن بنایا۔ بے شک اس میں یقیناً بہت بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو سنتے ہیں۔﴿67﴾

67. He it is Who has appointed for you the night that you may rest therein, and the day to make things visible (to you). Verily, in this are *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.) for a people who listen (i.e. those who think deeply).

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ۭ اَتَقُوْلُوْنَ

انھوں نے کہا کہ اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے۔ وہ (ہر عیب سے) پاک ہے، وہ بے پروا ہے، اسی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے،

68. They (Jews, Christians and pagans) say: "Allāh has begotten a son (children)." Glory is to Him! He is Rich (Free of all

---

(1) (V.10:64)

a) Narrated Abu Huraira رضی اللہ عنہ: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying: "Nothing is left of *An-Nubuwwah* (i.e. Prophethood) except *Al-Mubashshirat*." They asked, "What is *Al-Mubashshirat?*" He replied, "The true good dreams (that convey glad tidings)." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6990 (O.P.119)]

b) Narrated Abu Huraira رضی اللہ عنہ: Allāh's Messenger ﷺ said: "The (good) dream of a faithful believer is a part of the forty six parts of *An-Nubuwwah* (Prophethood)." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6988 (O.P.117)]

① حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: "نبوت میں سے کوئی چیز باقی نہیں رہی سوائے مبشرات کے۔" لوگوں نے پوچھا: مبشرات کیا ہیں؟ فرمایا: "سچے اور اچھے خواب (جو خوشخبری دیتے ہیں)۔" (صحیح البخاری، التعبیر، باب 5، حدیث: 6990) ایک دوسری روایت میں فرمایا: "مومن کا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے۔" (حوالہ مذکور، حدیث: 6988)

② [illegible]

عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝٦٨

تمھارے پاس اس بات کی کوئی دلیل نہیں۔ کیا تم اللہ پر وہ بات کہتے ہو جو تم جانتے نہیں؟ ۝٦٨

needs). His is all that is in the heavens and all that is in the earth. No warrant you have for this. Do you say against Allāh what you know not.[1]

قُلْ إِنَّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ ۝٦٩

(اے نبی!) کہہ دیجیے: بے شبہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں، وہ فلاح نہیں پائیں گے۔ ۝٦٩

69. Say: "Verily, those who invent a lie against Allāh, will never be successful" —

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيدَ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ۝٧٠

دنیا میں تھوڑا سا فائدہ اٹھانا ہے، پھر انھیں ہماری ہی طرف لوٹنا ہے، پھر ان کے کفر کرنے کی وجہ سے ہم انھیں شدید عذاب (کا مزہ) چکھائیں گے۔ ۝٧٠

70. (A brief) enjoyment in this world! and then to Us will be their return, then We shall make them taste the severest torment because they used to disbelieve [in Allāh, deny His Messengers, deny and challenge His *Ayāt* (proofs, signs, verses, etc.)].

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوحٍ ۘ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَقَامِي وَتَذْكِيرِي بِآيَاتِ اللَّهِ فَعَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْتُ فَأَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوا إِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُونِ ۝٧١

اور (اے نبی!) آپ انھیں نوح کا قصہ سنا دیجیے۔ جب اس نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اگر تمھیں میرا قیام اور اللہ کی آیتوں کے ساتھ نصیحت کرنا ناگوار ہے تو میں نے اللہ ہی پر توکل کیا ہے، چنانچہ تم اور تمھارے شریک مل کر (میرے خلاف) فیصلہ کر لو، پھر تمھارا فیصلہ تم میں (کسی سے) پوشیدہ نہ رہے، پھر مجھ پر تم وہ نافذ کر دو اور مجھے مہلت نہ دو۔ ۝٧١

71. And recite to them the news of Nūh (Noah). When he said to his people: "O my people, if my stay (with you), and my reminding (you) of the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh is hard for you, then I put my trust in Allāh. So devise your plot, you and your partners, and let not your plot be in doubt for you. Then pass your sentence on me and give me no respite.

فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُمْ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝٧٢

پھر اگر تم (حق سے) پھر جاؤ تو میں نے تم سے کسی اجر کا سوال نہیں کیا، میرا اجر تو اللہ کے پاس ہے، اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں فرماں برداروں میں سے ہو جاؤں۔ ۝٧٢

72. "But if you turn away (from accepting my doctrine of Islamic Monotheism, i.e. to worship none but Allāh), then no reward have I asked of you, my reward is only from Allāh, and I have been commanded to be of the Muslims (i.e. those who submit to Allāh's Will)."

فَكَذَّبُوهُ فَنَجَّيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنَاهُمْ خَلَائِفَ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِينَ ۝٧٣

پھر انھوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے اسے اور ان لوگوں کو نجات دی جو اس کے ساتھ کشتی میں (سوار) تھے، اور ہم نے انھیں (ان کا) جانشین بنا دیا اور ہم نے ان لوگوں کو غرق کر دیا جنھوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا، پھر (اے نبی!) دیکھیے ان لوگوں کا کیا انجام ہوا جنھیں ڈرایا گیا تھا؟ ۝٧٣

73. They denied him, but We delivered him, and those with him in the ship, and We made them generations replacing one after another, while We drowned those who denied Our *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, revelations, etc.). Then see what

[1] (V.10:68) See the footnote of (V.6:101).

was the end of those who were warned.

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾

پھر ہم نے اس (نوح) کے بعد کئی رسول ان کی (یعنی اپنی) قوموں کی طرف بھیجے، چنانچہ وہ ان کے پاس واضح دلائل لے کر آئے تو (پھر بھی) ایسے نہ ہوئے کہ وہ اس (ہدایت) پر ایمان لے آتے جسے وہ پہلے جھٹلا چکے تھے۔ اسی طرح ہم حد سے تجاوز کرنے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔﴿٧٤﴾

74. Then after him We sent Messengers to their people. They brought them clear proofs, but they would not believe what they had already rejected beforehand. Thus We seal the hearts of the transgressors (those who disbelieve in the Oneness of Allāh and disobey Him).

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۠ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٧٥﴾

پھر اس کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو اپنی آیتوں کے ساتھ فرعون اور اس (کی قوم) کے سرداروں کی طرف بھیجا تو انھوں نے تکبر کیا اور وہ مجرم لوگ تھے۔﴿٧٥﴾

75. Then after them We sent Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron) to Fir'aun (Pharaoh) and his chiefs with Our *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.). But they behaved arrogantly and were *a Mujrimūn* (disbelievers, sinners, polytheists and criminals) folk.

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٦﴾

پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آ گیا تو انھوں نے کہا: بے شک یہ تو یقیناً کھلا جادو ہے۔﴿٧٦﴾

76. So when came to them the truth from Us, they said: "This is indeed clear magic."

قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿٧٧﴾

موسیٰ نے کہا: کیا تم حق کے بارے میں (یہ) کہتے ہو جب وہ تمھارے پاس آ گیا؟ کیا یہ جادو ہے؟ حالانکہ جادوگر تو فلاح نہیں پاتے۔﴿٧٧﴾

77. Mūsā (Moses) said: "Say you (this) about the truth when it has come to you? Is this magic? But the magicians will never be successful."

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٨﴾

انھوں نے کہا: کیا تو ہمارے پاس آیا ہے کہ ہمیں اس (طریقے) سے پھیر دے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا اور تم دونوں کے لیے زمین میں اقتدار ہو؟ جبکہ ہم تم دونوں پر ایمان لانے والے نہیں۔﴿٧٨﴾

78. They said: "Have you come to us to turn us away from that (Faith) we found our fathers following, and that you two may have greatness in the land? We are not going to believe you two!"

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿٧٩﴾

اور فرعون نے کہا: تم میرے پاس ہر ماہر جادوگر کو لے آؤ۔﴿٧٩﴾

79. And Fir'aun (Pharaoh) said: "Bring me every well-versed sorcerer."

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٨٠﴾

پھر جب تمام جادوگر آ گئے تو ان سے موسیٰ نے کہا: ڈالو جو تم ڈالنے والے ہو۔﴿٨٠﴾

80. And when the sorcerers came, Mūsā (Moses) said to them: "Cast down what you want to cast!"

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾

پھر جب انھوں نے ڈالا تو موسیٰ نے کہا: جو کچھ تم لائے ہو (یہ) جادو ہے۔ بے شک اللہ جلد اسے باطل کر دے گا۔ بے شک اللہ فساد کرنے والوں کا کام نہیں سنوارتا۔﴿٨١﴾

81. Then when they had cast down, Mūsā (Moses) said: "What you have brought is sorcery, Allāh will surely make it of no effect. Verily, Allāh does not set

right the work of *Al-Mufsidūn* (the evildoers and corrupters).

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾

ع 17 13

اور اللہ حق کو اپنے کلمات کے ساتھ ثابت کرتا ہے، اگرچہ مجرم لوگ ناپسند کریں۔﴿۸۲﴾

82. "And Allāh will establish and make apparent the truth by His Words, however much the *Mujrimūn* (criminals, disbelievers, polytheists and sinners) may hate (it)."

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۸۳﴾

چنانچہ موسیٰ پر اس کی قوم کے چند نوجوانوں کے سوا کوئی بھی ایمان نہ لایا فرعون اور اس کے درباریوں سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں وہ انھیں فتنے میں نہ ڈال دے، اور بے شک فرعون سرزمین (مصر) میں سرکش (بنا ہوا) تھا، اور بے شک وہ حد سے گزرنے والوں میں سے تھا۔﴿۸۳﴾

83. But none believed in Mūsā (Moses) except (some) offspring of his people, because of the fear of Fir'aun (Pharaoh) and their chiefs, lest he should persecute them; and verily, Fir'aun (Pharaoh) was an arrogant tyrant on the earth, he was indeed one of the *Musrifūn* (polytheists, sinners and transgressors, those who give up the truth and follow the evil, and commit all kinds of great sins).

وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿۸۴﴾

اور موسیٰ نے کہا: اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اسی پر توکل کرو اگر تم فرماں بردار ہو۔﴿۸۴﴾

84. And Mūsā (Moses) said: "O my people! If you have believed in Allāh, then put your trust in Him if you are Muslims (those who submit to Allāh's Will)."

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾

چنانچہ انھوں نے کہا: ہم نے اللہ ہی پر توکل کیا ہے، اے ہمارے رب! تو ہمیں ظالم قوم کے ہاتھوں آزمائش میں نہ ڈال۔﴿۸۵﴾

85. They said: "In Allāh we put our trust. Our Lord! Make us not a trial for the folk who are *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) (i.e. do not make them overpower us).

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

اور تو ہمیں اپنی رحمت کے ساتھ کافر قوم سے نجات دے۔﴿۸۶﴾

86. "And save us by Your Mercy from the disbelieving folk."

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾

اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی کی کہ تم اپنی قوم کے لیے مصر میں کچھ گھر بناؤ، اور تم اپنے گھروں کو قبلہ (رخ) بناؤ اور نماز قائم کرو، اور مومنوں کو خوشخبری دے دیجیے۔﴿۸۷﴾

87. And We revealed to Mūsā (Moses) and his brother (saying): "Provide dwellings for your people in Egypt, and make your dwellings as places for your worship, and perform *As-Salāt* (the prayers), and give glad tidings to the believers."

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ

اور موسیٰ نے کہا: اے ہمارے رب! بے شک تو نے فرعون اور اس (کی قوم) کے سرداروں کو دنیوی زندگی میں شان و شوکت اور مال و زر دے رکھا ہے، اے ہمارے رب! تاکہ وہ (لوگوں کو) تیری راہ سے

88. And Mūsā (Moses) said: "Our Lord! You have indeed bestowed on Fir'aun (Pharaoh) and his chiefs splendour and wealth in the life of this world,

عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٨٨﴾

بھٹکا دیں۔ اے ہمارے رب! ان کے مال وزر غارت کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے سو یہ ایمان نہ لانے پائیں یہاں تک کہ دردناک عذاب (کو) دیکھ لیں⑧⑧

our Lord! That they may lead men astray from Your path. Our Lord! Destroy their wealth, and harden their hearts, so that they will not believe until they see the painful torment."

قَالَ قَدْ أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلَا تَتَّبِعَانِّ سَبِيلَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾

اللہ نے کہا: یقیناً تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی ہے، چنانچہ تم دونوں ثابت قدم رہو اور ان لوگوں کے راستے کی پیروی مت کرو جو علم نہیں رکھتے⑧⑨

89. Allāh said: "Verily, the invocation of you both is accepted. So you both keep to the Straight Way (i.e. keep on doing good deeds and preaching Allāh's Message with patience), and follow not the path of those who know not (the truth i.e. to believe in the Oneness of Allāh, and also to believe in the reward of Allāh: Paradise)."

وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا وَعَدْوًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنتُ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا الَّذِي آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٩٠﴾

اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر سے پار کر دیا، پھر فرعون اور اس کی فوجوں نے سرکشی اور ظلم کرتے ہوئے ان کا پیچھا کیا حتی کہ جب اسے غرق ہونے نے پا لیا تو پکار اٹھا: میں ایمان لاتا ہوں کہ بے شک اس ذات کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے، اور میں مسلمانوں میں سے ہوں⑨⓪

90. And We took the Children of Israel across the sea, and Fir'aun (Pharaoh) with his hosts followed them in oppression and enmity, till when drowning overtook him, he said: "I believe that none has the right to be worshipped but He (Allāh) in Whom the Children of Israel believe, and I am one of the Muslims (those who submit to Allāh's Will)."

آلْآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ﴿٩١﴾

(اللہ نے کہا:) کیا اب (ایمان لاتا ہے؟) جبکہ تو پہلے نافرمان تھا اور فساد کرنے والوں میں سے تھا⑨①

91. Now (you believe) while you refused to believe before and you were one of the *Mufsidūn* (evildoers and the corrupters).

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً ۚ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ ﴿٩٢﴾

چنانچہ آج ہم تجھے نجات دیں گے تیرے بدن سمیت (یعنی تیرا جسم ہم سمندر سے باہر پھینک دیں گے) تاکہ تو اپنے پیچھے والوں کے لیے نشان (عبرت) ہو، اور بے شک بہت سے لوگ ہماری نشانیوں سے البتہ غافل ہیں⑨②

92. So this day We shall deliver your (dead) body (out from the sea) that you may be a sign to those who come after you! And verily, many among mankind are heedless of Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.).

وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ فَمَا اخْتَلَفُوا حَتَّىٰ جَاءَهُمُ الْعِلْمُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٩٣﴾

اور یقیناً ہم نے بنی اسرائیل کو اچھا ٹھکانا دیا اور ہم نے انھیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا، پھر انھوں نے (باہم) اختلاف نہیں کیا حتی کہ ان کے پاس علم آگیا۔ (اے نبی!) بے شک آپ کا رب ان کے درمیان روز قیامت ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے⑨③

93. And indeed We settled the Children of Israel in an honourable dwelling place (Shām—Syria and Misr—Egypt), and provided them with good things, and they differed not until the knowledge came to them. Verily, your Lord (Allāh) will

judge between them on the Day of Resurrection in that in which they used to differ.

فَإِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ مِمَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٩٤﴾

پھر اگر آپ (اس کتاب کے متعلق) شک میں ہوں جو ہم نے آپ کی طرف نازل کی ہے تو ان لوگوں سے پوچھیے جو آپ سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں، یقیناً آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے حق آ گیا ہے، لہٰذا آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں[1] ﴿٩٤﴾

94. So, if you (O Muhammad ﷺ) are in doubt concerning that which We have revealed to you, [i.e. that your name is written in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)], then ask those who are reading the Book [the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] before you. Verily, the truth has come to you from your Lord. So, be not of those who doubt (it).[1]

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٥﴾

اور آپ ہرگز ان لوگوں میں سے نہ ہوں جنھوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا، ورنہ آپ خسارہ پانے والوں میں سے ہوں گے ﴿٩٥﴾

95. And be not one of those who deny the Ayāt (proofs, evidences, verses, signs, lessons, revelations, etc.) of Allāh, for then you shall be one of the losers.

إِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٩٦﴾

بے شک جن لوگوں کے بارے میں آپ کے رب کا حکم (عذاب) صادر ہو چکا وہ ایمان نہیں لائیں گے ﴿٩٦﴾

96. Truly, those, against whom the Word (Wrath) of your Lord has been justified, will not believe.

وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٩٧﴾

خواہ ان کے پاس ساری نشانیاں آ جائیں حتی کہ وہ دردناک عذاب (بھی) دیکھ لیں ﴿٩٧﴾

97. Even if every sign should come to them, until they see the painful torment.

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ إِيْمَانُهَآ إِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ۚ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ إِلٰى حِيْنٍ ﴿٩٨﴾

پھر کیوں نہ ہوئی کوئی بستی ایسی کہ وہ (عذاب سے پہلے) ایمان لائی ہو، پھر اس کے ایمان نے اسے نفع دیا ہو، سوائے قوم یونس کے۔ جب وہ ایمان لے آئے تو ہم نے ان سے دنیاوی زندگی میں ذلت کا عذاب ٹال دیا اور ہم نے ایک (مقرر) وقت تک انھیں (ان سے) فائدہ (اٹھانے) دیا ﴿٩٨﴾

98. Was there any town (community) that believed (after seeing the punishment), and its Faith (at that moment) saved it (from the punishment)? (The answer is none) — except the people of Yūnus (Jonah); when they believed, We removed from them the torment of disgrace in the life of the (present) world, and permitted them to enjoy for a while.

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۚ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾

اور اگر آپ کا رب چاہتا تو جو لوگ زمین میں ہیں، سب کے سب، سارے کے سارے ایمان لے آتے، پھر کیا آپ لوگوں کو مجبور کریں گے حتی کہ وہ مومن ہو جائیں؟ ﴿٩٩﴾

99. And had your Lord willed, those on earth would have believed, all of them together. So, will you (O Muhammad ﷺ) then compel mankind, until they become believers.

---

[1] (V.10:94) See (V.2:76), (V.7:157) and their footnotes.

① ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ اعراف 157/7)

100. It is not for any person to believe, except by the Leave of Allāh, and He will put the wrath on those who are heedless.

اور کسی شخص کے لیے (ممکن) نہیں کہ وہ اللہ کے حکم کے بغیر ایمان لائے، اور وہ (اللہ) ان لوگوں پر پلیدی (عذاب) ڈال دیتا ہے جو عقل سے کام نہیں لیتے۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَنْ تُؤْمِنَ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ۝

101. Say: "Behold all that is in the heavens and the earth," but neither *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) nor warners benefit those who believe not.

(اے نبی!) کہہ دیجیے: دیکھو (اور غور کرو) جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اور نشانیاں اور ڈراوے ان لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں دیتے جو ایمان نہیں لاتے۔

قُلِ انْظُرُوا مَاذَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَا تُغْنِي الْآيَاتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

102. Then do they wait for (anything) except for (a destruction) like that of the days of the men who passed away before them? Say: "Wait then, I am (also) with you among those who wait."

تو یہ لوگ بھی (گویا) ان لوگوں کے سے دنوں کا انتظار کر رہے ہیں جو ان سے پہلے گزرے۔ کہہ دیجیے: پھر تم انتظار کرو، بے شک میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں۔

فَهَلْ يَنْتَظِرُونَ إِلَّا مِثْلَ أَيَّامِ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ قُلْ فَانْتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ۝

103. Then (in the end) We save Our Messengers and those who believe! Thus it is incumbent upon Us to save the believers.

پھر ہم نجات دیتے ہیں اپنے رسولوں کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے، اسی طرح ہم پر لازم ہے کہ ہم مومنوں کو نجات دیں۔

ثُمَّ نُنَجِّي رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا ۚ كَذَٰلِكَ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

104. Say (O Muhammad ﷺ): "O you mankind! If you are in doubt as to my religion (Islām), then (know that) I will never worship those whom you worship besides Allāh. But I worship Allāh Who causes you to die, and I am commanded to be one of the believers.

کہہ دیجیے: اے لوگو! اگر تم میرے دین سے (متعلق) شک میں ہو تو میں ان کی عبادت نہیں کرتا جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو، لیکن میں تو اللہ کی عبادت کرتا ہوں وہ جو تمھیں وفات دیتا ہے اور مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ میں مومنوں میں سے ہو جاؤں۔

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنْ كُنْتُمْ فِي شَكٍّ مِنْ دِينِي فَلَا أَعْبُدُ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِنْ أَعْبُدُ اللَّهَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُمْ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

105. "And (it is revealed to me): Direct your face (O Muhammad ﷺ) entirely towards the religion *Hanīf* (Islāmic Monotheism, i.e. to worship none but Allāh Alone), and never be one of the *Mushrikūn* (those who ascribe partners to Allāh, polytheists, idolaters, disbelievers in the Oneness of Allah, and those who worship others along with Allāh).

اور یہ کہ آپ یکسو ہو کر اپنا چہرہ دین (اسلام) کی طرف سیدھا رکھیں اور مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہوں۔

وَأَنْ أَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

106. "And invoke not besides Allāh any such that will neither profit you nor harm you, but if (in case) you did so, you shall certainly be one of the *Zālimūn*

اور آپ اللہ کے سوا انھیں مت پکاریں جو نہ آپ کو نفع دے سکتے ہیں اور نہ آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں، پھر اگر آپ نے ایسا کیا تو بے شک آپ بھی اس وقت

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۖ فَإِنْ فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِنَ الظَّالِمِينَ ۝

(polytheists and wrong doers).[1]"

ظالموں میں سے ہوں گے[1] ﴿۱۰۶﴾

وَإِن يَمْسَسْكَ ٱللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُۥٓ إِلَّا هُوَ ۖ وَإِن يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهِۦ ۚ يُصِيبُ بِهِۦ مَن يَشَآءُ مِنْ عِبَادِهِۦ ۚ وَهُوَ ٱلْغَفُورُ ٱلرَّحِيمُ ﴿١٠٧﴾

اور اگر اللہ آپ کو کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا کوئی بھی اسے دور کرنے والا نہیں، اور اگر اللہ آپ کے ساتھ کسی بھلائی کا ارادہ کرے تو کوئی بھی اس کے فضل کو رد کرنے والا نہیں۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس (فضل) سے نوازتا ہے، اور وہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿۱۰۷﴾

107. And if Allāh touches you with harm, there is none who can remove it but He; and if He intends any good for you, there is none who can repel His Favour which He causes it to reach whomsoever of His slaves He wills. And He is the Oft-Forgiving, the Most Merciful.

قُلْ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ ۖ فَمَنِ ٱهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِى لِنَفْسِهِۦ ۖ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَآ أَنَا۠ عَلَيْكُم بِوَكِيلٍ ﴿١٠٨﴾

کہہ دیجیے: اے لوگو! یقیناً تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے حق آگیا ہے، چنانچہ جس (شخص) نے ہدایت پائی تو یقیناً وہ اپنے ہی لیے ہدایت پاتا ہے، اور جس نے گمراہی اختیار کی تو یقیناً وہ اپنے ہی لیے گمراہی اختیار کرتا ہے۔ اور میں تم پر داروغہ نہیں ہوں ﴿۱۰۸﴾

108. Say: "O you mankind! Now truth (i.e. the Qur'ān and Prophet Muhammad ﷺ), has come to you from your Lord. So whosoever receives guidance, he does so for the good of his ownself; and whosoever goes astray, he does so to his own loss; and I am not (set) over you as a *Wakil* (disposer of affairs to oblige you for guidance)."

وَٱتَّبِعْ مَا يُوحَىٰٓ إِلَيْكَ وَٱصْبِرْ حَتَّىٰ يَحْكُمَ ٱللَّهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ ٱلْحَٰكِمِينَ ﴿١٠٩﴾

اور آپ کی طرف جو وحی کی جاتی ہے آپ اس کی اتباع کیجیے، اور صبر کیجیے حتی کہ اللہ فیصلہ کر دے، اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے ﴿۱۰۹﴾

109. And (O Muhammad ﷺ), follow the Revelation sent to you, and be patient till Allāh gives judgement. And He is the Best of judges.

سُورَةُ هُودٍ مَكِّيَّةٌ

سورۂ ہود

Sūrat Hūd [(Prophet) Hūd] 11

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

الٓر ۚ كِتَٰبٌ أُحْكِمَتْ ءَايَٰتُهُۥ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِن لَّدُنْ حَكِيمٍ خَبِيرٍ ﴿١﴾

الٓرٰ، (یہ وہ) کتاب ہے جس کی آیتیں محکم کی گئی ہیں، پھر تفصیل سے بیان کی گئی ہیں، بڑی حکمت والے، بہت خبر رکھنے والے کی طرف سے ﴿۱﴾

1. *Alif-Lam-Ra.* [These letters are one of the miracles of the Qur'ān and none but Allāh (Alone) knows their meanings.] (This is) a Book, the Verses whereof are perfected (in every sphere of knowledge), and then explained in detail from One (Allāh), Who is All-Wise Well-Acquainted (with all things).

أَلَّا تَعْبُدُوٓا۟ إِلَّا ٱللَّهَ ۚ إِنَّنِى لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ ﴿٢﴾

یہ کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، بے شک میں تمھارے لیے اسی کی طرف سے ڈرانے والا

2. (Saying) worship none but Allāh. Verily, I (Muhammad ﷺ) am to you from Him a warner

---

[1] (V.10:106) See the footnote of (V.2:165)

① [illegible] (2/165)

اور خوشخبری دینے والا ہوں②

and a bringer of glad tidings.

وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ③

اور یہ کہ تم اپنے رب سے بخشش مانگو، پھر تم اسی کی طرف توبہ کرو، وہ تمھیں بہت اچھا فائدہ دے گا ایک مقرر وقت تک، اور ہر صاحب فضل کو اس کا فضل بخشے گا۔ اور اگر تم منہ موڑ و گے تو بے شک میں تم پر ایک بڑے (ہولناک) دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں③

3. And (commanding you): "Seek the forgiveness of your Lord, and turn to **Him** in repentance, that **He** may grant you good enjoyment, for a term appointed, and bestow His abounding Grace to every owner of grace (i.e. the one who helps and serves the needy and deserving, physically and with his wealth, and even with good words). But if you turn away, then I fear for you the torment of a Great Day (i.e. the Day of Resurrection).

اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ④

تمھارا لوٹنا اللہ ہی کی طرف ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے④

4. To **Allāh** is your return, and He is Able to do all things."

اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ⑤

آگاہ رہو! بے شک وہ اپنے سینے دوہرے کرتے ہیں تاکہ اس (اللہ) سے چھپ جائیں۔ آگاہ رہو! جب وہ اپنے کپڑے اوڑھتے ہیں (تب بھی) وہ (اللہ) جانتا ہے جو وہ چھپاتے اور ظاہر کرتے ہیں، بے شک اللہ سینوں کے راز خوب جانتا ہے⑤

5. No doubt! They did fold up their breasts, that they may hide from Him. Surely, even when they cover themselves with their garments, He knows what they conceal and what they reveal. Verily, He is the All-Knower of the (innermost secrets) of the breasts.

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۚ كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٦﴾

اور زمین پر چلنے والے ہر جاندار کا رزق اللہ کے ذمے ہے، اور وہ جانتا ہے اس کی قرار گاہ اور اس کے دفن ہونے کی جگہ۔ ہر چیز واضح کتاب میں (تحریر) ہے (6)

6. And no moving (living) creature is there on earth but its provision is due from Allāh.[1] And He knows its dwelling place and its deposit (in the uterus or grave). All is in a Clear Book (*Al-Lauh Al-Mahfūz* — the Book of Decrees with Allāh).

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۗ وَلَئِن قُلْتَ إِنَّكُم مَّبْعُوثُونَ مِن بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿٧﴾

اور وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا اور اس کا عرش پانی[1] پر تھا، تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون زیادہ اچھے عمل کرتا ہے۔ اور (اے نبی!) اگر آپ کہیں کہ تمہیں موت کے بعد زندہ کیا جائے گا تو جن لوگوں نے کفر کیا وہ ضرور کہیں گے کہ یہ تو کھلا جادو ہے (7)

7. And He it is Who has created the heavens and the earth in six Days and His Throne was on the water, that He might try you, which of you is the best in (good) deeds [i.e., these good deeds should be totally for Allāh's sake and not to show off, and according to the ways and traditions of Prophet Muhammad ﷺ (*Tafsir Ibn Kathir*)]. But if you were to say to them: "You shall indeed be raised up after death," those who disbelieve would be sure to say, "This is nothing but obvious magic.[2] "

وَلَئِنْ أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلَىٰ أُمَّةٍ مَّعْدُودَةٍ لَّيَقُولُنَّ مَا يَحْبِسُهُ ۗ أَلَا يَوْمَ يَأْتِيهِمْ لَيْسَ مَصْرُوفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٨﴾

اور اگر ہم ان سے گنی چنی مدت تک عذاب موخر کر دیں تو یہ ضرور کہیں گے کہ کیا چیز اسے روکے ہوئے ہے۔ خبردار! جس دن وہ (عذاب) ان کے پاس آئے گا (پھر) ان سے ٹلے گا نہیں اور انہیں وہ (عذاب) گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے (8)

51. "Or some created thing that is yet greater (or harder) in your breasts (thoughts to be resurrected, even then you shall be resurrected)." Then, they will say: "Who shall bring us back (to life)?" Say: "He Who created you

یا کوئی مخلوق جو تمھارے سینوں میں بڑی معلوم ہوتی ہو۔ پھر وہ کہیں گے: کون ہمیں دوبارہ لوٹائے (پیدا کرے) گا؟ کہیے: وہی جس نے تمھیں پہلی بار پیدا کیا، پھر وہ آپ کی طرف (تعجب سے) اپنے سر ہلائیں گے اور کہیں گے: وہ کب ہوگا؟ کہہ دیجیے:

اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝

★ بقیہ حاشیہ بنی اسرائیل، آیت: 45۔

(1) سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے روایت ہے: "جب (سورۃ اللہب) نازل ہوئی تو ابولہب کی بیوی نبی کریم ﷺ کی طرف آئی جبکہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آپ کے پاس موجود تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا: (اے اللہ کے رسول!) آپ پرے ہٹ جائیں وہ (ابولہب کی بیوی) کہیں آپ سے ایسی باتیں نہ کرے جس سے آپ کو تکلیف پہنچے، وہ نہایت بدزبان عورت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "میرے اور اس کے درمیان پردہ حائل کر دیا جائے گا۔" چنانچہ وہ آپ کو نہ دیکھ سکی۔ اس نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: تمہارے ساتھی نے ہماری ہجو کی ہے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! وہ شعر نہیں کہتا۔ اس (عورت) نے کہا: کیا تم اس کی تصدیق کرتے ہو؟ پھر وہ وہاں سے چلی گئی۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اس عورت نے آپ کو نہیں دیکھا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "نہیں، اس کے جانے تک ایک فرشتہ میرے اور اس کے درمیان حائل تھا اور وہ مجھ پر پردہ (اوٹ) کیے ہوئے تھا۔" (تفسیر القرطبی: 269/10- ومسند ابی یعلی: 54/1)

امید ہے کہ وہ قریب ہو ﴿٥١﴾

first!" Then, they will shake their heads at you and say: "When will that be?" Say: "Perhaps it is near!"

يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٥٢﴾ ع 5

جس دن وہ (اللہ) تمہیں بلائے گا تو تم اس کی حمد کرتے ہوئے تعمیل ارشاد کرو گے اور تم خیال کرو گے کہ بس تھوڑا عرصہ ٹھہرے ہو ﴿٥٢﴾

52. On the Day when He will call you, and you will answer (His Call) with (words of) His praise and obedience, and you will think that you have stayed (in this world) but a little while!

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿٥٣﴾

اور میرے بندوں سے کہہ دیجیے کہ وہ بات کہیں جو احسن ہو، بے شک شیطان ان کے درمیان فساد ڈالتا ہے، بلاشبہ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے ﴿٥٣﴾

53. And say to My slaves (i.e. the true believers of Islamic Monotheism) that they should (only) say those words that are the best. (Because) *Shaitān* (Satan) verily, sows a state of conflict and disagreements among them. Surely, *Shaitān* (Satan) is to man a plain enemy.

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ۭ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿٥٤﴾

تمہارا رب تمہیں بہتر جانتا ہے، اگر وہ چاہے تو تم پر رحم کرے اور اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے اور ہم نے آپ کو ان پر ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا ﴿٥٤﴾

54. Your Lord knows you best; if He wills, He will have mercy on you, or if He wills, He will punish you. And We have not sent you (O Muhammad ﷺ) as a guardian over them.

وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿٥٥﴾

اور آپ کا رب انہیں خوب جانتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور یقیناً ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی اور ہم نے داود کو زبور دی ﴿٥٥﴾

55. And your Lord knows best all who are in the heavens and the earth. And indeed, We have preferred some of the Prophets to others, and to Dawūd (David) We gave the Zabūr (Psalms).

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿٥٦﴾

کہہ دیجیے: انہیں پکارو جنہیں تم اس کے سوا (معبود) سمجھتے ہو، نہ تو وہ تم سے کسی تکلیف کو ہٹانے کا کوئی اختیار رکھتے ہیں اور نہ (اسے) بدلنے ہی کا ﴿٥٦﴾

56. Say (O Muhammad ﷺ): "Call upon those besides Him whom you pretend [to be gods like angels, 'Īsā (Jesus), 'Uzair (Ezra) and others]. They have neither the power to remove the adversity from you nor even to shift it from you to another person."

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ۭ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿٥٧﴾

جنہیں یہ (مشرک) لوگ پکارتے ہیں وہ تو خود اپنے رب تک پہنچنے کا وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں سے کون (اللہ سے) قریب تر (ہوتا) ہے، اور وہ اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بلاشبہ آپ کے رب کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے ﴿٥٧﴾

57. Those whom they call upon [like 'Īsā (Jesus) - son of Maryam (Mary), 'Uzair (Ezra), angels and others] desire (for themselves) means of access to their Lord (Allāh), as to which of them should be the nearest; and they ['Īsā (Jesus), 'Uzair (Ezra),

angels and others] hope for His Mercy and fear His torment. Verily, the torment of your Lord is (something) to be afraid of!

وَإِن مِّن قَرْيَةٍ إِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ أَوْ مُعَذِّبُوهَا عَذَابًا شَدِيدًا ۚ كَانَ ذَٰلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا ﴿٥٨﴾

اور کوئی بستی ایسی نہیں جسے ہم یوم قیامت سے پہلے ہلاک نہ کریں یا اسے شدید عذاب نہ دیں، یہ کتاب (لوح محفوظ) میں لکھا ہوا ہے۔﴿58﴾

58. And there is not a town (population) but We shall destroy it before the Day of Resurrection, or punish it with a severe torment. That is written in the Book (of Our Decrees)[1]

وَمَا مَنَعَنَا أَن نُّرْسِلَ بِالْآيَاتِ إِلَّا أَن كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ ۚ وَآتَيْنَا ثَمُودَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيفًا ﴿٥٩﴾

اور ہمیں نشانیاں بھیجنے سے صرف اس چیز نے روکا ہے کہ پہلے لوگوں نے ان کو جھٹلایا تھا اور ہم نے ثمود کو ایک اونٹنی (بطور) واضح نشانی دی تھی۔ پھر انھوں نے اس پر ظلم کیا، اور ہم تو صرف ڈرانے کے لیے نشانیاں بھیجتے ہیں۔﴿59﴾

59. And nothing stops Us from sending the *Ayāt* (proofs, evidences, signs) but that the people of old denied them. And We sent the she-camel to Thamūd as a clear sign, but they did her wrong. And We sent not the signs except to warn, and to make them afraid (of destruction).

وَإِذْ قُلْنَا لَكَ إِنَّ رَبَّكَ أَحَاطَ بِالنَّاسِ ۚ وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْآنِ ۚ وَنُخَوِّفُهُمْ فَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيرًا ﴿٦٠﴾

اور (یاد کریں) جب ہم نے آپ سے کہا: بے شک آپ کے رب نے لوگوں کا احاطہ کر رکھا ہے، اور ہم نے آپ کو (معراج میں) جو مشاہدہ کرایا① اسے لوگوں کے لیے بس ایک آزمائش ہی بنا دیا اور اس درخت (زقوم) کو بھی جس پر قرآن میں لعنت کی گئی اور ہم انھیں ڈراتے ہیں تو یہ (ڈرانا) ان کی بڑی سرکشی ہی کو زیادہ کرتا ہے۔﴿60﴾

ع 6

60. And (remember) when We told you: "Verily, your Lord has encompassed mankind (i.e. they are in His Grip)." And We made not the vision which We showed you (O Muhammad ﷺ) as an actual eye-witness and not as a dream on the night of *Al-Isrā'*[2]) but a trial for mankind, and (likewise) the accursed tree (*Zaqqūm*, mentioned) in the Qur'ān. We warn and make them afraid but it only increases them in naught save great disbelief, oppression and disobedience to Allāh.

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ قَالَ أَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِينًا ﴿٦١﴾

اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا: آدم کو سجدہ کرو تو ابلیس کے سوا ان سب نے سجدہ کیا، وہ بولا: کیا میں اسے سجدہ کروں جسے تو نے مٹی سے پیدا کیا ہے؟﴿61﴾

61. And (remember) when We said to the angels: "Prostrate yourselves to Adam." They prostrated themselves except *Iblīs* (Satan). He said: "Shall I prostrate myself to one whom You created from clay?"

---

[1] (V.17:58) It is said by 'Abdullāh bin Mas'ūd رضي الله عنه: "If the people of a town indulge in illegal sexual intercourse and practise *Ribā* (usury of all kinds), Allāh permits its destruction." (*Tafsīr Al-Qurtubī*)

[2] (V.17:60) See the footnote of (V.53:12) *Al-Mi'rāj*

① اس سے مراد وہی معراج ہے جس کی کچھ تفصیل (سورۂ نجم 53) کے آغاز میں گزر چکی ہے۔ یہ رؤیا (خواب) کے معنی میں نہیں بلکہ رؤیت عینی کے مفہوم میں ہے جیسا کہ احادیث میں اس کی تفصیل موجود ہے۔

قَالَ أَرَءَيْتَكَ هَٰذَا الَّذِي كَرَّمْتَ عَلَيَّ لَئِنْ أَخَّرْتَنِ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهُ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٦٢﴾

کہنے لگا: بھلا دیکھ تو اسے جسے تو نے مجھ پر عزت دی ہے، اگر تو مجھے یوم قیامت تک ڈھیل دے، تو تھوڑے لوگوں کے سوا میں اس کی تمام نسل کی جڑ کاٹ دوں گا ﴿62﴾

62. [*Iblīs* (Satan)] said: "See this one whom You have honoured above me, if You give me respite (keep me alive) to the Day of Resurrection, I will surely seize and mislead his offspring (by sending them astray) all but a few!"

قَالَ اذْهَبْ فَمَن تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَإِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُورًا ﴿٦٣﴾

اللہ نے فرمایا: جا! پھر ان میں سے جو تیری اتباع کرے گا تو بلاشبہ تمھاری سزا جہنم ہے، پوری پوری سزا ﴿63﴾

63. (Allāh) said: "Go, and whosoever of them follows you, surely, Hell will be the recompense of you (all) an ample recompense.

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُم بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِم بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ﴿٦٤﴾

اور ان میں سے جس پر بھی تیرا بس چل سکے انھیں اپنی آواز سے بہکا لے، اور ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لا، اور مال اور اولاد میں ان کا شریک بن جا، اور انھیں (جھوٹے) وعدے دے، اور شیطان تو انھیں محض فریب ہی کا وعدہ دیتا ہے ﴿64﴾

64. "And befool them gradually those whom you can among them with your voice (i.e. songs, music, and any other call for Allāh's disobedience), make assaults on them with your cavalry and your infantry, share with them wealth and children (by tempting them to earn money by illegal ways — usury, or by committing illegal sexual intercourse), and make promises to them." But Satan promises them nothing but deceit.

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ ۚ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ وَكِيلًا ﴿٦٥﴾

بے شک میرے بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں، اور آپ کا رب کارساز کافی ہے ﴿65﴾

65. "Verily, My slaves (i.e. the true believers of Islāmic Monotheism) — you have no authority over them. And All-Sufficient is your Lord as a Guardian."

رَّبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٦٦﴾

تمھارا رب وہی تو ہے جو تمھارے لیے سمندر میں کشتی چلاتا ہے، تاکہ تم اس کے فضل میں سے تلاش کرو، بے شک وہ تم پر بڑا رحم کرنے والا ہے ﴿66﴾

66. Your Lord is He Who drives the ship for you through the sea, in order that you may seek of His bounty. Truly, He is Ever Most Merciful towards you.

وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَن تَدْعُونَ إِلَّآ إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ

اور جب سمندر میں تمھیں کوئی تکلیف پہنچے تو وہ جنھیں تم اس (اللہ) کے سوا پکارتے ہو گم ہو جاتے ہیں[1] پھر

67. And when harm touches you upon the sea, those that you call upon vanish from you except

---

① جیسے فتح مکہ کے موقع پر عکرمہ بن ابی جہل رسول اللہ ﷺ سے ڈر کر بھاگ گئے اور حبشہ جانے کے لیے کشتی پر سوار ہوئے ہی تھے کہ کشتی طوفان میں گھر گئی۔ کشتی میں سوار لوگ ایک دوسرے سے کہنے لگے: اللہ وحدہ کے سوا تمھیں کوئی نہیں بچا سکتا۔ لہٰذا پورے اخلاص کے ساتھ اس سے دعا کرو۔ عکرمہ نے اپنے جی میں کہا: ''اللہ کی قسم! اگر سمندر میں اللہ وحدہ کے سوا کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا تو پھر یقیناً زمین پر بھی اس کے سوا کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔ اے اللہ! میں تیرے حضور عہد کرتا ہوں کہ اگر تو نے مجھے اس (طوفان) سے بچا لیا تو میں سیدھا جا کر اپنا ہاتھ نبی کریم ﷺ کے ہاتھ میں دے دوں گا اور یقیناً وہ مجھ پر شفقت اور مہربانی فرمائیں گے۔'' چنانچہ وہ سمندر سے باہر نکل آئے۔ عکرمہ سیدھے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے (اپنا قصہ بیان کیا) اور اسلام قبول کر لیا (جیسا کہ انھوں نے اللہ سے عہد کیا تھا) اور ایک کامل مسلمان بن گئے۔ (تفسیر ابن کثیر، سورۃ بنی اسرائیل: 67/17)

وَكَانَ الْإِنْسَانُ كَفُورًا ﴿٦٧﴾

جب وہ (اللہ) تمھیں خشکی کی طرف نجات دیتا ہے تو تم منہ موڑ لیتے ہو اور انسان بڑا ہی ناشکرا ہے۔﴿٦٧﴾

Him (Allah Alone). But when He brings you safe to land, you turn away (from Him). And man is ever ungrateful.[1]

أَفَأَمِنتُمْ أَن يَخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿٦٨﴾

کیا پھر تم اس سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تمھیں خشکی کی جانب (زمین میں) دھنسا دے یا تم پر سنگریزوں والی سخت آندھی بھیج دے، پھر تم اپنے لیے کوئی کارساز نہ پاسکو۔﴿٦٨﴾

68. Do you then feel secure that He will not cause a side of the land to swallow you up, or that He will not send against you a violent sandstorm? Then, you shall find no *Wakīl* (guardian — one to guard you from the torment).

أَمْ أَمِنتُمْ أَن يُعِيدَكُمْ فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيحِ فَيُغْرِقَكُم بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿٦٩﴾

کیا تم بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تمھیں دوبارہ اس (سمندر) میں لوٹا دے، پھر تم پر توڑ دینے والی طوفانی ہوا بھیجے، تو وہ تمھارے کفر کے سبب تمھیں غرق کر دے، پھر تم اپنے لیے ہمارے خلاف اس پر کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا بھی نہ پاؤ۔﴿٦٩﴾

69. Or do you feel secure that He will not send you back a second time to sea and send against you a hurricane of wind and drown you because of your disbelief? Then you will not find any avenger therein against Us.

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿٧٠﴾

اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بنی آدم کو عزت دی ہے اور انھیں بر و بحر میں سواریاں دیں، اور انھیں پاکیزہ چیزوں میں سے رزق دیا اور انھیں اپنی کثیر مخلوقات پر جنھیں ہم نے پیدا کیا فضیلت دی۔﴿٧٠﴾

70. And indeed We have honoured the Children of Adam, and We have carried them on land and sea, and have provided them with *At-Tayyibāt* (lawful good things), and have preferred them to many of those whom We have created with a marked preferment.

يَوْمَ نَدْعُو كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ فَمَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَأُولَٰئِكَ يَقْرَءُونَ كِتَابَهُمْ وَلَا يُظْلَمُونَ فَتِيلًا ﴿٧١﴾

جس دن ہم تمام انسانوں کو ان کے امام کے ساتھ بلائیں گے، پھر جسے اس کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا گیا تو وہ اپنا اعمال نامہ پڑھیں گے اور ان پر (کھجور کی گٹھلی کے) دھاگے برابر (بھی) ظلم نہ کیا جائے گا۔﴿٧١﴾

71. (And remember) the Day when We shall call together all human beings with their (respective) *Imām* [their Prophets, or their records of good and bad deeds, or their Holy Books like the Qur'ān, the Taurāt (Torah), the Injīl (Gospel), or the leaders whom the people followed in this world]. So whosoever is given his

---

[1] (V.17:67) Ibn Kathir in his Book of *Tafsir* as regards this Verse (17:67) said: 'Ikrimah bin Abu Jahl fled from Allāh's Messenger ﷺ (at the time) when Makkah was conquered. He rode over the (Red) Sea to cross over to Ethiopia, but (as they proceeded) a heavy stormy wind overtook their boat, and huge waves came to them from all sides, and they thought that they are encircled therein. The people of the boat said to one another: "None can save you except Allāh (the Only True God of the heavens and earth). So invoke (call upon) Him (Allāh) (by making your Faith pure for Him Alone and none else) to deliver you safe (from drowning)." 'Ikrimah said to himself. 'By Allāh if none can benefit in the sea except Allāh (Alone) then no doubt none can benefit over the land except Allāh (Alone). O Allāh! I promise You that if You deliver me safe from this, I will go and put my hands in the hands of (Prophet) Muhammad and surely, I will find him full of pity, kindness and mercy.' So they were delivered safe (by Allāh), and returned to their seashore and came out of the sea. 'Ikrimah then proceeded to Allāh's Messenger, Muhammad ﷺ, (narrated his story) embraced Islam (just as he promised Allāh) and became a perfect Muslim." (*Tafsir Ibn Kathir*)

record in his right hand, such will read their records, and they will not be dealt with unjustly in the least.

وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿٧٢﴾

اور جو اس دنیا میں اندھا رہا وہ آخرت میں بھی اندھا اور راہ سے بہت زیادہ بھٹکا ہوا رہے گا ﴿72﴾

72. And whoever is blind in this world (i.e., does not see Allāh's Signs and believes not in Him), will be blind in the Hereafter, and more astray from the Path.

وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ڰ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿٧٣﴾

اور بلاشبہ قریب تھا کہ ہم نے آپ کی طرف جو وحی کی ہے کافر آپ کو اس سے پھسلا دیتے، تاکہ آپ ہم پر اس کے علاوہ کچھ اور گھڑ لیں، اور تب وہ ضرور آپ کو اپنا دلی دوست بنا لیتے ﴿73﴾

73. Verily, they were about to tempt you away from that which We have revealed (the Qur'ān) to you (O Muhammad ﷺ), to fabricate something other than it against Us, and then they would certainly have taken you a *Khalīl* (an intimate friend)!

وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْــًٔا قَلِيْلًا ﴿٧٤﴾

اور اگر ہم آپ کو ثابت قدم نہ رکھتے تو بلاشبہ قریب تھا کہ آپ ان کی طرف تھوڑا سا جھک جاتے ﴿74﴾

74. And had We not made you stand firm, you would nearly have inclined to them a little.

اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿٧٥﴾

(اگر ایسا ہوتا) تو ہم آپ کو زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی دوگنا (عذاب) چکھاتے، پھر آپ اپنے لیے ہمارے خلاف کوئی مددگار نہ پاتے ﴿75﴾

75. In that case We would have made you taste a double portion (of punishment) in this life and a double portion (of punishment) after death. And then you would have found none to help you against Us.

وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٧٦﴾

اور بلاشبہ قریب تھا کہ وہ آپ کو اس زمین (مکہ) سے اکھاڑ دیں تاکہ آپ کو یہاں سے نکال دیں، اور تب آپ کے پیچھے وہ تھوڑا ہی ٹھہر پاتے ﴿76﴾

76. And verily, they were about to frighten you so much as to drive you out from the land. But in that case, they would not have stayed (therein) after you, except for a little while.

سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿٧٧﴾

ان رسولوں کے طریقے کی مانند جنھیں ہم نے آپ سے پہلے اپنے رسولوں میں سے بھیجا، اور آپ ہمارے طریقے (قانون) میں کوئی تبدیلی نہ پائیں گے ﴿77﴾

77. (This was Our) *Sunnah* (rule or way) with the Messengers We sent before you (O Muhammad ﷺ), and you will not find any alteration in Our *Sunnah* (rule or way).

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۭ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾

سورج ڈھلنے سے لے کر رات کے اندھیرے تک نماز قائم کیجیے، اور نماز فجر بھی، بے شک فجر کی نماز (فرشتوں کے) حاضر ہونے کا وقت ہے① ﴿78﴾

78. Perform *As-Salāt*[1] (the prayers) from mid-day till the darkness of the night (i.e. the *Zuhr*, *'Asr*, *Maghrib*, and *'Ishā'*

[1] (V.17:78) See *Iqāmat-as-Salāt* in the glossary.

① اس کا مطلب حدیث میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس وقت رات اور دن کے فرشتے حاضر ہوتے اور اکٹھے ہوتے ہیں، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "نماز باجماعت کا ثواب ایک شخص کی تنہا نماز سے پچیس گنا زیادہ ہے، رات اور دن کے فرشتے فجر کی نماز میں اکٹھے ہوتے ہیں۔" (صحیح البخاری، الأذان، باب: 31، حدیث: 648)

prayers), and recite the Qur'ân in the early dawn (i.e. the morning - *Fajr* prayer). Verily, the recitation of the Qur'ân in the early dawn (i.e., the morning - *Fajr* prayer) is ever witnessed (attended by the angels in charge of mankind of the day and the night).[1]

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾

اور رات کے کچھ حصے میں بھی آپ اس (قرآن) کے ساتھ تہجد پڑھیں، (یہ) آپ کے لیے زائد ہے، امید ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقام محمود[1] پر کھڑا کرے گا ﴿۷۹﴾

79. And in some parts of the night (also) offer the *Salât* (prayer) with it (i.e. recite the Qur'ân in the prayer) as an additional prayer (*Tahajjud* optional prayer — *Nawafil*) for you (O Muhammad ﷺ). It may be that your Lord will raise you to *Maqâm Mahmûd* (a station of praise and glory, i.e., the honour of intercession on the Day of Resurrection).[2]

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ

اور کہیے: اے میرے رب! داخل کر مجھے سچا داخل کرنا اور نکال مجھے سچا نکالنا اور مجھے اپنے پاس سے

80. And say (O Muhammad ﷺ): "My Lord! Let my entry (to the city of Al-Madinah) be good, and

[1] (V.17:78)

Narrated Abu Salamah bin 'Abdur-Rahman: Abu Hurairah رضی اللہ عنہ said, "I heard Allah's Messenger ﷺ saying, 'The reward of a *Salat* (prayer) in congregation is twenty-five times superior in degrees to that of a *Salat* (prayer) offered by a person alone. The angels of the night and the angels of the day gather at the time of *Fajr* prayer.'" Abu Hurairah then added, "Recite the Holy Book if you wish, for 'Verily, the recitation of the Qur'ân in the early dawn (*Fajr* prayer) is ever witnessed (attended by the angels in charge of mankind of the day and the night)' (V.17:78)". [*Sahih Al-Bukhari*, 1/648 (O.P.621)]

[2] (V.17:79)

A) Narrated Ibn 'Umar رضی اللہ عنہما: "On the Day of Resurrection the people will fall on their knees and every nation will follow its Prophet and they will say, 'O so-and-so! Intercede (for us with Allah)', till (the right of) intercession will be given to the Prophet (Muhammad ﷺ) and that will be the day when Allâh will raise him to *Maqâm Mahmûd* (a station of praise and glory, i.e., the honour of intercession on the Day of Resurrection)." [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4718 (O.P.242)]

B) Narrated Jâbir bin 'Abdullah رضی اللہ عنہما: Allâh's Messenger ﷺ said, "Whoever, after listening to the *Adhan* (call for the prayer) says, 'O Allâh, the Lord of this complete call and of this prayer, which is going to be established! Give Muhammad *Al-Wasilah* and *Al-Fadilah** and raise him to *Maqâm Mahmûd* (a station of praise and glory, i.e., the honour of intercession on the Day of Resurrection) which You have promised him,' will be granted my intercession for him on the Day of Resurrection." [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4719 (O.P.243)]

* *Al-Wasilah* is the highest position in Paradise which is granted to the Prophet ﷺ particularly; *Al-Fadilah* is the extra degree of honour which is bestowed on him above all creation.

(1) یہ "مقام محمود" قیامت کے دن ہی ہوگا جو عطا کیا جائے گا جس پر فائز ہو کر آپ ﷺ شفاعت فرمائیں گے جیسا کہ احادیث سے واضح ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ قیامت کے دن لوگ اپنے گھٹنوں کے بل پڑے ہوئے ہوں گے اور ہر امت اپنے نبی کے پیچھے چلے گی اور لوگ کہیں گے "اے فلاں! (اے فلاں!) اللہ سے ہماری شفاعت (سفارش) کیجیے" حتی کہ شفاعت کا حق نبی (محمد ﷺ) کو دے دیا جائے گا اور وہی دن ہوگا جب اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ کو مقام محمود پر فائز کرے گا۔" (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 11، حدیث: 4718) ایک دوسری روایت میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص اذان سننے کے بعد یہ دعا پڑھے: اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ "اے اللہ! اس دعوت کامل اور اس نماز کے رب جو ابھی قائم ہونے والی ہے! محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ کر رکھا ہے۔" اس کو قیامت کے دن میری شفاعت نصیب ہوگی۔" (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 11، حدیث: 4719) الوسیلة: جنت میں ایک اعلیٰ ترین مقام ہے جو نبی کریم ﷺ کو بطور خاص عطا کیا جائے گا۔ الفضیلة: عزت و تکریم کا ایک اضافی درجہ ہے جو نبی کریم ﷺ کو باقی تمام مخلوق پر بطور خاص عطا کیا جائے گا۔

لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ⑧⓪

مدد دینے والا غلبہ (عطا) کر⑧⓪

(likewise) my exit (from the city of Makkah) be good. And grant me from You an authority to help me (or a firm sign or a proof)."

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ⑧①

اور کہیے: حق آ گیا اور باطل مٹ گیا، بے شک باطل تو مٹنے ہی والا ہے⑧①

81. And say: "Truth (i.e. Islāmic Monotheism or this Qur'an or *Jihad* against polytheists) has come and *Bātil* (falsehood, i.e. Satan or polytheism) has vanished. Surely, *Bātil* is ever bound to vanish."

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ⑧②

اور ہم قرآن میں سے جو نازل کرتے ہیں وہ مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے، اور وہ ظالموں کو خسارے ہی میں زیادہ کرتا ہے⑧②

82. And We send down of the Qur'ān that which is a healing and a mercy to those who believe (in Islāmic Monotheism and act on it), and it increases the *Zalimūn* (polytheists and wrong doers) in nothing but loss.

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَي الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـــُٔوْسًا ⑧③

اور جب ہم انسان پر انعام کریں تو وہ منہ موڑ لیتا ہے اور اپنا پہلو دور کر لیتا ہے، اور جب اسے تکلیف پہنچے تو بہت مایوس ہو جاتا ہے⑧③

83. And when We bestow Our Grace on man (the disbeliever), he turns away and becomes arrogant (far away from the Right Path). And when evil touches him, he is in great despair.

قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰي شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ⑧④ ع ۹

کہہ دیجیے: ہر کوئی اپنے طریقے پر عمل کرتا ہے، چنانچہ تمھارا رب خوب جانتا ہے کہ کون زیادہ سیدھے راستے پر ہے⑧④

84. Say (O Muhammad ﷺ to mankind). "Each one does according to *Shakilatihi* (i.e. his way or his religion or his intentions), and your Lord knows best of him whose path (religion) is right."

وَيَسْـــَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ⑧⑤

اور وہ آپ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں، کہیے: روح میرے رب کے حکم سے ہے، اور تمھیں تو بہت ہی تھوڑا علم دیا گیا ہے⑧⑤

85. And they ask you (O Muhammad ﷺ) concerning the *Rūh* (the spirit). Say: "The *Rūh* (the spirit) is one of the things, the knowledge of which is only with my Lord. And of knowledge, you (mankind) have been given only a little."

وَلَىِٕنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ⑧⑥

اور البتہ اگر ہم چاہیں تو اسے ضرور لے جائیں جو کچھ ہم نے آپ کی طرف وحی کی ہے، پھر آپ اس پر ہمارے مقابلے میں اپنا کوئی حمایتی نہ پائیں گے⑧⑥

86. And if We willed, We could surely take away that which We have revealed to you (i.e. this Qur'an). Then you would find no protector for you against Us in that respect.

إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۚ إِنَّ فَضْلَهُ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا ﴿٨٧﴾

سوائے آپ کے رب کی رحمت کے، بے شک آپ پر اس کا فضل بہت زیادہ ہے۔﴿۸۷﴾

87. Except as a mercy from your Lord. Verily, His Grace to you (O Muhammad ﷺ) is ever great.

قُل لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَىٰ أَن يَأْتُوا بِمِثْلِ هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا ﴿٨٨﴾

کہہ دیجیے: البتہ اگر تمام انسان اور جن اس (بات) پر جمع ہو جائیں کہ اس قرآن کی مثل لائیں تو وہ اس کی مثل نہ لاسکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار بھی بن جائیں۔﴿۸۸﴾

88. Say: "If mankind and the jinn were together to produce the like of this Qur'ān, they could not produce the like thereof, even if they helped one another."

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ﴿٨٩﴾

اور بلاشبہ ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لیے ہر مثال پھیر پھیر کر بیان کی ہے، پھر بھی اکثر لوگوں نے انکار کیا مگر کفر کرنے سے (انکار نہیں کیا)۔﴿۸۹﴾

89. And indeed We have fully explained to mankind, in this Qur'ān, every kind of similitude, but most of mankind refuse (the truth and accept nothing) but disbelief.

وَقَالُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنبُوعًا ﴿٩٠﴾

اور وہ بولے: ہم تجھ پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے، حتی کہ تو ہمارے لیے زمین سے چشمہ جاری کر دے۔﴿۹۰﴾

90. And they say: "We shall not believe in you (O Muhammad ﷺ), until you cause a spring to gush forth from the earth for us;

أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا تَفْجِيرًا ﴿٩١﴾

یا تیرے لیے کھجوروں اور انگور کا ایک باغ ہو، پھر تو اس (باغ) کے درمیان (جگہ جگہ) نہریں جاری کر دے۔﴿۹۱﴾

91. "Or you have a garden of date palms and grapes, and cause rivers to gush forth in its midst abundantly;

أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ﴿٩٢﴾

یا تو آسمان ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہم پر گرا دے جیسے تو کہا کرتا ہے، یا اللہ کو اور فرشتوں کو سامنے لے آ۔﴿۹۲﴾

92. "Or you cause the heaven to fall upon us in pieces, as you have pretended, or you bring Allāh and the angels before (us) face to face;

أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِّن زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ وَلَن نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَّقْرَؤُهُ ۗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٣﴾ ع 10/10

یا تیرے لیے سونے کا گھر ہو، یا تو آسمان میں چڑھ جائے، اور ہم تیرے چڑھنے پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے حتی کہ تو ہم پر ایک کتاب اتار لائے جسے ہم پڑھیں، کہیے: میرا رب پاک ہے، میں تو بس ایک بشر رسول ہوں۔﴿۹۳﴾

93. "Or you have a house of *Zukhruf* (like silver and pure gold), or you ascend up into the sky, and even then we will put no faith in your ascension until you bring down for us a Book that we would read." Say (O Muhammad ﷺ): "Glorified (and Exalted) is my Lord [(Allāh) above all that evil they (polytheists) associate with Him]! Am I anything but a man, sent as a Messenger?"

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ إِلَّا أَن قَالُوا أَبَعَثَ اللَّهُ بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٤﴾

اور لوگوں کے پاس ہدایت آ جانے کے بعد ان کو ایمان لانے سے صرف اس چیز نے روکا کہ انھوں نے کہا: کیا اللہ نے بشر رسول بھیجا ہے؟﴿۹۴﴾

94. And nothing prevented men from believing when the guidance came to them, except that they said: "Has Allāh sent a man as (His) Messenger?"

قُل لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلَائِكَةٌ يَمْشُونَ

کہہ دیجیے: اگر زمین میں فرشتے ہوتے جو یہاں

95. Say: "If there were on the earth, angels walking about in

مُطْمَىِٕنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿٩٥﴾

مطمئن ہو کر چلتے پھرتے تو ہم ان پر آسمان سے کوئی فرشتہ ہی رسول بنا کر نازل کرتے ﴿۹۵﴾

peace and security. We should certainly have sent down for them from the heaven an angel as a Messenger."

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿٩٦﴾

کہہ دیجیے: میرے اور تمہارے درمیان اللہ (بطور) گواہ کافی ہے۔ بے شک وہ اپنے بندوں سے خوب باخبر اور (انھیں) خوب دیکھنے والا ہے ﴿۹۶﴾

96. Say: "Sufficient is Allāh for a witness between me and you. Verily, He is Ever Well-Acquainted, All-Seer of His slaves."

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ؕ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿٩٧﴾

اور جسے اللہ ہدایت دے تو وہی ہدایت یافتہ ہے، اور جسے وہ گمراہ کر دے تو آپ ان کے لیے اس (اللہ) کے سوا کوئی دوست ہرگز نہ پائیں گے اور ہم انھیں یوم قیامت چہرے کے بل،① اندھے، گونگے اور بہرے اٹھائیں گے۔ ان کا ٹھکانا جہنم ہوگا۔ جب بھی وہ بجھنے لگے گی تو ہم ان کے لیے اور بھڑکا دیں گے ﴿۹۷﴾

97. And he whom Allāh guides, he is led aright; but he whom He sends astray, for such you will find no *Auliyā'* (helpers and protectors) besides Him, and We shall gather them together on the Day of Resurrection on their faces,[1] blind, dumb and deaf; their abode will be Hell; whenever it abates, We shall increase for them the fierceness of the Fire.

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿٩٨﴾

یہ ان کی سزا ہے، کیونکہ انھوں نے ہماری آیات کا انکار کیا اور کہا: کیا جب ہم ہڈیاں اور چورا ہو جائیں گے تو کیا یقیناً ہم دوبارہ از سر نو پیدا کر کے اٹھائے جانے والے ہیں؟ ﴿۹۸﴾

98. That is their recompense, because they denied Our *Ayāt* (proofs, verses, evidences, lessons, signs, revelations, etc.) and said: "When we are bones and fragments, shall we really be raised up as a new creation?"

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٩٩﴾

کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ بے شک جس اللہ نے آسمان اور زمین تخلیق کیے، وہ اس پر قادر ہے کہ ان جیسے پھر تخلیق کر دے، اور اس (اللہ) نے ان کے لیے ایک وقت مقرر کیا ہے جس میں کوئی شک نہیں، پھر ظالموں نے انکار کیا مگر کفر کرنے سے (انکار کیا) ﴿۹۹﴾

99. See they not that Allāh, Who created the heavens and the earth, is Able to create the like of them. And He has decreed for them an appointed term, whereof there is no doubt. But the *Zālimūn* (polytheists and wrong-doers) refuse (the truth — the message of Islāmic Monotheism, and accept nothing) but disbelief.

قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا

کہہ دیجیے: اگر تم میرے رب کی رحمت کے خزانوں

100. Say (to the disbelievers): "If you possessed the treasures of

---

[1] (V.17:97) Narrated Anas bin Malik رضي الله عنه: A man said, "O Allāh's Prophet! Will Allāh gather a disbeliever (prone) on his face on the Day of Resurrection?" He ﷺ said, "Will not the One Who made him walk on his feet in this world, be able to make him walk on his face on the Day of Resurrection?" (Qatadah, a subnarrator, said: "Yes, by the Power of Our Lord!") [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4760 (O.P.283)]

① منہ کے بل (منہ نیچے اور ٹانگیں اوپر) اس کی بابت حدیث میں آتا ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، ایک آدمی نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی ﷺ! قیامت کے دن کافر اس کے منہ کے بل چلایا جائے گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: "جس ذات نے دنیا میں اسے دو پاؤں کے بل چلایا، کیا وہ قیامت کے دن اسے منہ کے بل چلانے پر قادر نہیں ہے؟" قتادہ نے فرمایا: ہمارے رب کی عزت وجلالت کی قسم! کیوں نہیں۔ (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 3، حدیث 4760)

لَّاَمۡسَکۡتُمۡ خَشۡیَۃَ الۡاِنۡفَاقِ ؕ وَ کَانَ الۡاِنۡسَانُ قَتُوۡرًا ﴿۱۰۰﴾

کے مالک ہوتے تو اس وقت تم انھیں خرچ ہو جانے کے ڈر سے ضرور روک لیتے۔ اور انسان نہایت ہی بخیل ہے۔﴿100﴾

the Mercy of my Lord (wealth, money provision), then you would surely hold back (from spending) for fear of (being exhausted), and man is ever miserly!"

وَ لَقَدۡ اٰتَیۡنَا مُوۡسٰی تِسۡعَ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ فَسۡـَٔلۡ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اِذۡ جَآءَہُمۡ فَقَالَ لَہٗ فِرۡعَوۡنُ اِنِّیۡ لَاَظُنُّکَ یٰمُوۡسٰی مَسۡحُوۡرًا ﴿۱۰۱﴾

اور ہم نے موسیٰ کو نو کھلی نشانیاں دیں، چنانچہ آپ بنی اسرائیل سے پوچھیں، جب وہ ان کے پاس آیا تو فرعون نے اس سے کہا: اے موسیٰ! بے شک میں تجھے سحر زدہ سمجھتا ہوں۔﴿101﴾

101. And indeed We gave Mūsā (Moses) nine clear signs. Ask then the Children of Israel, when he came to them, then Fir'aun (Pharaoh) said to him: "O Mūsā (Moses)! I think you are indeed bewitched."

قَالَ لَقَدۡ عَلِمۡتَ مَاۤ اَنۡزَلَ ہٰۤؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ بَصَآئِرَ ۚ وَ اِنِّیۡ لَاَظُنُّکَ یٰفِرۡعَوۡنُ مَثۡبُوۡرًا ﴿۱۰۲﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: تو یقیناً جان چکا ہے کہ یہ چیزیں آسمانوں اور زمین کے رب ہی نے واضح دلائل بنا کر (غور کرنے کے لیے) نازل کی ہیں۔ اور اے فرعون! میں تو تجھے ہلاک کیا ہوا سمجھتا ہوں۔﴿102﴾

102. [Mūsa (Moses)] said: "Verily, you know that these signs have been sent down by none but the Lord of the heavens and the earth (as clear evidences, i.e. proofs of Allāh's Oneness and His Omnipotence). And I think you are indeed, O Fir'aun (Pharaoh), doomed to destruction (away from all good)!"

فَاَرَادَ اَنۡ یَّسۡتَفِزَّہُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ فَاَغۡرَقۡنٰہُ وَ مَنۡ مَّعَہٗ جَمِیۡعًا ﴿۱۰۳﴾

پھر اس (فرعون) نے ارادہ کیا کہ انھیں اس زمین سے اکھاڑ دے تو ہم نے اسے اور اس کے سب ساتھیوں کو غرق کر دیا۔﴿103﴾

103. So, he resolved to turn them out of the land (of Egypt). But We drowned him and all who were with him.

وَّ قُلۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِہٖ لِبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اسۡکُنُوا الۡاَرۡضَ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ الۡاٰخِرَۃِ جِئۡنَا بِکُمۡ لَفِیۡفًا ﴿۱۰۴﴾

اور اس کے بعد ہم نے بنی اسرائیل سے کہا کہ اس زمین میں رہو، پھر جب آخرت کا وعدہ آئے گا تو ہم تم سب کو سمیٹ لائیں گے۔﴿104﴾

104. And We said to the Children of Israel after him: "Dwell in the land, then, when the final and the last promise comes near [i.e. the Day of Resurrection or the descent of Christ ('Īsā), son of Maryam (Mary) عليه السلام on the earth]. We shall bring you altogether as a mixed crowd (gathered out of various nations)." (*Tafsir Al-Qurtubī*)

وَ بِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰہُ وَ بِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ وَ مَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِیۡرًا ﴿۱۰۵﴾

اور ہم نے اس (قرآن) کو حق ہی کے ساتھ نازل کیا ہے اور یہ حق ہی کے ساتھ نازل ہوا، اور ہم نے آپ کو صرف بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔①﴿105﴾

105. And with truth We have sent it down (i.e. the Qur'ān), and with truth it has descended. And We have sent you (O Muhammad ﷺ) as nothing but a bearer of glad tidings (of

① ملاحظہ ہو: (سورۂ آل عمران 3/185 و سورۂ نساء 4/80)

Paradise, for those who follow your Message of Islāmic Monotheism), and a warner (of Hell-fire for those who refuse to follow your Message of Islāmic Monotheism).[1]

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿١٠٦﴾

اور قرآن کو ہم نے جدا جدا کر کے (نازل) کیا تاکہ آپ اسے لوگوں کو ٹھہر ٹھہر کر سنائیں، اور ہم نے اسے بتدریج ہی نازل کیا ہے ﴿١٠٦﴾

106. And (it is) a Qur'ān which We have divided (into parts), in order that you might recite it to men at intervals. And We have revealed it by stages (in 23 years).

قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۙ﴿١٠٧﴾

کہہ دیجیے: اس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ، بلاشبہ جنھیں اس سے پہلے علم دیا گیا، جب ان پر تلاوت کی جاتی ہے تو وہ اپنی ٹھوڑیوں کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں ﴿١٠٧﴾

107. Say (O Muhammad ﷺ to them): "Believe in it (the Qur'ān) or do not believe (in it). Verily, those who were given knowledge before it (the Jews and the Christians like 'Abdullah bin Salām and Salmān Al-Farisī), when it is recited to them, they fall down on their faces in humble prostration."

وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿١٠٨﴾

اور وہ کہتے ہیں: پاک ہے ہمارا رب، بے شک ہمارے رب کا وعدہ ضرور پورا ہونا ہے ﴿١٠٨﴾

108. And they say: "Glorified is our Lord! Truly, the Promise of our Lord must be fulfilled."

وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۩﴿١٠٩﴾

اور وہ روتے ہوئے اپنی ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور یہ (قرآن) ان کے خشوع کو زیادہ کرتا ہے ﴿١٠٩﴾

109. And they fall down on their faces weeping and it increases their humility.*

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿١١٠﴾

کہہ دیجیے: (اللہ کو) "اللہ" کہہ کر پکارو یا "رحمٰن" کہہ کر، تم جس نام سے بھی پکارو تو اسی کے لیے اچھے سے اچھے نام ہیں، اور اپنی نماز نہ بلند آواز سے پڑھیں نہ بالکل پست آواز سے، بلکہ اس کے بین بین راستہ اختیار کریں ﴿١١٠﴾

110. Say (O Muhammad ﷺ): "Invoke Allāh or invoke the Most Gracious (Allāh), by whatever name you invoke Him (it is the same), for to Him belong the Best Names. And offer your *Salāt* (prayer) neither aloud nor in a low voice, but follow a way between.

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿١١١﴾

اور کہہ دیجیے: ساری حمد اللہ ہی کے لیے ہے جس نے (اپنا بیٹا) کوئی اولاد نہیں بنائی اور نہ بادشاہی میں اس کے لیے کوئی شریک ہے اور نہ اسے ناتوانی (کمزوری) کی وجہ سے کوئی حمایتی درکار ہے اور آپ اس (اللہ) کی بڑائی بیان کریں مکمل درجے

111. And say: "All praise and thanks are Allāh's, Who has not begotten a son (or offspring), and Who has no partner in (His) Dominion, nor is He low to have a *Walī* (helper, protector or supporter). And magnify Him

---

[1] (V.17:105)
a) See the footnote of (V.3:85)
b) See the footnote of (V.4:80).
* (V.17:109) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

کی بڑائی ⑪

with all magnificence [*Allāhu-Akbar* (Allāh is the Most Great)]."

سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ

سورۂ کہف

Sūrat Al-Kahf (The Cave) 18

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ①

ساری حمد اللہ ہی کے لیے ہے جس نے اپنے بندے پر کتاب نازل کی اور اس میں کوئی کجی نہیں رکھی ①

1. All praise and thanks are Allāh's, Who has sent down to His slave (Muhammad ﷺ) the Book (the Qur'ān), and has not placed therein any crookedness.

قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ②

نہایت سیدھی (بغیر افراط و تفریط کے اتاری) تاکہ وہ اس (اللہ) کی طرف سے سخت عذاب سے ڈرائے اور مومنوں کو بشارت دے جو نیک عمل کرتے ہیں کہ بے شک ان کے لیے اچھا اجر ہے ②

2. (He has made it) straight to give warning (to the disbelievers) of a severe punishment from Him, and to give glad tidings to the believers (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism), who do righteous deeds, that they shall have a fair reward (i.e. Paradise).

مّٰكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ③

اس میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہوں گے ③

3. They shall abide therein forever.

وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ④

لوگوں کو ڈرائے جنھوں نے کہا کہ اللہ نے کوئی اولاد بنائی ہے ④

4. And to warn those (Jews, Christians, and pagans) who say, "Allāh has begotten a son (or offspring or children)."

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَاۗىِٕهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ⑤

نہ انھیں اس (بات) کا کوئی علم ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو، بڑی (ہی خطرناک) بات ہے جو ان کے مونہوں سے نکلتی ہے، وہ تو سراسر جھوٹ ہی بکتے ہیں ⑤

5. No knowledge have they of such a thing, nor had their fathers. Mighty is the word that comes out of their mouths (i.e. He begot sons and daughters). They utter nothing but a lie.[1]

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓي اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ⑥

پھر شاید آپ تو خود کو ان کے پیچھے غم سے ہلاک کرنے والے ہیں اگر یہ (کافر) اس بات (قرآن) پر ایمان نہ لائیں ⑥

6. Perhaps you would kill yourself (O Muhammad ﷺ) in grief, over their footsteps (for their turning away from you), because they believe not in this narration (the Qur'ān).

اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَي الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ⑦

بلاشبہ ہم نے جو کچھ روئے زمین پر ہے اسے اس کی زینت بنایا ہے، تاکہ ہم انھیں آزمائیں کہ ان میں عمل کے لحاظ سے کون زیادہ اچھا ہے ⑦

7. Verily, We have made that which is on earth as an adornment for it, in order that We may test them (mankind) as to which of them are best in

[1] (V.18:5) See the footnote of (V.2:116).

deeds [i.e. those who do good deeds in the most perfect manner, that means to do them (deeds) totally for Allāh's sake and in accordance with the legal ways of the Prophet ﷺ].

وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ⑧

اور جو کچھ اس (زمین) پر ہے، بلاشبہ یقیناً ہم اسے چٹیل میدان بنا دینے والے ہیں⑧

8. And verily, We shall make all that is on it (the earth) a bare dry soil (without any vegetation or trees).

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ⑨

کیا آپ نے خیال کیا ہے کہ غار اور کتبے والے ہماری نشانیوں میں سے ایک عجیب (نشانی) تھے؟⑨

9. Do you think that the people of the Cave and the Inscription (the news or the names of the people of the Cave) were a wonder among Our Signs?

اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ⑩

جب ان نوجوانوں نے غار کی طرف پناہ لی تو انھوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے لیے ہمارے معاملے میں صحیح رہنمائی مہیا فرما⑩

10. (Remember) when the young men fled for refuge (from their disbelieving folk) to the Cave. They said: "Our Lord! Bestow on us mercy from Yourself, and facilitate for us our affair in the right way!"

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ⑪

پھر ہم نے غار میں ان کے کانوں پر گنتی کے کئی برس تھپک دیے⑪

11. Therefore, We covered up their (sense of) hearing (causing them to go in deep sleep) in the Cave for a number of years.

ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ⑫

پھر ہم نے انھیں اٹھایا تاکہ ہم معلوم کریں کہ دو گروہوں میں سے کون اس مدت کو زیادہ یاد رکھنے والا ہے جو انھوں نے گزاری⑫

12. Then We raised them up (from their sleep), that We might test which of the two parties was best at calculating the time period that they had tarried.

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ⑬

ہم ان کا حال ٹھیک ٹھیک آپ سے بیان کرتے ہیں، بے شک وہ چند نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے انھیں ہدایت میں زیادہ کیا⑬

13. We narrate to you (O Muhammad ﷺ) their story with truth: Truly, they were young men who believed in their Lord (Allāh), and We increased them in guidance.

وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا۟ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰـهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ⑭

اور ہم نے ان کے دل مضبوط کر دیے، جب وہ کھڑے ہوئے تو بولے: ہمارا رب تو آسمانوں اور زمین کا رب ہے، ہم اس کے سوا کسی معبود کو ہرگز نہیں پکاریں گے، (اگر پکارا) تو یقیناً اس وقت ہم نے ظلم و زیادتی والی بات کہی⑭

14. And We made their hearts firm and strong (with the light of faith in Allāh and bestowed upon them patience to bear the separation of their kith and kin and dwellings) when they stood up and said: "Our Lord is the Lord of the heavens and the earth, never shall we call upon any *ilāh* (god) other than Him; if

we did, we should indeed have uttered an enormity in disbelief.

هَٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا ٱتَّخَذُوا۟ مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً ۖ لَّوْلَا يَأْتُونَ عَلَيْهِم بِسُلْطَٰنٍۭ بَيِّنٍ ۖ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ ٱفْتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبًا ﴿١٥﴾

یہ ہماری قوم ہے، انھوں نے اللہ کے سوا کئی الٰہ بنا رکھے ہیں وہ ان (کی عبادت) پر واضح دلیل کیوں نہیں لاتے؟ پھر اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے اللہ پر جھوٹ گھڑا؟﴿۱۵﴾

15. "These our people have taken for worship *ālihah* (gods) other than Him (Allāh). Why do they not bring for them a clear authority? And who does more wrong than he who invents a lie against Allāh.

وَإِذِ ٱعْتَزَلْتُمُوهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ إِلَّا ٱللَّهَ فَأْوُۥٓا۟ إِلَى ٱلْكَهْفِ يَنشُرْ لَكُمْ رَبُّكُم مِّن رَّحْمَتِهِۦ وَيُهَيِّئْ لَكُم مِّنْ أَمْرِكُم مِّرْفَقًا ﴿١٦﴾

اور جب تم ان (لوگوں) سے اور جن کی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتے ہیں ان سے الگ ہوگئے ہو تو غار میں پناہ لو کہ تمھارا رب اپنی رحمت (میں سے) تم پر پھیلا دے گا اور تمھارے لیے تمھارے کام میں آسانی پیدا کر دے گا﴿۱۶﴾

16. (The young men said to one another:) "And when you withdraw from them, and that which they worship, except Allāh, then seek refuge in the Cave; your Lord will open a way for you from His Mercy and will make easy for you your affair (i.e. will give you what you will need of provision, dwelling)."

وَتَرَى ٱلشَّمْسَ إِذَا طَلَعَت تَّزَٰوَرُ عَن كَهْفِهِمْ ذَاتَ ٱلْيَمِينِ وَإِذَا غَرَبَت تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ ٱلشِّمَالِ وَهُمْ فِى فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۚ ذَٰلِكَ مِنْ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ ۗ مَن يَهْدِ ٱللَّهُ فَهُوَ ٱلْمُهْتَدِ ۖ وَمَن يُضْلِلْ فَلَن تَجِدَ لَهُۥ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿١٧﴾

اور آپ سورج کو دیکھیں گے جب وہ طلوع ہوتا ہے تو ان کے غار سے دائیں طرف ہٹ جاتا ہے اور جب غروب ہوتا ہے تو ان کے بائیں طرف کتر (کر نکل) جاتا ہے اور وہ اس (غار) کی کھلی جگہ میں ہیں۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے۔ جسے اللہ ہدایت دے تو وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے وہ گمراہ کر دے تو آپ اس کے لیے ہرگز کوئی رہنما دوست نہیں پائیں گے﴿۱۷﴾

17. And you might have seen the sun, when it rose, declining to the right from their Cave, and when it set, turning away from them to the left, while they lay in the midst of the Cave. That is (one) of the *Ayāt* (proofs, evidences, signs) of Allāh. He whom Allāh guides, he is the rightly-guided; but he whom He sends astray, for him you will find no *Walī* (guiding friend) to lead him (to the Right Path).

وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَهُمْ رُقُودٌ ۚ وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ ٱلْيَمِينِ وَذَاتَ ٱلشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُم بَٰسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِٱلْوَصِيدِ ۚ لَوِ ٱطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿١٨﴾

اور آپ انھیں جاگتے ہوئے خیال کریں گے، حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں اور ہم ان کی دائیں طرف اور بائیں طرف کروٹیں بدلتے ہیں اور ان کا کتا (غار کے) دہانے پر اپنے دونوں بازو پھیلائے ہوئے ہے، اگر آپ انھیں جھانک کر دیکھیں تو ان سے ضرور بھاگتے ہوئے پیٹھ پھیر لیں اور آپ ضرور ان سے رعب میں بھر دیے جائیں﴿۱۸﴾

18. And you would have thought them awake, whereas they were asleep. And We turned them on their right and on their left sides, and their dog stretching forth his two forelegs at the entrance [of the Cave or in the space near to the entrance of the Cave (as a guard at the gate)]. Had you looked at them, you would certainly have turned back from them in flight, and would certainly have been filled with awe of them.

وَكَذَٰلِكَ بَعَثْنَٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوا۟ بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ

اور اسی طرح ہم نے انھیں جگایا تاکہ وہ آپس میں

19. Likewise, We awakened them (from their long deep sleep) that

قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۖ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۚ قَالُوا رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ فَابْعَثُوٓا أَحَدَكُم بِوَرِقِكُمْ هَٰذِهِۦٓ إِلَى الْمَدِينَةِ فَلْيَنظُرْ أَيُّهَآ أَزْكَىٰ طَعَامًا فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ﴿١٩﴾

ایک دوسرے سے سوال کریں، ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا: تم کتنا (عرصہ) ٹھہرے ہو؟ وہ بولے: ہم ایک دن یا دن کا کچھ حصہ ٹھہرے ہیں۔ پھر بولے: تمھارا رب خوب جانتا ہے جتنی دیر تم ٹھہرے، چنانچہ اب تم اپنی یہ چاندی (کے سکے) دے کر اپنا ایک آدمی شہر کی طرف بھیجو، پھر وہ دیکھے کہ اس (شہر) کا کون سا شخص طعام کے لحاظ سے پاکیزہ تر ہے، تو وہ اس میں سے تمھارے لیے کچھ کھانا لے آئے، اور وہ خوب نرمی (سے بات) کرے، اور تمھارے متعلق بالکل کسی کو نہ بتائے ﴿١٩﴾

they might question one another. A speaker from among them said: "How long have you stayed (here)?" They said: "We have stayed (perhaps) a day or part of a day." They said: "Your Lord (Alone) knows best how long you have stayed (here). So send one of you with this silver coin of yours to the town, and let him find out which is the good lawful food, and bring some of that to you. And let him be careful and let no man know of you.

إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَلَن تُفْلِحُوٓا إِذًا أَبَدًا ﴿٢٠﴾

96. Verily, those who believe [in the Oneness of Allāh and in His Messenger (Muhammad ﷺ)] and work deeds of righteousness, the

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، عنقریب رحمٰن ان کے لیے محبت پیدا کر دے گا[1]⑨٦ ★

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمَٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾

① زمین میں اہل دین کے دلوں میں اور آسمانوں میں فرشتوں کے دلوں میں، جیسا کہ حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبرائیل کو...

Most Gracious (Allāh) will bestow love for them[1] (in the Hearts of the believers)

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾

یقیناً ہم نے تو اس (قرآن) کو آپ کی زبان (عربی) میں خوب آسان کر دیا ہے، تاکہ آپ اس سے متقین کو بشارت دیں اور اس کے ساتھ جھگڑالو قوم① کو ڈرائیں ﴿۹۷﴾

97. So, We have made this (the Qur'ān) easy in your own tongue (O Muhammad ﷺ), only that you may give glad tidings to the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2), and warn with it the *Ludd*[2] people.

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾

اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں، کیا آپ ان میں سے کسی ایک کو محسوس کرتے ہیں یا ان کی کوئی بھنک (آہٹ) بھی سنتے ہیں؟ ﴿۹۸﴾

98. And how many a generation before them have We destroyed! Can you (O Muhammad ﷺ) find a single one of them or hear even a whisper of them?

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ | طٰہٰ | Sūrat Tā-Hā. 20

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

طٰهٰ ﴿۱﴾

طٰہٰ ①

1. *Tā-Hā.* [These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿۲﴾

ہم نے آپ پر قرآن اس لیے نازل نہیں کیا کہ آپ مشقت میں پڑیں ②

2. We have not sent down the Qur'ān to you (O Muhammad ﷺ) to cause you distress,

اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۳﴾

مگر (یہ) اس شخص کے لیے نصیحت ہے جو اللہ سے ڈرتا ہے ③

3. But only as a Reminder to those who fear (Allāh).

تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿۴﴾

اس ذات کی طرف سے نازل ہوا ہے جس نے زمین اور اونچے آسمان تخلیق کیے ④

4. A Revelation from Him (Allāh) Who has created the earth and high heavens.

★ بقیہ حاشیہ: مریم، آیت: 96.

پکار کر کہتا ہے اللہ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے، لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو، چنانچہ جبرائیل بھی اس سے محبت کرنے لگتا ہے۔ پھر جبرائیل تمام آسمان والوں میں اعلان (منادی) کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو، چنانچہ آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں اس کے لیے قبولیت رکھ دی جاتی ہے۔ (اس کے بعد وہ زمین میں بھی بندگانِ الٰہی کا مقبول اور محبوب بن جاتا ہے)" (صحیح البخاری، الأدب، باب: 41، حدیث: 6040)

[1] (V.19:96) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "If Allāh loves a person, He calls Jibrāil (Gabriel) saying 'Allāh loves so-and-so; O Jibrāil (Gabriel) love him.' Jibrāil (Gabriel) would love him, and then Jibrāil (Gabriel) would make an announcement among the residents of the heavens, 'Allāh loves so-and-so, therefore, you should love him also.' So, all the residents of the heavens would love him and then he is granted the pleasure of the people of the earth." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6040 (O.P.66)]

[2] (V.19:97) *Ludd*: The evildoer wicked quarrelsome people who don't believe in Allāh's Oneness and His Prophet's ﷺ message and argue about everything that Allāh has ordained.

① "جھگڑالو قوم" سے مراد ایسے بدبخت لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کے رسول ﷺ کی رسالت پر ایمان نہیں رکھتے اور ہر چیز (کام) کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں کہ اللہ نے اس کا حکم دیا ہے۔

5. The Most Gracious (Allāh) rose over (*Istawā*) the (Mighty) Throne (in a manner that suits His Majesty).

وہ رحمٰن ہے عرش پر مستوی ہے ⑤

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ⑤

6. To Him belongs all that is in the heavens and all that is on the earth, and all that is between them, and all that is under the soil.

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور جو کچھ گیلی مٹی کے نیچے ہے ⑥

لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ⑥

7. And if you (O Muhammad ﷺ) speak (the invocation) aloud, then verily, He knows the secret and that which is yet more hidden.

اور اگر آپ بلند آواز سے بات کریں تو بلاشبہ وہ ہر راز اور (اس سے بھی) پوشیدہ تر بات کو جانتا ہے ⑦

وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ⑦

8. Allāh! *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He)! To Him belong the Best Names.[1]

(وہی) اللہ ہے، اس کے سوا کوئی الٰہ نہیں، سب اچھے نام اسی کے ہیں[1] ⑧

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ⑧

9. And has there come to you the story of Musa (Moses)?

اور کیا آپ تک موسیٰ کی خبر پہنچی ہے؟ ⑨

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۘ⑨

10. When he saw a fire, he said to his family: "Wait! Verily, I have seen a fire; perhaps I can bring you some burning brand therefrom, or find some guidance at the fire."

جب اس نے (طور پر) آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا: (یہاں) ٹھہرو، بے شک میں نے آگ دیکھی ہے، شاید میں اس میں سے تمہارے لیے کوئی انگارا لے آؤں، یا آگ کے پاس کوئی راہبر پاؤں ⑩

اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّىْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّىْۤ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ⑩

11. And when he came to it (the fire), he was called by name: "O Mūsā (Moses)!

چنانچہ جب وہ (موسیٰ) آگ کے پاس پہنچا تو آواز دی گئی: اے موسیٰ! ⑪

فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِىَ يٰمُوْسٰى ۗ⑪

12. "Verily, I am your Lord! So take off your shoes; you are in the sacred valley, *Tuwa*.

بے شک میں تیرا رب ہوں، لہٰذا تو اپنے جوتے اتار دے، بلاشبہ تو مقدس وادی طویٰ میں ہے ⑫

اِنِّىْۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۗ⑫

13. "And I have chosen you. So listen to that which will be revealed (to you).

اور میں نے تجھے چن لیا ہے، لہٰذا جو وحی کی جاتی ہے اسے غور سے سن ⑬

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ⑬

14. "Verily, I am Allāh! *Lā ilāha illa Ana* (none has the right to be worshipped but I), so worship Me, and perform *As-Salāt* (the prayers) for My remembrance.

بے شک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، چنانچہ تو میری ہی عبادت کر اور میری یاد کے لیے نماز قائم کر ⑭

اِنَّنِىْۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدْنِىْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِىْ ⑭

15. "Verily, the Hour is coming – and I am almost hiding it – that

بے شک قیامت آنے والی ہے، میں اس کا وقت مخفی

اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى

---

[1] (V.20:8) See the footnote of (V.7:180).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۃ الاعراف 7/180)

كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ⑮

رکھنا چاہتا ہوں تاکہ ہر نفس کو اس کا بدلہ دیا جائے جو وہ کوشش کرتا ہے⑮

every person may be rewarded for that which he strives.

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ⑯

لہٰذا اس (فکر آخرت) سے تجھے وہ شخص روکنے نہ پائے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اس نے اپنی خواہشات کی پیروی کی، ورنہ تو (بھی) ہلاک ہو جائے گا①⑯

16. "Therefore, let not the one who believes not therein (i.e. in the Day of Resurrection, Reckoning, Paradise and Hell), but follows his own lusts,[1] divert you therefrom, lest you perish.

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ⑰

اور اے موسیٰ! یہ تیرے دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟⑰

17. "And what is that in your right hand, O Mūsā (Moses)?"

قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ⑱

اس نے کہا: یہ میری لاٹھی ہے، میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں، اور اس سے اپنی بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں، اور اس میں میرے لیے اور بھی مقاصد ہیں⑱

18. He said: "This is my stick, whereon I lean, and wherewith I beat down branches for my sheep, and wherein I find other uses."

قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ⑲

اللہ نے فرمایا: اے موسیٰ! اسے پھینک دے⑲

19. (Allāh) said: "Cast it down, O Mūsā (Moses)!"

فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ⑳

پھر جب اس نے اسے پھینکا تب وہ دوڑتا ہوا سانپ (بن گیا)⑳

20. He cast it down, and behold! It was a snake, moving quickly.

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ٭ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ㉑

فرمایا: اسے پکڑ لے اور مت ڈر، ہم اسے اس کی پہلی حالت میں لوٹا دیں گے㉑

21. Allāh said: "Grasp it and fear not; We shall return it to its former state,

وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ㉒

اور تو اپنا ہاتھ اپنی بغل سے ملا دو بغیر کسی مرض کے چمکتا ہوا سفید نکلے گا، (یہ) دوسری نشانی ہے㉒

22. "And press your (right) hand to your (left) side: it will come forth white (and shining), without any disease as another sign,

لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ㉓

تاکہ ہم تجھے اپنی کچھ بڑی بڑی نشانیاں دکھائیں㉓

23. "That We may show you (some) of Our Greater Signs,

ع 10 اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ㉔

تو فرعون کی طرف جا، بے شک وہ سرکش ہو گیا ہے㉔

24. "Go to Fir'aun (Pharaoh)! Verily, he has transgressed (all bounds in disbelief and disobedience, and has behaved as an arrogant and as a tyrant)."

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ㉕

اس (موسیٰ) نے کہا: میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے㉕

25. [Mūsā (Moses)] said: "O my Lord! Open for me my chest (grant me self-confidence, contentment, and boldness).

وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ㉖

اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے㉖

26. "And ease my task for me;

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ㉗

اور میری زبان کی گرہ کھول دے㉗

27. "And loose the knot (the defect) from my tongue, (i.e.

[1] (V.20:16) See the footnote of (V.19:59)

① ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ مریم: 59/19)

remove the incorrectness from my speech) [That occurred as a result of a brand of fire which Mūsa (Moses) put in his mouth when he was an infant]. (*Tafsir At-Tabari*)

يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿٢٨﴾

(تاکہ) وہ میری بات سمجھ سکیں ﴿28﴾

28. "That they understand my speech.

وَاجْعَل لِّي وَزِيرًا مِّنْ أَهْلِي ﴿٢٩﴾

اور میرے لیے میرے کنبے میں سے ایک وزیر دے ﴿29﴾

29. "And appoint for me a helper from my family,

هَارُونَ أَخِي ﴿٣٠﴾

(یعنی) میرے بھائی ہارون کو ﴿30﴾

30. "Hārūn (Aaron), my brother;

اشْدُدْ بِهِ أَزْرِي ﴿٣١﴾

اس کے ساتھ میری کمر مضبوط کردے ﴿31﴾

31. "Increase my strength with him,

وَأَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي ﴿٣٢﴾

اور اسے میرے کام (نبوت) میں شریک کردے ﴿32﴾

32. "And let him share my task (of conveying Allāh's Message and Prophethood),

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ﴿٣٣﴾

تاکہ ہم تیری بکثرت تسبیح کریں ﴿33﴾

33. "That we may glorify You much,

وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا ﴿٣٤﴾

اور ہم تجھے بکثرت یاد کریں ﴿34﴾

34. "And remember You much,

إِنَّكَ كُنتَ بِنَا بَصِيرًا ﴿٣٥﴾

بے شک تو ہمیں خوب دیکھنے والا ہے ﴿35﴾

35. "Verily, You are Ever a Well-Seer of us."

قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يَا مُوسَىٰ ﴿٣٦﴾

اس (اللہ) نے فرمایا: اے موسیٰ! جو کچھ تو نے مانگا تجھے دیا جاتا ہے ﴿36﴾

36. (Allāh) said: "You are granted your request, O Mūsa (Moses)!

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرَىٰ ﴿٣٧﴾

ہم تجھ پر ایک اور بار بھی احسان کرچکے ہیں ﴿37﴾

37. "And indeed We conferred a favour on you another time (before).

إِذْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّكَ مَا يُوحَىٰ ﴿٣٨﴾

جب ہم نے تیری ماں کی طرف وہ الہام کیا تھا جو (اب) وحی کی جاتی ہے ﴿38﴾

38. "When We inspired your mother with that which We inspired.

أَنِ اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ﴿٣٩﴾

یہ کہ تو اس (موسیٰ) کو صندوق میں ڈال، پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دے، پھر دریا اسے ساحل پر لا ڈالے گا جسے میرا اور اس کا دشمن اٹھائے گا، اور میں نے اپنی طرف سے تجھ پر محبت ڈال دی اور یہ (اس لیے) کہ میری آنکھوں کے سامنے تیری پرورش کی جائے ﴿39﴾

39. "(Saying:) 'Put him (the child) into the *Tabut* (a box or a case or a chest) and put it into the river (Nile); then the river shall cast it up on the bank, and there, an enemy of Mine and an enemy of his shall take him.' And I endued you with love from Me, in order that you may be brought up under My Eye,

إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ فَتَقُولُ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ مَن يَكْفُلُهُ ۖ فَرَجَعْنَاكَ إِلَىٰ أُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا

جب تیری بہن چل رہی تھی اور کہہ رہی تھی: کیا میں تمھیں اس کا پتا دوں جو اس کی کفالت کرے؟ پھر ہم نے تجھے تیری ماں کے پاس لوٹا دیا تاکہ اس کی آنکھ

40. "When your sister went and said: 'Shall I show you one who will nurse him?' So We restored you to your mother, that she

فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۥ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۥ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿٤٠﴾

ٹھنڈی رہے اور وہ غم نہ کھائے، اور تو نے ایک شخص کو قتل کیا تو ہم نے تجھے اس غم سے نجات دی۔ اور ہم نے تجھے خوب آزمایا۔ پھر تو اہل مدین میں کئی سال ٹھہرا رہا، پھر اے موسیٰ! تو تقدیر الٰہی کے مطابق (یہاں) آیا﴿۴۰﴾

might cool her eyes and she should not grieve. Then you did kill a man, but We saved you from great distress and tried you with a heavy trial. Then you stayed a number of years with the people of Madyan (Midian). Then you came here according to the fixed term which I ordained (for you), O Mūsā (Moses)!

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿٤١﴾

اور میں نے تجھے اپنی ذات کے لیے خاص طور پر چنا①﴿۴۱﴾

41. "And I have chosen you[1] for Myself.

اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿٤٢﴾

تو اور تیرا بھائی میری نشانیاں لے کر جاؤ اور تم دونوں میری یاد میں سستی نہ کرنا﴿۴۲﴾

42. "Go you and your brother with My *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.), and do not, you both, slacken and become weak in My remembrance.

اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٤٣﴾

تم دونوں فرعون کی طرف جاؤ، بلاشبہ وہ سرکش ہو گیا ہے﴿۴۳﴾

43. "Go both of you to Fir'aun (Pharaoh), verily, he has transgressed (all bounds in disbelief and disobedience and behaved as an arrogant and as a tyrant).

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿٤٤﴾

چنانچہ تم دونوں اس سے نرم بات کہنا، شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے﴿۴۴﴾

44. "And speak to him mildly, perhaps he may accept admonition or fear (Allāh)."

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿٤٥﴾

ان دونوں نے کہا: اے ہمارے رب! بے شک ہم تو ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا سرکشی کرے﴿۴۵﴾

45. They said: "Our Lord! Verily, we fear lest he should hasten to punish us or lest he should transgress (all bounds against us)."

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿٤٦﴾

اس (اللہ) نے فرمایا: تم دونوں مت ڈرو، بلاشبہ میں تم دونوں کے ساتھ ہوں، میں سنتا اور دیکھتا ہوں﴿۴۶﴾

46. He (Allāh) said: "Fear not, verily, I am with you both, hearing and seeing.

فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۥ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿٤٧﴾

لہٰذا تم دونوں اس کے پاس جاؤ اور کہو: بے شک ہم تیرے رب کے رسول ہیں، چنانچہ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج، اور انھیں مت ستا، یقیناً ہم تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے نشانی لائے ہیں، اور جو ہدایت کی اتباع کرے اس پر سلامتی ہے﴿۴۷﴾

47. "So go you both to him, and say: 'Verily, we are Messengers of your Lord, so let the Children of Israel go with us, and torment them not; indeed, we have come with a sign from your Lord! And peace will be upon him who follows the guidance!

---

[1] (V.20:41) i.e. chosen you for My Revelation and My Message or created you for Myself or strengthened and taught you as to how to preach My Message to My worshippers. [*Tafsir Al-Qurtubi*]

① یعنی میں نے تجھے اپنی وحی اور رسالت کے لیے چن لیا ہے، یا میں نے تجھے اپنے لیے پیدا کیا ہے، یا میں نے تجھے مضبوط بنایا ہے اور تجھے سکھایا ہے کہ تو میرے بندوں کو میرے احکام (محکم) پہنچائے۔ (تفسیر القرطبی: 11/198)

إِنَّا قَدْ أُوحِيَ إِلَيْنَا أَنَّ الْعَذَابَ عَلَىٰ مَن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿٤٨﴾

بلاشبہ ہماری طرف وحی کی گئی ہے کہ یقیناً اس پر عذاب ہے جو (حق کی) تکذیب کرے اور پھر جائے۔﴿٤٨﴾

48. "Truly, it has been revealed to us that the torment will be for him who denies (believes not in the Oneness of Allāh, and in His Messengers), and turns away (from the truth and obedience of Allāh)."

قَالَ فَمَن رَّبُّكُمَا يَا مُوسَىٰ ﴿٤٩﴾

اس (فرعون) نے کہا: اے موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟﴿٤٩﴾

49. Fir'aun (Pharaoh) said: "Who then, O Mūsā (Moses), is the Lord of you two?"

قَالَ رَبُّنَا الَّذِي أَعْطَىٰ كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَىٰ ﴿٥٠﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر شے کو اس کی شکل وصورت دی، پھر ہدایت دی۔﴿٥٠﴾

50. [Mūsā (Moses)] said: "Our Lord is He Who gave to each thing its form and nature, then guided it aright."

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُونِ الْأُولَىٰ ﴿٥١﴾

اس (فرعون) نے کہا: اگلی امتوں کا کیا حال ہے؟﴿٥١﴾

51. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "What about the generations of old?"

قَالَ عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي فِي كِتَابٍ ۖ لَّا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنسَى ﴿٥٢﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: ان کا علم میرے رب کے پاس ایک کتاب (لوح محفوظ) میں ہے، میرا رب نہ بھٹکتا ہے اور نہ بھولتا ہے۔﴿٥٢﴾

52. [Mūsā (Moses)] said: "The knowledge thereof is with my Lord, in a Record. My Lord neither errs nor He forgets."

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّىٰ ﴿٥٣﴾

وہ ذات جس نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور تمھارے چلنے کے لیے اس میں راستے بنائے اور آسمان سے پانی نازل کیا، پھر ہم نے اس کے ذریعے سے کئی اقسام کی مختلف نباتات نکالیں۔﴿٥٣﴾

53. Who has made earth for you like a bed (spread out); and has opened roads (ways and paths) for you therein, and has sent down water (rain) from the sky. And We have brought forth with it various kinds of vegetation.

كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ ﴿٥٤﴾ ع 11

تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ، بے شک اس میں عقل مندوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں۔﴿٥٤﴾

54. Eat and pasture your cattle (therein); verily, in this are *Ayāt* (proofs and signs) for men of understanding.

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ ﴿٥٥﴾

ہم نے تمھیں اسی (زمین) سے پیدا کیا اور اسی میں تمھیں لوٹائیں گے اور اسی میں سے تمھیں ایک بار پھر نکالیں گے۔﴿٥٥﴾

55. Thereof (from earth) We created you, and into it We shall return you, and from it We shall bring you out once again.

وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ ﴿٥٦﴾

اور بلاشبہ ہم نے اس (فرعون) کو اپنی سب نشانیاں دکھا دیں، پھر بھی اس نے جھٹلایا اور انکار کیا۔﴿٥٦﴾

56. And indeed We showed him [Fir'aun (Pharaoh)] all Our *Ayāt* (signs and evidences), but he denied and refused.

قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَىٰ ﴿٥٧﴾

کہنے لگا: اے موسیٰ! کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ اپنے جادو سے ہمیں ہماری سرزمین سے نکال دے؟﴿٥٧﴾

57. He [Fir'aun (Pharaoh)] said: "Have you come to drive us out of our land with your magic, O Mūsā (Moses)?

فَلَنَأْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا

چنانچہ ہم تیرے پاس (مقابل) اس جیسا ہی جادو لائیں گے، لہٰذا تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک

58. "Then verily, we can produce magic the like thereof; so appoint

وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَآ أَنتَ مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾

وعدہ ٹھہرا لے، ہم اس کی خلاف ورزی کریں اور نہ تو، ایک ہموار جگہ میں ﴿٥٨﴾

a meeting between us and you, which neither we nor you shall fail to keep, in an open place where both shall have a just and equal chance (and beholders could witness the competition)."

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَن يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: تمھارا وعدہ زینت (جشن) کا دن ہے، اور یہ کہ لوگ دن چڑھے اکٹھے کیے جائیں ﴿٥٩﴾

59. [Mūsā (Moses)] said: "Your appointed meeting is the day of the festival, and let the people assemble when the sun has risen (forenoon)."

فَتَوَلَّىٰ فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَىٰ ﴿٦٠﴾

چنانچہ فرعون (محل میں) واپس آیا اور اپنی ساری چالیں جمع کیں، پھر (میدان میں) آ گیا ﴿٦٠﴾

60. So Fir'aun (Pharaoh) withdrew, devised his plot and then came back.

قَالَ لَهُم مُّوسَىٰ وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُم بِعَذَابٍ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَىٰ ﴿٦١﴾

موسیٰ نے ان سے کہا: تمھارے لیے ہلاکت ہو! تم اللہ پر جھوٹ نہ گھڑو، ورنہ وہ عذاب سے تمھیں تباہ کر دے گا اور جس نے جھوٹ گھڑا یقیناً وہ ناکام رہا ﴿٦١﴾

61. Mūsā (Moses) said to them: "Woe to you! Invent not a lie against Allāh, lest He should destroy you completely by a torment. And surely, he who invents a lie (against Allāh) will fail miserably."

فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ وَأَسَرُّوا النَّجْوَىٰ ﴿٦٢﴾

پھر انھوں نے آپس میں اپنے معاملے میں باہم اختلاف کیا اور رازداری سے مشورہ کیا ﴿٦٢﴾

62. Then they debated one with another what they must do, and they kept their talk secret.

قَالُوا إِنْ هَٰذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيدَانِ أَن يُخْرِجَاكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ ﴿٦٣﴾

وہ بولے: یقیناً یہ دونوں جادوگر ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ اپنے جادو (کے زور) سے تمھیں تمھاری سرزمین سے نکال دیں اور تمھارا عمدہ نظام لے جائیں (تباہ و) برباد کر دیں ﴿٦٣﴾

63. They said: "Verily, these are two magicians. Their object is to drive you out from your land with their magic, and to take you away from your superior way (overcome your chiefs and nobles).

فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا صَفًّا ۚ وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَىٰ ﴿٦٤﴾

لہٰذا اپنی تدبیریں پختہ کر لو، پھر صف باندھ کر آ جاؤ اور یقیناً جو آج (بھی) غالب رہا وہ کامیاب ٹھہرا ﴿٦٤﴾

64. "So devise your plot, and then assemble in line. And whoever overcomes this day will be indeed successful."

قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَىٰ ﴿٦٥﴾

(ان جادوگروں نے) کہا: اے موسیٰ! یا تو تو ڈال یا ہم ہی ہوں پہلے ڈالنے والے؟ ﴿٦٥﴾

65. They said: "O Mūsā (Moses)! Either you throw first or we be the first to throw?"

قَالَ بَلْ أَلْقُوا ۖ فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ ﴿٦٦﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: بلکہ تم ہی ڈالو، پھر اچانک ان کے جادو کی وجہ سے موسیٰ کو یہ خیال گزرنے لگا کہ ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں یقیناً دوڑ رہی ہیں ﴿٦٦﴾

66. [Mūsā (Moses)] said: "Nay, throw you (first)!" Then behold! their ropes and their sticks, by their magic, appeared to him as though they moved fast.

فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ ﴿٦٧﴾

پھر موسیٰ نے اپنے نفس میں خوف محسوس کیا ﴿٦٧﴾

67. So Mūsā (Moses) conceived fear in himself.

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَىٰ ﴿٦٨﴾

ہم نے کہا: خوف نہ کھا، بے شک تو ہی غالب رہے گا ﴿٦٨﴾

68. We (Allāh) said: "Fear not! Surely, you will have the upper hand.

وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ﴿٦٩﴾

اور جو (لاٹھی) تیرے دائیں ہاتھ میں ہے اسے ڈال دے، وہ اس کو نگل جائے گی جو کچھ انھوں نے بنایا ہے، بس انھوں نے تو جادوگر کا فریب بنایا ہے اور جادوگر جہاں سے بھی آئے کامیاب نہیں ہوتا ﴿٦٩﴾

69. "And throw that which is in your right hand! It will swallow up that which they have made. That which they have made is only a *magician's* trick, and the magician will never be successful, to whatever amount (of skill) he may attain."

فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَىٰ ﴿٧٠﴾

چنانچہ جادوگر بے اختیار سجدے میں گر گئے اور کہنے لگے: ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لائے ﴿٧٠﴾

70. So, the magicians fell down prostrate. They said: "We believe in the Lord of Hārūn (Aaron) and Mūsā (Moses)."

قَالَ آمَنتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۖ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَأَبْقَىٰ ﴿٧١﴾

فرعون نے کہا: کیا تم میری اجازت سے پہلے ہی اس پر ایمان لائے ہو؟ یقیناً یہ تمھارا بڑا ہی تو ہے جس نے تمھیں جادو سکھایا، لہٰذا میں تمھارے ہاتھ اور پاؤں ایک دوسرے کی مخالف سمتوں سے ضرور کٹواؤں گا اور تمھیں کھجور کے تنوں پر ضرور سولی دوں گا، اور تمھیں ضرور معلوم ہو جائے گا کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیرپا ہے ﴿٧١﴾

71. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "Believe you in him [Mūsā (Moses)] before I give you permission? Verily, he is your chief who has taught you magic. So, I will surely cut off your hands and feet on opposite sides, and I will surely crucify you on the trunks of date palms, and you shall surely know which of us [I (Fir'aun – Pharaoh) or the Lord of Mūsā (Moses) (Allāh)] can give the severe and more lasting torment."

قَالُوا لَن نُّؤْثِرَكَ عَلَىٰ مَا جَاءَنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالَّذِي فَطَرَنَا ۖ فَاقْضِ مَا أَنتَ قَاضٍ ۖ إِنَّمَا تَقْضِي هَٰذِهِ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾

وہ کہنے لگے: ہم تجھے کبھی ترجیح نہیں دیں گے ان واضح دلائل پر جو ہمارے پاس آ چکے اور اس ذات پر جس نے ہمیں پیدا کیا، لہٰذا تو جو کرسکتا ہے کر گزر، بس تو تو اس دنیاوی زندگی ہی کا فیصلہ کرے گا ﴿٧٢﴾

72. They said: "We prefer you not over what have come to us of the clear signs and to Him (Allāh) Who created us. So, decree whatever you desire to decree, for you can only decree (regarding) this life of the world.

إِنَّا آمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطَايَانَا وَمَا أَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۗ وَاللَّهُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿٧٣﴾

بے شک ہم اپنے رب پر ایمان لائے ہیں تاکہ وہ ہمیں بخش دے ہماری خطائیں اور وہ جادو بھی جس پر تو نے ہمیں مجبور کیا، اور اللہ بہت بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے ﴿٧٣﴾

73. "Verily, we have believed in our Lord, that He may forgive us our faults, and the magic to which you did compel us. And Allāh is better [as regards reward in comparison to your Fir'aun's (Pharaoh's) reward], and more lasting (as regards punishment in comparison to your punishment)."

إِنَّهُ مَن يَأْتِ رَبَّهُ مُجْرِمًا فَإِنَّ لَهُ

بے شک جو شخص اپنے رب کے پاس مجرم بن کر

74. Verily, whoever comes to his Lord as a *Mujrim* (criminal,

جَهَنَّمَ ۚ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ⓸⓻

حاضر ہوگا تو یقیناً اس کے لیے جہنم ہے جس میں نہ تو وہ مرے گا اور نہ جیے گا۔

polytheist, sinner, disbeliever in the Oneness of Allāh and His Messengers), then surely, for him is Hell, wherein he will neither die nor live.

وَمَنْ يَّأْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ⓻⓹

اور جو اس کے حضور مومن (بن کر) حاضر ہوگا، جبکہ اس نے نیک عمل کیے ہوں، تو انھی (لوگوں) کے درجے بلند ہیں۔

75. But whoever comes to Him (Allāh) as a believer (in the Oneness of Allāh), and has done righteous good deeds, for such are the high ranks (in the Hereafter),

جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ⓻⓺

(یعنی) سدا رہنے والے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور یہی اس کی جزا ہے جو (گناہوں سے) پاک ہوا۔

76. *'Adn* (Eden) Paradise (everlasting Gardens), under which rivers flow, wherein they will abide forever, and such is the reward of those who purify themselves (by abstaining from all kinds of sins and evil deeds which Allāh has forbidden and by doing all that Allāh has ordained).

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ڏ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ⓻⓻

اور یقیناً ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ رات کو میرے بندے نکال لے چل، پھر ان کے لیے سمندر میں خشک راستہ بنا، جبکہ تجھے نہ تو پکڑے جانے کا خوف ہوگا اور نہ (ڈوبنے کا) ڈر۔

77. And indeed We revealed to Mūsā (Moses) (saying): "Travel by night with *'Ibādī* (My slaves) and strike a dry path for them in the sea, fearing neither to be overtaken [by Fir'aun (Pharaoh)] nor being afraid (of drowning in the sea)."

فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ⓻⓼

پھر فرعون نے اپنے لشکروں سمیت ان کا پیچھا کیا تو انھیں سمندر (کے پانی) نے ڈھانپ لیا جیسے ڈھانپنے کا حق تھا۔

78. Then Fir'aun (Pharaoh) pursued them with his hosts, but the sea water completely overwhelmed them and covered them up.

وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ⓻⓽

اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور (سیدھی) راہ نہ دکھائی۔

79. And Fir'aun (Pharaoh) led his people astray, and he did not guide them.

يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ⓼⓪

اے بنی اسرائیل! ہم نے تمھیں تمھارے دشمن سے نجات دی، اور ہم نے تم سے طور کی دائیں جانب (تورات دینے) کا وعدہ کیا، اور ہم نے تم پر من اور سلویٰ نازل کیا۔[1]

80. O Children of Israel! We delivered you from your enemy, and We made a covenant with you on the right side of the Mount, and We sent down to you *Al-Manna*[1] and quail.

[1] (V.20:80) See the footnote of (V.2:57).

① دیکھیے حاشیہ (سورۂ بقرہ: 57)

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿81﴾

ہم نے تمھیں جن پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا ہے ان سے کھاؤ، اور تم اس میں سرکشی نہ کرو کہ تم پر میرا غضب اترے، اور جس پر میرا غضب اترا تو یقیناً وہ تباہ ہو گیا۔﴿81﴾

81. (Saying) eat of the *Tayyibāt* (good lawful things) wherewith We have provided you, and commit no transgression or oppression therein, lest My Anger should justly descend on you. And he on whom My Anger descends, he is indeed perished. (*Tafsir Al-Qurtubi*)

وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿82﴾

اور بے شک میں بہت بخشنے والا ہوں اس کے لیے جو توبہ کرے، ایمان لائے اور نیک عمل کرے، پھر ہدایت پر رہے۔﴿82﴾

82. And verily, I am indeed forgiving to him who repents, believes (in My Oneness, and associates none in worship with Me) and does righteous good deeds, and then remains constant in doing them (till his death).

وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿83﴾

اور اے موسیٰ! کون سی چیز تجھے تیری قوم سے جلدی لے آئی؟﴿83﴾

83. "And what made you hasten from your people, O Mūsa (Moses)?"

قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿84﴾

اس نے کہا: وہ لوگ میرے پیچھے ہیں، اور اے میرے رب! میں نے تیری طرف جلدی کی تاکہ تو راضی ہو جائے۔﴿84﴾

84. He said: "They are close on my footsteps, and I hastened to You, O my Lord, that You might be pleased."

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿85﴾

اللہ نے فرمایا: چنانچہ بے شک ہم نے تیرے بعد تیری قوم کو آزمائش میں ڈال دیا، اور انھیں سامری نے گمراہ کر دیا۔﴿85﴾

85. (Allāh) said: "Verily, We have tried your people in your absence, and As-Sāmirī has led them astray."

فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿86﴾

تو موسیٰ اپنی قوم کی طرف غضب ناک (اور) غمگین لوٹا (اور) کہنے لگا: اے میری قوم! کیا تمھارے رب نے تم سے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا؟ کیا پھر تم پر عہد طویل ہو گیا تھا؟ یا تم نے چاہا کہ تم پر تمھارے رب کا غضب اترے، لہٰذا تم نے میرے وعدے کی خلاف ورزی کی۔﴿86﴾

86. Then Mūsa (Moses) returned to his people in a state of anger and sorrow. He said: "O my people! Did not your Lord promise you a fair promise? Did then the promise seem to you long in coming? Or did you desire that wrath should descend from your Lord on you, that you broke your promise to me (i.e. by disbelieving in Allāh and worshipping the calf)?"

قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿87﴾

وہ کہنے لگے: ہم نے تیرے وعدے کی اپنے اختیار سے خلاف ورزی نہیں کی، لیکن ہم پر قوم (فرعون) کے زیب و زینت کے بوجھ لاد دیے گئے تھے تو ہم نے وہ (آگ میں) پھینک دیے اور اسی طرح سامری نے بھی (زیور) پھینکے۔﴿87﴾

87. They said: "We broke not the promise to you, of our own will, but we were made to carry the weight of the ornaments of the [Fir'aun's (Pharaoh)] people, then we cast them (into the fire), and that was what As-Sāmirī did."

فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهُ خُوَارٌ فَقَالُوا هَٰذَا إِلَٰهُكُمْ وَإِلَٰهُ مُوسَىٰ فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾

پھر اس نے ان کے لیے ایک بچھڑا نکالا (یعنی) جو محض جسم تھا، جس کی آواز گائے کی سی تھی، پھر وہ (سب) کہنے لگے: یہی ہے تمھارا الٰہ اور موسیٰ کا الٰہ، وہ تو بھول گیا ﴿٨٨﴾

88. Then he took out (of the fire) for them (a statue of) a calf which seemed to low. They said: "This is your *ilāh* (god), and the *ilāh* (god) of Mūsā (Moses), but he [Mūsā (Moses)] has forgotten (his god)."

أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا وَلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾

بھلا وہ دیکھتے نہیں تھے کہ بلاشبہ وہ (بچھڑا) ان کی کسی بات کا جواب نہیں دیتا اور نہ ان کے کسی نفع ونقصان کا مالک ہے ﴿٨٩﴾

89. Did they not see that it could not return them a word (for answer), and that it had no power either to harm them or to do them good?

وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هَارُونُ مِن قَبْلُ يَا قَوْمِ إِنَّمَا فُتِنتُم بِهِ ۖ وَإِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمَٰنُ فَاتَّبِعُونِي وَأَطِيعُوا أَمْرِي ﴿٩٠﴾

اور بلاشبہ اس سے پہلے ہارون نے ان سے کہا تھا: اے میری قوم! یقیناً اس (بچھڑے) کے ساتھ تم آزمائے گئے ہو اور یقیناً تمھارا رب رحمٰن ہے، لہٰذا تم میری اتباع کرو اور میرے حکم کی اطاعت کرو ﴿٩٠﴾

90. And Hārūn (Aaron) indeed had said to them beforehand: "O my people! You are being tried in this, and verily, your Lord is (Allāh) the Most Gracious, so follow me and obey my order."

قَالُوا لَن نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَاكِفِينَ حَتَّىٰ يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَىٰ ﴿٩١﴾

وہ کہنے لگے: ہم تو ہمیشہ اس پر مجاور (بن کر بیٹھے) رہیں گے حتی کہ موسیٰ ہمارے پاس لوٹ آئے ﴿٩١﴾

91. They said: "We will not stop worshipping it (i.e. the calf), until Mūsā (Moses) returns to us."

قَالَ يَا هَارُونُ مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ ضَلُّوا ﴿٩٢﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: اے ہارون! تجھے کس چیز نے روکے رکھا جب تو نے انھیں دیکھا کہ وہ بھٹک گئے ہیں ﴿٩٢﴾

92. [Mūsā (Moses)] said: "O Hārūn (Aaron)! What prevented you when you saw them going astray;

أَلَّا تَتَّبِعَنِ ۖ أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي ﴿٩٣﴾

کہ تو نے میری اتباع نہ کی؟ کیا تو نے میرے حکم کی نافرمانی کی؟ ﴿٩٣﴾

93. "That you followed me not (according to my advice to you)? Have you then disobeyed my order?"

قَالَ يَا ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي ۖ إِنِّي خَشِيتُ أَن تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي ﴿٩٤﴾

اس (ہارون) نے کہا: اے میرے ماں جائے! میری داڑھی اور میرا سر نہ پکڑ، یقیناً میں ڈر گیا کہ تو کہے گا: تو نے بنی اسرائیل کے درمیان تفرقہ ڈال دیا اور میری بات کا انتظار نہ کیا ﴿٩٤﴾

94. He [Hārūn (Aaron)] said: "O son of my mother! Seize (me) not by my beard, nor by my head! Verily, I feared lest you should say: 'You have caused a division among the Children of Israel, and you have not respected my word!' "

قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: اے سامری! تیرا کیا معاملہ ہے؟ ﴿٩٥﴾

95. [Mūsā (Moses)] said: "And what is the matter with you, O Sāmirī? (i.e. why did you do so?)"

قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهِ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ الرَّسُولِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذَٰلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي ﴿٩٦﴾

اس (سامری) نے کہا: میں نے وہ چیز دیکھی جو ان لوگوں نے نہ دیکھی، چنانچہ میں نے (مٹی کی) ایک مٹھی رسول (جبریل کے گھوڑے) کے نقش قدم سے بھری اور وہ اس میں ڈال دی، اور اسی طرح میرے

96. (Sāmirī) said: "I saw what they saw not, so I took a handful (of dust) from the (hoof) print of the messenger [Jibrael's (Gabriel's) horse] and threw it [into the fire in which were put

نفس نے (اسے) میرے لیے خوشنما بنا دیا۞

the ornaments of Fir'aun's (Pharaoh) people, or into the calf]. Thus my inner self suggested to me."

قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ أَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۖ وَإِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ إِلٰٓى إِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۖ لَّنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ۞

اس (موسیٰ) نے کہا: تو چلا جا، اب یقیناً تیرے لیے زندگی بھر یہی ہے کہ تو کہتا رہے: (مجھے) نہ چھونا، اور بے شک تیرے لیے ایک وعدہ ہے، جس کی خلاف ورزی تجھ سے ہرگز نہیں کی جائے گی۔ اور تو اپنے معبود کی طرف دیکھ جس پر تو مجاور بنا رہا، البتہ ہم اسے ضرور جلا دیں گے، پھر یقیناً اس (کی راکھ) کو سمندر میں بکھیر دیں گے۞

97. Mūsā (Moses) said: "Then go away! And verily, your (punishment) in this life will be that you will say: 'Touch me not' (i.e. you will live alone exiled away from mankind); and verily, (for a future torment) you have a promise that will not fail. And look at your *ilāh* (god) to which you have been devoted. We will certainly burn it, and scatter its particles in the sea."

إِنَّمَآ إِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۞

بس تمھارا معبود تو اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس نے ہر چیز کو اپنے علم سے گھیر رکھا ہے۞

98. Your *Ilāh* (God) is only Allāh, (the One) *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He). He has full knowledge of all things.

كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ۞

اسی طرح ہم آپ کو وہ احوال سناتے ہیں جو (پہلے) گزر چکے، اور یقیناً ہم نے آپ کو اپنے پاس سے ذکر (قرآن) دیا۞

99. Thus We relate to you (O Muhammad ﷺ) some information of what happened before. And indeed We have given you from Us a Reminder (this Qur'ān).

مَنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۞

جس نے اس سے اعراض کیا تو یقیناً وہ یوم قیامت ایک بوجھ اٹھائے ہوئے ہوگا۞

100. Whoever turns away from it (this Qur'ān — i.e. does not believe in it, nor acts on its orders), verily, they will bear a heavy burden (of sins) on the Day of Resurrection,

خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۖ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۞

وہ اس (تکلیف) میں ہمیشہ رہیں گے اور یوم قیامت ان کے لیے بوجھ اٹھانا برا ہوگا۞

101. They will abide in that (state in the Fire of Hell) and evil indeed will it be that load for them on the Day of Resurrection;

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ۞

جس دن صور میں پھونکا جائے گا، اور ہم اس دن مجرموں کو اکٹھے کریں گے اس حال میں کہ نیلی آنکھوں والے ہوں گے۞

102. The Day when the Trumpet will be blown (the second blowing): that Day, We shall gather the *Mujrimūn* (criminals, polytheists, sinners, disbelievers in the Oneness of Allāh) blue or blind-eyed with thirst.

يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ إِنْ لَّبِثْتُمْ إِلَّا عَشْرًا ۞

وہ باہم چپکے چپکے کہتے ہوں گے: تم (دنیا میں) نہیں ٹھہرے مگر صرف دس دن۞

103. They will speak in a very low voice to each other (saying): "You stayed not longer than ten (days)."

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾

ہم کو خوب معلوم ہے جو وہ کہیں گے، جبکہ ان میں بہترین راہ والا کہے گا: تم تو صرف ایک دن ٹھہرے تھے (104)

104. We know very well what they will say, when the best among them in knowledge and wisdom will say: "You stayed no longer than a day!"

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ﴿١٠٥﴾

اور وہ آپ سے پہاڑوں کی بابت سوال کرتے ہیں تو آپ کہہ دیجیے: میرا رب انھیں اڑا کر بکھیر دے گا (105)

105. And they ask you concerning the mountains, say: "My Lord will blast them and scatter them as particles of dust.

فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾

پھر وہ اس (زمین) کو چٹیل میدان (بنا) چھوڑے گا (106)

106. "Then He shall leave them as a level smooth plain.

لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ﴿١٠٧﴾

آپ اس میں نہ کوئی کجی دیکھیں گے اور نہ ابھری جگہ (107)

107. "You will see therein nothing crooked or curved."

يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ ۖ وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾

اس دن سب لوگ پکارنے والے کے پیچھے چلیں گے، اس (کی بات) سے کوئی کجی نہیں ہوگی اور سب آوازیں رحمٰن کے سامنے پست ہو جائیں گی، پھر آپ آہٹ (ہلکی آواز) کے سوا کچھ نہ سنیں گے (108)

108. On that Day mankind will follow strictly (the voice of) Allāh's caller, no crookedness (that is without going to the right or left of that voice) will they show him (Allāh's caller). And all voices will be humbled for the Most Gracious (Allāh), and nothing shall you hear but the low voice of their footsteps.

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا ﴿١٠٩﴾

اس دن سفارش کوئی نفع نہ دے گی مگر صرف اس کی جسے رحمٰن اجازت دے گا اور اس کی بات پسند کرے گا (109)

109. On that day no intercession shall avail, except the one for whom the Most Gracious (Allāh) has given permission and whose word is acceptable to Him.

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا ﴿١١٠﴾

جو کچھ ان کے آگے اور ان کے پیچھے ہے اللہ ہی جانتا ہے اور وہ (مخلوق) اپنے علم سے اس کا احاطہ نہیں کر سکتے (110)

110. He (Allāh) knows what happens to them (His creatures) in this world, and what will happen to them (in the Hereafter) but they will never encompass anything of His Knowledge.

وَعَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿١١١﴾

اور سب چہرے حی قیوم (اللہ) کے آگے جھک جائیں گے، اور یقیناً وہ ناکام ہوا جس نے ظلم (شرک) کا بوجھ اٹھایا (111)

111. And (all) faces shall be humbled before (Allāh), *Al-Hayyul-Qayyum* (the Ever Living, the One Who sustains and protects all that exists). And he who carried (a burden of) wrongdoing (i.e. he who disbelieved in Allāh, ascribed partners to Him, and did deeds of His disobedience), will be indeed a complete failure (on that Day).

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾

اور جو شخص نیک عمل کرے، بشرطیکہ وہ مومن ہو تو وہ نہ ظلم وزیادتی (بے انصافی) کا خوف کھائے گا اور نہ حق تلفی کا۔﴿۱۱۲﴾

112. And he who works deeds of righteousness, while he is a believer (in Islāmic Monotheism), then he will have no fear of injustice, nor of any curtailment (of his reward).

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾

اور اسی طرح ہم نے اس کو عربی قرآن نازل کیا اور ہم نے اس میں پھیر پھیر کر کئی پہلوؤں سے (اپنی) وعید بیان کی تاکہ وہ تقویٰ اپنا ئیں یا یہ (قرآن) ان کے لیے نصیحت پیدا کرے۔﴿۱۱۳﴾

113. And thus We have sent it down as a Qur'ān in Arabic, and have explained therein in detail the warnings, in order that they may fear Allāh, or that it may cause them to have a lesson from it (or to have the honour for believing and acting on its teachings).

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۡ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾

پس ثابت وسچا بادشاہ اللہ بلند وبالا ہے، اور (اے نبی!) آپ قرآن (پڑھنے) میں جلدی نہ کریں قبل اس کے کہ آپ کی طرف اس کی وحی پوری کی جائے اور کہیے: اے میرے رب! مجھے علم میں زیادہ کر۔﴿۱۱۴﴾

114. Then High above all be Allāh, the True King. And be not in haste (O Muhammad ﷺ) with the Qur'ān before its revelation is completed to you, and say: "My Lord! Increase me in knowledge."

وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ ع ۱۵

اور یقیناً ہم نے اس سے پہلے آدم سے عہد لیا تھا تو وہ بھول گیا اور ہم نے اس میں عزم صمیم نہ پایا۔﴿۱۱۵﴾

115. And indeed We made a covenant with Adam before, but he forgot, and We found on his part no firm willpower.

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾

اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا: آدم کو سجدہ کرو تو انھوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، اس نے انکار کیا۔﴿۱۱۶﴾

116. And (remember) when We said to the angels: "Prostrate yourselves to Adam." They prostrated themselves (all) except *Iblīs* (Satan); he refused.

فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾

پھر ہم نے کہا: اے آدم! بے شک یہ (ابلیس) تیرا اور تیری بیوی کا دشمن ہے، کہیں وہ تم دونوں کو جنت سے نہ نکلوا دے کہ تو مشقت میں پڑ جائے۔﴿۱۱۷﴾

117. Then We said: "O Adam! Verily, this is an enemy to you and to your wife. So, let him not get you both out of Paradise, so that you will be distressed.

اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾

بے شک تیرے لیے (یہاں یہ انتظام) ہے کہ تو اس میں نہ بھوکا رہے گا اور نہ ننگا ہوگا۔﴿۱۱۸﴾

118. Verily, you have (a promise from Us) that you will never be hungry therein nor naked.

وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾

اور بے شک تجھے نہ پیاس لگے گی اور نہ تجھے دھوپ لگے گی۔﴿۱۱۹﴾

119. And you (will) suffer not from thirst therein nor from the sun's heat.

فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾

پھر شیطان نے اس کی طرف وسوسہ ڈالا، اس نے کہا: اے آدم! کیا میں تجھے سدا جینے کا درخت اور بادشاہی نہ بتاؤں جو پرانی نہ ہو؟﴿۱۲۰﴾

120. Then *Shaitān* (Satan) whispered to him, saying: "O Adam! Shall I lead you to the Tree of Eternity and to a kingdom that will never waste

away?"

فَاَكَلَا مِنۡهَا فَبَدَتۡ لَهُمَا سَوۡاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخۡصِفٰنِ عَلَيۡهِمَا مِنۡ وَّرَقِ الۡجَنَّةِ‌ ؗ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ۖ﴿۱۲۱﴾

چنانچہ ان دونوں نے اس میں سے (پھل) کھایا تو ان کی شرمگاہیں ان پر ظاہر ہوگئیں، اور وہ دونوں اپنے اوپر جنت کے پتے چپکانے لگے، اور آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی تو وہ بھٹک گیا۔﴿۱۲۱﴾

121. Then they both ate of the tree, and so their private parts became manifest to them, and they began to cover themselves with the leaves of Paradise for their covering. Thus did Adam disobey his Lord, so he went astray.

ثُمَّ اجۡتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيۡهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾

پھر اسے اس کے رب نے برگزیدہ کیا، اس کی توبہ قبول کی اور (اسے) ہدایت دی۔﴿۱۲۲﴾

122. Then his Lord chose him, and turned to him with forgiveness, and gave him guidance.

قَالَ اهۡبِطَا مِنۡهَا جَمِيۡعًاۢ بَعۡضُكُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ‌ ۚ فَاِمَّا يَاۡتِيَنَّكُمۡ مِّنِّىۡ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَاىَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشۡقٰى ﴿۱۲۳﴾

اس (اللہ) نے فرمایا: تم دونوں یہاں سے اکٹھے اتر جاؤ، تمھارے بعض، بعض کے دشمن ہیں، پھر جب تمھارے پاس میری ہدایت پہنچے تو جس نے میری ہدایت کی پیروی کی تو وہ نہ گمراہ ہوگا اور نہ مشقت میں پڑے گا۔﴿۱۲۳﴾

123. He (Allāh) said: "Get you down (from Paradise to the earth), both of you together, some of you are an enemy to some others. Then if there comes to you guidance from Me, then whoever follows My Guidance he shall neither go astray nor shall be distressed.

وَمَنۡ اَعۡرَضَ عَنۡ ذِكۡرِىۡ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيۡشَةً ضَنۡكًا وَّنَحۡشُرُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ اَعۡمٰى ﴿۱۲۴﴾

اور جس نے میری یاد سے اعراض کیا تو یقیناً اس کے لیے گزران تنگ ہوگی، اور روز قیامت ہم اسے اندھا کر کے اٹھائیں گے۔﴿۱۲۴﴾

124. "But whosoever turns away from My Reminder (i.e. neither believes in this Qur'ān nor acts on its teachings), verily, for him is a life of hardship, and We shall raise him up blind on the Day of Resurrection."

قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرۡتَنِىۡۤ اَعۡمٰى وَقَدۡ كُنۡتُ بَصِيۡرًا ﴿۱۲۵﴾

وہ کہے گا: اے میرے رب! تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا؟ جبکہ میں تو (دنیا میں) دیکھنے والا تھا۔﴿۱۲۵﴾

125. He will say: "O my Lord! Why have you raised me up blind, while I had sight (before)."

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتۡكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيۡتَهَا‌ ۚ وَكَذٰلِكَ الۡيَوۡمَ تُنۡسٰى ﴿۱۲۶﴾

ارشاد ہوگا: اسی طرح تیرے پاس ہماری آیات آئیں تو تو نے وہ بھلا دیں، اور اسی طرح آج تجھے بھی بھلا دیا جائے گا۔﴿۱۲۶﴾

126. (Allāh) will say: "Like this Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) came to you, but you disregarded them (i.e. you left them, did not think deeply in them, and you turned away from them), and so this Day, you will be neglected (in the Hell-fire, away from Allāh's Mercy)."

وَكَذٰلِكَ نَجۡزِىۡ مَنۡ اَسۡرَفَ وَلَمۡ يُؤۡمِنۡۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ‌ ؕ وَلَعَذَابُ الۡاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبۡقٰى ﴿۱۲۷﴾

اور جو حد سے بڑھ گیا اور اپنے رب کی آیات پر ایمان نہ لایا، ہم اس کو اسی طرح سزا دیں گے، اور یقیناً آخرت کا عذاب شدید تر اور بہت باقی رہنے والا ہے۔﴿۱۲۷﴾

127. And thus do We requite him who transgresses beyond bounds (i.e. commits the great sins and disobeys his Lord (Allāh) and believes not in His Messengers,

and His revealed Books, like this Qur'ân], and believes not in the *Ayât* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of his Lord; and the torment of the Hereafter is far more severe and more lasting.

أَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ ﴿١٢٨﴾

کیا پھر (اس چیز نے) ان کی رہنمائی نہیں کی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں؟ جن کے مساکن (بستیوں) میں یہ لوگ چلتے پھرتے ہیں، بے شک اس میں البتہ عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں ﴿١٢٨﴾

128. Is it not a guidance for them (to know) how many generations We have destroyed before them, in whose dwellings they walk? Verily, in this are signs indeed for men of understanding.

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَأَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿١٢٩﴾

اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے ہی سے (طے) نہ ہو چکی ہوتی، اور میعاد مقرر بھی (نہ ہوتی) تو (انھیں عذاب) چمٹ کے رہتا ﴿١٢٩﴾

129. And had it not been for a Word that went forth before from your Lord, and a term determined, (their punishment) must necessarily have come (in this world).

فَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا ۖ وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضَىٰ ﴿١٣٠﴾

لہٰذا جو کچھ وہ کہتے ہیں آپ اس پر صبر کیجیے، اور طلوع شمس سے پہلے اور اس کے غروب سے پہلے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجیے، اور رات کی کچھ گھڑیوں میں بھی تسبیح کیجیے، اور دن کے (دونوں) حصوں میں بھی، تاکہ آپ راضی ہو جائیں ﴿١٣٠﴾

130. So bear patiently (O Muhammad ﷺ) what they say, and glorify the praises of your Lord before the rising of the sun, and before its setting, and during some hours of the night, and at the ends of the day (an indication for the five compulsory congregational prayers), that you may become pleased (with the reward which Allah shall give you).

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿١٣١﴾

اور (اے نبی!) ان چیزوں کی طرف آپ اپنی نگاہیں نہ اٹھائیں جو چیزیں زندگانی دنیا کی آرائش کی ہم نے ان میں سے مختلف قسم کے لوگوں کو دے رکھی ہیں، تاکہ ہم انھیں ان کے ذریعے سے آزمائیں، اور آپ کے رب کا رزق بہتر اور باقی رہنے والا ہے ﴿١٣١﴾

131. And strain not your eyes in longing for the things We have given for enjoyment to various groups of them (polytheists and disbelievers in the Oneness of Allah), the splendour of the life of this world, that We may test them thereby. But the provision (good reward in the Hereafter) of your Lord is better and more lasting.

وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ﴿١٣٢﴾

اور اپنے اہل وعیال کو نماز کا حکم دیجیے اور (خود بھی) اس پر قائم رہیے، ہم آپ سے رزق نہیں مانگتے، ہم ہی آپ کو رزق دیتے ہیں، اور (بہترین) انجام تو (اہل) تقویٰ کے لیے ہے ﴿١٣٢﴾

42. Fruits; and they shall be honoured,

فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٤٣﴾

نعمت کے باغوں میں (43)

43. In the Gardens of Delight (Paradise),

[1] (V.37:35) See the footnote of (V.22:9).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۃ الحج 22/9)

عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝٤٤

ایک دوسرے کے سامنے تختوں پر (براجمان) ہوں گے۔

44. Facing one another on thrones.

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝٤٥

ان کے لیے جاری چشمے سے شراب (طہور) کا بھرا جام پھرایا جائے گا۔

45. Round them will be passed a cup of pure wine —

بَيْضَاۤءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝٤٦

سفید رنگ (بالکل صاف شفاف) پینے والوں کے لیے لذت (والی ہوگی)۔

46. White, delicious to the drinkers.

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝٤٧

نہ اس سے سر چکرائے گا اور نہ وہ اس سے مدہوش ہوں گے۔

47. Neither will they have *Ghoul* (any kind of hurt, abdominal pain, headache, a sin) from that nor will they suffer intoxication therefrom.

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ۝٤٨

اور ان کے پاس ہوں گی نیچی نگاہ والی، غزال چشم (خوبصورت آنکھوں والی حوریں)۔

48. And beside them will be *Qāsirat-at-Tarf* [chaste females (wives), restraining their glances (desiring none except their husbands)], with wide and beautiful eyes.[1]

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ۝٤٩

گویا کہ وہ پردوں میں چھپائے ہوئے (شتر مرغ کے) انڈے ہیں۔

49. (Delicate and pure) as if they were (hidden) eggs (well) preserved.

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَاۤءَلُوْنَ ۝٥٠

وہ (جنتی) ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باہم پوچھیں گے۔

50. Then they will turn to one another, mutually questioning.

قَالَ قَاۤىِٕلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ۝٥١

ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا: بے شک میں (اور دنیا میں) میرا ایک ہم نشین تھا۔

51. A speaker of them will say: "Verily, I had a companion (in the world),

يَّقُوْلُ اَىِٕنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ۝٥٢

جو کہتا تھا: کیا بھلا تو بھی (قیامت کی) تصدیق کرنے والوں میں سے ہے؟

52. Who used to say: "Are you among those who believe (in resurrection after death).

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝٥٣

کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا واقعی ہم (اٹھا کر) بدلہ دیے جائیں گے؟

53. "(That) when we die and become dust and bones, shall we indeed (be raised up) to receive reward or punishment (according to our deeds)?"

قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝٥٤

وہ (جنتی ساتھیوں سے) کہے گا: کیا تم (جہنم میں) جھانک کر دیکھو گے؟

54. (The speaker) said: "Will you look down?"

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَاۤءِ الْجَحِيْمِ ۝٥٥

پھر وہ جھانکے گا تو اسے جہنم کے درمیان میں دیکھے گا۔

55. So he looked down and saw him in the midst of the Fire.

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝٥٦

وہ (اس سے) کہے گا: اللہ کی قسم! یقیناً قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالتا۔

56. He said: "By Allāh! You have nearly ruined me.

---

[1] (V.37:48) See the footnote of (V.29:64).

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾

اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں ضرور حاضر کیے ہوؤں (مجرموں) میں سے ہوتا﴿٥٧﴾

57. "Had it not been for the Grace of my Lord, I would certainly have been among those brought forth (to Hell)."

أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾

(جنتی ساتھیوں سے کہے گا:) تو کیا ہم (اب) ہم مرنے والے نہیں﴿٥٨﴾

58. (The dwellers of Paradise will say:) "Are we then not to die (any more)?

إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾

اپنی پہلی بار مرنے کے سوا اور نہ ہمیں عذاب ہی ہوگا؟﴿٥٩﴾

59. "Except our first death, and we shall not be punished? (after we have entered Paradise)."

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾

بلاشبہ یہ تو بہت بڑی کامیابی ہے﴿٦٠﴾

60. Truly, this is the supreme success!

لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾

عمل کرنے والوں کو تو ایسی ہی (کامیابی) کے لیے عمل کرنے چاہئیں﴿٦١﴾

61. For the like of this let the workers work.

أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾

کیا یہ مہمانی بہتر ہے یا (دوزخ میں) تھوہر کا درخت؟﴿٦٢﴾

62. Is that (Paradise) better entertainment or the tree of *Zaqqūm* (a horrible tree in Hell)?

إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِّلظَّالِمِينَ ﴿٦٣﴾

بلاشبہ ہم نے اسے ظالموں کے لیے آزمائش بنایا ہے﴿٦٣﴾

63. Truly, We have made it (as) a trial for the *Zālimūn* (polytheists, disbelievers, wrong doers).

إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ ﴿٦٤﴾

بے شک وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی تہ میں اگتا ہے﴿٦٤﴾

64. Verily, it is a tree that springs out of the bottom of Hell-fire,

طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ ﴿٦٥﴾

اس کا پھل گویا کہ وہ شیطانوں کے سر ہیں﴿٦٥﴾

65. The shoots of its fruit stalks are like the heads of *Shayātīn* (devils);

فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾

تو بلاشبہ وہ (دوزخی) اس میں سے کھائیں گے، پھر اس سے (اپنے) پیٹ بھریں گے﴿٦٦﴾

66. Truly, they will eat thereof and fill their bellies therewith.

ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾

پھر اس پر بے شک ان کے لیے (پینے کو) گرم کھولتے پانی کا آمیزہ ہوگا﴿٦٧﴾

67. Then on the top of that they will be given boiling water to drink so that it becomes a mixture (of boiling water and *Zaqqūm* in their bellies).

ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾

پھر یقیناً ان کی واپسی بھڑکتی آگ کی طرف ہوگی﴿٦٨﴾

68. Then thereafter, verily, their return is to the flaming fire of Hell.

إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ ﴿٦٩﴾

بلاشبہ انھوں نے اپنے باپ دادوں کو گمراہ پایا﴿٦٩﴾

69. Verily, they found their fathers on the wrong path;

فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ ﴿٧٠﴾

تو وہ انھی کے نقش قدم پر دوڑے جاتے ہیں﴿٧٠﴾

70. So they (too) hastened in their footsteps!

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٧١﴾

اور بلاشبہ ان سے پہلے بہت سے اگلے لوگ گمراہ ہوئے﴿٧١﴾

71. And indeed most of the men of old went astray before them;

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ ﴿٧٢﴾

اور یقیناً ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے تھے ﴿٧٢﴾

72. And indeed We sent among them warners (Messengers);

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ﴿٧٣﴾

پھر دیکھ لیجیے ان کا انجام کیسا ہوا جنہیں ڈرایا گیا تھا؟ ﴿٧٣﴾

73. Then see what was the end of those who were warned (but heeded not).

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٧٤﴾

سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے ﴿٧٤﴾

74. Except the chosen slaves of Allāh (faithful, obedient and true believers of Islāmic Monotheism).

وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُونَ ﴿٧٥﴾

اور یقیناً نوح نے ہمیں پکارا تھا تو (دیکھو) ہم کیا ہی خوب جواب دینے والے ہیں ﴿٧٥﴾

75. And indeed Nūh (Noah) invoked Us, and We are the Best of those who answer (the request).

وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ﴿٧٦﴾

اور ہم نے اسے اور اس کے اہل کو بہت بڑی پریشانی سے نجات دی ﴿٧٦﴾

76. And We rescued him and his family from the great distress (i.e. drowning),

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ ﴿٧٧﴾

اور ہم نے اس کی اولاد کو باقی رہنے والے بنا دیا ﴿٧٧﴾

77. And, his progeny, them We made the survivors (i.e. Shem, Ham and Japheth).

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿٧٨﴾

اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿٧٨﴾

78. And left for him (a goodly remembrance) among the later generations:

سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ ﴿٧٩﴾

نوح پر تمام جہانوں میں سلام ہو ﴿٧٩﴾

79. "*Salām* (peace) be upon Nūh (Noah) (from Us) among the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)!"

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٠﴾

بلاشبہ ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿٨٠﴾

80. Verily, thus We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See V.2:112).

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨١﴾

بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا ﴿٨١﴾

81. Verily, he [Nūh (Noah)] was one of Our believing slaves.

ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٨٢﴾

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا ﴿٨٢﴾

82. Then We drowned the others (disbelievers and polytheists).

وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ ﴿٨٣﴾

اور بے شک ابراہیم بھی اسی (نوح) کے گروہ سے ہے ﴿٨٣﴾

83. And verily, among those who followed his [Nūh's (Noah's)] way (Islāmic Monotheism) was Ibrāhīm (Abraham).

إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٤﴾

جب وہ اپنے رب کے پاس پاک صاف دل کے ساتھ آیا ﴿٨٤﴾

84. When he came to his Lord with a pure heart (attached to Allāh Alone and none else, worshipping none but Allāh Alone — true Islāmic Monotheism, pure from the filth of polytheism).

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿٨٥﴾

جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا: تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ ﴿٨٥﴾

85. When he said to his father and to his people: "What is it that which you worship?

English	Urdu	Arabic
86. "Is it a falsehood — *ālihah* (gods) other than Allāh — that you desire?	کیا تم اللہ کو چھوڑ کر جھوٹے گھڑے ہوئے معبودوں کو چاہتے ہو؟ (86)	أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللَّهِ تُرِيدُونَ ﴿86﴾
87. "Then what think you about the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists)?"	پھر رب العالمین کی نسبت تمھارا کیا خیال ہے؟ (87)	فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿87﴾
88. Then he cast a glance at the stars,	تب اس نے ایک نگاہ ستاروں میں ڈالی (88)	فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ﴿88﴾
89. And he said: "Verily, I am sick[1] (with plague). [He did this trick to remain in their temple of idols to destroy them and not to accompany them to the pagan feast]."	پھر کہا: بے شک میں تو بیمار ہوں (89)	فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ﴿89﴾
90. So they turned away from him and departed (for fear of the disease).	چنانچہ وہ اس سے پیٹھ پھیر کر لوٹ گئے (90)	فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿90﴾
91. Then he turned to their *ālihah* (gods) and said: "Will you not eat (of the offering before you)?	پھر وہ ان کے معبودوں کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: کیا تم کھاتے نہیں؟ (91)	فَرَاغَ إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿91﴾
92. "What is the matter with you that you speak not?"	تمھیں کیا ہے کہ تم بولتے نہیں؟ (92)	مَا لَكُمْ لَا تَنطِقُونَ ﴿92﴾
93. Then he turned upon them, striking (them) with (his) right hand.	پھر وہ انھیں دائیں ہاتھ سے مارتا ہوا متوجہ ہوا (93)	فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ﴿93﴾
94. Then they (the worshippers of idols) came towards him hastening.	پھر وہ لوگ دوڑتے ہوئے اس کی طرف آئے (94)	فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿94﴾
95. He said: "Worship you that which you (yourselves) carve?	اس نے کہا: کیا تم ان کی عبادت کرتے ہو جنھیں تم خود تراشتے ہو؟ (95)	قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ﴿95﴾
96. "While Allāh has created you and what you make!"	حالانکہ اللہ ہی نے تمھیں اور تمھارے اعمال کو پیدا کیا ہے (96)	وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿96﴾
97. They said: "Build for him a building (it is said that the building was like a furnace) and throw him into the blazing fire!"	وہ کہنے لگے: اس کے لیے ایک مکان بناؤ (اس میں آگ جلاؤ) اور اسے دہکتی آگ میں ڈال دو (97)	قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ ﴿97﴾
98. So, they plotted a plot against him, but We made them the lowest.	پھر انھوں نے اس کے ساتھ ایک چال چلنے کا ارادہ کیا تو ہم نے انھیں ہی نیچا دکھا دیا (98)	فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ﴿98﴾
99. And he said (after his rescue from the fire): "Verily, I am	اور اس نے کہا: بے شک میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں، عنقریب وہ میری رہنمائی فرمائے گا (99)	وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿99﴾

[1] (V.37:89) See the footnote (C) of (V.16:121).

going to my Lord. He will guide me!"

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اے میرے رب! مجھے (بیٹا) عطا فرما جو صالحین میں سے ہو۞

100. "My Lord! Grant me (offspring) from the righteous."

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ۝

چنانچہ ہم نے اسے بہت حلم والے لڑکے کی بشارت دی۞

101. So, We gave him the glad tidings of a forbearing boy.

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

پھر جب وہ (لڑکا) اس کے ساتھ دوڑنے بھاگنے (کی عمر) کو پہنچا تو اس نے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! بے شک میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تجھے یقیناً ذبح کر رہا ہوں، اب تو دیکھ! تیری کیا رائے ہے؟ اس (بیٹے) نے کہا: ابا جان! جو آپ کو حکم دیا گیا ہے کر گزریں، اگر اللہ نے چاہا تو عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۞

102. And, when he (his son) was old enough to walk with him, he said: "O my son! I have seen in a dream that I am slaughtering you (offering you in sacrifice to Allāh). So look what you think!" He said: "O my father! Do that which you are commanded, *In shā' Allāh** (if Allāh wills), you shall find me of *As-Sābirūn* (the patient)."

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ۝

پھر جب دونوں مطیع ہو گئے اور اس (باپ) نے اس (بیٹے) کو پیشانی کی ایک جانب لٹا دیا۞

103. Then, when they had both submitted themselves (to the Will of Allāh), and he had laid him prostrate on his forehead (or on the side of his forehead for slaughtering);

وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۝

اور ہم نے اسے پکارا: اے ابراہیم!۞

104. We called out to him: "O Ibrāhīm (Abraham)!

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

تو نے اپنا خواب یقیناً سچ کر دکھایا، بے شک ہم نیکو کاروں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۞

105. You have fulfilled the dream!" Verily, thus do We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See 2:112).

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰۗـؤُا الْمُبِيْنُ ۝

بلاشبہ یہ تو کھلی آزمائش ہی ہے۞

106. Verily, that indeed was the manifest trial.

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ۝

اور ہم نے اس (اسمٰعیل) کے بدلے میں ایک عظیم القدر (جانور) ذبح کرنے کو دیا۞

107. And We ransomed him with a great sacrifice (i.e. كبش – a ram);

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝

اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا۞

108. And We left for him (a goodly remembrance) among the later generations.

سَلٰمٌ عَلٰٓي اِبْرٰهِيْمَ ۝

ابراہیم پر سلام ہو۞

109. "*Salām* (peace) be upon Ibrāhīm (Abraham)!"

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

ہم نیکو کاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں۞

110. Thus indeed do We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See V.2:112).

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۞

111. Verily, he was one of Our believing slaves.

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٢﴾

اور ہم نے اس (ابراہیم) کو اسحٰق (بیٹے) کی بشارت دی، جو صالح لوگوں میں سے نبی ہوگا ﴿١١٢﴾

112. And We gave him the glad tidings of Ishâq (Isaac) — a Prophet from the righteous

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿١١٣﴾

اور ہم نے اس پر اور اسحٰق پر برکت نازل کی، اور ان دونوں کی اولاد میں سے کوئی نیکی کرنے والا اور کوئی اپنے آپ پر کھلم کھلا ظلم کرنے والا ہے ﴿١١٣﴾

113. We blessed him and Ishâq (Isaac). And of their progeny are (some) that do right, and some that plainly wrong themselves.

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١١٤﴾

اور یقیناً ہم نے موسیٰ اور ہارون پر بھی احسان کیا ﴿١١٤﴾

114. And, indeed We gave Our Grace to Mûsâ (Moses) and Hârûn (Aaron).

وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿١١٥﴾

اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بہت بڑی مصیبت سے نجات دی ﴿١١٥﴾

115. And We saved them and their people from the great distress,

وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿١١٦﴾

اور ہم نے ان کی مدد کی، چنانچہ وہی غالب آئے ﴿١١٦﴾

116. And helped them, so that they became the victors;

وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿١١٧﴾

اور ہم نے ان دونوں کو نہایت واضح کتاب دی ﴿١١٧﴾

117. And We gave them the clear Scripture;

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١١٨﴾

اور ہم نے ان دونوں کو درست راستے کی ہدایت دی ﴿١١٨﴾

118. And guided them to the Right Path.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١١٩﴾

اور ہم نے ان دونوں (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿١١٩﴾

119. And We left for them (a goodly remembrance) among the later generations.

سَلٰمٌ عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٠﴾

موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو ﴿١٢٠﴾

120. "*Salâm* (peace) be upon Mûsâ (Moses) and Harun (Aaron)!"

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢١﴾

بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿١٢١﴾

121. Verily, thus do We reward the *Muhsinûn* (good-doers. See V.2:112).

اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٢٢﴾

بلاشبہ وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے ﴿١٢٢﴾

122. Verily, they were two of Our believing slaves.

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾

اور بے شک الیاس بھی یقیناً رسولوں میں سے تھا ﴿١٢٣﴾

123. And verily, Ilyâs (Elias) was one of the Messengers.

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٢٤﴾

جب اس نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿١٢٤﴾

124. When he said to his people: "Will you not fear Allâh?

اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٢٥﴾

کیا تم بعل (بت) کو پکارتے ہو اور سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑ دیتے ہو ﴿١٢٥﴾

125. "Will you call upon *Ba'l* (a well-known idol of his nation whom they used to worship) and forsake the Best of creators,

اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٢٦﴾

(یعنی) اللہ کو جو تمھارا اور تمھارے اگلے باپ دادوں کا رب ہے؟ ﴿١٢٦﴾

126. "Allâh, your Lord and the Lord of your forefathers?"

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿١٢٧﴾

پھر انھوں نے اسے جھٹلایا، لہٰذا یقیناً وہ (سب عذاب میں) ضرور حاضر کیے جائیں گے ﴿١٢٧﴾

127. But they denied him [Ilyas (Elias)], so they will certainly be brought forth (to the punishment),

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿١٢٨﴾

سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے ﴿١٢٨﴾

128. Except the chosen slaves of Allāh.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿١٢٩﴾

اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿١٢٩﴾

129. And We left for him (a goodly remembrance) among the later generations.

سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ ﴿١٣٠﴾

الیاسین (الیاس) پر سلام ہو ﴿١٣٠﴾

130. "*Salām* (peace) be upon Ilyāsīn (Elias)!"

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١٣١﴾

بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿١٣١﴾

131. Verily, thus do We reward the *Muhsinūn* (good-doers, who perform good deeds totally for Allāh's sake only. See V.2:112).

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٣٢﴾

وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا ﴿١٣٢﴾

132. Verily, he was one of Our believing slaves.

وَإِنَّ لُوطًا لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٣﴾

اور بلاشبہ لوط بھی رسولوں میں سے تھا ﴿١٣٣﴾

133. And verily, Lūt (Lot) was one of the Messengers.

إِذْ نَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ﴿١٣٤﴾

جب ہم نے اسے اور اس کے (سب) اہل کو نجات دی ﴿١٣٤﴾

134. When We saved him and his family, all,

إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ ﴿١٣٥﴾

سوائے ایک بڑھیا (لوط کی اہلیہ) کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھی ﴿١٣٥﴾

135. Except an old woman (his wife) who was among those who remained behind.

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ﴿١٣٦﴾

پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ﴿١٣٦﴾

136. Then We destroyed the rest (the town of Sodom at the place of the Dead Sea now in Palestine).

وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِم مُّصْبِحِينَ ﴿١٣٧﴾

اور بلاشبہ تم صبح کو ان (کی تباہ شدہ بستیوں) پر سے گزرتے ہو ﴿١٣٧﴾

137. Verily, you pass by them in the morning

وَبِاللَّيْلِ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٣٨﴾

اور رات کو بھی، کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿١٣٨﴾

138. And at night; will you not then reflect?

وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٩﴾

اور بے شک یونس یقیناً رسولوں میں سے تھا ﴿١٣٩﴾

139. And verily, Yūnus (Jonah) was one of the Messengers.

إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١٤٠﴾

جب وہ ایک بھری ہوئی کشتی کی طرف بھاگ گیا ﴿١٤٠﴾

140. When he ran to the laden ship:

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ﴿١٤١﴾

پھر (کشتی والوں نے) قرعہ ڈالا تو وہ ہارنے والوں میں سے ہو گیا ﴿١٤١﴾

141. Then he (agreed to) cast lots, and he was among the losers.

فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ ﴿١٤٢﴾

تب اسے مچھلی نے نگل لیا جبکہ وہ (خود کو) ملامت کرنے والا تھا ﴿١٤٢﴾

142. Then a (big) fish swallowed him as he had done an act worthy of blame.

فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ﴿١٤٣﴾

پھر اگر (یہ بات) نہ ہوتی کہ بے شک وہ تسبیح کرنے والوں میں سے تھا ﴿١٤٣﴾

143. Had he not been of them who glorify Allāh,

لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٤٤﴾

تو وہ لوگوں کے دوبارہ زندہ کر کے اٹھائے جانے کے دن (روز قیامت) تک اس (مچھلی) کے پیٹ میں رہتا ﴿١٤٤﴾

144. He would have indeed remained inside its belly (the fish) till the Day of Resurrection.

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿١٤٥﴾

پھر ہم نے اسے چٹیل میدان میں ڈال دیا جبکہ وہ بیمار تھا ﴿١٤٥﴾

145. But We cast him forth on the naked shore while he was sick,

وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿١٤٦﴾

اور ہم نے اس پر ایک بیل دار درخت (کدو) اگا دیا ﴿١٤٦﴾

146. And We caused a plant of gourd to grow over him.

وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿١٤٧﴾

اور ہم نے اسے ایک لاکھ (انسانوں) کی طرف بھیجا، یا وہ (اس سے کچھ) زیادہ ہوں گے ﴿١٤٧﴾

147. And We sent him to a hundred thousand (people) or even more.

فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١٤٨﴾

چنانچہ وہ لوگ ایمان لے آئے تو ہم نے انھیں ایک (مقرر) وقت تک فائدہ (اٹھانے کا موقع) دیا ﴿١٤٨﴾

148. And they believed; so We gave them enjoyment for a while.

فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿١٤٩﴾

پھر ان (اہل مکہ) سے پوچھیے: کیا آپ کے رب کے لیے تو بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے؟ ﴿١٤٩﴾

149. Now ask them (O Muhammad ﷺ): "Are there (only) daughters for your Lord and sons for them?"

اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿١٥٠﴾

یا ہم نے فرشتوں کو مؤنث پیدا کیا اور وہ حاضر تھے؟ ﴿١٥٠﴾

150. Or did We create the angels female while they were witnesses?

اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٥١﴾

خبردار! بلاشبہ وہ اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ کر کہتے ہیں ﴿١٥١﴾

151. Verily, it is of their falsehood that they (Quraish pagans) say:

وَلَدَ اللّٰهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾

کہ "اللہ نے اولاد جنی" اور یقیناً وہ جھوٹے ہیں ﴿١٥٢﴾

152. "Allāh has begotten (offspring — the angels being the daughters of Allāh)?" And verily, they are liars!

اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾

کیا اس نے بیٹوں پر بیٹیوں کو پسند کیا (ترجیح دی) ہے؟ ﴿١٥٣﴾

153. Has He (then) chosen daughters rather than sons?

مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾

کیا ہوگیا ہے تمھیں، تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ ﴿١٥٤﴾

154. What is the matter with you? How do you decide?

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾

کیا پھر تم غور نہیں کرتے؟ ﴿١٥٥﴾

155. Will you not then remember?

اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾

یا تمھارے پاس کوئی واضح دلیل ہے؟ ﴿١٥٦﴾

156. Or is there for you a plain authority?

فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٥٧﴾

پھر تم اپنی کتاب لے آؤ اگر تم سچے ہو ﴿١٥٧﴾

157. Then bring your Book if you are truthful!

وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿١٥٨﴾

اور انھوں نے اس (اللہ) کے اور جنوں کے درمیان رشتہ ٹھہرایا، حالانکہ بلاشبہ خود جنوں نے جان لیا کہ وہ (اللہ کے سامنے) ضرور حاضر کیے جائیں گے ﴿١٥٨﴾

158. And they have invented a kinship between Him and the jinn, but the jinn know well that they have indeed to appear (before Him) (i.e. they will be called to account).

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٥٩﴾

اللہ ان (باتوں) سے پاک ہے جو وہ (اس کے بارے میں) بیان کرتے ہیں ﴿١٥٩﴾

159. Glorified is Allāh! (He is free) from what they attribute to Him!

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٦٠﴾

سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے (وہ ایسی باتیں

160. Except the slaves of Allāh,

whom He chooses (for His Mercy, i.e. true believers of Islāmic Monotheism who do not attribute false things to Allāh).

نہیں کرتے⁽¹⁶⁰⁾

161. So, verily you (pagans) and those whom you worship (idols)

(اے مشرکو!) بے شک تم اور (وہ) جن کی تم عبادت کرتے ہو⁽¹⁶¹⁾

فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ ﴿١٦١﴾

162. Cannot lead astray [turn away from Him (Allāh) anyone of the believers],

تم (ان مخلص بندوں کو) اس (اللہ) کے خلاف بہکانے والے نہیں⁽¹⁶²⁾

مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ ﴿١٦٢﴾

163. Except those who are predestined to burn in Hell!

مگر اسی کو جو جہنم میں جانے والا ہے⁽¹⁶³⁾

إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ ﴿١٦٣﴾

164. And there is not one of us (angels) but has his known place (or position);

(فرشتے کہتے ہیں:) ہم میں سے تو ہر ایک کا مقام مقرر ہے⁽¹⁶⁴⁾

وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ مَعْلُومٌ ﴿١٦٤﴾

165. And verily, we (angels) stand in rows (for the prayers as you Muslims stand in rows for your prayers);

اور بے شک ہم (اللہ کے حضور) صف باندھے کھڑے رہنے والے ہیں⁽¹⁶⁵⁾

وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّونَ ﴿١٦٥﴾

166. And verily, we (angels) indeed are those who glorify (Allāh's Praises, i.e. perform prayers).

اور بے شک ہم تو تسبیح کرنے والے ہیں⁽¹⁶⁶⁾

وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ ﴿١٦٦﴾

167. And indeed they (Arab pagans) used to say:

اور بلاشبہ وہ (کفار) کہتے تھے⁽¹⁶⁷⁾

وَإِنْ كَانُوا لَيَقُولُونَ ﴿١٦٧﴾

168. "If we had a reminder as had the men of old (before the coming of Prophet Muhammad ﷺ as a Messenger of Allāh),

اگر ہمارے پاس اگلوں کی نصیحت (کتاب) ہوتی⁽¹⁶⁸⁾

لَوْ أَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِنَ الْأَوَّلِينَ ﴿١٦٨﴾

169. "We would have indeed been the chosen slaves of Allāh (true believers of Islāmic Monotheism)!"

تو ہم ضرور اللہ کے چنے ہوئے بندے ہوتے⁽¹⁶⁹⁾

لَكُنَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿١٦٩﴾

170. But (now that the Qur'ān has come) they disbelieve therein (i.e. in the Qur'ān and in Prophet Muhammad ﷺ, and all that he brought — the Divine Revelation), so they will come to know![1]

پھر (جب قرآن آ گیا تو) انھوں نے اس (قرآن) کا انکار کر دیا، لہٰذا عنقریب وہ جان لیں گے⁽¹⁷⁰⁾

فَكَفَرُوا بِهِ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿١٧٠﴾

171. And verily, Our Word has gone forth of old for Our slaves, the Messengers,

اور درحقیقت ہمارا وعدہ پہلے ہی اپنے ان بندوں کے لیے صادر ہو چکا ہے جو رسول ہیں⁽¹⁷¹⁾

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ﴿١٧١﴾

172. That they verily would be made triumphant.

کہ یقیناً انھی کی ہی مدد کی جائے گی⁽¹⁷²⁾

إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ ﴿١٧٢﴾

---

[1] (V.37:170) See the footnote (a) of (V.3:85).

وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿١٧٣﴾

اور بلاشبہ ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا۞

173. And that Our hosts! they verily would be the victors.

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٤﴾

تو ایک مدت تک آپ ان سے منہ موڑ لیجیے۞

174. So, turn away (O Muhammad ﷺ) from them for a while,

وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٥﴾

اور انھیں دیکھتے رہیے (کہ ان پر عذاب آیا ہی چاہتا ہے) پھر جلد ہی وہ بھی دیکھ لیں گے۞

175. And watch them and they shall see (the punishment)!

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٧٦﴾

کیا پھر وہ ہمارا عذاب جلدی مانگتے ہیں؟۞

176. Do they seek to hasten on Our torment?

فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾

پھر جب وہ ان کے صحن میں نازل ہوگا تو ڈرائے گئے لوگوں کی صبح بہت بری ہوگی۞

177. Then, when it descends in their courtyard (i.e. near to them), evil will be the morning for those who had been warned!

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾

اور ان سے ایک مدت تک منہ موڑ لیجیے۞

178. So, turn (O Muhammad ﷺ) away from them for a while,

وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾

اور انھیں دیکھتے رہیے، جلد ہی وہ بھی دیکھ لیں گے۞

179. And watch and they shall see (the torment)!

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾

آپ کا رب، عزت کا مالک، ان باتوں سے پاک ہے جو وہ (مشرک) بیان کرتے ہیں۞

180. Glorified is your Lord, the Lord of honour and power! (He is free) from what they attribute to Him!

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾

اور تمام رسولوں پر سلام ہے۞

181. And peace be on the Messengers!

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾

اور سب تعریفیں اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہیں۞

182. And all praise and thanks are Allāh's, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

Sūrat Sād 38 | سورۂ ص | سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ﴿١﴾

صٓ، قسم ہے نصیحت والے قرآن کی۞

1. *Sād*
[These letters (*Sād*, etc.) are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]
By the Qur'an full of reminding (explanations and honour for the one who believes in it).

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿٢﴾

(یہ تو لاریب کتاب ہے) بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ تکبر اور مخالفت میں (پڑے) ہیں۞

2. Nay, those who disbelieve are in false pride and opposition.

كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ ③

ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں، تو (عذاب آنے پر) انھوں نے (مدد کو) پکارا جبکہ وہ فرار و خلاصی کا وقت نہ تھا③

3. How many a generation have We destroyed before them! And they cried out when there was no longer time for escape.

وَعَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ وَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا سَاحِرٌ كَذَّابٌ ④

اور انھوں نے اس بات پر تعجب کیا کہ ان کے پاس انھی میں سے ایک ڈرانے والا آ گیا، اور کافروں نے کہا: یہ تو ایک جادوگر ہے بڑا جھوٹا④

4. And they (Arab pagans) wonder that a warner (Prophet Muhammad ﷺ) has come to them from among themselves. And the disbelievers say: "This (Prophet Muhammad ﷺ) is a sorcerer, a liar.

أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَٰهًا وَاحِدًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ⑤

کیا اس نے سارے معبودوں کو ایک کر دیا؟ بے شک یہ تو یقیناً ایک بڑی عجیب و غریب چیز ہے⑤

5. "Has he made the *ālihah* (gods) (all) into One *Ilāh* (God — Allāh). Verily, this is a curious thing!"

وَانْطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَاصْبِرُوا عَلَىٰ آلِهَتِكُمْ ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ ⑥

اور ان کے سردار (آوازِ حق سن کر یہ کہتے ہوئے) چل دیے کہ چلو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو، بے شک یہ چیز ہے جو کسی غرض سے (کہی جا رہی) ہے⑥

6. And the leaders among them went about (saying): "Go on, and remain constant to your *ālihah* (gods)! Verily, this is a thing designed (against you)!

مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ إِنْ هَٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ ⑦

ہم نے یہ بات کسی اور دین میں نہیں سنی، یہ تو بس گھڑی ہوئی بات ہے⑦

7. "We have not heard (the like) of this in the religion of these later days (i.e. Christianity). This is nothing but an invention! (*Tafsīr Al-Qurṭubī*)

أَأُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا ۚ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِنْ ذِكْرِي ۖ بَلْ لَمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ ⑧

کیا ہم میں سے اسی پر ذکر (قرآن) اتارا گیا ہے؟ بلکہ وہ تو میرے ذکر (وحی) کے متعلق شک میں ہیں، بلکہ ابھی تک انھوں نے میرا عذاب نہیں چکھا⑧

8. "Has the Reminder been sent down to him (alone) from among us?" Nay, but they are in doubt about My Reminder (this Qur'ān)! Nay, but they have not tasted (My) torment!

أَمْ عِنْدَهُمْ خَزَائِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ ⑨

کیا ان کے پاس آپ کے رب کی رحمت کے خزانے ہیں جو نہایت غالب، خوب عطا کرنے والا ہے؟⑨

9. Or have they the treasures of the Mercy of your Lord, the All-Mighty, the Real Bestower?

أَمْ لَهُمْ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ فَلْيَرْتَقُوا فِي الْأَسْبَابِ ⑩

یا آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان ہر چیز کی بادشاہت انھی کے لیے ہے؟ (اگر ایسا ہے) تو چاہیے کہ وہ آسمانی راستوں کے ذریعے سے (آسمان پر) چڑھ جائیں⑩

10. Or is it that the dominion of the heavens and the earth and all that is between them is theirs? If so, let them ascend up with means (to the heavens)!

جُنْدٌ مَا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِنَ الْأَحْزَابِ ⑪

(یہ تو) یہاں کے شکست خوردہ لشکروں میں سے ایک (معمولی سا) لشکر ہے⑪

11. (As they denied Allāh's Message) they will be a defeated host like the Confederates of the old times (who were defeated).

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ⑫

ان سے پہلے قوم نوح اور عاد اور میخوں والے فرعون نے (حق کو) جھٹلایا⑫

12. Before them (were many who) denied (Messengers) — the people of Nūh (Noah), and 'Ād;

and Fir'aun (Pharaoh) the man of stakes (with which he used to punish the people).

وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحَٰبُ لْـَٔيْكَةِ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ ٱلْأَحْزَابُ ⑬

اور قوم ثمود اور قوم لوط اور اصحاب ایکہ نے بھی (جھٹلایا) (وہی) یہ بہت بڑے (اور طاقتور) لشکر تھے ⑬

13. And Thamūd, and the people of Lūt (Lot), and the dwellers of the Wood; such were the Confederates.

إِن كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ ٱلرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ⑭

(ان میں سے) ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا، لہٰذا (ان پر) میرا عذاب ثابت ہوگیا ⑭

14. Not one of them but denied the Messengers; therefore My torment was justified.

وَمَا يَنظُرُ هَٰٓؤُلَآءِ إِلَّا صَيْحَةً وَٰحِدَةً مَّا لَهَا مِن فَوَاقٍ ⑮

یہ لوگ تو بس ایک (ہولناک) چیخ کا انتظار کر رہے ہیں جس میں کوئی وقفہ نہیں ہوگا ⑮

15. And these only wait for a single *Saihah* [shout (i.e. the blowing of the Trumpet by the angel Isrāfīl)] there will be no pause or ending thereto [till everything will perish except Allāh (the only God full of majesty, bounty and honour)].

وَقَالُوا۟ رَبَّنَا عَجِّل لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ ٱلْحِسَابِ ⑯

اور انھوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمیں ہمارا (عذاب کا) حصہ یوم حساب سے پہلے جلد دے دے ⑯

16. They say: "Our Lord! Hasten to us *Qittanā* (i.e. our Record of good and bad deeds so that we may see it) before the Day of Reckoning!"

ٱصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَٱذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُۥدَ ذَا ٱلْأَيْدِ ۖ إِنَّهُۥٓ أَوَّابٌ ⑰

(اے نبی!) جو کچھ یہ کہتے ہیں آپ اس پر صبر کیجیے اور ہمارے بندے داود کو یاد کیجیے جو صاحب قوت تھا، بے شک وہ بہت رجوع کرنے والا تھا ⑰

17. Be patient (O Muhammad ﷺ) of what they say, and remember Our slave Dāwūd (David), endued with power. Verily, he was ever oft-returning in all matters and in repentance (towards Allāh).

إِنَّا سَخَّرْنَا ٱلْجِبَالَ مَعَهُۥ يُسَبِّحْنَ بِٱلْعَشِىِّ وَٱلْإِشْرَاقِ ⑱

بے شک ہم نے پہاڑ اس کے تابع کر دیے تھے، جبکہ وہ (اس کے ساتھ) صبح و شام تسبیح کرتے رہتے تھے ⑱

18. Verily, We made the mountains to glorify Our Praises with him [Dāwūd (David)] in the *'Ashī* (i.e. after the mid-day till sunset) and *Ishrāq* (i.e. after the sunrise till mid-day).

وَٱلطَّيْرَ مَحْشُورَةً ۖ كُلٌّ لَّهُۥٓ أَوَّابٌ ⑲

اور پرندے بھی (تابع کر دیے تھے) اکٹھے کیے ہوئے، سب اس کے مطیع و فرماں بردار تھے ⑲

19. And (so did) the birds assembled, all obedient to him [Dāwūd (David)] [i.e. they came and glorified Allāh's Praises along with him]. (*Tafsir Al-Qurtubi*)

وَشَدَدْنَا مُلْكَهُۥ وَءَاتَيْنَٰهُ ٱلْحِكْمَةَ وَفَصْلَ ٱلْخِطَابِ ⑳

اور ہم نے اس کی بادشاہی مستحکم کر دی تھی، اور ہم نے اسے حکمت اور فیصلہ کن بات (کی صلاحیت) دی تھی ⑳

20. We made his kingdom strong and gave him *Al-Hikmah* (Prophethood) and sound judgement in speech and decision.

وَهَلْ أَتَىٰكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿٢١﴾

اور کیا آپ کے پاس جھگڑنے والوں کی خبر آئی جب وہ دیوار پھاند کر کمرے میں آ گئے ﴿٢١﴾

21. And has the news of the litigants reached you? When they climbed over the wall into (his) *Mihrāb* (a praying place or a private room);

إِذْ دَخَلُوا عَلَىٰ دَاوُۥدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ ۖ قَالُوا لَا تَخَفْ ۖ خَصْمَانِ بَغَىٰ بَعْضُنَا عَلَىٰ بَعْضٍ فَاحْكُم بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَا إِلَىٰ سَوَاءِ الصِّرَاطِ ﴿٢٢﴾

جب وہ داود کے پاس پہنچے تو وہ ان سے ڈر گئے، انھوں نے کہا: آپ مت ڈریں! (ہم) دو جھگڑنے والے ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے، لہٰذا آپ ہمارے درمیان انصاف سے فیصلہ فرمائیں، اور بے انصافی نہ کریں، اور سیدھی راہ کی طرف ہماری رہنمائی کریں ﴿٢٢﴾

22. When they entered in upon Dāwūd (David), he was terrified of them. They said: "Fear not! (We are) two litigants, one of whom has wronged the other, therefore judge between us with truth, and treat us not with injustice, and guide us to the Right Way.

إِنَّ هَٰذَا أَخِي لَهُۥ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ نَعْجَةً وَلِيَ نَعْجَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيهَا وَعَزَّنِي فِي الْخِطَابِ ﴿٢٣﴾

بے شک یہ میرا بھائی ہے، اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک ہی دنبی ہے، تو یہ کہتا ہے کہ وہ بھی میرے سپرد کر دے، اور اس نے بات چیت میں مجھے دبا لیا ہے ﴿٢٣﴾

23. Verily, this my brother (in religion) has ninety-nine ewes, while I have (only) one ewe, and he says: "Hand it over to me, and he overpowered me in speech."

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَىٰ نِعَاجِهِۦ ۖ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ إِلَّا الَّذِينَ ءَامَنُوا وَعَمِلُوا الصَّٰلِحَٰتِ وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ ۗ وَظَنَّ دَاوُۥدُ أَنَّمَا فَتَنَّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُۥ وَخَرَّ رَاكِعًا وَأَنَابَ ۩ ﴿٢٤﴾

آپ نے فرمایا: تیری دنبی اپنی دنبیوں میں ملانے کا کہہ کر اس نے یقیناً تجھ پر ظلم کیا ہے، اور بلاشبہ مل جل کر کام کرنے والوں میں سے بہت سے ایک دوسرے پر زیادتی کرتے ہیں سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، اور ایسے لوگ تھوڑے ہی ہیں، اور داود نے جان لیا کہ ہم نے اسے آزمایا ہے، لہٰذا اس نے اپنے رب سے بخشش مانگی، اور وہ رکوع میں گر پڑا اور (اللہ کی طرف) رجوع کیا ﴿٢٤﴾

24. [Dāwūd (David)] said (immediately without listening to the opponent): "He has wronged you in demanding your ewe in addition to his ewes. And, verily, many partners oppress one another, except those who believe and do righteous good deeds, and they are few." And Dāwūd (David) guessed that We have tried him and he sought forgiveness of his Lord, and he fell down prostrate and turned (to Allāh) in repentance.[1]

فَغَفَرْنَا لَهُۥ ذَٰلِكَ ۖ وَإِنَّ لَهُۥ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَـَٔابٍ ﴿٢٥﴾

پھر ہم نے اس کی یہ غلطی بخش دی، اور بے شک اس کے لیے ہمارے پاس بڑا قرب اور اچھا ٹھکانا ہے ﴿٢٥﴾

25. So, We forgave him that, and verily, for him is a near access to Us, and a good place of (final) return (Paradise).

يَٰدَاوُۥدُ إِنَّا جَعَلْنَٰكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُم بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوَىٰ فَيُضِلَّكَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَضِلُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌۢ بِمَا نَسُوا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾

(ہم نے کہا:) اے داود! بے شک ہم نے تجھے زمین میں خلیفہ بنایا ہے، لہٰذا تو لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنا، اور نفسانی خواہش کی پیروی نہ کرنا کہ وہ تجھے اللہ کے راستے سے بھٹکا دے گی، بلاشبہ جو لوگ اللہ کے راستے سے بھٹک جاتے ہیں ان کے لیے شدید عذاب ہے، اس لیے کہ وہ یوم حساب کو بھول گئے ﴿٢٦﴾

26. O Dāwūd (David)! Verily, We have placed you as a successor on the earth; so judge you between men in truth (and justice) and follow not your desire — for it will mislead you from the path of Allāh. Verily, those who wander astray from the path of Allāh (shall) have a severe torment, because they

[1] (V. 38:24) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

forgot the Day of Reckoning.

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۚ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾

اور ہم نے آسمان وزمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، بے کار پیدا نہیں کیا، یہ ان لوگوں کا خیال ہے جنھوں نے کفر کیا، تو جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے آگ کی ہلاکت ہے ﴿٢٧﴾

27. And We created not the heaven and the earth and all that is between them without purpose! That is the consideration of those who disbelieve! Then woe to those who disbelieve (in Islāmic Monotheism) from the Fire!

أَمْ نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَالْمُفْسِدِينَ فِي الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾

کیا ہم ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ان لوگوں کے مانند کر دیں گے جو زمین میں فساد کرنے والے ہیں؟ یا ہم متقین کو بدکاروں کے مانند کر دیں گے؟ ﴿٢٨﴾

28. Shall We treat those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds as *Mufsidūn* (those who associate partners in worship with Allāh and commit crimes) on earth? Or shall We treat the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2) as the *Fujjār* (criminals, disbelievers, the wicked)?

كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿٢٩﴾

(یہ قرآن) ایک کتاب ہے، ہم نے اسے آپ کی طرف نازل کیا، بڑی برکت والی ہے، تاکہ وہ اس کی آیتوں پر غور کریں اور عقل مند اس سے نصیحت حاصل کریں ﴿٢٩﴾

29. (This is) a Book (the Qur'ān) which We have sent down to you, full of blessings, that they may ponder over its Verses, and that men of understanding may remember.

وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ﴿٣٠﴾

اور ہم نے داود کو سلیمان عطا کیا، (وہ) اچھا بندہ تھا، بلاشبہ وہ (اللہ کی طرف) بہت رجوع کرنے والا تھا ﴿٣٠﴾

30. And to Dāwūd (David) We gave Sulaimān (Solomon). How excellent a slave! Verily, he was ever oft-returning in repentance (to Us)!

إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ ﴿٣١﴾

جب شام کے وقت اس کے سامنے اصیل تیز رو گھوڑے پیش کیے گئے ﴿٣١﴾

31. When there were displayed before him, in the afternoon, well trained horses of the highest breed [for *Jihād* (holy fighting in Allāh's Cause)].

فَقَالَ إِنِّي أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَن ذِكْرِ رَبِّي حَتَّىٰ تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿٣٢﴾

تب اس نے کہا: بلاشبہ میں نے مال کی محبت کو اپنے رب کی یاد سے محبوب جانا (ترجیح دی) ہے، حتی کہ وہ (سورج) پردے میں چھپ گیا ﴿٣٢﴾

32. He said: "I did love the good (these horses) instead of remembering my Lord (in my *'Asr* prayer)," till the time was over, and (the sun) had hidden in the veil (of night).

رُدُّوهَا عَلَيَّ ۖ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوقِ وَالْأَعْنَاقِ ﴿٣٣﴾

(کہا:) انھیں میرے پاس واپس لاؤ، پھر وہ (ان کی) پنڈلیوں اور گردنوں پر (ہاتھ) پھیرنے لگے ﴿٣٣﴾

33. Then he said: "Bring them (horses) back to me." Then he began to pass his hand over their legs and their necks (till the end of the display).

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ

اور بلاشبہ ہم نے سلیمان کو آزمایا، اور ہم نے اس کی

34. And indeed, We did try

جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ ﴿٣٤﴾

کرسی پر ایک دھڑ ڈال دیا، پھر اس نے (اللہ کی طرف) رجوع کیا ﴿٣٤﴾

Sulaimān (Solomon) and We placed on his throne *Jasad* (a devil, so he lost his kingdom for a while) and he did return (to Allāh with obedience and in repentance, and to his throne and kingdom by the Grace of Allāh).

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنبَغِي لِأَحَدٍ مِّنۢ بَعْدِي ۖ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ﴿٣٥﴾

اس نے کہا: اے میرے رب! مجھے بخش دے، اور مجھے ایسی بادشاہی عطا کر کہ وہ میرے بعد کسی کے لائق نہ ہو، بلاشبہ تو ہی بہت عطا کرنے والا ہے ﴿٣٥﴾

35. He said: "My Lord! Forgive me, and bestow upon me a kingdom such as shall not belong to any other after me. Verily, You are the Bestower."

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ ﴿٣٦﴾

چنانچہ ہم نے ہوا اس کے تابع کر دی تھی جو اس کے حکم سے نرمی سے چلتی تھی جہاں کا وہ ارادہ کرتا تھا ﴿٣٦﴾

36. So, We subjected to him the wind; it blew gently by his order whithersoever he willed,

وَالشَّيَاطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَغَوَّاصٍ ﴿٣٧﴾

اور شیاطین (جنات) کو (بھی تابع کر دیا) ہر عمارت بنانے والے اور غوطہ لگانے والے کو ﴿٣٧﴾

37. And also the *Shayātīn* (devils from the jinn including) every kind of builder and diver,

وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ﴿٣٨﴾

اور دوسروں کو (جو) زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے ﴿٣٨﴾

38. And also others bound in fetters.

هَٰذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٩﴾

یہ ہماری بخشش ہے، لہٰذا (لوگوں پر) احسان کر یا روک رکھ، کوئی حساب نہیں ہوگا ﴿٣٩﴾

39. [Allāh said to Sulaimān (Solomon):] "This is Our Gift, so spend you or withhold, no account will be asked of you."

وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ ﴿٤٠﴾

اور بے شک اس کے لیے ہمارے پاس بڑا قرب اور اچھا ٹھکانا ہے ﴿٤٠﴾

40. And verily, for him is a near access to Us, and a good (final) return (Paradise).

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ ﴿٤١﴾

اور ہمارے بندے ایوب کو یاد کیجیے، جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ بلاشبہ مجھے شیطان نے تکلیف اور ایذا پہنچائی ہے ﴿٤١﴾

41. And remember Our slave Ayyūb (Job), when he invoked his Lord (saying): "Verily, *Shaitān* (Satan) has touched me with distress (by ruining my health) and torment (by ruining my wealth)!

ارْكُضْ بِرِجْلِكَ ۖ هَٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ ﴿٤٢﴾

(ہم نے کہا:) اپنا پیر زمین پر مار، یہ غسل کرنے اور پینے کو (ٹھنڈا پانی) ہے ﴿٤٢﴾

42. (Allāh said to him): "Strike the ground with your foot. This is (a spring of) water to wash in, cool and a (refreshing) drink."

وَوَهَبْنَا لَهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿٤٣﴾

اور ہم نے اسے اس کا پورا کنبہ اور ان کے ساتھ اتنے ہی اور عطا کیے، اپنی طرف سے بطور رحمت اور یہ عقل مندوں کے لیے ایک نصیحت ہے ﴿٤٣﴾

43. And We gave him (back) his family, and along with them the like thereof, as a Mercy from Us, and a Reminder for those who understand.

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِب بِّهِ وَلَا تَحْنَثْ ۗ إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا ۚ نِّعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ﴿٤٤﴾

اور (ہم نے کہا:) اپنے ہاتھ میں تنکوں کا ایک مٹھا (جھاڑو) پکڑ، اور اس کے ساتھ (قسم پوری کرنے

44. "And take in your hand a bundle of thin grass and strike therewith (your wife), and break

کے لیے اپنی بیوی کو) مار، اور قسم نہ توڑ۔① بے شک ہم نے اسے صابر پایا، (وہ) اچھا بندہ تھا، بلاشبہ وہ (اللہ کی طرف) بہت رجوع کرنے والا تھا۔④④

not your oath.[1] Truly, We found him patient. How excellent a slave! Verily, he was ever oft-returning in repentance (to Us)!

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿٤٥﴾

اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کو یاد کیجیے جو قوت و بصیرت والے تھے۔④⑤

45. And remember Our slaves, Ibrâhim (Abraham), Ishâq (Issac), and Ya'qûb (Jacob), (all) owners of strength (in worshipping Us) and (also) of religious understanding

اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿٤٦﴾

بے شک ہم نے انھیں ایک خاص وصف، آخرت کی یاد کے ساتھ چن لیا تھا۔④⑥

46. Verily, We did choose them by granting them (a good thing, — i.e.) the remembrance of the Home (in the Hereafter and they used to make the people remember it, and also they used to invite the people to obey Allâh and to do good deeds for the Hereafter).

وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٧﴾

اور وہ ہمارے نزدیک یقیناً برگزیدہ، نیکوکاروں میں سے تھے۔④⑦

47. And they are with Us, verily, of the chosen and the best!

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿٤٨﴾

اور اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کو یاد کیجیے، اور (ان میں سے) ہر ایک نیکوکاروں میں سے تھا۔④⑧

48. And remember Ismâ'il (Ishmael), Al-Yasaa' (Elisha), and Dhul-Kifl (Isaiah), all are among the best.

هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٩﴾

یہ ایک نصیحت ہے، اور بے شک متقین کے لیے بہت اچھا ٹھکانا ہے۔④⑨

49. This is a Reminder. And verily, for the *Muttaqûn* (the pious. See V.2:2) is a good final return (Paradise),

جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿٥٠﴾

ہمیشہ رہنے کے باغ جن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہوں گے۔⑤⓪

50. *'Adn* (Eden) Paradise (everlasting Gardens), whose doors will be opened for them.

مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾

جبکہ وہ ان میں تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے اور وہاں طرح طرح کے پھلوں اور مشروبات کی فرمائش کریں گے۔⑤①

51. Therein they will recline; therein they will call for fruits in abundance and drinks;

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾

اور ان کے پاس نیچی نگاہ والی، ہم عمر (بیویاں) ہوں گی۔⑤②

52. And beside them will be *Qâsirât-at-Tarf* [chaste females (wives) restraining their glances

---

[1] (V.38:44) During the ailment of Ayyûb (Job), his wife used to beg for him, and Satan told her a word of disbelief to say and she told her husband [Ayyûb (Job)]; so he became angry with her and took an oath to strike her one hundred lashes. So Allâh ordered Ayyûb (Job) to fulfil his oath by striking her with the bundle of thin grass. (*Tafsîr Al-Qurtubi*)

① حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی بیماری کے ایام میں ان کی خدمت کیا کرتی تھی۔ ایک مرتبہ کسی بات پر ناراض ہو کر حضرت ایوب علیہ السلام نے اسے سو کوڑے مارنے کی قسم کھائی، تو اللہ نے حکم دیا: "سو تنکوں والی جھاڑو لے کر ایک مرتبہ اسے مار دے، تیری قسم پوری ہو جائے گی۔"

(desiring none except their husbands)], (and) of equal ages.

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾

(کہا جائے گا:) یہ ہے (وہ چیز) جس کا یوم حساب کے لیے تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ﴿٥٣﴾

53. This it is what you (*Al-Muttaqûn* — the pious. See V.2:2) are promised for the Day of Reckoning!

اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾

بے شک یہ ہمارا رزق (عطیہ) ہے، جو کبھی ختم نہیں ہوگا ﴿٥٤﴾

54. (It will be said to them:) Verily, this is Our provision which will never finish.

هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿٥٥﴾

یہ (معاملہ اہل خیر کا) ہے، اور بلاشبہ سرکشوں کے لیے بہت برا ٹھکانا ہے ﴿٥٥﴾

55. This is so! And for the *Tâghûn* (transgressors, the disobedient to Allâh and His Messenger ﷺ disbelievers in the Oneness of Allâh, criminals) will be an evil final return (Fire).

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾

(یعنی) جہنم، وہ اس میں داخل ہوں گے، چنانچہ وہ آرام کرنے کی بری جگہ ہے ﴿٥٦﴾

56. Hell! Where they will burn, and worst (indeed) is that place to rest!

هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾

یہ ہے کھولتا ہوا پانی اور پیپ، اب وہ اس کو چکھیں ﴿٥٧﴾

57. This is so! Then let them taste it — a boiling fluid and dirty wound discharges.

وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿٥٨﴾

اور ان کے مانند کئی قسم کے دوسرے (عذاب) ہوں گے ﴿٥٨﴾

58. And other (torments) of similar kind — all together!

هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿٥٩﴾

یہ (تمھارے پیروکاروں کا) ایک گروہ ہے جو تمھارے ساتھ گھسا چلا آتا ہے، ان کے لیے خوش آمدید نہیں، بے شک یہ آگ میں داخل ہونے والے ہیں ﴿٥٩﴾

59. This is a troop entering with you (in Hell), no welcome for them! Verily, they shall burn in the Fire!

قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۟ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾

وہ کہیں گے: بلکہ تم ہی (اس لائق) ہو کہ تمھارے لیے خوش آمدید نہیں، تم ہی اسے ہمارے سامنے لائے ہو تو (یہ) بہت بری قرارگاہ ہے ﴿٦٠﴾

60. They (the followers of the misleaders) will say: "Nay, you (too)! No welcome for you! It is you (misleaders) who brought this upon us (because you misled us in the world), so evil is this place to stay in!"

قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِى النَّارِ ﴿٦١﴾

وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! جو شخص ہمارے سامنے یہ (انجام) لایا ہے اس کے لیے جہنم میں عذاب دوگنا زیادہ کر دے ﴿٦١﴾

61. They will say: "Our Lord! Whoever brought this upon us, add to him a double torment in the Fire!"

وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾

اور وہ کہیں گے: ہمیں کیا ہے کہ ہم ان لوگوں کو (جہنم میں) نہیں دیکھتے جنھیں ہم برے لوگوں میں شمار کرتے تھے ﴿٦٢﴾

62. And they will say: "What is the matter with us that we see not men whom we used to count among the bad ones?"

اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾

کیا ہم نے انھیں (دنیا میں یونہی) مذاق (کا نشانہ) بنائے رکھا یا ہماری نگاہیں ان سے ہٹ گئی ہیں؟ ﴿٦٣﴾

63. Did we take them as an object of mockery, or have (our) eyes failed to perceive them?"

إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾

بلاشبہ یہ اہل دوزخ کا باہم جھگڑا حق ہے ﴿٦٤﴾

64. Verily, that is the very truth — the mutual dispute of the people of the Fire!

قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنذِرٌ ۖ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾

آپ کہہ دیجیے: بس میں تو صرف ایک ڈرانے والا ہوں، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، جو ایک ہے، بڑا زبردست ﴿٦٥﴾

[1] (V.42:25) Narrated Shaddād bin Aus رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "The most superior way of asking for forgiveness from Allāh is: *Allāhumma Anta Rabbī, lā ilāha illā Anta. Anta khalaqtanī wa ana 'abduka, wa ana 'alā 'ahdika wa wa'dika mastaṭa'tu. A'ūdhu bika min sharri mā ṣana'tu, abū'u laka bini'matika 'alaiya, wa abū'u laka bidhanbī faghfirlī fa innahū lā yaghfirudh-dhunūba illā Anta.*"* The Prophet ﷺ added: "If somebody recites this during the day with firm faith in it, and dies on the same day before the evening, he will be from the people of Paradise; and if somebody recites it at night with firm faith in it, and dies before the morning, he will be from the people of Paradise." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6306 (O.P.318)]

* O Allāh, You are my Lord! None has the right to be worshipped but You. You created me and I am Your slave, and I am faithful to my covenant and my promise (to You) as much as I can. I seek refuge with You from all the evil I have done. I acknowledge before You all the blessings You have bestowed upon me, and I confess to You all my sins. So I entreat You to forgive my sins, for nobody can forgive sins except You.

on the Day of Resurrection after their death, and dispersion of their bodies) whenever He wills.

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿٣٠﴾

اور تمھیں جو بھی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ تمھارے اپنے ہی کرتوتوں کی وجہ سے (پہنچتی ہے)، اور بہت سی باتوں سے تو وہ درگزر ہی فرماتا ہے ﴿٣٠﴾

30. And whatever of misfortune befalls you, it is because of what your hands have earned. And He pardons much. (See Verse 35:45)

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٣١﴾

اور تم (اسے) زمین میں عاجز کرنے والے نہیں ہو، اور تمھارے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ کوئی مددگار ﴿٣١﴾

31. And you cannot escape from Allāh (i.e. His punishment) in the earth, and besides Allāh you have neither any *Walī* (guardian or protector) nor any helper.

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٣٢﴾

اور اسی کی نشانیوں میں سے ہیں سمندر میں (چلنے والے) پہاڑوں جیسے جہاز (اور کشتیاں) ﴿٣٢﴾

32. And among His Signs are the ships in the sea like mountains.

اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿٣٣﴾

اگر وہ چاہے تو ہوا کو روک لے، پھر وہ (جہاز) سمندر کی سطح پر کھڑے رہ جائیں۔ بلاشبہ اس میں ہر صابر شاکر کے لیے عظیم نشانیاں ہیں ﴿٣٣﴾

33. If He wills, He causes the wind to cease, then they would become motionless on the back (of the sea). Verily, in this are signs for everyone patient and grateful.

اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿٣٤﴾

یا وہ (چاہے تو) انھیں ان کے کرتوتوں کی وجہ سے تباہ کر دے، اور (چاہے تو) بہت سوں سے درگزر کرے ﴿٣٤﴾

34. Or He may destroy them (by shipwreck) because of that which their (people) have earned. And He pardons much.

وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿٣٥﴾

اور (تاکہ) وہ لوگ جان لیں جو ہماری آیات میں جھگڑتے ہیں کہ ان کے لیے بھاگنے کی کوئی جگہ نہیں ﴿٣٥﴾

35. And those who dispute (polytheists, with Our Messenger Muhammad ﷺ) as regards Our *Ayāt* (proofs, signs, verses of Islāmic Monotheism) may know that there is no place of refuge for them (from Allāh's punishment)[1] (*Tafsir At-Tabari*)

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٣٦﴾

چنانچہ تمھیں جو بھی شے دی گئی ہے تو وہ دنیاوی زندگی کا (حقیر سا) سامان ہے، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ ان لوگوں کے لیے کہیں بہتر اور بہت پائیدار ہے جو ایمان لائے اور وہ اپنے رب ہی پر بھروسا کرتے ہیں ﴿٣٦﴾

36. So whatever you have been given is but (a passing) enjoyment for this worldly life, but that which is with Allāh (Paradise) is better and more lasting for those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and put their trust in their Lord (concerning all of their affairs).

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ

اور وہ لوگ جو کبیرہ گناہوں① اور بے حیائی کے کاموں

37. And those who avoid the

[1] (V.42:35) See the footnote of (V.3:85).

① جیسے اللہ کے ساتھ عبادت میں کسی کو شریک کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا، قتل کرنا، جھوٹی گواہی دینا اور چوری کرنا وغیرہ۔ مزید ملاحظہ ہو: (سورۂ انعام: 6/151-152 نیز سورۂ آل عمران: 3/130 کا حاشیہ اور آیت وحاشیہ سورۂ نساء: 4/135 وحاشیہ سورۂ بقرہ: 2/278) بھی ملاحظہ فرمائیں۔

وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ﴿٣٧﴾

سے بچتے ہیں، اور جب غصہ آ جائے تو وہ معاف کر دیتے ہیں ﴿۳۷﴾

greater sins,[1] and *Al-Fawāhish* (illegal sexual intercourse), and when they are angry, they forgive.[2]

وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣٨﴾

اور وہ لوگ جنھوں نے اپنے رب (کے حکم) کو مانا اور نماز قائم کی، اور ان کا (ہر) کام باہمی مشورے سے ہوتا ہے، اور ہم نے انھیں جو کچھ دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿۳۸﴾

38. And those who answer the Call of their Lord [i.e. to believe that He is the only One Lord (Allāh), and to worship none but Him Alone], and perform *As-Salāt* (the prayers), and who (conduct) their affairs by mutual consultation, and who spend of what We have bestowed on them.

وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنتَصِرُونَ ﴿٣٩﴾

اور وہ لوگ کہ جب ان پر بغاوت و عداوت ہو تو وہ بس بدلہ لیتے ہیں ﴿۳۹﴾

39. And those who, when an oppressive wrong is done to them, take revenge.

وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۖ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ﴿٤٠﴾

اور برائی کا بدلہ ویسی ہی برائی ہے، پھر جو معاف کر دے اور صلح کر لے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے، بلاشبہ اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا ﴿۴۰﴾

40. The recompense for an evil is an evil like thereof; but whoever forgives and makes reconciliation, his reward is with Allāh. Verily, He likes not the *Zālimūn* (oppressors, polytheists, and wrong doers).

وَلَمَنِ انتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُولَٰئِكَ مَا عَلَيْهِم مِّن سَبِيلٍ ﴿٤١﴾

اور البتہ جو شخص اپنے مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لے تو ایسے لوگوں پر کوئی (ملامت کی) راہ نہیں ﴿۴۱﴾

41. And indeed whosoever takes revenge after he has suffered wrong, for such there is no way (of blame) against them.

إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٤٢﴾

(ملامت کی) راہ تو بس ان لوگوں پر ہے جو دوسروں پر ظلم کرتے اور زمین میں ناحق سرکشی کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۴۲﴾

42. The way (of blame) is only against those who oppress men and rebel in the earth without justification; for such there will be a painful torment.

وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿٤٣﴾

اور البتہ جو صبر کرے اور معاف کر دے تو بلاشبہ یہ ہمت کے کاموں میں سے ہیں ﴿۴۳﴾

43. And verily, whosoever shows patience and forgives, that would truly be from the things recommended by Allāh.

وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن بَعْدِهِ ۗ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَىٰ مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ ﴿٤٤﴾

اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اللہ کے بعد اس کے لیے کوئی کارساز نہیں، اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ جب وہ عذاب دیکھیں گے تو کہیں گے: کیا واپسی کا کوئی راستہ ہے ﴿۴۴﴾

44. And whomsoever Allāh sends astray, for him there is no *Walī* (protector, helper, guardian) after Him. And you will see the *Zālimūn* (polytheists, wrong

---

[1] (V.42:37) e.g. to join partners in worship with Allāh, to be undutiful to one's parents, to commit murder, to give false statements and witnesses, to steal. (See Verses 6:151 and 6:152)

[2] (V.42:37)

a) See the footnote (B) of (V.3:130) and (V.3:134).

b) See the footnote of (V.2:22).

c) See the footnote of (V.4:135).

d) See the footnote of (V.2:278).

doers, oppressors), when they behold the torment, they will say: "Is there any way of return (to the world)?"

وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿٤٥﴾

اور آپ انھیں دیکھیں گے کہ وہ جہنم پر پیش کیے جائیں گے تو مارے ذلت کے جھکے جا رہے ہوں گے وہ نظریں چرا کر دیکھتے ہوں گے اور جو لوگ ایمان لائے تھے وہ کہیں گے: بے شک خسارہ پانے والے تو وہی لوگ ہیں جنھوں نے روز قیامت اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو خسارے میں ڈال دیا، آگاہ رہو! بلاشبہ ظالم لوگ ہی دائمی عذاب میں ہوں گے ﴿٤٥﴾

45. And you will see them brought forward to it (Hell) made humble by disgrace,[1] (and) looking with stealthy glance. And those who believe will say: "Verily, the losers are they who lose themselves and their families on the Day of Resurrection. Verily, the *Zālimūn* [i.e. *Al-Kāfirūn* (disbelievers in Allāh, in His Oneness and in His Messenger ﷺ, polytheists, wrong doers)] will be in a lasting torment. (*Tafsir At-Tabari*)

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَاۗءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿٤٦﴾

اور ان کے لیے اللہ کے سوا کوئی ایسے دوست نہیں ہوں گے جو ان کی مدد کر سکیں، اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اس کے لیے (ہدایت کا) کوئی راستہ ہی نہیں ﴿٤٦﴾

46. And they will have no *Auliyā'* (protectors, helpers, guardians, lords) to help them other than Allāh. And he whom Allāh sends astray, for him there is no way.

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿٤٧﴾

تم اپنے رب کا فرمان قبول کر لو اس سے پہلے کہ اللہ کی طرف سے وہ دن آ جائے جو (کسی طرح بھی) ٹالا نہیں جا سکتا، اس دن تمھارے لیے کوئی جائے پناہ نہیں ہوگی اور نہ تم سے (گناہوں کا) انکار ہی بن پڑے گا ﴿٤٧﴾

47. Answer the Call of your Lord (i.e. accept Islāmic Monotheism, O mankind and jinn) before there comes from Allāh a Day which cannot be averted (i.e. the Day of Resurrection). You will have no refuge on that Day nor there will be for you any denying (of your crimes as they are all recorded in the Book of your deeds).

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۭ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ۭ وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿٤٨﴾

پھر اگر وہ اعراض کریں تو (اے نبی!) ہم نے آپ کو ان پر کوئی نگران (بنا کر) نہیں بھیجا، آپ کے ذمے تو پہنچا دینا ہی ہے، اور بلاشبہ جب ہم انسان کو اپنی رحمت (کا مزہ) چکھاتے ہیں تو وہ اس پر اترانے لگتا ہے، اور اگر انھیں ان کے کرتوتوں کی وجہ سے کوئی تکلیف پہنچے تو بلاشبہ انسان بہت ہی ناشکرا ہے ﴿٤٨﴾

48. But if they turn away (O Muhammad ﷺ from Islāmic Monotheism, which you have brought to them). We have not sent you (O Muhammad ﷺ) as a *Hafīz* (watcher, protector) over them (i.e. to take care of their deeds and to recompense them). Your duty is to convey (the Message). And verily, when We cause man to taste of mercy from

[1] (V.42:45) Narrated Anas bin Mālik رضي الله عنه: A man said, "O Allāh's Prophet! Will Allāh gather a disbeliever prone on his face on the Day of Resurrection?" He ﷺ said, "Will not the One Who made him walk on his feet in this world, be able to make him walk on his face on the Day of Resurrection?" (Qatādah, a subnarrator, said: "Yes, by the Power of Our Lord!") [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4760 (O.P.283)]

Us, he rejoices thereat; but when some ill befalls them because of the deeds which their hands have sent forth, then verily, man (becomes) ingrate!

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ الذُّكُوْرَ ﴿٤٩﴾

آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے۔ وہ جو چاہے پیدا کرتا ہے۔ جسے چاہے (صرف) بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہے (صرف) بیٹے عطا کرتا ہے ﴿٤٩﴾

49. To Allāh belongs the kingdom of the heavens and the earth. He creates what He wills. He bestows female (offspring) upon whom He wills, and bestows male (offspring) upon whom He wills.

اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَاۗءُ عَقِيْمًا ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٥٠﴾

یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں ملا کر دیتا ہے، اور جسے چاہے بے اولاد رکھتا ہے۔ بے شک وہ خوب جاننے والا، بہت قدرت والا ہے ﴿٥٠﴾

50. Or He bestows both males and females, and He renders barren whom He wills. Verily, He is All-Knower and is Able to do all things.

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَاۗئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿٥١﴾

اور یہ کسی بشر کے لائق نہیں کہ اللہ اس سے کلام کرے مگر الہام (دل میں القاء) کرکے، یا پردے کے پیچھے سے، یا فرشتہ بھیج کر اور وہ (فرشتہ) اللہ کے حکم سے، جو اللہ چاہے، وحی کرتا ہے۔① بلاشبہ وہ بلند مرتبہ، خوب حکمت والا ہے ﴿٥١﴾

51. It is not given to any human being that Allāh should speak to him unless (it be) by Revelation, or from behind a veil, or (that) He sends a Messenger to reveal what He wills by His Leave. Verily, He is Most High, Most Wise.[1]

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِنَا ۭ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٢﴾

اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے ایک روح (قرآن) کی وحی کی۔ آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا ہے؟ لیکن ہم نے اسے نور بنادیا، ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہیں اس کے ذریعے سے ہدایت دیتے ہیں، اور بلاشبہ آپ سیدھے راستے ہی کی طرف رہنمائی کرتے ہیں ﴿٥٢﴾

52. And thus We have sent to you (O Muhammad ﷺ) *Rūh* (a revelation, and a mercy) of Our Command. You knew not what is the Book, nor what is Faith. But We have made it (this Qur'ān) a light wherewith We guide whosoever of Our slaves We will. And verily, you (O Muhammad ﷺ) are indeed guiding (mankind) to a Straight Path (i.e. Allāh's religion of Islāmic Monotheism).

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿٥٣﴾

اس اللہ کے راستے کی طرف جو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے۔ آگاہ رہو! اللہ ہی کی طرف تمام معاملات لوٹتے ہیں ﴿٥٣﴾

53. The path of Allāh to Whom belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. Verily, all matters at the end go to Allāh (for decision).

---

[1] (V.42:51) See the footnote of (V.4:163).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ نساء 4/163)

Sūrat Az-Zukhruf (The Gold Adornments) 43	سورۂ زخرف	سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ
In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.	اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
1. *Hā-Mīm.* [These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]	حٰمٓ ①	حٰمٓ ①
2. By the manifest Book (i.e. this Qur'ān that makes things clear).	قسم ہے (اس) واضح کتاب کی ②	وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ②
3. Verily, We have made it a Qur'ān in Arabic that you may be able to understand (its meanings and its admonitions).	بے شک ہم نے اسے عربی (زبان کا) قرآن بنایا ہے تاکہ تم سمجھو ③	اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ③
4. And verily, it (this Qur'ān) is in the Mother of the Book (i.e. *Al-Lauh Al-Mahfūz*) with Us, indeed exalted, full of wisdom.	اور بلاشبہ وہ ہمارے پاس اصل کتاب (لوح محفوظ) میں، بہت بلند مرتبہ، نہایت حکمت والا ہے ④	وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ④
5. Shall We then (warn you not and) take away the Reminder (this Qur'ān) from you, because you are a people *Musrifūn*.[1]	کیا پھر ہم تم سے اس بنا پر منہ موڑ کر ذکر و نصیحت روک لیں گے کہ تم حد سے گزرنے والے لوگ ہو؟① ⑤	اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ⑤
6. And how many a Prophet have We sent amongst the men of old.	اور ہم نے پہلے لوگوں میں کتنے ہی نبی بھیجے ⑥	وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ⑥
7. And never came there a Prophet to them but they used to mock at him.	اور ان کے پاس جو بھی نبی آتا، وہ اس سے مذاق ہی کرتے تھے ⑦	وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑦
8. Then We destroyed men stronger (in power) than these — and the example of the ancients has passed away (before them).	پھر ہم نے ان سے کہیں زیادہ زورآور لوگ ہلاک کر دیے، اور اگلے لوگوں کی مثال گزر چکی ہے ⑧	فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ⑧
9. And indeed if you ask them: "Who has created the heavens and the earth?" They will surely say: "The All-Mighty, the All-Knower created them."	اور اگر آپ ان سے سوال کریں: کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا؟ تو یقیناً وہ یہی کہیں گے کہ انھیں نہایت غالب، خوب جاننے والے نے پیدا کیا ⑨	وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ⑨
10. Who has made for you the earth like a bed, and has made for you roads therein, in order that you may find your way.	وہ (اللہ) جس نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں تمھارے لیے راستے بنائے تاکہ تم راہ پاؤ ⑩	الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ⑩

[1] (V.43:5) *Musrifūn*: Those who transgress the limits, as sinners, polytheists, pagans, idolaters and disbelievers in the Oneness of Allāh and in His Messenger Muhammad ﷺ.

① [مُسْرِفِيْن] کا مطلب ہے "اللہ کی حدود سے تجاوز کرنے والے" یعنی کافر، مشرک، بت پرست اور بے دین وغیرہ جو اللہ کی وحدانیت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کا انکار کرتے ہیں۔

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ ۚ فَأَنْشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ﴿١١﴾

اور وہ (اللہ) جس نے آسمان سے پانی ایک اندازے سے نازل کیا، پھر ہم نے اس کے ذریعے سے مردہ شہر کو زندہ کر دیا، اسی طرح تم دوبارہ (قبروں سے) نکالے جاؤ گے ⑪

11. And Who sends down water (rain) from the sky in due measure, then We revive a dead land therewith, and even so you will be brought forth (from the graves).

وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ﴿١٢﴾

اور وہ جس نے سب جوڑے پیدا کیے اور تمھارے لیے کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو ⑫

12. And Who has created all the pairs and has appointed for you ships and cattle on which you ride,

لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ﴿١٣﴾

تاکہ تم ان کی پیٹھ پر جم کر بیٹھو، پھر جب ان پر متوازن ہو کر بیٹھ جاؤ تو تم اپنے رب کی نعمت یاد کرو اور تم کہو: وہ (اللہ) پاک ہے جس نے اسے ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اسے قابو میں کر لینے والے نہیں تھے ⑬

13. In order that you may mount on their backs, and then may remember the Favour of your Lord when you mount thereon, and say: "Glorified is He Who has subjected this to us, and we could have never had it (by our efforts).

وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ ﴿١٤﴾

اور یقیناً ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں ⑭

14. And verily, to Our Lord we indeed are to return!"

وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ مُبِينٌ ﴿١٥﴾ ع

اور انھوں نے اللہ کے بعض بندوں کو اس کا جز (اولاد) ٹھہرا دیا، بلاشبہ انسان تو کھلا ناشکرا ہے ⑮

15. Yet, they assign to some of His slaves a share with Him (by pretending that He has children, and considering them as equals or co-partners in worship with Him). Verily, man is indeed a manifest ingrate!

أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاكُمْ بِالْبَنِينَ ﴿١٦﴾

کیا اس نے ان میں سے جو وہ پیدا کرتا ہے (اپنے لیے تو) بیٹیاں بنا لیں اور تمھیں بیٹوں سے نواز دیا؟ ⑯

16. Or has He taken daughters out of what He has created, and He has selected for you sons?

وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ ﴿١٧﴾

اور جب ان میں سے کسی کو اس (بچی پیدا ہونے) کی بشارت دی جاتی ہے جس کی اس نے رحمٰن کے لیے مثال بیان کی، تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے، جبکہ وہ غم سے بھرا ہوتا ہے ⑰

17. And if one of them is informed of the news of (the birth of a girl) that which he sets forth as a parable to the Most Gracious (Allāh), his face becomes dark, and he is filled with grief!

أَوَمَنْ يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ ﴿١٨﴾

کیا (وہ اللہ کی اولاد ہے؟) جس کی زیور میں پرورش کی جاتی ہے اور وہ جھگڑے میں اپنی بات واضح نہیں کر پاتی ⑱

18. (Like they then for Allāh) a creature who is brought up in adornments (wearing silk and gold ornaments, i.e. women), and who in dispute cannot make herself clear?

وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمَٰنِ إِنَاثًا ۚ أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْ ۚ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْأَلُونَ ﴿١٩﴾

اور انھوں نے فرشتوں کو، جو رحمٰن کے بندے ہیں، (رحمٰن کی) بیٹیاں ٹھہرایا ہے۔ کیا وہ ان کی پیدائش کے وقت حاضر تھے؟ ان کی شہادت ضرور لکھی جائے

19. And they make the angels who themselves are slaves of the Most Gracious (Allāh) females. Did they witness their creation?

گی اور ان سے (اس جرم کی) پوچھ گچھ ہوگی ⑲

Their testimony will be recorded, and they will be questioned!

وَقَالُوا لَوْ شَاءَ الرَّحْمَٰنُ مَا عَبَدْنَاهُم ۗ مَّا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ⑳

اور انھوں نے کہا: اگر رحمٰن چاہتا تو ہم ان (جھوٹے معبودوں) کی عبادت نہ کرتے۔ انھیں اس کے بارے میں کوئی علم نہیں۔ وہ تو صرف تیر تکے چلاتے ہیں ⑳

20. And they said: "If it had been the Will of the Most Gracious (Allâh), we should not have worshipped them (false deities)." They have no knowledge whatsoever of that. They do nothing but lie!

أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَابًا مِّن قَبْلِهِ فَهُم بِهِ مُسْتَمْسِكُونَ ㉑

یا ہم نے انھیں اس سے پہلے کوئی کتاب دی ہے، سو وہ اسے مضبوطی سے تھامے ہوئے ہیں؟ ㉑

21. Or have We given them any Book before this (the Qur'ân) to which they are holding fast?

بَلْ قَالُوا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِم مُّهْتَدُونَ ㉒

(نہیں) بلکہ انھوں نے کہا: بلاشبہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقے پر پایا، اور بے شک ہم تو انھی کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں ㉒

22. Nay! They say: "We found our fathers following a certain way and religion, and we guide ourselves by their footsteps."

وَكَذَٰلِكَ مَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِم مُّقْتَدُونَ ㉓

اور اسی طرح آپ سے پہلے ہم نے جس بستی میں بھی کوئی ڈرانے والا بھیجا تو ان کے خوشحال لوگوں نے یہی کہا: بلاشبہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریقے پر پایا، اور ہم تو انھی کے نقش قدم کی پیروی کرنے والے ہیں ㉓

23. And similarly, We sent not a warner before you (O Muhammad ﷺ) to any town (people) but the luxurious ones among them said: "We found our fathers following a certain way and religion, and we will indeed follow their footsteps."

قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكُم بِأَهْدَىٰ مِمَّا وَجَدتُّمْ عَلَيْهِ آبَاءَكُمْ ۖ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ㉔

نبی نے کہا: اگرچہ میں تمھارے پاس اس سے زیادہ راستی کا طریقہ لایا ہوں جس پر تم نے اپنے باپ دادوں کو پایا؟ وہ کہنے لگے: یقیناً تمھیں جس کے ساتھ بھیجا گیا ہے ہم تو اس کا انکار کرتے ہیں ㉔

24. (The warner) said: "Even if I bring you better guidance than that which you found your fathers following?" They said: "Verily, we disbelieve in that with which you have been sent."

فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ㉕

چنانچہ ہم نے ان سے انتقام لیا، پھر دیکھیے جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا؟ ㉕

25. So We took revenge on them, then see what was the end of those who denied (Islâmic Monotheism).

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ ㉖

اور جب ابراہیم نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا: بلاشبہ میں ان (بتوں) سے بری الذمہ ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو ㉖

26. And (remember) when Ibrâhîm (Abraham) said to his father and his people: "Verily, I am innocent of what you worship,

إِلَّا الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ ㉗

سوائے اس (اللہ) کے جس نے مجھے پیدا کیا، تو بے شک وہی جلد میری رہنمائی فرمائے گا ㉗

27. "Except Him (i.e. I worship none but Allâh Alone) Who did create me; and verily, He will guide me."

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ㉘

اور ابراہیم اس (کلمۂ توحید) کو (اپنی اولاد میں) اپنے پیچھے ایک پائندہ و تابندہ بات بنا گئے، تاکہ وہ (اللہ کی طرف) رجوع کریں ㉘

28. And he made it [i.e. *Lâ ilâha illallâh* (none has the right to be worshipped but Allâh Alone — True Monotheism)] a Word lasting among his offspring, that

they may turn back (i.e. to repent to Allâh or receive admonition).

29. Nay, but I gave (the good things of this life) to these (polytheists) and their fathers to enjoy, till there came to them the truth (the Qur'ân), and a Messenger (Muhammad ﷺ) making things clear.

بَلْ مَتَّعْتُ هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُبِينٌ ﴿٢٩﴾

بلکہ میں نے انھیں اور ان کے باپ دادوں کو فائدہ پہنچایا حتی کہ ان کے پاس حق اور کھول کر بیان کرنے والا رسول آگیا﴿٢٩﴾

30. And when the truth (this Qur'ân) came to them, they (the disbelievers in this Qur'ân) said: "This is magic, and we disbelieve therein."

وَلَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ وَإِنَّا بِهِ كَافِرُونَ ﴿٣٠﴾

اور جب ان کے پاس حق آیا تو انھوں نے کہا: یہ تو جادو ہے اور بلاشبہ ہم اس کے منکر ہیں﴿٣٠﴾

31. And they say: "Why is not this Qur'ân sent down to some great man of the two towns (Makkah and Tâ'if)?"

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَٰذَا الْقُرْآنُ عَلَىٰ رَجُلٍ مِنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ ﴿٣١﴾

اور انھوں نے کہا: یہ قرآن ان دونوں شہروں میں سے کسی بڑے آدمی پر نازل کیوں نہیں کیا گیا؟﴿٣١﴾

32. Is it they who would portion out the Mercy of your Lord? It is We Who portion out between them their livelihood in this world, and We raised some of them above others in ranks, so that some may employ others in their work. But the mercy (Paradise) of your Lord (O Muhammad ﷺ) is better than the (wealth of this world) which they amass.

أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۚ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ ﴿٣٢﴾

کیا وہ آپ کے رب کی رحمت تقسیم کرتے ہیں؟ ہمی نے دنیاوی زندگی میں ان کے درمیان ان کی روزی تقسیم کی ہے، اور ہمی نے درجات میں انھیں ایک دوسرے پر برتری دی ہے تاکہ وہ ایک دوسرے کو خدمت گار بنالیں، اور آپ کے رب کی رحمت اس سے بہت بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں﴿٣٢﴾

33. And were it not that mankind would have become one community (all disbelievers desiring worldly life only), We would have provided for those who disbelieve in the Most Gracious (Allâh), silver roofs for their houses, and elevators whereby they ascend,

وَلَوْلَا أَنْ يَكُونَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً لَجَعَلْنَا لِمَنْ يَكْفُرُ بِالرَّحْمَٰنِ لِبُيُوتِهِمْ سُقُفًا مِنْ فِضَّةٍ وَمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُونَ ﴿٣٣﴾

اور اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ تمام لوگ ایک ہی گروہ (کافر) ہو جائیں گے تو ہم ان لوگوں کے لیے جو رحمٰن کے ساتھ کفر کرتے ہیں، ان کے گھروں کی چھتیں چاندی کی بنا دیتے اور سیڑھیاں بھی جن پر وہ چڑھتے﴿٣٣﴾

34. And for their houses, doors (of silver), and thrones (of silver) on which they could recline,

وَلِبُيُوتِهِمْ أَبْوَابًا وَسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِئُونَ ﴿٣٤﴾

اور ان کے گھروں کے دروازے اور تخت بھی (چاندی کے بنا دیتے) جن پر وہ تکیے لگا کر بیٹھتے﴿٣٤﴾

35. And adornments of gold. Yet all this (i.e. the roofs, doors, stairs, elevators, thrones of their houses) would have been nothing but an enjoyment of this world. And the Hereafter with your

وَزُخْرُفًا ۚ وَإِنْ كُلُّ ذَٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْآخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٣٥﴾ ع ١٠

اور سونے کے بھی، اور یہ سب کچھ تو بس دنیاوی زندگی کا ساز و سامان ہے۔ اور آخرت آپ کے رب کے نزدیک متقین کے لیے ہے﴿٣٥﴾

Lord is (only) for the *Muttaqūn*.[1]

36. And whosoever turns away blindly from the remembrance of the Most Gracious (Allāh) (i.e. this Qur'ān and worship of Allāh), We appoint for him *Shaitān* (Satan — devil) to be a *Qarīn* (a companion) to him.

اور جو رحمٰن کے ذکر سے اندھا (غافل) ہو جائے تو ہم اس کے لیے ایک شیطان کو مقرر کر دیتے ہیں، پھر وہ اس کا ساتھی بن جاتا ہے﴿۳۶﴾

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾

37. And verily, they (Satans/devils) hinder them from the path (of Allāh), but they think that they are guided aright!

اور بلاشبہ وہ (شیاطین) انھیں (سیدھے) راستے سے روکتے ہیں، جبکہ وہ خیال کرتے ہیں کہ بے شک وہ ہدایت پر ہیں﴿۳۷﴾

وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾

38. Till, when (such a one) comes to Us, he says [to his *Qarīn* (Satan/devil companion)] "Would that between me and you were the distance of the two easts (or the east and west)" — a worst (type of) companion (indeed)!

حتیٰ کہ جب وہ (گمراہ شخص) ہمارے پاس آئے گا تو (شیطان سے) کہے گا: کاش! میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کی دوری ہوتی، تو تو بڑا برا ساتھی ہے﴿۳۸﴾

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾

39. It will profit you not this Day (O you who turn away from Allāh's remembrance and His worship) as you did wrong, (and) that you will be sharers (you and your *Qarīn*) in the punishment.

اور جب تم ظلم کر چکے ہو تو آج یہ بات تمھیں ہرگز نفع نہ دے گی کہ تم (سب) عذاب میں شریک ہو﴿۳۹﴾

وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾

40. Can you (O Muhammad ﷺ) make the deaf to hear, or can you guide the blind or him who is in manifest error?

کیا پھر آپ بہروں کو سنا سکتے ہیں، یا اندھوں کو راہ دکھا سکتے ہیں اور (ان کو) جو کھلی گمراہی میں ہیں؟﴿۴۰﴾

اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾

41. And even if We take you (O Muhammad ﷺ) away, We shall indeed take vengeance on them.

پھر اگر ہم آپ کو (دنیا سے) لے جائیں تو بہر حال ہم ان سے انتقام لینے والے ہیں﴿۴۱﴾

فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾

42. Or (if) We show you that wherewith We threaten them, then verily, We have perfect command over them.

یا ہم آپ کو وہ (عذاب) دکھا دیں جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے تو بلاشبہ ہم ان پر قدرت رکھتے ہیں﴿۴۲﴾

اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾

43. So hold you (O Muhammad ﷺ) fast to that which is revealed to you. Verily, you are on a Straight Path.

لہٰذا آپ اس چیز کو مضبوطی سے تھام لیں جو آپ کی طرف وحی کی گئی ہے، بلاشبہ آپ سیدھے راستے پر ہیں﴿۴۳﴾

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾

44. And verily, this (the Qur'ān) is indeed a Reminder for you (O

اور یقیناً یہ (قرآن) آپ کے لیے اور آپ کی قوم کے لیے ایک نصیحت ہے، اور جلد تم لوگوں سے پوچھ

وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾

---

(1) (V.43:35) *Al-Muttaqūn*: means the pious believers of Islamic Monotheism who fear Allāh much (abstain from all kinds of sins and evil deeds which He has forbidden) and love Allāh much (perform all kinds of good deeds which He has ordained).

گچھ ہوگی﴿٤٤﴾

Muhammad ﷺ) and your people (Quraish people, or your followers), and you will be questioned (about it).

وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿٤٥﴾ ع 10

اور ہم نے جو اپنے رسول آپ سے پہلے بھیجے تھے ان سے پوچھیے، کیا ہم نے رحمٰن کے سوا کوئی اور معبود مقرر کیے تھے کہ ان کی عبادت کی جائے؟﴿٤٥﴾

45. And ask (O Muhammad ﷺ) those of Our Messengers whom We sent before you: "Did We ever appoint *ālihah* (gods) to be worshipped besides the Most Gracious (Allāh)?"

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٦﴾

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس (کی قوم) کے سرداروں کی طرف بھیجا، چنانچہ موسیٰ نے کہا: بے شک میں رب العالمین کا رسول ہوں﴿٤٦﴾

46. And indeed We did send Mūsā (Moses) with Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) to Fir'aun (Pharaoh) and his chiefs (inviting them to Allāh's religion of Islām). He said: "Verily, I am a Messenger of the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)."

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿٤٧﴾

پھر جب وہ ان کے پاس ہماری نشانیاں لے کر آیا تو وہیں وہ ان کی ہنسی اڑانے لگے﴿٤٧﴾

47. But when he came to them with Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) behold, they laughed at them.

وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۡ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٤٨﴾

اور ہم انھیں جو بھی نشانی دکھاتے تھے وہ اس جیسی (پہلی نشانی) سے زیادہ ہی بڑی ہوتی تھی، اور ہم نے انھیں عذاب میں پکڑا تاکہ وہ (کفر سے) باز آ جائیں﴿٤٨﴾

48. And not an *Āyah* (sign, etc.) We showed them but it was greater than its fellow preceding it, and We seized them with torment, in order that they might turn [from their polytheism to Allāh's religion (Islāmic Monotheism)].

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾

اور انھوں نے کہا: اے ساحر! تیرے رب نے جو تجھ سے (دعا قبول کرنے کا) عہد کر رکھا ہے، اس کے مطابق تو ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کر (اب) ہم ضرور ہدایت پانے والے ہیں﴿٤٩﴾

49. And they said [to Mūsā (Moses)]: "O you sorcerer! Invoke your Lord for us according to what He has covenanted with you. Verily, We shall guide ourselves (aright)."

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿٥٠﴾

پھر جب ہم ان سے عذاب دور کر دیتے تو وہیں وہ عہد توڑ دیتے﴿٥٠﴾

50. But when We removed the torment from them, behold, they broke their covenant (that they will believe if We remove the torment from them).

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٥١﴾

اور فرعون نے اپنی قوم میں منادی کرائی، اس نے کہا: اے میری قوم! کیا میرے لیے مصر کی بادشاہی اور یہ نہریں نہیں جو میرے (محلات کے) نیچے بہتی

51. And Fir'aun (Pharaoh) proclaimed among his people (saying): "O my people! Is not mine the dominion of Egypt, and

ہیں؟ کیا پھر تم دیکھتے نہیں؟ (51)

these rivers flowing underneath me. See you not then?

أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ ۙ وَلَا يَكَادُ يُبِينُ ﴿٥٢﴾

بلکہ میں تو اس (موسیٰ) سے کہیں بہتر ہوں جو حقیر ہے اور صاف بول بھی نہیں سکتا (52)

52. "Am I not better than this one [Mûsâ (Moses)] who is despicable and can scarcely express himself clearly?

فَلَوْلَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ مِّن ذَهَبٍ أَوْ جَاءَ مَعَهُ الْمَلَائِكَةُ مُقْتَرِنِينَ ﴿٥٣﴾

پھر اس پر سونے کے کنگن کیوں نہیں اتارے گئے یا اس کے ساتھ فرشتے صفیں باندھے آتے؟ (53)

53. "Why then are not golden bracelets bestowed on him, or angels sent along with him?"

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهُ فَأَطَاعُوهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿٥٤﴾

تب اس نے اپنی قوم کو ہلکا سمجھا (اور اس کی عقل ماردی) تو انھوں نے اس کی اطاعت کی۔ بلاشبہ وہی لوگ فاسق تھے (54)

54. Thus he [Fir'aun (Pharaoh)] befooled (and misled) his people, and they obeyed him. Verily, they were ever a people who were *Fâsiqûn* (rebellious, disobedient to Allâh).

فَلَمَّا آسَفُونَا انتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٥٥﴾

پھر جب انھوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور ان سب کو غرق کر دیا (55)

55. So when they angered Us, We punished them, and drowned them all.

ع 11

فَجَعَلْنَاهُمْ سَلَفًا وَمَثَلًا لِّلْآخِرِينَ ﴿٥٦﴾

تو یوں ہم نے انھیں گئے گزرے کر دیے اور پچھلوں کے لیے (عبرت کی) مثال بنادیا (56)

56. And We made them a precedent (as a lesson for those coming after them), and an example to later generations.

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ﴿٥٧﴾

اور جب (عیسیٰ) ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو آپ کی قوم اس (خوشی) سے چلا اٹھی (57)

57. And when the son of Maryam (Mary) is quoted as an example [i.e. 'Îsâ (Jesus) is worshipped like their idols], behold, your people cry aloud (laugh out at the example).

وَقَالُوا أَآلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ ۚ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ ﴿٥٨﴾

اور انھوں نے کہا: کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ (عیسیٰ؟) انھوں نے آپ سے یہ مثال محض جھگڑے کے لیے بیان کی، بلکہ یہ لوگ بڑے جھگڑالو ہیں (58)

58. And say: "Are our *âlihah* (gods) better or is he ['Îsâ (Jesus)]?" They quoted not the above example except for argument. Nay! But they are a quarrelsome people. (See V.21:98-101)

إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿٥٩﴾

وہ (عیسیٰ) تو صرف ایک بندہ ہے جس پر ہم نے انعام کیا اور اسے بنی اسرائیل کے لیے (اپنی قدرت کا) ایک نمونہ بنادیا (59)

59. He ['Îsâ (Jesus)] was not more than a slave. We granted Our Favour to him, and We made him an example for the Children of Israel (i.e. his creation without a father).

وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنكُم مَّلَائِكَةً فِي الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ﴿٦٠﴾

اور اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے بنا دیتے جو زمین میں (تمھارے) جانشین ہوتے (60)

60. And if it were Our Will, We would have [destroyed you (mankind) all, and] made angels to replace you on the earth. (*Tafsir At-Tabarî*)

61. And he ['Îsa (Jesus), son of Maryam (Mary)] shall be a known sign for (the coming of) the Hour (Day of Resurrection) [i.e. 'Îsâ's (Jesus) descent on the earth].[1] Therefore have no doubt concerning it (i.e. the Day of Resurrection). And follow Me (Allâh) (i.e. be obedient to Allâh and do what He orders you to do, O mankind)! This is the Straight Path (of Islâmic Monotheism, leading to Allâh and to His Paradise).

اور بے شک وہ (عیسیٰ) قیامت کی ایک نشانی ہے، لہٰذا تم اس (قیامت کے آنے) میں شک نہ کرو، اور تم میری پیروی کرو، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿٦١﴾

وَإِنَّهُۥ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَٱتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا صِرَٰطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾

62. And let not *Shaitân* (Satan) hinder you (from the right religion, i.e. Islâmic Monotheism). Verily, he (Satan) to you is a plain enemy.

اور شیطان تمھیں (راہِ حق سے) ہرگز نہ روک دے، بلاشبہ وہ تمھارا کھلا دشمن ہے ﴿٦٢﴾

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ ۖ إِنَّهُۥ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٦٢﴾

63. And when 'Îsâ (Jesus) came with (Our) clear Proofs, he said: "I have come to you with *Al-Hikmah* (Prophethood), and in order to make clear to you some of the (points) in which you differ. Therefore fear Allâh and obey me.

اور جب عیسیٰ کھلی کھلی (نشانیاں) لے کر آیا تو اس نے کہا: تحقیق میں تمھارے پاس حکمت لایا ہوں اور تاکہ میں تم پر بعض وہ باتیں واضح کر دوں جن میں تم اختلاف کرتے ہو، لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿٦٣﴾

وَلَمَّا جَآءَ عِيسَىٰ بِٱلْبَيِّنَٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُم بِٱلْحِكْمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُم بَعْضَ ٱلَّذِى تَخْتَلِفُونَ فِيهِ ۖ فَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿٦٣﴾

64. "Verily, Allâh! He is my Lord (God) and your Lord (God). So worship Him (Alone). This is the (only) Straight Path (i.e. Allâh's religion of true Islâmic Monotheism)."

بلاشبہ اللہ ہی میرا اور تمھارا رب ہے، لہٰذا تم اسی کی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿٦٤﴾

إِنَّ ٱللَّهَ هُوَ رَبِّى وَرَبُّكُمْ فَٱعْبُدُوهُ ۚ هَٰذَا صِرَٰطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦٤﴾

65. But the sects from among themselves differed. So woe to those who do wrong [by ascribing things to 'Îsâ (Jesus) that are not true] from the torment of a painful Day (i.e. the Day of Resurrection)!

پھر ان (بنی اسرائیل) میں سے جماعتوں نے باہم اختلاف کیا، تو جن لوگوں نے ظلم کیا ان کے لیے الم ناک دن کے عذاب سے ہلاکت ہے ﴿٦٥﴾

فَٱخْتَلَفَ ٱلْأَحْزَابُ مِنۢ بَيْنِهِمْ ۖ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا۟ مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿٦٥﴾

66. Do they only wait for the Hour that it shall come upon them suddenly while they perceive not?

وہ قیامت ہی کا انتظار تو کر رہے ہیں کہ وہ ان پر اچانک آ پڑے جبکہ انھیں خبر تک نہ ہو ﴿٦٦﴾

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا ٱلسَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٦٦﴾

67. Friends on that Day will be foes one to another except *Al-*

اس دن متقین کے سوا تمام (جگری) دوست بھی ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں گے ﴿٦٧﴾

ٱلْأَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا ٱلْمُتَّقِينَ ﴿٦٧﴾

[1] (V.43:61) See the footnote of (V.3:55).

Muttaqūn (the pious. See V.2:2).

يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝68

(انھیں کہا جائے گا:) اے میرے بندو! تم پر آج کوئی خوف نہیں اور نہ تم غمگین ہو گے ۝68

68. (It will be said to the true believers of Islāmic Monotheism:) My worshippers! No fear shall be on you this Day, nor shall you grieve,

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝69

(یعنی) جو لوگ ہماری آیات پر ایمان لائے اور وہ فرماں بردار تھے ۝69

69. (You) who believed in Our *Ayāt* (proofs, verses, lessons, signs, revelations, etc.) and were Muslims (i.e. who submit totally to Allāh's Will, and believe in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism).

اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ۝70

تم جنت میں داخل ہو جاؤ تم اور تمھاری بیویاں خوش حال ہو گے ۝70

70. Enter Paradise, you and your wives, in happiness.

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝71

ان پر سونے کی رکابیوں اور ساغروں کے دور چل رہے ہوں گے اور اس (جنت) میں جس شے کو ان کے دل چاہیں گے اور (ان کی) آنکھیں محظوظ ہوں گی (وہ موجود ہوگی) اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے ۝71

71. Trays of gold and cups will be passed round them; (there will be) therein all that inner selves could desire, and all that eyes could delight in and you will abide therein forever.

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝72

اور یہی وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو ان اعمال کے بدلے جو تم کرتے رہے ۝72

72. This is Paradise which you have been made to inherit because of your deeds which you used to do (in the life of the world).

لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝73

اس میں تمھارے لیے بہت سے پھل ہوں گے جن میں سے تم کھاؤ گے ۝73

73. Therein for you will be fruits in plenty, of which you will eat (as you desire).

اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝74

بے شک مجرم لوگ عذاب جہنم میں ہمیشہ رہیں گے ۝74

74. Verily, the *Mujrimūn* (criminals, sinners, disbelievers) will be in the torment of Hell to abide therein forever.

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝75

ان سے وہ (عذاب) ہلکا نہیں کیا جائے گا اور وہ اس میں ناامید پڑے رہیں گے ۝75

75. (The torment) will not be lightened for them, and they will be plunged into destruction with deep regrets, sorrows and in despair therein.

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ۝76

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی ظالم تھے ۝76

76. We wronged them not, but they were the *Zālimūn* (polytheists, wrong doers).

وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ۝77

اور وہ (داروغہ جہنم کو) پکاریں گے: اے مالک! تیرا رب ہمارا کام ہی تمام کر دے، وہ کہے گا: بے شک تم تو ہمیشہ (اسی عذاب میں) رہو گے ۝77

77. And they will cry: "O Mālik (Keeper of Hell)! Let your Lord make an end of us." He will say: "Verily, you shall abide forever."

لَقَدْ جِئْنَٰكُم بِٱلْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَٰرِهُونَ ﴿٧٨﴾

بلاشبہ ہم تمھارے پاس حق لائے تھے اور لیکن تمھارے اکثر لوگ حق کو ناپسند ہی کرنے والے تھے ﴿٧٨﴾

78. Indeed We have brought the truth (Muhammad ﷺ with the Qur'ān) to you, but most of you have a hatred for the truth.[1]

أَمْ أَبْرَمُوٓا۟ أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ﴿٧٩﴾

کیا انھوں (مشرکین مکہ) نے (کسی اقدام کا) پختہ فیصلہ کرلیا ہے تو ہم بھی قطعی فیصلہ کرنے والے ہیں ﴿٧٩﴾

79. Or have they plotted some plan? Then We too are planning.

أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَىٰهُم ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ ﴿٨٠﴾

کیا وہ خیال کرتے ہیں کہ بے شک ہم ان کی خفیہ باتیں اور سرگوشیاں نہیں سنتے۔ کیوں نہیں! اور ہمارے پیغمبر (بھیجے ہوئے فرشتے) ان کے پاس ہی لکھتے رہتے ہیں ﴿٨٠﴾

80. Or do they think that We hear not their secrets and their private counsel? Yes (We do) and Our messengers (appointed angels in charge of mankind) are by them, to record.

قُلْ إِن كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ وَلَدٌ فَأَنَا۠ أَوَّلُ ٱلْعَٰبِدِينَ ﴿٨١﴾

(اے نبی!) آپ کہہ دیجیے: اگر رحمٰن کی کوئی اولاد ہوتی تو سب سے پہلے میں ہی (اس کی) عبادت کرنے والا ہوتا ﴿٨١﴾

81. Say (O Muhammad ﷺ): "If the Most Gracious (Allāh) had a son (or children as you pretend), then I am the first of (Allāh's) worshippers [who deny and refute this claim of yours (and the first to believe in Allāh Alone and testify that He has no children)]." (*Tafsir At-Tabarī*)

سُبْحَٰنَ رَبِّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ رَبِّ ٱلْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿٨٢﴾

آسمانوں اور زمین کا رب ہی عرش کا رب ہے وہ ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں ﴿٨٢﴾

82. Glorified is the Lord of the heavens and the earth, the Lord of the Throne! Exalted is He from all that they ascribe (to Him).

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا۟ وَيَلْعَبُوا۟ حَتَّىٰ يُلَٰقُوا۟ يَوْمَهُمُ ٱلَّذِى يُوعَدُونَ ﴿٨٣﴾

چنانچہ آپ انھیں چھوڑ دیجیے، وہ (اپنے باطل خیالات میں) الجھے رہیں اور کھیل تماشے میں لگے رہیں حتی کہ وہ اپنے اس دن کو پالیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے ﴿٨٣﴾

83. So leave them (alone) to speak nonsense and play until they meet the Day of theirs which they have been promised.

وَهُوَ ٱلَّذِى فِى ٱلسَّمَآءِ إِلَٰهٌ وَفِى ٱلْأَرْضِ إِلَٰهٌ ۚ وَهُوَ ٱلْحَكِيمُ ٱلْعَلِيمُ ﴿٨٤﴾

اور وہی (اللہ) آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے۔ اور وہ بہت حکمت والا، خوب جاننے والا ہے ﴿٨٤﴾

84. It is He (Allāh) Who is the only *Ilāh* (God to be worshipped) in the heaven and the only *Ilāh* (God to be worshipped) on the earth. And He is the All-Wise, the All-Knower.

وَتَبَارَكَ ٱلَّذِى لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَعِندَهُۥ عِلْمُ ٱلسَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٥﴾

اور وہ بہت بابرکت ذات ہے جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس (سب) کی بادشاہی ہے، اور اسی کے پاس قیامت کا علم ہے، اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿٨٥﴾

85. And Blessed is He to Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth, and all that is between them, and with Whom is the knowledge of the Hour, and to Whom you (all) will be returned.

وَلَا يَمْلِكُ ٱلَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ

اور وہ اللہ کو چھوڑ کر جنھیں پکارتے ہیں، وہ سفارش کا

86. And those whom they invoke

[1] (V.43:78) See the footnote of (V.41:46).

الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾

اختیار نہیں رکھتے سوائے ان کے جنھوں نے حق کی گواہی دی، اور وہ علم بھی رکھتے ہیں①﴿٨٦﴾

instead of Him have no power of intercession — except for those who bear witness to the truth knowingly (i.e. believed in the Oneness of Allāh, and obeyed His Orders), and they know (the facts about the Oneness of Allāh).[1]

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿٨٧﴾

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ انھیں کس نے پیدا کیا، تو وہ ضرور کہیں گے: اللہ نے! پھر وہ کہاں بہکائے جاتے ہیں؟﴿٨٧﴾

87. And if you ask them who created them, they will surely say: "Allāh." How then are they turned away (from the worship of Allāh Who created them)?

وَقِيلِهِ يَا رَبِّ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾

اس (رسول) کے اس قول کی قسم ہے کہ اے میرے رب! بے شک یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے﴿٨٨﴾

88. (And Allāh has the knowledge) of (Prophet Muhammad's ﷺ) saying: "O my Lord! Verily, these are a people who believe not!"

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾

لہٰذا (اے نبی!) ان سے عفو و درگزر کیجیے② اور کہہ دیجیے: سلام ہے، پھر عنقریب وہ جان لیں گے﴿٨٩﴾

89. So turn away from them (O Muhammad ﷺ), and say: *Salām* (peace)! But they will come to know.[2]

Sūrat Ad-Dukhān (The Smoke) 44

سورۂ دخان

سُورَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ …

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

حم ﴿١﴾

حٰمٓ ①

1. *Hā-Mīm*

[These letters are one of the miracles of the Qur'ān and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ ﴿٢﴾

قسم ہے واضح کتاب کی②

2. By the manifest Book (this Qur'ān) that makes things clear.

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ ۚ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ ﴿٣﴾

بلاشبہ ہم نے اسے ایک بابرکت رات میں نازل کیا، بے شک ہم ڈرانے والے ہیں③

3. We sent it (this Qur'ān) down on a blessed night [(i.e. the Night of *Al-Qadr*, *Sūrah* No. 97) in the month of Ramadān — the 9th month of the Islāmic calendar]. Verily, We are ever warning (mankind that Our torment will

[1] (V.43:86) See the footnote of (V.2:165).

[2] (V.43:89) The provision of this Verse was abrogated by the revelation of the Verse of fighting against them (V.9:5).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ بقرہ 165/2)

② اس قسم کی آیات جہاد کے حکم سے پہلے کی ہیں۔ اس لیے اس آیت کا حکم سورۂ توبہ میں جہاد کی آیتوں کے نزول کے بعد منسوخ ہو گیا۔

reach those who disbelieve in Our Oneness of Lordship and in Our Oneness of worship).

فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ ﴿٤﴾
اسی (رات)① میں ہر محکم معاملے کا فیصلہ کیا جاتا ہے④
4. Therein (that night) is decreed every matter of ordainments.[1]

أَمْرًا مِّنْ عِندِنَا ۚ إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ﴿٥﴾
خاص ہمارے حکم سے، بے شک ہم ہی (رسول) بھیجنے والے ہیں⑤
5. As a Command (or this Qur'ān or the Decree of every matter) from Us. Verily, We are ever sending (the Messengers),

رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦﴾
آپ کے رب کی خاص رحمت سے، بلاشبہ وہی خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے⑥
6. (As) a mercy from your Lord. Verily, He is the All-Hearer, the All-Knower.

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ ﴿٧﴾
جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے، اور (ان کا بھی) جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہیں، اگر تم یقین کرنے والے ہو⑦
7. The Lord of the heavens and the earth and all that is between them, if you (but) have a faith with certainty.

لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨﴾
اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، وہی زندہ کرتا ہے، اور وہی مارتا ہے، وہی تمھارا اور تمھارے اگلے باپ دادوں کا رب ہے⑧
8. *Lā ilaha illā Huwa* (none has the right to be worshipped but He). It is He Who gives life and causes death — your Lord and the Lord of your forefathers.

بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ يَلْعَبُونَ ﴿٩﴾
(کفار کو یقین نہیں) بلکہ وہ شک وشبہ میں پڑے کھیل رہے ہیں⑨
9. Nay! They play about in doubt.

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ﴿١٠﴾
تو آپ اس دن کا انتظار کیجیے جب آسمان صاف دھواں لائے گا⑩
10. Then wait you for the Day when the sky will bring forth a visible smoke,

يَغْشَى النَّاسَ ۖ هَٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١١﴾
جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا (کہا جائے گا:) یہ ہے دردناک عذاب!⑪
وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٧﴾

اور البتہ تحقیق ہم نے تمھارے آس پاس کی بستیاں ہلاک کر دیں، اور ہم نے آیات پھیر پھیر کر بیان کیں تا کہ وہ (ہماری طرف) رجوع کریں ﴿٢٧﴾

27. And indeed We have destroyed towns (populations) round about you, and We have (repeatedly) shown (them) the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) in various ways that they might return (to the truth and believe in the Oneness of Allāh Islāmic Monotheism).

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٨﴾

پھر ان لوگوں نے ان کی مدد کیوں نہ کی جنھیں انھوں نے قرب الٰہی حاصل کرنے کے لیے اللہ کو چھوڑ کر معبود بنا رکھا تھا، بلکہ وہ (معبود) ان سے گم ہو گئے، اور یہ تھا ان کا جھوٹ، اور ان کا افترا ﴿٢٨﴾

28. Then why did those whom they had taken for *ālihah* (gods) besides Allāh, as a way of approach (to Allāh) not help them? Nay, but they vanished completely from them (when there came the torment). And that was their lie, and their inventions which they had been inventing (before their destruction).

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٢٩﴾

اور (یاد کیجیے) جب ہم نے جنوں کی ایک جماعت کو آپ کی طرف متوجہ کیا، جبکہ وہ قرآن سنتے تھے، پھر جب وہ اس (کی تلاوت سننے) کو حاضر ہوئے تو (ایک دوسرے سے) کہا: خاموش رہو، چنانچہ جب (تلاوت) ختم ہو گئی تو وہ اپنی قوم کی طرف ڈرانے والے بن کر پھرے ﴿٢٩﴾

29. And (remember) when We sent towards you (Muhammad ﷺ) a group (three to ten persons) of the jinn, (quietly) listening to the Qur'ān. When they stood in the presence thereof, they said: "Listen in silence!" And when it was finished, they returned to their people, as warners.

قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٣٠﴾

انھوں نے کہا: اے ہماری قوم! بے شک ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰ کے بعد نازل کی گئی ہے، وہ ان کتابوں کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے کی ہیں، وہ حق کی طرف اور صراط مستقیم کی طرف رہنمائی کرتی ہے ﴿٣٠﴾

30. They said: "O our people! Verily, we have heard a Book (this Qur'ān) sent down after Mūsā (Moses), confirming what came before it, it guides to the truth and to a Straight Path (i.e. Islām).

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٣١﴾

اے ہماری قوم! اللہ کے داعی کی بات کو قبول کر لو، اور اس پر ایمان لے آؤ، وہ تمھارے لیے تمھارے (کچھ) گناہ بخش دے گا اور وہ تمھیں نہایت دردناک عذاب سے پناہ دے گا[1] ﴿٣١﴾

31. "O our people! Respond (with obedience) to Allāh's Caller (i.e. Allāh's Messenger Muhammad ﷺ), and believe in him (i.e. believe in that which Muhammad ﷺ has brought from Allāh and follow him). He (Allāh) will forgive you of your

[1] ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:85)

sins, and will save you from a painful torment (i.e. Hell-fire).[1]

وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءُ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٣٢﴾

اور جو کوئی اللہ کے داعی کی بات قبول نہیں کرے گا تو وہ زمین میں (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکے گا اور اللہ کے سوا اس کا کوئی حامی نہیں ہوگا، یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں ﴿٣٢﴾

32. "And whosoever does not respond to Allāh's Caller, he cannot escape on earth, and there will be no *Auliyā'* (lords, helpers, supporters, protectors) for him besides Allāh (from Allāh's punishment). Those are in manifest error."

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ ۚ بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٣٣﴾

کیا انھوں نے دیکھا (جانا) نہیں کہ بے شک اللہ، جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور دونوں کے پیدا کرنے سے نہ تھکا، اس پر قادر ہے کہ مردوں کو زندہ کرے۔ کیوں نہیں! بلاشبہ وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے ﴿٣٣﴾

33. Do they not see that Allāh, Who created the heavens and the earth, and was not wearied by their creation, is Able to give life to the dead? Yes, He surely is Able to do all things.

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٤﴾

اور جس دن اہل کفر آگ کے سامنے پیش کیے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا:) کیا یہ (دوزخ) حق نہیں ہے؟ تو وہ کہیں گے: کیوں نہیں، ہمارے رب کی قسم! (یہ حق ہے) اللہ فرمائے گا: اب تم اپنے کفر کی وجہ سے عذاب (کے مزے) چکھو ﴿٣٤﴾

34. And on the Day when those who disbelieve will be exposed to the Fire (it will be said to them): "Is this not the truth?" They will say: "Yes, by our Lord!" He will say: "Then taste the torment, because you used to disbelieve!"

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ ۚ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ ۚ بَلَاغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ ﴿٣٥﴾

تو (اے نبی!) آپ صبر کریں جس طرح عزم وہمت والے رسولوں① نے صبر کیا، اور ان کے لیے جلدی (عذاب) طلب نہ کریں، گویا کہ وہ (کافر) جس دن اس (عذاب) کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (تو سمجھیں گے کہ) وہ تو (دنیا میں) دن کی بس ایک گھڑی ہی ٹھہرے۔ یہ (توپیغام) پہنچا دینا ہے۔ چنانچہ نافرمان لوگوں کے سوا کوئی ہلاک نہیں کیا جائے گا ﴿٣٥﴾

35. Therefore be patient (O Muhammad ﷺ) as did the Messengers of strong will[2] and be in no haste about them (disbelievers). On the Day when they will see that (torment) with which they are promised (i.e. threatened, it will be) as if they had not stayed more than an hour in a single day. (O mankind! this Qur'ān is sufficient as) a clear Message (or proclamation to save yourself from destruction). But shall any be destroyed except the people who are *Al-Fāsiqūn* (rebellious against Allāh's Command, disobedient to Allāh)?

[1] (V.46:31) See the footnote of (V.3:85).

[2] (V.46:35) There are many Prophets and Messengers of Allāh, about twenty-five of them are mentioned in the Qur'ān; out of these twenty-five, only five are of strong will: namely, Muhammad ﷺ, Nūḥ (Noah), Ibrāhīm (Abraham), Mūsā (Moses) and 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary) عليهم السلام.

① یوں تو اللہ کے بھیجے ہوئے انبیاء اور پیغمبروں کی تعداد بہت زیادہ ہے لیکن ان میں سے تقریباً پچیس کا ذکر قرآن کریم میں ہے اور ان پچیس میں سے پانچ "عالی ہمت" یعنی اُولوالعزم ہیں جن میں: ① حضرت محمد ﷺ ② حضرت نوح ③ حضرت ابراہیم ④ حضرت موسیٰ اور ⑤ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شامل ہیں۔

Sūrat Muhammad or Sūrat Al-Qitāl (Muhammad ﷺ) or (The Fighting) 47

سورۂ محمد

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ (آیات 38)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ أَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ ①

جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے روکا، اللہ نے ان کے عمل ضائع کر دیے۔① ①

1. Those who disbelieve (in the Oneness of Allāh, and in the Message of Prophet Muhammad ﷺ), and hinder (men) from the path of Allāh (Islāmic Monotheism), He will render their deeds vain.[1]

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ ②

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، اور وہ اس (قرآن) پر بھی ایمان لائے، جو محمد (ﷺ) پر نازل کیا گیا، اور وہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے، اللہ نے ان سے ان کی برائیاں دور کر دیں اور ان کے حال کی اصلاح کر دی۔②

2. But those who believe and do righteous good deeds, and believe in that which is sent down to Muhammad (ﷺ) — for it is the truth from their Lord — He will expiate from them their sins, and will make good their state.

ذَٰلِكَ بِأَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَأَنَّ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِن رَّبِّهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ لِلنَّاسِ أَمْثَالَهُمْ ③

یہ اس لیے کہ بے شک جن لوگوں نے کفر کیا انھوں نے باطل کی پیروی کی، اور بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے انھوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی پیروی کی، اللہ اسی طرح لوگوں کے لیے ان کی مثالیں بیان کرتا ہے۔③

3. That is because those who disbelieve follow falsehood, while those who believe follow the truth from their Lord. Thus does Allāh set forth for mankind their parables.

فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّىٰ إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّىٰ تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ۚ ذَٰلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَٰكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ ۗ وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ ④

چنانچہ جب تم (جہاد میں) ان لوگوں سے ملو جنھوں نے کفر کیا تو (ان کی) گردنیں مارو،② حتی کہ جب تم انھیں خوب قتل کر چکو تو (قیدیوں کو) بیڑیوں میں مضبوطی سے باندھ دو، پھر یا تو اس کے بعد ان پر احسان کرنا ہے یا فدیہ (تاوان) لینا ہے، حتی کہ لڑائی اپنے ہتھیار ڈال دے، (حکم) یہی ہے، اور اگر اللہ چاہتا (تو خود ہی) ان سے بدلہ لے لیتا لیکن (اس نے تمھیں حکم دیا ہے) تاکہ وہ تمھیں ایک دوسرے سے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل (شہید) کیے گئے تو اللہ ان کے اعمال ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔④

4. So, when you meet (in fight — *Jihād* in Allāh's Cause) those who disbelieve, smite (their) necks till when you have killed and wounded many of them, then bind a bond firmly (on them, i.e. take them as captives). Thereafter (is the time) either for generosity (i.e. free them without ransom), or ransom (according to what benefits Islām), until the war lays down its burden. Thus [you are ordered by Allāh to continue in carrying out *Jihād*

[1] (V.47:1) It is obligatory to have belief in the Messengership of the Prophet (Muhammad ﷺ).
Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "By Him (Allāh) in Whose Hand Muhammad's soul is, there is none from amongst the Jews and the Christians (of these present nations) who hears about me and then dies without believing in the Message with which I have been sent (i.e. Islāmic Monotheism), but he will be from the dwellers of the (Hell) Fire." [*Sahih Muslim*, the Book of Faith, Vol.1, *Hadith* No. 153 (S.S.M. 20)]. See also (V.3:85) and (V.3:116).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3/85)

② ملاحظہ کریں حواشی: (سورۂ بقرہ 2/190 وسورۂ توبہ: 20)

against the disbelievers till they embrace Islâm and are saved from the punishment in the Hell-fire or at least come under your protection], but if it had been Allâh's Will, He Himself could certainly have punished them (without you). But (He lets you fight) in order to test some of you with others. But those who are killed in the way of Allâh, He will never let their deeds be lost.[1]

سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝٥

وہ جلد ان کی رہنمائی کرے گا اور ان کے حال کی اصلاح کرے گا⑤

5. He will guide them and set right their state.

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝٦

اور وہ انھیں (اس) جنت میں داخل کرے گا جس کی ان کو خوب پہچان کروا چکا ہے⑥

6. And admit them to Paradise which He has made known to them (i.e. they will know their places in Paradise better than they used to know their homes in the world).[2] (*Tafsir Ibn Kathir*)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝٧

اے ایمان والو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمھاری مدد کرے گا اور تمھارے قدم ثابت رکھے گا⑦

7. O you who believe! If you help (in the cause of) Allâh, He will help you and make your foothold firm.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٨

اور جن لوگوں نے کفر کیا، تو ان کے لیے ہلاکت ہے، اور وہ (اللہ) ان کے اعمال ضائع کر دے گا⑧

8. But those who disbelieve (in the Oneness of Allâh — Islâmic Monotheism), for them is destruction, and (Allâh) will make their deeds vain.

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝٩

یہ اس لیے کہ بے شک انھوں نے اس چیز کو ناپسند کیا جو اللہ نے نازل کی، پھر اس نے بھی ان کے (نیک) اعمال ضائع کر دیے⑨

9. That is because they hate that which Allâh has sent down (this Qur'ân and Islâmic laws); so He has made their deeds fruitless.

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۫ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝١٠

کیا پھر وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے؟ اللہ نے ان پر تباہی ڈال دی، اور کافروں کے لیے اسی طرح کی سزائیں ہیں⑩

10. Have they not travelled through the earth and seen what was the end of those before them? Allâh destroyed them completely, and a similar (fate) awaits) the disbelievers.

---

[1] (V.47:4) See the footnote of (V.2:190) and (V.9:20).

[2] (V.47:6) Narrated Abû Sa'îd Al-Khudri رضی اللہ عنہ: Allâh's Messenger ﷺ said, "The believers, after being saved from the (Hell) Fire, will be stopped at a bridge between Paradise and Hell and mutual retaliation will take place among them regarding the wrongs they have committed in the world against one another. After they are cleansed and purified (through the retaliation), they will be admitted into Paradise; and by Him in Whose Hand Muhammad's soul is, everyone of them will know his dwelling in Paradise better than he knew his dwelling in this world."

[*Sahih Al-Bukhari*, 8/6535 (O.P.542)]

ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَأَنَّ الْكٰفِرِينَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿١١﴾ ع

یہ اس لیے کہ بے شک اللہ ان لوگوں کا مددگار ہے جو ایمان لائے، اور بے شک (جو) کافر ہیں ان کا کوئی مددگار نہیں۔﴿11﴾

11. That is because Allāh is the *Maulā* (Lord, Master, Helper, Protector) of those who believe, and the disbelievers have no *Maula* (lord, master, helper, protector).

إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعٰمُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿١٢﴾

بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، اللہ انھیں ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں، اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ (دنیا کا) فائدہ اٹھاتے ہیں، اور وہ یوں (بے فکر ہو کر) کھاتے ہیں جیسے چوپائے کھاتے ہیں، اور آگ ہی ان کا ٹھکانا ہے۔﴿12﴾

12. Certainly Allāh will admit those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds, to Gardens under which rivers flow (Paradise); while those who disbelieve enjoy themselves and eat as cattle eat; and the Fire will be their abode.

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن قَرْيَتِكَ الَّتِي أَخْرَجَتْكَ أَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿١٣﴾

اور کتنی ہی بستیاں کہ وہ آپ کی اس بستی (مکہ) سے، جس (کے باشندوں) نے آپ کو نکال دیا ہے، کہیں زیادہ طاقتور تھیں، ہم نے انھیں ہلاک کر دیا، پھر کوئی بھی ان کی مدد کرنے والا نہ تھا۔﴿13﴾

13. And many a town, stronger than your town (Makkah) (O Muhammad ﷺ) which has driven you out We have destroyed. And there was none to help them.

أَفَمَن كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ كَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُم ﴿١٤﴾

کیا پھر وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہو اس شخص کے مانند ہو سکتا ہے جس کے لیے اس کی بدعملی پرکشش بنا دی گئی، اور انھوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی؟﴿14﴾

14. Is he who is on a clear proof from his Lord, like those for whom their evil deeds that they do are beautified for them, while they follow their own lusts (evil desires)?

مَّثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ فِيهَا أَنْهٰرٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهٰرٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِينَ وَأَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۖ وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ ۖ كَمَنْ هُوَ خٰلِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ ﴿١٥﴾

اس جنت کی صفت جس کا متقین سے وعدہ کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس میں (ایسے) پانی کی نہریں ہیں جو بدلنے والا نہیں، اور ایسے دودھ کی نہریں ہیں جس کا ذائقہ (کبھی) تبدیل نہ ہوا ہوگا، اور ایسی شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کے لیے لذیذ ہے اور صاف شفاف شہد کی نہریں ہیں، اور وہاں ان (متقین) کے لیے ہر طرح کے پھل ہوں گے، اور ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہوگی۔ (کیا یہ لوگ) ان لوگوں کے مانند ہو سکتے ہیں جو آگ میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور انھیں گرم کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا، تو وہ ان کی آنتیں ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا؟﴿15﴾

15. The description of Paradise which the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2) have been promised (is that) in it are rivers of water the taste and smell of which are not changed, rivers of milk of which the taste never changes, rivers of wine delicious to those who drink, and rivers of clarified honey (clear and pure); therein for them is every kind of fruit, and forgiveness from their Lord. (Are these) like those who shall dwell for ever in the Fire and be given to drink boiling water so that it cuts up their bowels?

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ حَتّٰى إِذَا خَرَجُوا مِنْ عِندِكَ قَالُوا لِلَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفًا ۚ أُولٰٓئِكَ

اور ان (منافقین) میں سے بعض وہ ہیں جو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں حتی کہ جب وہ آپ کے پاس سے نکلتے ہیں تو ان لوگوں سے، جنھیں علم دیا گیا ہے، کہتے ہیں: اس (نبی) نے ابھی یہ کیا کہا تھا؟ یہی لوگ

16. And among them are some who listen to you (O Muhammad ﷺ) till when they go out from you, they say to those who have received knowledge: "What has

الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ⑯

ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگادی ہے، اور انھوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی⑯

he said just now?" Such are men whose hearts Allāh has sealed, and they follow their lusts (evil desires).

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ⑰

اور جن لوگوں نے ہدایت پائی ہے اللہ نے انھیں ہدایت میں زیادہ کیا، اور انھیں ان کا تقوٰی عطا فرمایا⑰

17. While as for those who accept guidance, He increases their guidance and bestows on them their piety.

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ⑱

چنانچہ یہ لوگ تو بس قیامت ہی کے منتظر ہیں کہ وہ ان کے پاس اچانک آجائے، یقیناً اس کی نشانیاں آچکی ہیں، تو جب قیامت ان کے پاس آپہنچے گی تو ان کے لیے کہاں ہوگا نصیحت حاصل کرنا ①⑱

18. Do they then await (anything) other than the Hour that it should come upon them suddenly? But some of its portents (indications and signs) have already come; and when it (actually) is on them, how can they benefit then by their reminder? [1]

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ⑲ ع

پس (اے نبی) آپ جان لیجیے② کہ بلاشبہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، اور اپنے گناہ کی بخشش مانگیے اور مومن مردوں اور عورتوں کے لیے بھی، اور اللہ تمھاری نقل وحرکت اور تمھارے ٹھکانے کو جانتا ہے⑲

19. So know (O Muhammad ﷺ) that *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh),[2] and ask forgiveness for your sin, and also for (the sin of) believing men and believing women. And Allāh knows well your moving about, and your place of rest (in your homes).

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ⑳

اور جو لوگ ایمان لائے وہ کہتے ہیں: (جہاد کے متعلق) کوئی سورت کیوں نہیں نازل کی گئی؟ پھر جب کوئی محکم سورت نازل کی جاتی ہے اور اس میں قتال (جہاد) کا ذکر کیا جاتا ہے تو آپ ان لوگوں کو دیکھتے ہیں جن کے دلوں میں روگ ہے کہ وہ آپ کی طرف اس شخص کی طرح دیکھتے ہیں جس پر موت کے باعث غشی طاری ہو، چنانچہ ان کے لیے ہلاکت ہے⑳

20. Those who believe say: "Why is not a *Sūrah* (chapter of the Qur'ān) sent down (for us)?" But when a decisive *Sūrah* (explaining and ordering things) is sent down, and fighting (*Jihād* fighting in Allāh's Cause) is mentioned (i.e. ordained) therein, you will see those in whose hearts is a disease (of hypocrisy) looking at you with a look of one fainting to death. But it was better for them (hypocrites, to listen to Allāh and to obey Him).

طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۣ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا

اطاعت کرنا اور بھلی بات کہنا (بہتر ہے)، پھر جب (جہاد کا) قطعی فیصلہ ہو جاتا ہے تو اگر وہ اللہ سے سچے

21. Obedience (to Allāh) and good words (were better for

[1] (V.47:18) See the footnote of (V.6:158).

[2] (V.47:19) It is essential to know a thing first before saying or acting upon it as Allāh's Statement: "So know..." (V.47:19). Please see also the footnote of (V.6:125).

① یعنی اس وقت توبہ بھی نہیں کرسکیں گے نہ اس وقت کی توبہ فائدہ مند ہی ہوگی۔ مزید دیکھیے: حاشیہ (سورۂ انعام 6:158)

② کسی چیز کے کہنے یا کرنے سے پہلے اس کا جاننا ضروری ہوتا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿فَاعْلَمْ﴾ یعنی جان لو۔ مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ انعام 6:125)

لَّهُمْ ﴿٢١﴾

رہیں تو یہ ان کے لیے بہتر ہے۔﴿٢١﴾

them). And when the matter (preparation for *Jihād*) is resolved on, then if they had been true to Allāh, it would have been better for them.

فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِن تَوَلَّيْتُمْ أَن تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾

پھر (اے منافقو!) تم سے یہی امید ہے کہ اگر تم حکمران بن جاؤ تو تم زمین میں فساد کرو اور اپنے رشتے ناتے توڑ ڈالو①﴿٢٢﴾

22. Would you then, if you were given the authority, do mischief in the land, and sever your ties of kinship?[1]

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾

یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے، پھر اس نے انھیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھیں اندھی کر دیں۔﴿٢٣﴾

23. Such are they whom Allāh has cursed, so that He has made them deaf and blinded their sight.

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾

کیا پھر وہ لوگ قرآن میں غور و فکر نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر تالے (لگے ہوئے) ہیں؟﴿٢٤﴾

24. Do they not then think deeply in the Qur'ān, or are their hearts locked up (from understanding it)?

إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَىٰ لَهُمْ ﴿٢٥﴾

بے شک جو لوگ، بعد اس کے کہ ان پر ہدایت ظاہر ہو گئی، اپنی پیٹھوں کے بل پلٹ گئے، شیطان نے ان کے لیے (ان کے عمل) مزین و خوشنما بنا دیے، اور (اللہ نے) انھیں ڈھیل دے دی۔﴿٢٥﴾

25. Verily, those who have turned back (have apostatised) as disbelievers after the guidance has been manifested to them — *Shaitān* (Satan) has beautified for them (their false hopes), and (Allāh) prolonged their term (age).

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ ۖ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾

یہ اس لیے کہ بے شک انھوں نے ان لوگوں (یہود) سے، جنھوں نے اس چیز (قرآن) کو ناپسند کیا جو اللہ نے نازل کی، کہا کہ بعض امور میں ہم آپ کی بات مانیں گے، اور اللہ ان کے راز جانتا ہے۔﴿٢٦﴾

26. This is because they said to those who hate what Allāh has sent down: "We will obey you in part of the matter." But Allāh knows their secrets.

فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ

پھر کیا حال ہوگا جب فرشتے ان کو فوت کریں گے؟

27. Then how (will it be) when

---

[1] (V.47:22)

a) Narrated Abū Horairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Allāh created His creation, and when He finished it, the womb got up and caught hold of Allāh whereupon Allāh said, 'What is the matter?' On that it said, 'I seek refuge with You from *Al-Qati'ah* (those who sever the ties of kith and kin).' On that Allāh said, 'Will you accept (be satisfied) if I bestow My Favours on him who keeps your ties, and withhold My Favours from him who severs your ties?' On that it said, 'Yes, O my Lord!' Then Allāh said, 'That is for you.'" Abu Hurairah added: If you wish, you can recite: "Would you then, if you were given the authority, do mischief in the land and sever your ties of kinship?" (V.47:22). [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4830 (O.P.354)]

b) See the footnote of (V.2:27).

① اس آیت کی تفسیر صحیح حدیث میں اس طرح بیان ہوئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ جب سب مخلوق پیدا کر چکا اس وقت (رَحِم) یعنی ناتا (مجسم ہو کر) اٹھ کھڑا ہوا اور پروردگار کی کمر تھام لی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "کیا بات ہے؟" اس نے کہا: میں تیری پناہ چاہتا ہوں، ایسا نہ ہو کوئی مجھے قطع کرے (رشتہ داریاں منقطع کرے۔) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "کیا تو اس پر راضی نہیں کہ جو کوئی تجھے جوڑے میں اس کو جوڑوں اور جو کوئی تجھے قطع کرے میں اس سے قطع تعلق کر لوں؟" اس پر رحم یعنی ناتا نے کہا: رب! میں اس پر راضی ہوں۔ پروردگار نے فرمایا: "ایسا ہی ہوگا۔" حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر تم چاہو تو اس حدیث کی تائید میں (سورۂ محمد کی) یہ آیت پڑھو: "اور تم سے یہ بھی بعید نہیں کہ اگر تمھیں حکومت مل جائے تو تم زمین میں فساد برپا کر دو اور رشتے ناتے توڑ ڈالو۔" (صحیح البخاري، التفسیر، باب: 1 حدیث: 4830) ایک دوسری روایت میں فرمایا: "قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔" (صحیح البخاري، الأدب، باب: 11 حدیث: 5984)

وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾

جبکہ وہ ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر مارتے ہوں گے ﴿٢٧﴾

the angels will take their souls at death, smiting their faces and their backs?

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَا أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ ع

یہ (مار) اس لیے کہ بے شک انھوں نے اس چیز کی پیروی کی جس نے اللہ کو ناراض کر دیا، اور انھوں نے اس (اللہ) کی رضامندی ناپسند کی، لہٰذا اللہ نے ان کے اعمال برباد کر دیے ﴿٢٨﴾

28. That is because they followed that which angered Allâh and hated that which pleased Him. So, He made their deeds fruitless.

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَن لَّن يُخْرِجَ اللَّهُ أَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾

کیا ان لوگوں نے جن کے دلوں میں روگ ہے، یہ سمجھ رکھا ہے کہ اللہ ان کے کینے ہرگز ظاہر نہیں کرے گا ﴿٢٩﴾

29. Or do those in whose hearts is a disease (of hypocrisy), think that Allâh will not bring to light all their hidden ill-wills?

وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُم بِسِيمَاهُمْ ۚ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٠﴾

اور اگر ہم چاہتے تو یقیناً آپ کو وہ (منافق) دکھا دیتے، پھر آپ انھیں ان کے چہروں کی علامتوں سے ضرور پہچان لیتے، اور یقیناً آپ انھیں گفتگو کے لب و لہجے سے پہچان لیں گے، اور اللہ تمھارے اعمال جانتا ہے ﴿٣٠﴾

30. Had We willed, We could have shown them to you, and you should have known them by their marks; but surely, you will know them by the tone of their speech! And Allâh knows (all) your deeds.

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّىٰ نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِينَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِينَ وَنَبْلُوَ أَخْبَارَكُمْ ﴿٣١﴾

اور ہم تمھیں ضرور آزمائیں گے حتیٰ کہ تم میں سے مجاہدین کو اور صبر کرنے والوں کو جان لیں، اور ہم تمھارے حالات جانچ لیں ﴿٣١﴾

31. And surely, We shall try you till We test those who strive hard (for the Cause of Allâh) and *As-Sâbirûn* (the patient), and We shall test your facts (i.e. the one who is a liar, and the one who is truthful).

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَىٰ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ﴿٣٢﴾

بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے روکا، اور ان پر ہدایت واضح ہو جانے کے بعد[1] رسول (ﷺ) کی مخالفت کی وہ اللہ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے، اور عنقریب وہ ان کے اعمال برباد

32. Verily, those who disbelieve, and hinder (men) from the path of Allâh (i.e. Islâm), and oppose the Messenger (ﷺ) (by standing against him and hurting him), after the guidance[1] has been

[1] (V.47:32) A. Narrated Abû Mûsâ رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "The example of guidance and knowledge (the Qur'ân and the *Sunnah*) with which Allâh has sent me, is like abundant rain falling on the earth, some of which was fertile soil that absorbed rain water and brought forth vegetation and grass in abundance. (And) another portion of it was hard and held the rain water and Allâh benefited the people with it and they utilized it for drinking, making their animals drink from it and irrigating the land for cultivation. (And) a portion of it was barren which could neither hold the water nor bring forth vegetation (then that land gave no benefits). The first is the example of the person who comprehends Allâh's religion (Islâm) and gets benefit (from the knowledge) which Allâh عز وجل has revealed through me (the Prophet ﷺ) and learns and then teaches it to others. The last example is that of a person who does not care for it and does not take Allâh's Guidance revealed through me (He is like that barren land)."

[*Sahih Al-Bukhari*, 1/79 (O.P.79)]

B. Guidance is of two kinds:

a) Guidance of *Taufiq* and it is totally from Allâh, i.e. Allâh opens one's heart to receive the truth (from disbelief to belief in Islamic Monotheism).

b) Guidance of *Irshâd*, i.e. through preaching by Allâh's Messengers and pious preachers who preach the truth, i.e. Islamic Monotheism.

① ان لوگوں کی مثال حدیث میں اس طرح بیان کی گئی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ نے مجھے جو ہدایت اور علم دے کر بھیجا ہے اس کی مثال زوردار بارش کی سی ہے جو زمین پر برسی اور کچھ زمین جو عمدہ تھی اس نے بارش کا پانی اپنے اندر جذب کر لیا اور خوب گھاس اور سبزیاں اگائیں، اور بعض (زمین) سخت (پتھریلی) تھی اس نے پانی روک لیا، اللہ نے اس سے لوگوں کو

کرے گا ﴿۳۲﴾★

clearly shown to them, they will not harm Allāh in the least, but He will make their deeds fruitless.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

اے ایمان والو! تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو، اور اپنے عملوں کو باطل نہ کرو ﴿۳۳﴾

33. O you who believe! Obey Allāh, and obey the Messenger (Muhammad ﷺ) and render not vain your deeds.

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾

بلاشبہ جن لوگوں نے کفر کیا، اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے روکا، پھر وہ اسی حالت کفر میں مر گئے تو اللہ انھیں ہرگز نہیں بخشے گا① ﴿۳۴﴾

34. Verily, those who disbelieve, and hinder (men) from the path of Allāh (i.e. Islām); then die while they are disbelievers — Allāh will not forgive them.[1]

فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾

چنانچہ تم کمزور نہ پڑو اور نہ تم صلح کی طرف بلاؤ جبکہ تم ہی غالب ہو، اور اللہ تمھارے ساتھ ہے، اور وہ تم سے تمھارے عملوں (کے ثواب) کو ہرگز کم نہیں کرے گا ﴿۳۵﴾

35. So, be not weak and ask not for peace (from the enemies of Islām) while you are having the upper hand. Allāh is with you, and He will never decrease the reward of your good deeds.

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔــلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾

بس دنیاوی زندگی تو محض ایک کھیل اور تماشا ہے، اور اگر تم ایمان لاؤ اور تقویٰ اختیار کرو (تو) اللہ تمھیں تمھارے اجر دے گا، اور وہ تم سے تمھارے (تمام) مال نہیں مانگے گا ﴿۳۶﴾

36. The life of this world is but play and pastime; but if you believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism), and fear Allāh, and avoid evil, He will grant you your wages, and will not ask you your wealth.

اِنْ يَّسْـَٔــلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾

اگر اللہ تم سے اس مال کا سوال کرے، پھر وہ (اس پر) اصرار کرے، تو تم بخل کرو گے، اور وہ تمھارے کینے نکال باہر کرے گا ﴿۳۷﴾

37. If He were to ask you of it, and press you, you would covetously withhold, and He will bring out all your (secret) ill-wills.

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا

سنو! تم تو وہ لوگ ہو کہ تمھیں دعوت دی جاتی ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو، پھر تم میں سے بعض وہ ہیں جو بخل کرتے ہیں، اور جو بخل کرتا ہے تو بس وہ اپنے آپ ہی سے بخل کرتا ہے، اور اللہ بے نیاز ہے اور تم محتاج ہو، اور اگر تم پھر و گے تو اللہ تمھارے سوا

38. Behold! You are those who are called to spend in the Cause of Allāh, yet among you are some who are niggardly. And whoever is niggardly, it is only at the expense of his ownself. But Allāh is Rich (Free of all needs), and

★ بقیہ حاشیہ: محمد، آیت: 32.

فائدہ پہنچایا، انہوں نے (خود) اسے پیا، اپنے مویشیوں کو پلایا اور زراعت میں استعمال کیا، اور کچھ ایسی زمین پر یہ پانی برسا جو صاف چٹیل تھی نہ تو پانی اس نے روکا اور نہ اس نے گھاس اگائی (پانی اس پر بہہ کر نکل گیا) اسی طرح کی مثال ہے اس شخص کی جس نے اللہ کے دین کی سمجھ حاصل کی اور اللہ نے جو مجھے دے کر بھیجا ہے اس سے فائدہ اٹھایا۔ اس نے خود سیکھا اور دوسروں کو سکھایا اور آخری مثال اس شخص کی ہے جس نے اس پر (کوئی توجہ نہ دی) سر بھی نہیں اٹھایا اور اللہ کی ہدایت جو میں لایا اس نے نہ مانی (ایسا شخص بنجر زمین کے مانند ہے۔") (صحیح البخاري، العلم، باب: 20 حدیث: 79) مزید دیکھیے حاشیہ: (سورۂ فاتحہ: 6/1)

[1] (V.47:34) See the footnote of (V.3:85).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 85/3)

أَمْثَالَكُم ۞

دوسرے لوگ بدل لائے گا، پھر وہ تم جیسے (نافرمان) نہ ہوں گے ۞

you (mankind) are poor. And if you turn away (from Islām and the obedience to Allāh), He will exchange you for some other people and they will not be your likes.

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ (111)
آیاتہا 29 — رکوعاتہا 4

سورۂ فتح

Sūrat Al-Fath (The Victory) 48

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ①

(اے نبی!) بلاشبہ ہم نے آپ کو فتح مبین دی ①

1. Verily, We have given you (O Muhammad ﷺ) a manifest victory.

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ②

تاکہ اللہ آپ کے لیے آپ کی اگلی پچھلی ہر غلطی معاف کر دے، اور آپ پر اپنی نعمت پوری کرے، اور آپ کو صراط مستقیم کی ہدایت دے ②

2. That Allāh may forgive you your sins of the past and the future,[1] and complete His Favour on you, and guide you on a Straight Path,

وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا ③

اور (تاکہ) اللہ آپ کی بڑی زبردست مدد کرے ③

3. And that Allāh may help you with strong help.

هُوَ الَّذِي أَنزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَّعَ إِيمَانِهِمْ ۗ وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ④

وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں طمانیت و تسکین نازل کی تاکہ ان کے ایمان میں اور (مزید) ایمان کا اضافہ ہو، اور آسمانوں اور زمین کے (سب) لشکر اللہ ہی کے ہیں، اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ④

4. He it is Who sent down *As-Sakīnah* (calmness and tranquillity) into the hearts of the believers, that they may grow more in Faith along with their (present) Faith. And to Allāh belong the hosts of the heavens and the earth, and Allāh is Ever All-Knower, All-Wise.

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عِندَ اللَّهِ فَوْزًا عَظِيمًا ⑤

(یہ سب اس لیے کیا) تاکہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایسے باغات میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور (تاکہ) ان سے ان کی برائیاں دور کر دے، اور یہ اللہ کے ہاں بہت بڑی کامیابی ہے ⑤

5. That He may admit the believing men and the believing women to Gardens under which rivers flow (i.e. Paradise) to abide therein forever, and He may expiate from them their sins; and that is with Allāh a supreme success,

---

[1] (V.48:2) Narrated Al-Mughīrah: The Prophet ﷺ used to offer night prayers till his feet became swollen. Somebody said to him, "Allāh has forgiven you your sins of the past and the future." On that, He said, "Shouldn't I be a thankful slave of Allāh?" [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4836 (O.P.360)]

① اس مغفرت ذنوب کے باوجود نبی ﷺ کثرت سے اللہ کی عبادت کرتے تھے، چنانچہ حضرت مغیرہ بن شعبہ ؓ سے روایت ہے، نبی کریم ﷺ (تہجد کی نماز میں) اتنا لمبا قیام فرماتے کہ آپ کے پاؤں سوج جاتے۔ لوگوں نے کہا: اللہ نے تو آپ کے اگلے پچھلے گناہ سب بخش دیے ہیں (پھر آپ کیوں اتنی محنت کرتے ہیں؟) آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا میں اللہ کا شکر گزار بندہ نہ ہوں؟'' (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 2 حدیث: 4836)

وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ دَآىِٕرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ⑥

اور (تاکہ) منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک① مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے جو اللہ کے متعلق برے گمان کرتے ہیں، بری گردش انھی پر ہے، اور اللہ ان پر ناراض ہوا، اور اس نے ان پر لعنت کی، اور اس نے ان کے لیے جہنم تیار کر رکھا ہے، اور وہ لوٹنے کی بری جگہ ہے⑥

6. And that He may punish the *Munafiqûn* (hypocrites) men and women, and also the *Mushrikûn*[1] men and women, who think evil thoughts about Allâh, for them is a disgraceful torment. And the Anger of Allâh is upon them, and He has cursed them and prepared Hell for them — and worst indeed is that destination.

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ⑦

اور آسمانوں اور زمین کے (سب) لشکر اللہ ہی کے لیے ہیں، اور اللہ نہایت غالب، خوب حکمت والا ہے⑦

7. And to Allâh belong the hosts of the heavens and the earth. And Allâh is Ever All-Mighty, All-Wise.

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ⑧

(اے نبی!) بلاشبہ ہم نے آپ کو گواہی دینے والا، اور بشارت دینے والا، اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے④⑧

8. Verily, We have sent you (O Muhammad ﷺ) as a witness, as a bearer of glad tidings, and as a warner.[2]

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ۭ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ⑨

تاکہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ، اور تم اس کی مدد کرو، اور اس کا ادب کرو، اور تم صبح اور شام اس (اللہ) کی پاکی بیان کرو⑨

9. In order that you (O mankind) may believe in Allâh and His Messenger (ﷺ), and that you assist and honour him (ﷺ), and (that you) glorify (Allâh's) praises morning and afternoon.

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰي نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ⑩ ع

بلاشبہ جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں، وہ تو بس اللہ سے بیعت کرتے ہیں، اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے، پھر جس نے عہد شکنی کی، تو بس وہ اپنی ہی ذات کے خلاف عہد شکنی کرتا ہے، اور جس نے (وہ) عہد پورا کیا جو اس نے اللہ سے باندھا تھا، تو عنقریب وہ اسے بہت بڑا اجر دے گا⑩

10. Verily, those who give *Bai'ah* (pledge) to you (O Muhammad ﷺ), they are giving *Bai'ah* (pledge) to Allâh. The Hand of Allâh is over their hands. Then whosoever breaks his pledge, breaks it only to his own harm; and whosoever fulfils what he has covenanted with Allâh, He will bestow on him a great reward.

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ

دیہاتیوں میں سے پیچھے چھوڑے جانے والے لوگ آپ سے ضرور کہیں گے: ہمارے مالوں اور ہمارے اہل و عیال نے ہمیں مشغول کر دیا تھا، لہٰذا آپ ہمارے لیے مغفرت طلب کریں، وہ اپنی زبانوں سے وہ (بات) کہتے ہیں جو ان کے دلوں

11. Those of the bedouins who lagged behind will say to you: "Our possessions and our families occupied us, so ask forgiveness for us." They say with their tongues what is not in their hearts. Say: "Who then has any

[1] (V.48:6) *Al-Mushrikûn*: Polytheists, pagans, idolaters, and disbelievers in the Oneness of Allâh and in His Messenger Muhammad ﷺ.

[2] (V.48:8) See the footnote of (V.2:42).

① مشرک یعنی کافر، بت پرست اور بے دین جو اللہ کی وحدانیت اور رسول کی رسالت کا انکار کرتے ہیں۔

② ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2/42)

بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ⑪

میں نہیں ہے، آپ کہہ دیجیے: پھر کون تمھارے لیے اللہ سے کسی شے کا اختیار رکھتا ہے اگر وہ تمھیں کوئی نقصان پہنچانا چاہے یا کوئی نفع دینا چاہے؟ (کوئی بھی نہیں) بلکہ اللہ اس سے خوب باخبر ہے جو تم عمل کرتے ہو⑪

power at all (to intervene) on your behalf with Allāh, if He intends you hurt or intends you benefit? Nay, but Allāh is Ever Well-Acquainted with what you do.

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ⑫

بلکہ تم نے گمان کیا تھا کہ رسول اور مومنین اپنے اہل و عیال کی طرف ہرگز نہیں پلٹیں گے، اور یہ بات تمھارے دلوں میں پرکشش بنادی گئی تھی، اور تم نے برا گمان کیا تھا، اور تم لوگ تھے ہی ہلاک ہونے والے⑫

12. "Nay, but you thought that the Messenger (ﷺ) and the believers would never return to their families, and that was made fair-seeming in your hearts, and you did think an evil thought and you became a useless people going for destruction."

وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ⑬

اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول پر ایمان نہیں لایا① تو بلاشبہ ہم نے ایسے کافروں کے لیے خوب بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے⑬

13. And whosoever does not believe in Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ), then verily, We have prepared for the disbelievers a blazing Fire.[1]

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ⑭

اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے۔ وہ جسے چاہے معاف کرے اور جسے چاہے عذاب دے، اور اللہ بڑا بخشنے والا، نہایت مہربان ہے⑭

14. And to Allāh belongs the sovereignty of the heavens and the earth. He forgives whom He wills, and punishes whom He wills. And Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.

سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ۭ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ⑮

عنقریب جب تم مال غنیمت حاصل کرنے کے لیے (خیبر) چلو گے تو پیچھے چھوڑے جانے والے لوگ کہیں گے: ہمیں بھی چھوٹ (اجازت) دیجیے ہم بھی تمھارے پیچھے پیچھے چلتے ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا کلام (وعدہ) بدل دیں، کہہ دیجیے: تم ہرگز ہمارے پیچھے نہیں چلو گے، اللہ نے پہلے ہی سے یہ فرمادیا ہے۔ پھر وہ یقیناً کہیں گے: (نہیں) بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو، (ایسا نہیں) بلکہ وہ لوگ کم ہی سمجھتے ہیں⑮

15. Those who lagged behind will say, when you set forth to take the spoils, "Allow us to follow you." They want to change Allāh's Words. Say: "You shall not follow us; thus Allāh has said beforehand." Then they will say: "Nay, you envy us." Nay, but they understand not except a little.

قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑯

آپ ان پیچھے چھوڑے جانے والے دیہاتیوں سے کہہ دیجیے: عنقریب تم ایک سخت جنگجو قوم کی طرف بلائے جاؤ گے، تم ان سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے۔ پھر اگر تم اطاعت کرو گے تو اللہ تمھیں نیک اجر دے گا، اور اگر تم پھرو گے، جیسے کہ اس

16. Say (O Muhammad ﷺ) to the bedouins who lagged behind: "You shall be called to fight against a people given to great warfare, then you shall fight them, or they shall surrender. Then if you obey, Allāh will give

[1] (V.48:13) See the footnote of (V.3:85).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3/85)

you a fair reward; but if you turn away as you did turn away before, He will punish you with a painful torment."

سے پہلے تم پھرے تو وہ تمھیں نہایت دردناک عذاب دے گا⑯

17. No blame or sin is there upon the blind, nor is there blame or sin upon the lame, nor is there blame or sin upon the sick (that they go not for fighting). And whosoever obeys Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ), He will admit him to Gardens beneath which rivers flow (Paradise); and whosoever turns back, He will punish him with a painful torment.

(جہاد سے پیچھے رہنے میں) اندھے پر کوئی گناہ نہیں، اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے، اور نہ مریض پر کوئی گناہ ہے۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے، اللہ اسے ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ اور جو شخص (حق سے) پھرے گا تو وہ اسے نہایت دردناک عذاب دے گا⑰

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيْمًا ⑰

18. Indeed, Allāh was pleased with the believers when they gave the *Bai'ah* (pledge) to you (O Muhammad ﷺ) under the tree, He knew what was in their hearts, and He sent down *As-Sakīnah* (calmness and tranquillity) upon them, and He rewarded them with a near victory.

البتہ تحقیق اللہ مومنوں سے راضی ہو گیا جب وہ درخت کے نیچے آپ سے بیعت کر رہے تھے، چنانچہ ان کے دلوں میں جو (خلوص) تھا، وہ اس نے جان لیا، تو اس نے ان پر طمانیت و تسکین نازل کی اور بدلے میں انھیں قریب کی فتح دی⑱

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ⑱

19. And abundant spoils that they will capture. And Allāh is Ever All-Mighty, All-Wise.

اور بہت سی غنیمتیں بھی (عطا کیں) جو وہ حاصل کریں گے۔ اور اللہ نہایت غالب، خوب حکمت والا ہے⑲

وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّأْخُذُوْنَهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ⑲

20. Allāh has promised you abundant spoils that you will capture, and He has hastened for you this, and He has restrained the hands of men from you, that it may be a sign for the believers, and that He may guide you to a Straight Path.

اور اللہ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرمایا ہے کہ تم انھیں حاصل کرو گے، چنانچہ اس نے جلدی ہی وہ تمھیں عطا کر دیں، اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیے، تاکہ یہ مومنوں کے لیے ایک نشانی ہو جائے، اور تاکہ وہ تمھیں صراط مستقیم کی ہدایت دے⑳

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ أَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ⑳

21. And other (victories and much booty He promises you) which are not yet within your power; indeed Allāh compasses them. And Allāh is Ever Able to do all things.

اور (اللہ نے) دوسری غنیمتوں کا بھی (وعدہ کیا) جن پر تم قدرت نہیں رکھتے تھے (مگر) اللہ نے ان کا احاطہ کر رکھا ہے، اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے㉑

وَّأُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ أَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ㉑

22. And if those who disbelieve fight against you, they certainly will turn their backs; then they would have found neither a *Walī* (protector, guardian) nor a

اور اگر وہ لوگ، جنھوں نے کفر کیا تم سے لڑتے تو یقیناً وہ پیٹھیں پھیر کر بھاگ جاتے، پھر وہ کوئی دوست اور کوئی مددگار نہ پاتے㉒

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ㉒

helper.

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٢٣﴾

یہ اللہ کا طریقہ ہے جو پہلے سے چلا آرہا ہے، اور آپ اللہ کے طریقے میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے ﴿٢٣﴾

23. That has been the way of Allāh already with those who passed away before. And you will not find any change in the way of Allāh.

وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿٢٤﴾

اور وہ (اللہ) ہی تو ہے جس نے وادیٔ مکہ میں ان (کفار) کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیے بعد اس کے کہ اس نے تمہیں ان پر کامیابی دی تھی، اور اللہ اسے خوب دیکھ رہا ہے جو تم عمل کرتے ہو ﴿٢٤﴾

24. And He it is Who has withheld their hands from you and your hands from them in the midst of Makkah, after He had made you victors over them. And Allāh is Ever All-Seer of what you do.

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَاۗءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَــــُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِـيْمًا ﴿٢٥﴾

یہ وہی لوگ ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجد حرام سے روکا، اور قربانی کے جانوروں کو بھی اپنی قربان گاہ تک پہنچنے سے روکے رکھا، اور اگر (مکہ میں کچھ) مومن مرد اور مومن عورتیں نہ ہوتے جن (کے ایمان) کو تم نہیں جانتے، (اگر یہ خطرہ نہ ہوتا) کہ تم انھیں روند ڈالو گے، پھر بےخبری میں ان (کے قتل) کی وجہ سے تمہیں تکلیف پہنچتی (تو تمہیں لڑنے کی اجازت دے دی جاتی لیکن ایسا نہیں کیا گیا) تاکہ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے۔ اگر وہ (مومن اور کافر) الگ الگ ہوتے تو ان میں جو کافر تھے، ہم انھیں نہایت دردناک عذاب دیتے ﴿٢٥﴾

25. They are the ones who disbelieved (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and hindered you from *Al-Masjid Al-Harām* (at Makkah) and detained the sacrificial animals, from reaching their place of sacrifice. Had there not been believing men and believing women whom you did not know, that you may kill them and on whose account a sin would have been committed by you without (your) knowledge, that Allāh might bring into His Mercy whom He wills — if they (the believers and the disbelievers) had been apart, We verily, would have punished those of them who disbelieved with painful torment.

اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَعَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٢٦﴾

جن لوگوں نے کفر کیا جب انھوں نے اپنے دلوں میں حمیت (غیرت) پیدا کرلی۔ جاہلیت کی حمیت (غیرت)۔ تو اللہ نے اپنے رسول پر اور مومنوں پر تسکین نازل کی، اور ان کو تقویٰ کی بات پر ثابت قدم رکھا، اور وہ اس کے زیادہ مستحق اور اہل تھے۔ اور اللہ ہر شے کو خوب جانتا ہے ﴿٢٦﴾

26. When those who disbelieve had put in their hearts pride and haughtiness — the pride and haughtiness of the time of ignorance, — then Allāh sent down His *Sakinah* (calmness and tranquillity) upon His Messenger (ﷺ) and upon the believers, and made them stick to the word of piety (i.e. none has the right to be worshipped but Allāh); and they were well entitled to it and worthy of it. And Allāh is Ever All-Knower of everything.

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ

